قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم العلم علمان علم الابدان و علم الادیان

درین ایام خجستہ فرجام بعون توفیق شافی علے الاطلاق و بیمن صون واقع علل مزیل الامراض

رسالہ در معالجات جسمانی بے نظیر و لا ثانی الموسوم بہ

قرابادین احسانی

حسب اجازت گرامی جناب حافظ ابو سعید خان صاحب مالک مطبع نظامی

باہتمام کامل منشی بھگوان دیال صاحب عاقل بخت

در مطبع نامی منشی نولکشور واقع کانپور [illegible] مطبوع ہوئی

اطلاع

اس مطبع مین ہر علم وفن کے کتب کا ذخیرہ بسلسلہ واز فروخت کے لیے موجود ہے اور فہرست اُس کی ہر ایک شایق کو چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہے جسکے معاینہ وملاحظہ سے شایقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرما سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہے اس کتاب کے قطیل بیچ کے تین صفحۂ سادہ مین کتب طب فارسی وکتب طب اردو درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہے اوس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی حاصل ہو

کتب طب فارسی

اکسیر اعظم - چار جلد مین جامع کلیات ومعالجات طب ہے مولفۂ حکیم محمد اعظم خان المخاطب بحکیم ناظم جہان -

ملخص فصول بقراطی - مشہور کتاب بقراط کی جسکی تلخیص مولوی غلام حسین نے فرمائی

خلاصۃ التجارب - مجربات طبیہ حکیم علوی خان مؤلفۂ حکیم بہاء الدولہ بہادر کے -

ایضاً مطبوعہ جدید -

مجربات اکبری محشی تصنیف حکیم محمد اکبر خان معروف بحکیم ارزانی -

تکشیف الحکمۃ - مصنفۂ حکیم سلیم الدین خان

کفایۂ منصوری مع رسالہ چوب چینی مشہور کتاب معالجہ وتشریح مین مصنفۂ حکیم منصور بن حکیم محمد یوسف -

ضیاء الابصار - مصنفۂ حکیم محمود خان

مجربات رضائی - معالجہ امراض ضعف باہ وغیرہ مین مولفۂ حکیم سید رضا حسین -

اختیارات بدیعی - مفردات طبیہ اور مرکبات مین بڑی معتبر کتاب ہے -

دستور العلاج - مصنفۂ سلطان علی خراسانی

میزان الطب محشی مشہور کتاب طب کی ہے مع رسائل ذیل تصانیف مختلف -

میزان الطب محشی مصنفۂ محمد اکبر ارزانی -

۲ - **رسالہ دلائل النبض** -

۳ - **رسالہ دلائل البول**

۴ - **رسالہ بحران** مع جدول ایام بحران

انیس الاطبا مصنفۂ مولوی صادق علی -

طب اکبر - بڑی سندی کتاب طب مین تصنیف حکیم محمد اکبر ارزانی -

مطب علوی خان - نسخے نادر وممتحن کا مجموعہ از حکیم علوی خان -

مفرح القلوب - مصنفۂ حکیم محمد اکبر ارزانی -

عجالۂ نافعہ - مصنفۂ حکیم محمد شریف خان

ام العلاج - غریب رسالہ ہے حاوی تراکیب معالجات طبیہ عہد دولت نور الدین محمد جہانگیر بادشاہ غازی مین تصنیف حکیم امان اللہ فیروز جنگ -

رموز الحکمۃ - مصنفۂ مولوی رجب علی مدرس اول فارسی -

بعون صانع بیچون و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

درین ایام خجسته فرجام بعون توفیق شافی علی الاطلاق و بیمن صون دافع علل مزیل امراض رساله در معالجات جسمانی بے نظیر و لاثانی الموسوم به

قرابادین احسانی

حسب اجازت خاص گرامی جناب حافظ ابو سعید خانصاحب مالک مطبع نظامی باہتمام کامل منشی بھگواندیال صاحب عاقل ایجنٹ

مطبع نامی منشی نولکشور واقع کانپور میں مزین بہ طبع ہوئی

علم اجمالی فوائد نسخۂ لاثانی یعنی فہرست قرابادین احسانی

القاف

الکاف

حرف اللام

المیم

النون

حرف الواو

الیاء المثناۃ التحتانیۃ

خاتمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد و سپاس اس حکیم نعیم کے جسنے ارکان مختلف الکوانف سی نسخۂ ایجاد و تکوین کو بترکیب گوناگون مرکب کیا اور اجساد انسان کو مجمع قوتہای متنوعہ و مظہر صنایع متلونہ فرمایا و نعت سرور کائنات باعث ظہور موجودات کی کہ معجون ملت حقیقی کو اجزای اربعۂ شریعت و طریقت و حقیقت و معرفت سی ترکیب دے شربت ہدایت کو مقالات اصحاب خلت مآب و ادیہ کریمہ سی ترتیب دیا صلی اللہ علیہ و علی آلہ و اصحابہ و اتباعہ و سلم واضح ہو کہ جب قول مستقیم و ہدایت عمیم حکیم حاذق مخبر صادق یعنی الکل دارد و دار کی مولوی رومی نے یہ شرح کی شعر گفت پیغمبر کہ یزدان مجید۔ از پئے ہر درد درمان آفرید۔ تب مفروض و مسنون ہونا معالجی کا باحسن الوجوہ ثابت و اعانت و امداد ایسی امر صواب کی خالی از ثواب نہین معہذا باوجود کثرت مشاغل حصول معاش بتوسل حکام عالی مقام و تقرب عمائد ذوی الاحترام کہ اقصی ترین اسباب انتشار طبیعت سی ہی بعد تالیف طب احسانی و ارادہ احسانی بخواہش اصحاب کریم و ترغیب احباب صمیم ہمت بلند باوجود بضاعت مائل اسکی ہوئی کہ کوئی تحریر ایسی کیجاوی جس سے نفع عام و یادگار مستدام ہو لہذا اتفاق تحریر اس قرابادین احسانی کا متضمن

دونین مقالہ و خاتمہ کی ہوتا ہو اللہ تعالیٰ شانہ مفید عام و نافع انام فرماوے فَهُوَ
الْمُسْتَعَانُ وَعَلَيْهِ التُّكْلَانُ اور چونکہ تعرف مفردات کا مقدم ہو مرکبات پر لہذا
دستورات اخذ و تدابیر اصلاح و تحفظ مفردات کے مقدم لکھے گئے

مقدمہ مشتمل اوپر تین فصلون کے

فصل اول تمہید و ضرورت و ترکیب دواؤن مین خالق تعالیٰ شانہ نے چارون
کیفیت مین ایسی ضد بنائی ہے کہ حرارت ساتھ برودت کے اور رطوبت ساتھ یبوست کی
جمع نہین ہو سکتی اور ان چارون کیفیت مین ایک قوت عطا فرمائی ہو حرارت و برودت
مین فاعلہ و رطوبت و یبوست مین منفعلہ اور بدون جمع ہوی دونون قوت فاعلہ و منفعلہ کی
کسی ایک قوت کا ظہور نہین ہو سکتا یعنی جب تک قوت منفعلہ موجود نہو قوت فاعلہ
کا فعل کس کے ذریعہ سی ظاہر ہو سکی پس ہر دوا مین دو کیفیت کا موجود ہونا یقینی ہے
حرارت ساتھ رطوبت خواہ یبوست کی برودت ساتھ رطوبت خواہ یبوست کے اور استعمال دوا
سی ان چارون کیفیت مین چار درجے نکلتے ہین یعنی استعمال سی اگر کسی کیفیت کا اثر
ظاہر نہو مگر بکثرت یا بتکرار تو درجہ اول ہی اور اگر ظاہر ہو مگر مضر افعال نہو تو درجہ دوم
ہی اور اگر مضر ہو مگر حد قتل تک نہ پونہچا دی تو درجہ سوم ہی اور اگر مضرات افعال تا بحد قتل
پونہچا دی تو درجہ چارم ہی پس یہ بات بخوبی ثابت ہو گئی کہ ہر دوا مین دو کیفیت کسی
درجہ مین موجود ہین اور یہ بات عقلاً و نقلاً ثابت ہے کہ ہر مرض ایسی دوا سی جو اسکی ضد
ہوئے دفع ہوتا ہی مثلاً مرض حار رطب دوا بارد یابس سے و مرض بارد یابس دوا حار رطب
سی پس لازم ہوا کہ ایک مرض ایک ہی دوا سے دفع ہوا کری مگر ضرورت مرکب کرنے دوا کی
باسباب چند ہوتی ہی ایک یہ کہ ایسی دوا مفرد جو بمقابلہ مرض کی کافی ہو ہی میسر نہ ہووے
دوسرے دوا کی بو یا مزہ کی تیزی کو کم کرنا یا دفع کرنا ضرور ہو تیسرے دوا کی بو یا مزہ متغیر کرنے
کو چوتھے دوا کی قوت کم یا زیادہ کرنا ضرور ہو پانچوین نفوذ دوا کو

تیز یا سست کرنا مناسب ہو جیسے عضو خاص مین دوا کی تاثیر کو پہنچانا بدون ملانے
دوسری دوا کی ممکن نہوی ساتوین مرض چند عضو مین ہوے اور ہر عضو کے لیے خاص خاص
دوا یکجا کرنا ضرور ہوا آٹھوین خود مرض مرکب ہوے اور ہر جزو مرض کے واسطے
ادویہ مفردہ کو مرکب کرنا ضرور ہوے نوین واسطے زیادہ کرنے ایام بقاے قوت دوا کے دسوین
بغرض آسانی استعمال کے **فصل دوسری بیان اختراعات ابتداے مرکبات مین**
سفوف یعنی چورن و پھنکی سب ترکیبون سے مقدم ہی کتاب الصناعات مین حکیم
دیفوریدوس کا قول اسطرح پر منقول ہی کہ مخترع اوسکا بقراط شاگرد اسقلیبوس کا ہی نہ وہ
بقراط متاخر جو ہمعصر سکندر ذوالقرنین کا مشہور ہی اوسکے بعد اسماے جداگانہ مقرر ہوئے کچھ
باعتبار استعمال جیسا کحول و ذرور و نفوخ یا باعتبار افعال جیسا عطوس اور پوتھی سرب
سنگرہ مولفہ پرسرام بید مین منقول ہی کہ ہنسراج نامی بید ملک اوتراکھنڈ مین پیدا ہوا تھا
اوسنے ہندوستان مین اختراع چورن یعنی سفوف کا کیا تھا اوسکے بعد جگرناتھ نامی ملک کشمیر
مین پیدا ہوا اوسنے فلزات یعنی دہات کو کشتہ کرکے سفوف بنایا حب یعنی گولی کتاب الصناعات
مین لکھا ہی کہ مخترع حب کی اسماء مین بہت اختلاف ہی بعض نے سولون حدماوری افلاطون
کو لکھا ہی اور بعض ذی لقمان کو اور بعض نے جاماسپ اوسکے شاگرد کو لکھا ہی اولا اجزای
تر و تازہ سے خرد مدور بنتی تھی زان بعد اور ترکیبون سے اور صورتون پر مثل بنادق و
شیاف و مثلث کے بزمان مختلف اختراع ہوا اور کتب ہندیہ مین مرقوم ہی کہ دہانتر بید نے
جس سے ابتداے علم بیدک کی ہی اولا پارہ کی گولی بنائی اوسکا نام گوٹکا رکھا و فوائد عظیم دیکھے
اوسکے بعد اور چیزون کی گولیان بنائین معجون کتاب الرجال مین لکھا ہی کہ سقراطس نے
جسکو سقراط کہتے ہین معجون کا اختراع کیا ہی مگر بعضون نے لکھا ہی کہ دیوجانس نے
یہ ترکیب کی تھی اولا سفوف کو شہد مین ملاکر بنایا تھا زان بعد اور ترکیبین ہوئین اور بلحاظ
قوام و تاثیرات کے اسماے جداگانہ مثل خمیرہ و مفرح و لعوق کے ہوتا گیا اور پوتھی سرب سنگرہ

سفوف

حب

معجون

مین لکھا ہی کہ ہندوستان مین معجون جسکو اولیہ کہتے ہین ہا تر ہزار برس سی شروع ہوا اوسنے
قوام سخت قابل گولی کے بنایا تھا شربت اکثرون کا اتفاق اسپر ہی کہ فیثاغورس نے
شربت کا اختراع کیا مگر شیخ الرئیس بو علی نے لکھا ہی کہ فیثاغورس نے صرف سکنجبین کا
اختراع کیا تھا شربت کو بطلیموس نے بنایا تھا اولا ہر دوا کا پانی نچوڑ کر شیرینی کی ساتھ قوام
کیا گیا تھا ازان بعد خشک دواکی جوشاندہ سے ہی بنانے لگے اور پوتھی تکشتھا مین لکھا ہی کہ دھرن پال
نامی بید جو ملک ہند اول مین پیدا ہوا تھا اُسنے سات قسم پر کاڑھا یعنی دوا کی جوشاندے کا
اختراع کیا اُسی نے شربت بھی بنایا مگر شربت کو اقسام کاڑھا مین داخل رکھا کوئی نام مخصوص
نہ کیا مرہم پہلے اختراع اسکا حکیم بقراط یونانی نے کیا اور اپنی تصانیف مین لکھا ہی کہ قوت مرہم
کی مدتون تک باقی رہتی ہی جسمین روغن زیت داخل ہو اوسکی قوت کبھی ساقط نہین ہوتی اور جسمین
گوند بکثرت ہو اُسکی قوت بیس برس تک رہتی ہی اور جسمین چربی ملی ہو اوسکی قوت ایکسال
تک رہتی ہی روشنائی یعنی سرمۂ مقوی بصر سب سے پہلے حکیم فیثاغورس نے واسطے سلطان
ارسطندون والی صقلیہ کے بنایا تھا برود اولا حکیم سقیانوس نے سلطان وقت کیلیے واسطے
دفع سوزش چشم کی اجزای باردہ سے طیار کیا تھا ازان بعد دیگر اجزای مناسب بھی مخلوط ہونے لگے

فصل تیسری مشعر بیان امور خاص متعلقہ اُس کتاب کے **فائدہ** نسخۂ مرکب مین ضرور ہے
کہ اوسکا کوئی مزاج قائم ہو یعنی کیفیات مختلف ہر ایک اجزا کی ملکر دونون کیفیت فاعلہ و
منفعلہ کسی ایک درجے پر قائم ہو جاوین اور جن جن امراض کیواسطے وہ مرکب کیا گیا ہی حملہ مراعات
اوس مزاج کی ساتھ موجود ہون مگر یہ سب باتین اُسوقت حاصل ہوتی ہین کہ اجزا اصل مرکب کے
اعداد اور وزن مین کم و بیش نہون اگر کوئی چیز میسر نہوئی ہو تو اُسی کیفیت کی دوسری
دوا شامل کی گئی ہو الا اوزان اصلی ہر دوا کا قائم رہنا پر ضرور ہی ورنہ کیفیت اصلی قائم
نہین رہ سکتی پس ہر گاہ نسخو مین نام اوزان کا ساتھ الفاظ غیر متعارفہ مثل اوقیہ و استار و بل و بندقہ و
جوزہ و دانق و سکرجہ و طسوج و مثقال و درم و دانگ کے لکھا ہی مقدار اوزان مذکورہ مین بھی

شربت

مرہم

روشنائی

برود

باقوال اطبای متقدمین کے اختلاف موجود ہے بلکہ ہر مقام کی وزن تولہ وغیرہ مختلف ہوتے ہین
تب مزاج النسخہ مرکب کا کیونکر قابل تشفی و اطمینان کے درست متصور ہو سکتا ہی بلکہ اکثر یہی امر
موجب تشویش و باعث عدم ظہور تاثیرات کا ہوتا ہے لہذا اس کتاب مین اوزان
سابقہ تحقیق و تطبیق کرکے بہ تفصیل ذیل تعین کیے گئے ہین ماشہ آٹھ رتی یعنی گھنگچی کا اور
تولہ بارہ ماشے کا اور رطل چالیس تولے کا اور سیر اسی تولے کا اور من چالیس سیر کا فائدہ
اس کتاب مین اکثر نسخجات مولفہ اطبای متقدمین بھی منقول ہین اگر بمقابلہ دوسری کتاب
کے تجاوز و تفاوت پایا جاوے تو بسبب اوسکے یہ ہین اول اکثر قرابادینات کے نسخہائے متعدد
یکجا کرکے اونکی ترکیبون کو دیکھا تو بسبب مرور دہور و کثرت نقول کے بہت تجاوز
و تفاوت پایا گیا اسمین سے وہ ترکیب لکھی گئی جو چند نقلون مین تھی اور قرین صحت کے معلوم ہوئی
دوسری جہان اقوال مختلف لکھے دیکھے تو ان مین سے ایک قول کو از روی تعقل و قیاس خواہ
تجربے اختیار کیا گیا تیسرے اوزان سابقہ بہ تفتیش و احتیاط تمام باوزان متذکرہ بالا
تبدیل کیے گئے ہین چوتھی جو دوا نایاب یا کمیاب یا از بس غیر متعارف معلوم ہوئی یا کہ میسر
آتی ہی مگر صحت اُسکی مشتبہ رہتی ہے اوسکا بدل لکھا گیا ہی خواہ کسی جزو دوسرے کا وزن
ایسا قائم کیا گیا کہ اوسکی ضرورت باقی نہین رہی فائدہ نسخجات معروف کہ جن کے
بعض اجزا ہرگز صحیح میسر نہین آتے اور کمتر کسی کو ارادہ اونکی بنانے کا ہوتا ہی مثل تریاق
فاروق و لبوب کبیر کلکلانج کی اونکا لکھنا اس مختصر مین مصلحت معلوم نہوا شائق کو قرابادینات
سابقہ سے دیکھنا چاہیے فائدہ جو نسخہ مثلا پانچ مرضون کے واسطے مفید لکھا ہی اوسکا یہ
مطلب نہین ہی کہ جب سب امراض متذکرہ یکجا ہون تب استعمال کیا جاوے بلکہ ان مین سے
جو مرض یا امراض موجود ہون اونکی دفع کیلیے استعمال کرنا چاہیے فائدہ تعداد خوراک کی
اکثر نسخون مین اس غرض سے نہین لکھی ہی کہ اوسکی مقدار برعایت حالات مریض کے طبیب
خود تجویز کریگا فائدہ جس ترکیب مین کہ ہلیلہ و بلیلہ و آملہ لکھا ہی اوس سے یہ مراد ہی کہ تخم نکالے ہوے

بوزن مرقوم ہوں اور صرف لفظ ہلیلہ سے مراد ہلیلۂ زرد ہے اور لفظ ہلیلجات اور ہرسہ ہلیلہ سے
مراد ہلیلۂ زرد و ہلیلۂ کابلی و ہلیلۂ سیاہ ہے ہرسہ ہلیلہ بوزن مساوی ملکر دوسری چیز سا تھ کے
وزن کے برابر ہوں اور لفظ تریپھلا سے مراد ہلیلۂ زرد و بلیلہ و آملہ ہے کہ ان تینوں سے ہر ایک کا
وزن برابر ہوے فائدہ جس ترکیب مین مویز داخل ہے اُس سے تخم برآوردہ مقصود ہے فائدہ
سفوف مین زنجبیل قسم سیدہ و دیگر ترکیب مین زنجبیل ریشہ دار مقصود ہے، فائدہ ریوند
مطلق سے مراد ریوند چینی ہے فائدہ بہمنین سے مراد بہمن سرخ و سفید ہے تودرین سے
مراد تودری سفید تودری زرد تودری سرخ و موصلیین سے مراد موصلی سیاہ و موصلی سفید
ہے قاقلتین سے مراد الائچی سفید و الائچی سرخ و فلفلین سے مراد فلفل دراز و فلفل گرد یعنی پیپر و مرچ
ہے و صندلین سے مراد صندل سفید و صندل سرخ ہے کہ ان سب سے ہر واحد بوزن مرقوم کے ہوے
فائدہ جس ترکیب مین شہد داخل ہے شہد کف گرفتہ مراد ہے اس تدبیر سے کہ اولاً شہد کو آگ پر
رکھیں جب اوس مین کف ظاہر ہوے کپڑے سے چھان لیوین و بحالت گرم رہنے کے دوا کو
ملادین اور جس ترکیب مین شکر اور شہد دونون داخل ہون تو شکر و شہد یکجا کچھ پانی ملاکر آگ پر
رکھیں جب شکر گھل جاوے اور شہد کا کف نمایان ہوے کپڑے مین چھان کر قوام بنا کے دوا
ملادین فائدہ جس ترکیب سے جوشاندہ و خیساندہ مین تخم کشوث و افتیمون داخل ہوا ونکو
کپڑے کی پوٹلی مین باندھکر خیساندہ یا جوشاندہ کر کے بدون ملنے کے نچوڑ لین فائدہ بموزن
و مساوی الوزن سے مراد یہ ہے کہ سب دوا کا وزن برابر ہوے و چندان سے مراد یہ ہے کہ سب دوا کی
وزنی ہو ایسی ہی اور الفاظ ہین مثل سہ چندان وغیرہ کے فائدہ زیرہ مدبر یہ ہے کہ زیرہ سیاہ کو
سرکہ مین تر کرین اور نکالکے خشک کرین اور پھر تر کرین تین بار تک فائدہ بوداده یہ ہے، کہ دوا کو کفگیر مین
رکھکر آگ پر رکھیں جب تو بھنّنے کی بو پیدا ہو اور رنگ متغیر ہو جاوے علیحدہ کر لین فائدہ تسقیہ ہے کہ دوا
خشک بکوفتہ کو کسی چیز کے پانی مین تر کر کے خشک کرنا و تین بار سے کم تسقیہ کا عمل نہین فائدہ
شیر پسر کی اصطلاح یہ ہے کہ عورت بیٹا جنی ہو دودھ اُسکو پلاتی ہو ایسا ہی شیر دختر ہے، فائدہ

گل حکمت یہ ہے کہ ایک کولہا آب نارسیدہ مین دوا رکھ کر اوپر سے پیالی نئی رکھکر آٹے سے وصل کرین اور کپڑا تر کر کے اُس سب پر لپیٹ کے مٹی لگا کر آگ مین اوقات معینہ تک سکو کہ فائدہ عرق کھینچا ہو تو دوا مین آب دریا ڈالنا بہتر ہے باقی ادویہ مین آب چاہ شیرین چاہیے الا حقنہ مین آب چاہ شور اچھا ہے

مقالۂ اول بیان امور کلیہ متعلق ادویہ مین

فصل اول بیان اوقات لینے ادویہ اور مدت بقائے قوت اُنکی مین عمدہ طریق یہ ہے کہ جو دوا جس مقام کی اچھی ہوتی ہے وہین کی مستعمل کیجاوے اور دریافت کرنا اس امر کا اُن کتابون سے چاہیے جسمین ادویۂ مفردات کا بیان ہے یا بیان اشخاص ہوشیار و سیاح سے اور سب دوا مکان مرطوب اور نہایت گرم یا نہایت سرد اور ہوائے تند اور گرد و غبار مین رکھنے سے خراب و کم قوت و ناقص ہو جاتی ہے جاننا چاہیے کہ دوا کی تین قسم ہین جمادات و نباتات و حیوانات یا انھین تین قسم سے پیدا ہین **جمادات** وہ چیز ہین جنکا نہ درخت ہو نہ جاندار ہون اونکے لینے کے واسطے کوئی وقت مخصوص نہین کیا گیا اور نہ انکو دیکھنے سے تمیز ہو سکتی ہے کہ یہ کسقدر قوت اپنے مقام سے لی گئی ہے الا اگر ایام معتدل اور ایام بہار مین اپنے مقام سے لیجاوے تو بہتر ہے اور خوبی اُنکی یہی ہے کہ ادویۂ تحجرہ اور منجمد کے ہر جز کا آب و تاب اور رنگ اصلی برابر اور قائم ہووے اور جو جز سیال اور نرم ہووے اور اُس مین کوئی چیز دوسری مخلوط نہ ہوئی ہو اُسکی قوت کبھی زائل نہین ہوتی الا اخراب و ناقص ہو جاتی ہے اور نہایت کہنہ ہونے سے کم قوت ہو جاتی ہے **نباتات** وہ چیز ہین کہ جنکا درخت جمتا ہے اور وہ بھی دو قسم ہین ایک جنکا درخت چند سال تک رہتا ہے اور بعد شباب کے ہر سال بہار لاتا ہے دوسرا ہر سال کسی فصل مین پیدا ہوتا ہے اور سال بھر سے زیادہ نہین رہتا الا نادر و اتفاقیہ قلیل خواہ کثیر باقی رہتے ہین اور کل نباتات کا ہر جز سڑنے اور گھُنے اور تغیر رنگ اور مزہ اور بو سے خراب ہو جاتا ہے اور قبل انقضائے مدت معینہ بقائے قوت کے قابل استعمال کے نہین رہتا درختان قسم اول کا برگ اُس وقت لیا جاتا ہے جب بعد خزان کے نئے نکلتے ہین اور کلی جب قریب کھلنے کے ہوئی ہو پھول جبتک

جمادات

نباتات

درخت سے جدا نہ ہوا ہو کوئی پھل خام اور پختہ دونون لیا جاتا ہی اور اپنے اپنے موقع پر مستعمل ہوتا ہی مثلاً
ببول کا پھل خام لیا جاتا ہی اور اُسی مین قوت کامل ہوتی ہی اور آملہ کا پھل رسیدہ لیا جاتا ہی
خام ناقص ہے تخم پھل پختہ کا لیا جاتا ہی چوب اور بیخ اور پوست اونکی اُسوقت لینا چاہیے
جب درخت قابل بہار لانے کے ہوئی یا بہار لاتا ہو اور درختون سی جو چیز ہر سال پیدا ہوتی ہے
یعنی پتی اور کلی اور پھول اور پھل اور تخم اونکی قوت کامل صرف ایکسال تک رہتی ہے
اوسکے بعد کم قوت ہو جاتے ہین اگر احتیاط سی رہین تو قابل استعمال کے رہتی ہین ورنہ
بالکل خراب ہو جاتی ہین مگر ترکیب سی زیادہ دنون تک قوت رہتی ہے جیسا مربی یا گلقند
بنانی سی خواہ کسی ترکیب مین داخل ہو جانی سی صمغ یعنی گوند جس قسم کے درختون مین ہوتا ہی
بروقت شباب درخت کے اکثر با ایام سرد خود بخود چھڑا پھٹ کر خارج مین جمع ہوتا ہے
اور موٹی چھڑی درخت پر زخم کر دینے سی بھی نکلتا ہے شیر یعنے دودھ رطوبت سفید رنگ
ہی کہ بعض درخت سی زخم ہونیسے خواہ شاخ پتلی توڑنی سی سیلان کرتا ہے اُسکے رکھنے کی
چند تدبیرین ہین ایک یہ کہ کسی ظرف مین یکجا کر کے خشک کیا جاوے دوسرے کوئی کپڑا
تر کر کے خشک کر لیا جاوی بوقت ضرورت اُسکو تر کر کے نچوڑ لیا جاوی تیسرے درخت شیر دار
کے پوست خشک خواہ تر کو جوش کر کے اور جنبش خوب دیکے صاف کر کی خشک کر لیا
جاوی فائدہ جو رطوبت خشک ہونے کے بعد تر کر نی سی لزج یا سیاہ یا سُرخ ہو جاوے اوسکو صمغ
اور گوند اور گاد کہتی ہین اور جو سفید خواہ نیم رنگ اور غیر لزج ہووے اُسکو شیر اور دودھ کہتے
ہین اور قوت انکی اصلی اُسوقت تک قائم رہتی ہی جب تک رنگ و بو مزہ تبدیل نہووے
درختان قسم دوم جو ہر سال خود رو یا بونی سی پیدا ہوتی ہین انکی سب اجزا کی قوت اصلی
ایک سال تک رہتی ہی اوسکی بعد قوت کم ہو جاتی ہی مگر جب تک کہ سڑے اور گھنے
نہین اور رنگ و بو وغیرہ تبدیل نہ ہووے قابل استعمال کے ہی برگ اُسوقت لینا چاہیی جب قریب
پھولنی پھلنے کی ہووی گلی اور پھول اور پھل اور تخم باوقات معینہ قسم اول کی لینا چاہیی بیخ اور پوست اسکا

اور چوب اور پوست اسکا اُسوقت لینا چاہیے کہ جب بعد پھولنی پھلنے کے درخت قریب خشکی
کی ہوجاوے فائدہ جن اجزا کی لینے کی اوقات لکھی گئی اوس سے یہ غرض ہے کہ اوسوقت اُن
اجزا کو قوت کامل ہوتی ہی نہ یہ کہ قبل و بعد وقت کی لینے سے لائق استعمال کے ہوئے

حیوانات

حیوانات بدوا مین تین طرح پر مستعمل ہوتی ہین ایک بالکل مثل بیر بہوٹی اور کیچوی کے
دوسرے اخشاو فع کرکی مثل ریگ ماہی اور سرطان کی تیسری بعض عضو کسی حیوان مثل
تلخۂ ماہی اور جند بیدستر کے جاننا چاہیے کہ حیوان جوان و قوی کی کل اجزا بہتر ہوتی ہین
اور شناخت جوانی ہر حیوان کی علامات جداگانہ سے ہوتی ہے جسکی صراحت کی گنجایش ہونا
اس مختصر مین غیر ممکن ہے اور قوت ہر حیوان کی اوسکی حرکت توانائی اور زور آوری اور
فربہی اور لاغری سے دریافت ہوتی ہے اور ہر حیوان کا کل یا جز بوقت جوانی اوسکی قابل لینے کے
ہے اور خشک کرنے اور رکھنے مین ایسی احتیاط چاہیے کہ متعفن نہو جاوے اور کیڑے
پیدا نہو جاوین اور جب تک رنگ و بو اور مزہ متغیر نہو جاوے قابل استعمال کے ہے

رُب

فصل دوسری بیچ قواعد بنانے دوای مفرد کی دوای مفرد سے بغرض لطافت یا بقاے
قوت یا جودت تاثیر کے **رُب** بیج یا چوب تازہ کو پانی مین پیسکر چھان لین اور پانی
کو آگ مین پکاوین جب گاڑھا ہوجاوے دھوپ مین خشک کرلیوین اور اگر چوب و بیج خشک
ہے تو اُسکو نیمکوفتہ کرکے پانی مین جوش کرکی مل کر صاف کرکی پکاوین جب گاڑھا ہوجاوے
خشک کرلین اور پھلون کا رب اس طرح سے بنایا جاتا ہے کہ آب افشردہ کو پکاکی خشک

عصارہ ست

کرلیتے ہین **عصارہ** صرف پتی اور پھول پھل لکڑی جڑ تازہ کا بن سکتا ہے اُس کو کچل کر
پانی اسکا نچوڑ کر دھوپ مین خشک کرلیوین **ست** صرف لکڑی اور جڑ کا بنتا ہے اگر
تر ہے تو اُسکو کچل کر اور اگر خشک ہے تو پانی مین تر کرکی کچلکر ہاتھونسے خوب زور سے ملکر اور

کھار

کپڑے مین چھان کر پانی کو کسی برتن مین رکھین جب تہ نشین ہوجاوے اور پانی تھر جاوے
تب بتی لگاکے ٹپکا کر پانی کو دفع کردیوین اور اُسکو دھوپ مین خشک کرلیوین **کھار**

یعنی نمک جس کا کھار نکالنی کا یہی قاعدہ ہی کہ اوسکو جلاکی خاک تھوڑی پانی مین دو تین پہر
تک نم کر رکھین اوسکے بعد ایک کپڑی سنگین مین رکھکر چارون گوشی کپڑی کی علیحدہ علیحدہ
باندھ کی نیچی اوسکے ایک برتن رکھکر اوس خاک پر پانی ڈالدیوین کمار نیچی ٹپک آویگا اوس
پانی کو پھر خاک پر ڈالدیوین اسی طرح دو تین مرتبہ ٹپکاکر پانی کو ایک دیگچی مین آگ پر
چڑھاوین جب ایک جوش آوی ٹھنڈا کرین کچھ خاک تہ نشین ہوجاویگی اوسکو دفع کرکے

دھوان

پانی کو جلادیوین کھار مثل نمک کی جم جاویگا دھوان جسکو کاجل بھی کہتے ہین اسکی بنانی کے
تین دستور ہین ایک یہ کہ صرف دوا کو ہواسی محفوظ رکھکی جلاوین اور اسکی دھوئین پر ظرف
گلی خام کو رکھین اوسمین دھوان جسقدر لپٹ جاوے جدا کر رکھے دوسرے دوا
خشک کو سفوف کرکے کپڑے مین بطور بتی کے لپیٹ کر چراغ مین رکھکر تیل ڈالکر
جلاوین اور بدستور دھوان لیوین تیسرے دوا خشک کو پانی مین پیسکر خواہ دوا
تر کا پانی نچوڑ کر اوس پانی مین کپڑا تر کرکے خشک کرین اور بتی بناکر بقاعدہ دوم دھوان لیوین

کوئلہ

کوئلہ جس دوا کا بنانا ہو اوسکو ریزہ ریزہ کرکی گل حکمت بناکر بھاڑ یا بھوبھل مین جلادین

خاک

کہ اوسکا دھوان اور شعلہ خارج نہو خاک اگر گل حکمت مین جلادین کہ دھوان اور
شعلہ اوسکا نکلی اور کوئلہ نہ ہو خاک ہوجاوی تو عمدہ ہی اور اگر خارج مین جلاوین

روغن

تو جس چیز سے جلادین اوسکی خاک جدا کرنہین کوشش کرین روغن اکثر تخم کا روغن لیا جاتا ہی
اوسکی تدبیر روغنون کی ساتھ مذکور ہوگی **فصل تیسری** بیچ قواعد اصلاح اور تدبیر
اجزای مفرد کے جس سے قوت اوسکی زیادہ اور سریع التاثیر اور لطیف ہوجاتی ہی
اور مضرت باقی نہین رہتی خواہ وہ مفرد استعمال ہووے خواہ داخل ترکیب کیجاوی اور سب
دوائین ایسی نہین ہین کہ بلا اصلاح کی استعمال اونکا ناجائز ہووی اصلاح وتدبیر جمادات

مروارید صدف و
مرجان بیخ مرجان

کی مروارید یعنی موتی کو گای کی دودھ مین جوش دیوین پھر پانی سی دھوکر موتی کو کھرل
مین رگڑین صدف و مرجان و بیخ مرجان کو گل حکمت کرکے اسقدر آنچ

عقیق و یاقوت و یشب

دیوین کہ رنگ انکا مائل بسفیدی ہو جاوے عقیق و یاقوت و یشب کو اور مانند اُسکے
آگ مین گرم کرکے پانی مین بجھاوین قطع نظر اصلاح کے گھسنا بھی آسان ہو جاتا ہے
گھر یا چانڈی اور سونے کو آگ مین خوب گرم کرکے ایکبار سرکے مین اوسکے بعد ایکبار پانی مین
بجھاوین اُن بعد گھسنے کو پانی بلاکر تہ نشین کرلین پھٹکری کو چمچہ آہنی یا مٹی مین آگ پر

پھٹکری

رکھین کہ پگھلکر خشک ہو جاوے ایضاً گل حکمت کرکے تھوڑی دیر آگ مین رکھین۔

خبث الحدید

خبث الحدید کو سات مرتبہ خوب گرم کرکے سرکے مین بجھاوین پھر ایک ہفتہ تک کہ اُس مین دو با
رکھین پھر اُسکو روغن گاؤ مین صلایہ کرکے پانی مین گھولدیوین جو کچھ تہ نشین ہوئے اُسی لیکر سات مرتبہ
پانی کی تجدید کرین پارہ چالیس مرتبہ سنگین کپڑے مین صاف کرلین بہروزہ ایک ہانڈی

پارہ و بہروزہ

مین بقدر نصف کے پانی بھر کر اوسکے منہ پر کپڑا اچھا باندھ کے اوپر بہروزہ رکھے سرپوش
سے بند کردین اور ہانڈی کو آگ پر رکھین جب بہروزہ پانی کی گرمی سے ٹپک کر ہانڈی مین
گر جاوے کپڑا مع کدورت دفع کردین اور اسی طرح پانچ چار دفعہ کرین کہ قابل سفوف کے ہو جاوے

گندھک

گندھک ایک دیگچی مین بقدر نصف کے دودھ گائی کا رکھکر اُس کے منہ پر کپڑا اچھا باندھ
گرد اوس کے آٹا سان کر حلقہ کردین اور گندھک کو ریزہ ریزہ کرکے کپڑے پر رکھین اور اُس پر
اُلٹا توا اسطرح رکھین کہ گندھک سے ملا رہے توے پر آگ کوئلے کی رکھین کہ گندھک پگھل کر
دودھ مین گرے پھر گندھک کو لیکر رطوبت اُسکی دوسرے کپڑے مین جذب کرڈالین توتیا

توتیا

کو باریک گھسکر پانی سے ٹکیہ بناکے آگ پر رکھین کہ خشک ہو جاوے ایضاً توتیا کو پانی مین صلایہ
کرکے گھول دین اور تہ نشین کرلیوین اور سات بار تجدید پانی کی کرین مردار سنگ

مردار سنگ

کو ریگ کے پانی مین ملاوین اور تین روز تک کسی برتن مین کھا رہے ہر روز دو تین بار جنبش
کردیا کرین پھر پانی کو دفع کرکے تہ نشین مین پانی جدید ملاکر رکھین جب تہ نشین ہو جاوے
پانی ٹپکاکے صاف کرلین ہرتال کو ریزہ ریزہ کرکے ایک کوزہ مین رکھکر دیالی سے اُسکا منہ آٹا لگاکے

ہرتال

بند کرین اور ایک سوراخ دیالی مین کرکے خفیف آگ پر رکھین جبتک دھوان سیاہ نکلکر کھلا رہے دین

سنگ سرمہ
نمک
سجی
سنگ بصری
چونہ و مٹی
افیون
ارزاقی
ایلوہ
بلادر
بھنگ
تربد
خستخام

جب دھوان سفید نکلنے لگے اُتار لیوین **سنگ سرمہ** کو روئی مین لپیٹ کر جلاوین جب
دھوان نکلنا موقوف ہووی صاف کرلین **ایضاً** چربی گوسپند لپیٹ کر آگ مین رکھین جب
چربی جل جاوی سرمہ سُرخ ہوجاوی شیر بسیر مین خواہ شیر گاو مین سرد کرلین **ایضاً**
کھرل کرکی پانی مین گھول کر تہ نشین کو خشک کرلین **نمک** ایک دیگچی مین رکھکر سرپوش
بند کرکی آگ پر رکھین جب تک اُسکا چٹکنا موقوف نہووے **سجی** کو ریزہ ریزہ کرکی ایک مٹی کی
سفالی مین آگ پر رکھین جبتک رنگت اُسکی تبدیل ہوجاوی **سنگ بصری** کو آگ مین سُرخ
کرکی چند بار گلاب یا آب جزرات یا آب برگ انار یا عرق لیموں مین سرد کرین **چونہ و مٹی**
کو پانی مین گھول کر چھان کے رکھلین وے تہ نشین کو پانی سی جدا کرکی خشک کرلین **اصلاح و تدبیر**
نباتات و افیون کو ریزہ ریزہ کرکے پانی خواہ گلاب مین چار پہر ترکرکی آگ پر رکھین وخوب
ملین کہ حل ہوجاوی پھر چھان کی ثفل دفع کرکی پانی پکالین کہ قابل گولی باندھنے کے
ہوجاوی اگر شراب انگوری بقدر نصف کی ملاکی پکاوین زیادہ خوش کیفیت و خالی مضرت سے
ہوجاوی افیون بہتر وہ ہی کہ پانی مین جلد گھلے اور آگ مین مشتعل ہو و آفتاب مین پگھلجاوے
و بوی تند ہووی **ارزاقی** یعنی کوچلہ تین روز تک پانی مین تر رکھین وہر روز پانی تبدیل کیا کرین
ازان بعد شیر گاو مین جوش و یکر پوست دفع کرکے باریک ناخنہ چاقو سے تراش کر کے
خشک **ایلوہ** کو سیب یا بہی یا شلجم یا گزر مین رکھکر کپڑا لپیٹ کر آٹا لگا کے آگ مین ڈالدین
ایک لحظے کی بعد کہ گرمی ایلوی تک پونہچ گئی ہو نکال کر خشک کرلیوین **بلادر** یعنی بھلانوان
وو پھریا کپچھو گرم مین دوپارہ کرکے دباوین جو شہد سا نکلے اوسکو چیسی جدا کرلین و اگر
مع چرم استعمال کرین تو کنجد خواہ مغز اخروٹ کی ساتھ کوٹین و ملاوین **بھنگ** یعنی
بھانگ جسکو قنب کہتی ہین گرد و غبار سی صاف کرکی آب برگ و بے آب تا نخواہ مین
مل کر خشک کرین ازان بعد روغن گاو مل کر کوری ٹھیکری مین آگ پر بریان کرین کہ جلنے نپاوے
تربد پوست اوپر کا و مغز اندر کا دفع کرین **خستخام** یعنی چاکسو پوٹلی مین باندھکر بادیان

خواہ مونگ کی دال خواہ سرگین خر مین جوش دیکر پوست اوسکا دفع کرین حب النیل
جسکو کالادانہ کہتی ہین کرچھ مین آگ پر رکھین کہ رنگ اوسکا تبدیل ہوجاوی حب السلاطین
یعنی جمالگوٹہ ایک پوٹلی مین رکھکر پہلے گدھی کی لید مین ملاکر جوش دیوین اوسکی بعد دہی مین
جوش دیوین پھر چھیل کر دوپارہ کرکے بیچ کا جسم ناخن سا نکال ڈالین روغن ہر قسم کو آب
سرد مین ملاکر پانی سے جدا کرلیوین عفص یعنی مازو روغن گاو مین اسقدر بریان کرین
کہ شق ہوجاوی سوختہ نہووی حنظل دو قسم کا ہے ایک پر مغز وہ خوردنی نہین دوسرا
تو برتو یہ کھایا جاتا ہے اسپر آٹا سان کے لپیٹین و خاک گرم مین مدفون کرین کہ آٹا پک جاوے
گرمی اس تک پونہچے پھر آٹے کو دفع کرکے استعمال کرین غاریقون مین ریشہای سخت
درمیان مین ہوتی ہین وہ ناقص ہین اسکا استعمال ممنوع ہے لہذا اوسکے نکالنے کی تدبیر یہ ہے
کہ غاریقون مل کرکے موٹے کپڑے مومینہ خواہ گزینہ مین چھانین کہ ریشی علیحدہ ہوجاوین
گوکھرو کلان و خرد کو شیر گاو تازہ مین ترکرکے خشک کرلیوین لک یعنی لاکھ پانی مین جوش
دیکر جو تہ نشین ہوجاوی لیوین پانی کو دفع کرکے مکرر سہ کرر ایسا ہی کرین ہلیلہ سیاہ روغن
گاو مین بریان کرین کہ پھول کر رنگ اسکا مائل بسرخی ہوجاوے تدبیر و اصلاح حیوانات
مین ابریشم کو صاف کرکے کسی برتن مین آگ پر رکھین کہ گرمی خفیف پونہچے سے
کرخت قابل سفوف کرنے کے ہوجاوی بال کو صابون سے صاف کرکے ایک برتن
مین آگ پر رکھین کہ اوس مین بو آجاوی مگر سوختہ نہوئے پوست بیضہ دو روز
نمک و پانی مین ترکرکے پوست اندرونی و آلایش سے صاف کرکے گل حکمت مین جلاوین
سرطان اطراف اوسکا دفع کرکے گل حکمت کرکے تنور خواہ بھاڑ مین اسقدر عرصہ تک
رکھین کہ خشک ہو مائل بسفیدی قابل گھسنے کے ہوجاوی جلکر کوئلا نہوجاوے واضح ہو کہ سرطان
مادہ بہتر ہے نر سے اور علامت اوسکی یہ ہے کہ پیٹھ پر سوزن لگاوین اگر رطوبت سفید نکلے
تو مادہ ہے شاخ گوزن و اور اشیا مثل اوس کے گل حکمت مین جلانا چاہیے مگر معالجات

حب النیل
حب السلاطین
روغن عفص
حنظل
غاریقون
گوکھرو لک
ہلیلہ سیاہ
ابریشم
بال
پوست بیضہ
سرطان
شاخ گوزن

عقرب

خارجی مین حاجت جلانیکی نہین ہے عقرب زہر بہتر گیا دہ ہی اور شناخت نرکی یہ ہی کہ دبلا پتلا ہوتا ہی گل حکمت کرکے اسقدر آنچ پر رکھین کہ کوئلا ہو جاوے اور جب خاک کرنا منظور ہووے تو اُسقدر آنچ دیوین کہ خاکستر ہو جاوی موم آگ پر پگھلاکر سرد پانی مین جسمین نمک گھولا ہووے ٹپکاوین اور ایک لکڑی سی پانی و موم کو جنبش دیتے جائین کہ کدورت تہ نشین ہو جائیگی موم صاف اوپر آئیگا اور اگر چند بار ایسا ہی کرین تو زیادہ صاف ہو جاوے۔

موم

فصل چوتھی قواعد بنانے ایسی ادویہ جسکی کیفیت صالحہ سریع الزوال ہی **قاعدہ** خیسانده بنانیکا جسکو نقوع کہتے ہین دوائین جو پھول و پتی ہون بدستور اور جو بیخ و چوب تخم ہو اُس کو نیمکوب کرکے نیمگرم پانی مین ترکرکے اُسکا زلال لے کر خواہ خفیف ملکر چھان لیوین **قاعدہ** جوشانده بنانیکا جسکو مطبوخ و طبیخ و مغلی بھی کہتے ہین دواؤن کو خیسانده کی دستور سی پانی مین ترکرکے پکاوین جب بقدر مناسب پانی جلجاوے زلال اُسکا خواہ خفیف ملکر چھان لیوین **قاعدہ** شیرہ بنانیکا دواؤن کو پانی کے ساتھ پیسکر چھان لیوین اور اگر شیرہ مغز ہاے تخم روغن دار کا ہو تو احتیاط چاہیے کہ روغن اوسکا صافی مین جذب نہو جاوے مغز ہای مقشر کو صرف گھسنا کافی ہی **قاعدہ** آب مروق کا دواکی تازی پتی کو حل کرکے پانی نچوڑ لین اور ایک پیالہ مین آگ پر رکھین جب گرم ہو کے پھٹے جاوی صافی سی پانی چھان لیوین **قاعدہ** ماء القرع کا چھوٹی لوکی پر کپڑا تر لپیٹ کر اُسپر مٹی لگاوین اور خشک کرکے گلخن یا خاکستر گرم مین ایسا مدفون کرین کہ سوخت نہو جاوے پھر نکال کر مٹی و کپڑا دفع کرکے سرد کرین اور صافی سی پانی نچوڑ لیوین **قاعدہ** ماء الخیار و ماء الزب و امثال اونکے کا مثل ماء القرع کے ہی **قاعدہ** ماء البقول کا مثل آب مروق کے ہے **قاعدہ** ماء الاصول یہ ہی کہ دوائی جڑ مثل بیخ کاسنی و بیخ بادیان کے نیمکوب کرکے بست چند پانی مین شب کو تر رکھین صبح کو خفیف آنچ مین جوش دیوین جب چہارم حصہ پانی باقی رہی سرد کرکے سنگین کپڑے مین چھانکر

بوتل یا شیشے مین رکھین اور اُس پانی جوشاندہ سی بقدر ضرورت استعمال کرین جب تک
اُس پانی کی کیفیت تبدیل نہو اور اگر ہر روز جدید بنایا کرین تو اولی ہی قاعدہ ماء البزور
مثل ماء الاصول کے ہی قاعدہ آب گوشت کہ کم طاقت آدمی کو غذا اور دوا ہے دو طرح پر ہے
ایک یہ کہ صرف گوشت کو پوٹلی الاچی و کشنیز کی و نمک ڈالکر جوش کرین جب گوشت گلجاوے
پانی لیکر روغن زرد و خوشبو یعنی بگھار لیوین اُسکو آب یخنی کہتے ہین دوسرا یہ کہ گوشت مین
اور مصالح معمولی و نمک ملا کے پکاوین جب گلجاوی دہی و غیرہ ڈالکر بھونین جب خوشبو
ہوجاوے تب پانی ڈالکر دو تین جوش دیکے پانی لیکر استعمال کرین اُسکو مرق و شوربا
کہتے ہین فصل پانچوین دستورات بنانی ایسی ادویہ کی جنکی ماہیت و کیفیت و رنگ

نوشدارو

قائم و باقی رہتی ہی دستور بنانی نوشدارو کا اگر آملہ پختہ و تر و تازہ ہو وزن کرکی پانی مین پکا کر
خوب ملکر تخم اوسکے علحدہ کرین اور جھرجھرے کپڑے مین چھانین کہ سواے ریشے کے جرم آملہ
نکل آوے تب تخم و ریشے کو وزن کرکی وزن جرم آملہ کا معلوم کرین اور دو چند جرم آملہ کے
شیرینی ملاکر پختہ کرین اور بحالت گرمی قوام کے دوسرے اجزا کا سفوف مخلوط کرین اور
اگر آملہ خشک ہو تو تخم اوسکے دفع کرکے وزن کرین اور آملے کو دھوڈالین کہ آلودگی سے صاف
ہوجاوے تب اسقدر شیر گاؤ مین تر کرین کہ آملہ ڈوب جاوے بعد چار پہر کے زیادہ پانی ڈالکر
کے جوش دیوین کہ عفوصت آملے کی ہو سوے دودھ کی نکل جاوے پھر دوسری پانی مین
جوش دیکر بدستور مقدم الذکر طیار کرین دستور بنانے گلقند کا گلقند ترتیب دیا جاتا ہی پھول تازہ

گلقند

سے جسکا زیرہ اور سبزی دفع کی گئی ہو اور شکر سفید یا سرخ یا نبات یا قند سفوف کردہ یا شہد
خالص سے ملکر اور شیرینی ہموزن پھول سے دو و نیم چند تک ادنی اور چار چند تک جائز ہے
و زیادتی شیرینی سے علی الترتیب قوت کم ہو جاتی ہی اور شہد کے ساتھ بنانے سے قوت مسہلہ
و ملینہ و اخراج فضلات اعضاے تنفس کی زیادہ ہو جاتی ہی اور گلقند دو قسم ہی ایک آفتابی دوسرا
آبی اول مین تلیین زیادہ ہی دوسری مین تبرید و ترطیب زیادہ ہی قسم اول پھول اور شیرینی کو ملکر

دو ہفتے تک دھوپ مین رکھین اور اس اثنا مین دو تین بار خفیف مالش کردین قسم دوم گل
اور شیرینی ملکر ایک ظرف مین کہ چہارم اوسکا خالی رہے رکھکر ظرف کو سربستہ کرکے تین ہفتہ تک
تابگلو پانی مین ڈوبا رکھین فائدہ اگر پھول تازہ میسر نہو پھول خشک تھوڑے عرق گلاب
خواہ پانی مین کچھ دیر تک تر کرین تب شیرینی مین ملادین دستور بنانے مربا کا جو کہ ہر مربا کے

رب میوجات

بنانے کا طریق جداگانہ ہے لہذا اوسی کے ساتھ لکھا جائیگا دستور بنانے رب میوجات کا
یہ ہے کہ میوجات آبدار مثل کولا سنترہ وانار کے زیرہ یا دانہ صاف کرکے اُسکا پانی ملکر نچوڑ
لیوین اور اوس پانی کو چہارم وزن شیرینی ملاکے پکادین جب خوب گاڑھا ہوجاوے
رکھ لیوین اور میوجات کا آب جوشاندہ یا خیساندہ لیکر ہموزن میوہ کے شیرینی ملاکر قوام

شراب مکیف

گاڑھا کرلیوین دستور بنانے شراب مکیف کا یہ ہے کہ آب افشردہ میوہ آبدار مثل سنترہ وغیرہ
کو کپڑے مین چھان کر سولھوان حصہ شیرینی ملاکے پکادین جب چہارم حصہ عرق جلجاوے
اوسکو دھوپ مین رکھین جب اُسمین ترشی ظاہر ہووے تب استعمال کرین کیف خفیف

شربت میوجات آبدار

ہوتا ہے دستور بنانے شربت میوجات آبدار کا یہ ہے کہ پانی میوہ جات کا جسطرح اوپر لکھا ہے
نکالکر دو نیم چند اوسکے شیرینی مناسب ملاکر قوام کرلیوین علامت پختہ ہوجانے قوام کی یہ ہے
کہ ایک دو قطرہ قوام کا علیحدہ کرکے انگلی سے اٹھاوین جب اُس مین دو تین تار لانبے نکلین تب

شربت اجزای خشک

پختہ ہے دستور بنانے شربت اجزاے خشک کا یہ ہے کہ بقاعدہ خیساندہ کے دوا اُنکو تر کرکے
جوش دیوین جب سوم حصہ پانی باقی رہے خفیف ملکر چھان لیوین اور شیرینی مناسب

شربت مثل آلو وعناب

ملاکے قوام پکالیوین دستور بنانے شربت اُن میوجات کا جسکا پانی نچوڑنے سے
جدا نہین ہوتا یہ ہے کہ اگر میوجات ترش ہین مثل آلو وتمر ہندی کے تو اوسکے آب خیساندہ
مین شیرینی مین ملاکے قوام کرین اور اگر میوہ شیرین ہے مثل عناب و انجیر کے تو آب جوشاندہ
اوسکے مین شیرینی ملاکے قوام کرین دستور بنانے معجون کا یہ ہے کہ اگر سب اجزا اوسکے

مع

سفوف کے لائق ہون تو سفوف کرکے شیرینی کے قوام مین کہ گرم ہووے خوب ملا کے

اگر کچھ اجزا قابل جوشاندہ کے ہوں تو بقاعدہ جوشاندہ اُنکے آب جوشاندہ مین شیرینی ملا
کے قوام بناوین اور اُس مین سفوف مخلوط کرین اور اگر کچھ شیرجات ملانا ہووے تو شیرجات

اطریفلات

کو قوام مین مخلوط کر کے بعد ایک جوش کے سفوف ملاوین دستور اطریفلات بنانے
کا یہ ہی کہ ہلیلہ جات کے سفوف کو کسی روغن مناسب کے ساتھ چرب کر کے مخلوط کرین کہ
اس سے قوت اُنکی دیر تک رہتی ہی اور قوام نرم رہتا ہی دستور مفرح وخمیرہ کا مثل دستور

معجون وخمیرہ یاقوتی

معجون کے ہے دستور بنانے یاقوتی کا مثل دستور معجون کے ہی الا سفوف حجریات کو قبل ملانے
سفوف دیگر اجزا کے قوام مین بخوبی مخلوط کرنا چاہیے کہ تمام قوام مین ملجاوے ایسا ہی اوراق
طلا ونقرہ بھی قبل سفوف کے ملانا بہتر ہے کہ تمام قوام مین شگفتہ ہو کے ملجاوین دستور

سفوف

سفوف حجریات کا یہ ہی کہ یاقوت وغیرہ کو بعد اصلاح کے باریک کر کے عرق مناسب کے ساتھ پانچ روز
تک کھرل کر کے اجزای دیگر مثل عنبر ومشک وغیرہ اگر ملانا ہو تو ملا کے ایک روز اور کھرل کرین
اور خشک کرین زان بعد اگر جلد طیار کرنا ہووے سرمہ سا کر کے ملاوین ورنہ گولیان بنا رکھین بوقت
ضرورت سرمہ سا کر کے بناوین کیونکہ سفوف رکھنے سے قوت اُنکی کمتر ہوتی جاتی ہی دستور

لعوق

بنانے لعوق یعنی چٹنی کا جسکو لطخشا بھی کہتے ہین یہ ہی کہ شربت سے گاڑھا اور معجون سے
پتلا ہووے تا کہ زبان سے بتدریج فرو ہووے اور چونکہ تاثیر ادویہ خوردنی ونوشیدنی کی بذریعہ

جوارش

استحالہ معدہ کے اعضاء تنفس کو بتوقف پونہچتی ہے لہذا اطبا نے یہ ترکیب اختراع کی کہ مرور
مجریٰ سے تاثیر جلد پونہچے دستور بنانے جوارش کا مثل معجون کے ہی مگر سفوف اُسکا جریش یعنی دردرا

لبوب

ہووے تا کہ معدہ مین قیام پاوے دستور بنانے لبوب کا ابتدا ر اختراع اس وضع پر تھا
کہ بعض تخم کے مغز نکال شیرہ نکالکر شہد کے ساتھ قوام کرتے تھے زان بعد معجون مین لبوب داخل کرنے لگے

ماء اللحم

اب کبھی شیرہ کبھی ترلشہ کبھی نیم کوفتہ مخلوط کرتے ہین دستور عرق ماء اللحم کا چونکہ قوت گوشت
کی لینا بطور عرق کے مقصود ہے و گوشت خام کا عرق بدبو ہوتا ہے و اگر علیحدہ بریان
کرتے ہین تو قوت دخانی اُس کی اولاً نکل جاتی ہے لہذا چاہیے کہ پہلے

بطور یخنی کی ظرف سر بستہ مین پکاوین جب پختہ ہو جاوے ویساہی سر بستہ سرد کرکی مفرد
یا دوسرے اجزا مین پانی گوشت کا شامل کرکی عرق کھینچین دستور بنانی شراب منشی قندی کا
یہ ہی کہ قند سیاہ و پوست تازہ درخت ببول و پوست تازہ درخت کنار ٹکڑے ٹکڑے کرکے
سبکو خم مین ڈالکر بقدر مناسب پانی ڈالین اور بعد دن گلچکان کے لسن معقول نہین اٹھتا
لہذا دہم حصہ قند سیاہ کا مہوہ یعنی گلچکان خشک ایک تھیلی پارچہ مین بہت ڈھیلا باندھکر
خم مین چھوڑین اور اگر میوجات مثل کشمش و مویز کی ملانا ہووے تو اُسی بھی خم مین ڈالین جب
لسن اوٹھی تو تھیلی مہوی کی جدا کرکے بدستور عرق کھینچین و اگر چاہین کہ نشہ زیادہ ہو جاوے
تو بذرالبنج و بھانگ و تخم دھتورا و پوست خشخاش بقدر مناسب ایک شبانہ روز تر کرکی
بروقت کشیدگی لسن مین ملاوین ایساہی جو اجزاے مقوی وغیرہ ملانا ہووے ایک شبانہ روز
بقاعدہ خیساندہ تر کرکے بروقت کشیدگی لسن مین ملاوین کسواسطے کہ ایسے اجزا خم مین ڈالنے
سی لسن خراب ہوتا ہی اور ان اجزا کی بھی کیفیت و تاثیر خراب ہو جاتی ہی اور اگر آب گوشت
ملانا ہووے تو بقاعدہ آب یخنی بروقت کشیدگی ملاوین و اگر دودھ ملانا ہووی تو شیر گاو خام تازہ
بروقت کشیدگی لسن مین ڈالین دستور بنانی دربہرہ کا کہ منشی ہوتا ہی یہ ہی کہ سب اجزا کو ایک ظرف
کلان گلی مین رکھکر پانی ڈالین و نصف ظرف خالی رکھین و ظرف کو لیدپ مین ایسا مدفون کرین
کہ منہ ظرف کا کھولنا و بند کرنا سکین اور قریب دفن کرنیکے تین چار روز تک لکڑی سی دوا کو حرکت
دیوین بعد ازان نگران رہین جب دوا جوش مارکے خود بخود جوش فرو ہو جاوے تب بدون ملنے
اور جنبش کی پارچہ سنگین سی چھانکر ظروف شیشہ یا چینی مین رکھین دستور بنانے نبیذ کا
کہ منشی ہوتا ہی یہ ہی کہ چند اجزا کو خیساندہ کرکی جوش دین جب نصف ظرف پانی جلجاوی تب
دوسرے اجزا املاکی بجنسہ ایسی ظرف گلیمین ڈالین دھوپ مین رکھین کہ نصف ظرف خالی رہے
دو چار بار لکڑی سی دوا کو جنبش دیا کرین بعد ازان نگران رہین کہ جب جوش مار کی جوش
فرو ہو جاوی تب پارچہ سنگین مین بلا جنبش و مالش کے چھانکر ظرف چینی یا شیشی مین رکھ لیوین

شراب منشی

داربہرہ

نبیذ

گولی

دستور بنانے گولی کا یہ ہے کہ جو گولی واسطے ہضم و اشتہاے طعام و دیگر امراض معدہ کے ہو اجزا اوسکے
نہایت باریک نہون کہ معدے مین کچھ دیر تک ٹھہرین باقی گولی کے اجزا نہایت باریک و ستر
ساہون کہ جلد مستحیل ہو جاوین دستور بنانے قرص کا مثل دستور گولی کے ہے دستور بنانے شیاف کا

قرص شیاف
عرق تیزاب

یہ ہے کہ ایک طرف موٹی ہو جدھر سے گھسی جاوے ہے دستور عرق تیزاب کھینچنے کا دواؤنکو نیم کوب
کرکے ایک گھڑی مین رکھین اور اوسکے منہ پر ایک ہانڈی منہ رگڑکر دونون کا منہ آٹے سے
وصل کرکے چولھے پر گھڑی کو منحرف یعنی ترچھا رکھکر آنچ کرین اور ہانڈی کو ایسی چیز پر رکھین
کہ وہ بھی مثل چولھے کے ہووے اور ہانڈی کی کمر مین ایک سوراخ کرکے بال کی نی لگاوے یا
چینی خواہ شیشہ وغیرہ اوسکے مقابل رکھین کہ اوسی مین عرق ٹپکے دستور روغن موم اور

روغن موم
و روغن بہروزہ

روغن بہروزہ کا بھی ایسا ہی ہے مگر بجاے ہانڈی گھڑا وصل کرنا چاہیے اور بجاے ظرف کے برابر رکھنا
چاہیے اور موم کے ساتھ سوم حصہ نمک سانبھر موم کے نیچے رکھنا چاہیے اور بہروزہ کے ساتھ نصف
اوسکے ریگ پختہ اوسکے نیچے رکھنا چاہیے دستور بنانے روغن پھولونکا چند طرح پر ہے ایک یہ کہ

روغن پھولونکا

پھول تازہ مصفی چار جز روغن کنجد سفید پانچ جز مین ڈالکر آفتاب مین رکھین بعد متعفن
ہونیکے بوے اصلی پیدا ہووے تب پھولون کو ملکر روغن صاف کرلین اور اسمین تین جز اور پھول تازہ
ملاکے ویسا ہی آفتاب مین رکھکر صاف کرکے پھر دو جز پھول تازہ ملاکر کے ویسا ہی آفتاب مین
رکھکر صاف کر رکھین دوسرے یک نیم چند پھول تازہ مصفی خواہ ہموزن روغن مذکور کے ملاکر کے
آفتاب مین رکھین اور بعد متعفن ہونے کے جب رطوبت پھولونکی باقی نرہے خوب ملکر روغن کو صاف
کرلیوین اور اگر اثر رطوبت کا معلوم ہووے تو آفتاب مین رکھکر فنا کردین تیسرے پھول
تازے کا شیرہ نکالکر یک نیم وزن شیرہ کے روغن مذکور کو ملاکے پکاوین جب شیرہ جل جاوے
روغن صاف کرلین چوتھے پھول خشک کا جوشاندہ بناکے آب جوشاندہ مین دو چندان پھول کا روغن مذکور
ملاکے جوش دین جب اثر پانی کا نرہے روغن صاف کرلین فائدہ روغن کی قوت پھولونکی قلت
اور کثرت سے متعلق ہے مگر تدبیر اول مخصوص گلاب کے پھول سے ہے اور تدبیر اول و دوم مین اگر

کسیقدر پھول جدید بعد انجام تدبیر کے ممزوج کر رکھو جائین اور رطوبت اونکی آفتاب مین فنا
کیجاوی تو اولی و عمدہ ہی دستور بنانے روغن برگ و بیخ و چوب تر و تازہ و تخم بابہ کم روغن کا تدبیر
سوم پھولون کی ہی مگر تھوڑا پانی ملا کی شیرہ نکالنا چاہیے کہ اثر اوسکا بخوبی نکلے دستور بنانے

روغن برگ و بیخ و چوب و بیخ خشک

روغن برگ و بیخ و چوب خشک کا تدبیر چہارم پھولون کی ہی فائدہ چوب روغن دار و تخم کم
روغن کا تیل بطور ڈول جستر کی بھی نکالا جاتا ہی دستور نکالنی روغن اون تخمو نکا جسمین دہنیت

روغن مثل بادام وغیرہ

زیادہ ہی مثل بادام و چلغوزہ کی چند طرح پر ہے ایک یہ کہ اگر تخم زیادہ ہو تو کولھو مین پیلکر نکالتی
ہین دوسرے مغز تخم کو خوب کچلکر پانی مین پکاوین روغن بالائی آب و فضلہ تہ آب ہو جاتا ہے
سرد کرکے روغن کو جدا کر لیتی ہین تیسرے مغز تخم کو کچلکر تھوڑی نبات سفید ملا کے اندک پانی
مخلوط کرکے نیمگرم نچوڑتی ہین روغن ٹپک آتا ہی چوتھی مغز کوفتہ مین قدرے نبات سفید
و تھوڑا پانی ملا کی اک کنارے طشت پر رکھکر اسکے نیچے آگ رکھدیتے ہین اوسکی گرمی سے روغن
طشت کی دوسری کنارے کی طرف جو نیچا رہتا ہی سیلان کرتا ہی دستور سب قسم کے انڈیکے

روغن بیضا

تیل کا چند طریق پر ہی ایک یہ کہ انڈیکو جوش کرکی زردی اُسکی جدا کر لین اور سب زردیون کو
ہاتھ سے خوب ملکر فی زردی کلان ایک ماشہ نوشادر معدنی و خرد مین کم اس سے سفوف کرکے
ملا دین اور اُس کو شیشے خواہ بوتل مین بھر کی اُسپر گل حکمت کرین اور منہ مین سیکین لگا دین اور
ایک ٹھیکری مین سوراخ کرکی چولھی مین رکھین اور گردن شیشی کی اُس سوراخ سے نیچے ٹھیکری کے نکالین
اور ٹھیکری مین کنڈا خواہ چیلی کی آگ کرین اور بوتل کی منہ کی نیچے ایک پیالی چینی کی رکھین کہ روغن
اُسمین ٹپکے دوسرے تدبیر یہ ہے کہ انڈا جوش کرکی زردی جدا کرکی ایک تھالی مین آتش نرم پر یا دھوپ سخت
مین رکھین جسطرف انڈا ہو وہی بلند رکھین دوسری طرف نیچی کو روغن تھالی مین جمع ہو جائیگا
تیسری تدبیر یہ ہے کہ انڈا جوش کرکے زردی نکال لیوین اور ہاتھ سے خوب ملکر آنچ دکھلا دکھلا کر تو زین

روغن گندم وغیرہ

دستور روغن نخود و گندم و جو کی نکالنی کا ایک یہ کہ غلہ صاف کو ایکشب آب سقدر پانی مین رکھین کہ تمام پانی اُسمین
جذب ہو جاوی اوسکی بعد شیشی مین رکھکر اُسی طریق سے ٹپکا دین جیسا روغن بیضہ مین مذکور ہو چکا دوسرے

یہ ہی کہ تمائی گرم پر دا نہای غلہ رکھکے ہتوڑی نہایت گرم سی دبا دین کہ روغن جدا ہوتا ہے
اُسکو علیحدہ کرلیوین چند مرتبہ تھوڑے دانون سی کسیقدر روغن جمع ہوجاتا ہے اور اگر داد
یا کلف وغیرہ پر لگانا ہووے تو ویسا ہی تازہ لگا لینا مناسب ہوتا ہے دستور بنانے مرہم کا
عمدہ واولی ترکیب یہ ہے کہ مجموع اجزا چھ جز ہون اور روغن پانچ جز ہووے اور موم اڑہائی
جز یعنی نصف روغن کا ہووے اور اسطرح بناوین کہ پہلے موم کو روغن اور چربی کے ساتھ
گداخت کرین اور اگر گوند ہو تو سفوف کر کے ملاوین جب بخوبی مخلوط ہوجاوین تب
دوسرے اجزا سرمہ سا کر کے مخلوط کرین **فصل چھٹی** قواعد استعمال بعض ادویۂ داخلی مین۔
قاعدہ جوارش وخمیرہ وگلقند ومعجون مفرح دیا قوتی پر بلا ضرورت کوئی عرق یا پانی نہین پینا
نچاہیے الا بطور بدرقہ کے قاعدہ شربت کو کسی عرق مناسب یا پانی مین گھولکر اسواسطے
پینا چاہیے کہ بسبب رقت کے جلد تعجیل ونافذ ہوجاوے قاعدہ حبوب یا سفوف یا کوئی چیز جو
واسطے دفع کھانسی یا نفث الدم وغیرہ عوارض آلات تنفس کے مستعمل کیجاوے منہ مین رکھ
کے بتدریج چوسی اور نگلی جاوے کہ تاخیر مرور سے قصبۂ ریہ مین اثر بخوبی پونہچتا ہے اور
اُسکے بعد پانی پینا مطلقاً نچاہیے کہ موجب ضعف تاثیر کا ہوتا ہے قاعدہ لعوق پر پانی پینا موجب
نقصان تاثیر کا ہے قاعدہ ایارجات ودیگر حبوب مسہلہ کو نیم گرم پانی سے نگلنا چاہیے
کہ باعث قوت اثر کا ہوتا ہے اور گلقند مین مخلوط کر کے نیم گرم پانی سے نگلنا زیادہ تر
قوت دیتا ہے قاعدہ جو گولی یا سفوف واسطے ہضم طعام وتقویت معدہ کے کھائی جاوے
اُسپر پانی پینا موجب نقصان قوت دوا کا ہے اور دیگر امراض مین سفوف وحبوب
کے بعد کوئی عرق مناسب یا پانی سرد خواہ نیم گرم ضرور ہے واسطے تعجیل تاثیر کے **فصل ساتوین**
طریقہا ے استعمال ادویۂ خارجی کے بیان مین طریق آبزن آب جوشاندہ ادویہ مین
آب نیم گرم ملا کے ایسے ظرف وسیع مین ڈالین جسمین مریض بیٹھ سکے امراض سافل ومقعد
وگردہ ومثانہ ورحم واسعاء مین تا ناف وامراض معدہ وسینہ وپہلو مین تا پستانہ

آبزن

وامراض تمام جسم مین تابگردن مریض کو ڈبانا چاہیے اور اگر پانی گرم تبزن کا یا تیل مین بھر کر
مقام مرض کو سینک کرین تب بھی فائدہ ہوتا ہی **طریق انکباب** جسکو بھپارہ کہتے ہین
دوا کو ظرف سربستہ مین جوش کر کے سرپوش جدا کر کے دوسرا سرپوش جسمین ایک سوراخ چھوٹا
ہو دیکر رکھکے عضو خاص پر دھوان پونہچاوین اور اگر تمام بدن مین دھوان دینا منظور
ہووے مریض کو تابگردن ڈھانک کے سرپوش ظرف گرم دوا سے جدا کر لین اور احتیاط رکھین کہ
زیادہ گرمی دھوئین کی نپہونچے ورنہ موجب غشی کا ہوتا ہی **طریق بخور** یعنی دھونی دواے
خشک آگ پر ڈال ڈال دھوان اوسکا بطریق انکباب کے پونہچاوین **طریق پاشویہ** اسکا
اختراع بعد انکباب کی ہوا ہی اسی سے یہ رواج ہی کہ پاشوئی کی دوا سے پہلے انکباب تمام
بدنکا کرتی ہین اور پاشویہ ایسی مکان مین چاہیے جہان مرور ہوا کا نہو اور مریض کو تابگردن
کپڑے سے ڈھانک کے دونون پاؤن اوسکی نیمگرم پانی پاشوئے مین رکھین اور وہی پانی گھٹنون سے
ڈال ڈال اوپر سے نیچے کو سونتین جب پانی مذکور کی گرمی کم ہو جاوے کپڑے سے پاؤن پونچھ کے اوپر سے
نیچے کو باندھین تلوے کھلے رکھین اور مریض کو کپڑا اوڑھا کر لٹاوین بعد دو تین گھڑی کے
کپڑا مذکور اسفل پاؤن سے کھولین اور جہان خوف صعود ابخرہ نیکا ہووے تلوے کو گرم پانی مین رکھکر
کپڑا پاؤن سے جدا کرین اور اگر ضرورت خالی شاخین لگانے کی بھی پاؤن مین ہو تو اوسکو
پاشویے سے مقدم کرین و روز بحران و شدت حرارت تپ مین پاشویہ منع ہے واگر
ضرورتاً اتفاق ہووے تو صرف آب گرم و نمک سے کرین **طریق حقنہ** آب جوشاندہ دوا کو
چمڑے کی تھیلی مین جسکے منہ پر کوئی چیز نلی سوراخدار مثل حنال حقے کے باندھا ہو بھر کر
حنال کو مبرز مین رکھین اور آہستہ آہستہ تھیلی کو دباوین کہ دوا حقنہ کی امعا مین پہونچے اور
اگر مریض کچھ دوا پی سکے تو ادویہ مسہلہ پلا کر حقنہ کرین کہ اس تدبیر سے اخراج مواد بخوبی ہوتا
ہے اور حقنہ کی دوا بہت غلیظ نہو تاکہ مابین فضلہ و امعا کے جا سکے اور بہت رقیق بھی نہو
کہ فضلے پر لپٹ سکے و نیمگرم ہووے کہ تحریک اخراج کی بخوبی کرے اور کوئی روغن ملایا ہووے

انکباب

بخور
پاشویہ

حقنہ

روغن

کا اخراج بفضلہٖ آسانی ہووے طریق روغن جو روغن کہ بدن پر لگایا جاوے مالش کم کیجاوے
کہ عضو ملوف تھوڑے مالش خفیف دافع غلظت روغن موجب سرعت نفوذ کی ہو اور اگر موقع ہو

طریق زروق

تو کوئی پٹا مناسب کھکر باندھنا ضرور ہے کہ اس سے نفوذ قرار واقعی ہوتا ہے طریق زروق
یعنی پچکاری ادویہ کا شیرہ یا خیسانده یا جوشانده لیکر اگر کوئی دوا خشک ملانا ہو وے سرمہ سا
کرکے ملاوین مثل حقنہ کو احلیل مین رکھکر چند قطرے پوہنچاوین کہ زیادہ پانی پوہنچنے سے کبھی عوارض

طریق سعوط

شدید مثل فتق وغیرہ کی ہو جاتی ہین اور دوا بارد بالفعل ہونا چاہیے طریق سعوط مریض
کو سیدھا لٹا کر دوا رقیق ناک مین ٹپکانا اور اگر مریض خود دوا رقیق کین بطرف دماغ

شموم **شیاف**

کے کھینچے تو اسی کو نشوق کہتے ہین مگر ملا سدید کا قول ہے کہ جو دوا رقیق کین ٹپکائی جاوے
سب سعوط ہے طریق شموم دوا بودار دافع مرض سونگھنا طریق شیاف شیاف کو
کسی عرق یا روغن مین گھسکر سرد یا گرم طلا کرنا یا ٹپکانا اور اگر شیاف نہایت باریک ہو تو

شافہ

بجنسہ شگاف بدن یا ناسور مین رکھنا طریق شافہ دوا کی شیاف لانبی روغن مناسب سے چرب
کرکے خواہ اسپر کوئی دوا مناسب کا سفوف باریک بھی چھڑک کر نیچلی طرف سے مبرز مین رکھنا کہ

صبغ **ضماد و طلا**

قوت دافعہ کو آمادہ دفع براز کرے طریق صبغ دوا کو پیس کر دیا ہی سرد عضو مریض پر
لگانا طریق ضماد و طلا امراض حار مین بارد بالفعل و امراض بارد مین حار بالفعل
لگانا چاہیے و ضربہ و سقطہ مین نیمگرم لگانا واسطے ترقیق و تحلیل خون منجمد کے مناسب ہے
اور جو طلا کہ قضیب پر لگایا جاوے حشفہ چھوڑ کر لگانا چاہیے اسواسطے کہ جلد حشفے کی
از بس رقیق و حساس ہے حدت دوا سے ملوف ہو جاتی ہے اور بنا گرم خاصیت اوسکے
باندھنا موجب سرعت نفوذ کا ہے اور داد کو کھجلا کر طلا لگانا اسواسطے چاہیے کہ خشونت داد

غرغرہ **عسرہ**

کی مانع نفوذ دوا کی نہووے طریق غرغرہ غرغرہ کی دوا شیر گرم ہونا چاہیے و احتیاط درکار
ہے پانی اسکا قصبہ ریہ مین نجاوے ایسا پانی بھیپھڑے کو مضر شدید ہے طریق عسرہ
یعنی ٹبنا اجزا کو پانی مین یا عرق مناسب مین بھیگر چہرے یا تمام بدن پر لگانا اور بعد چند ساعت کے

بالش خفیف کر کے دھونا طریق غالیہ یعنی اگرچہ اجزای خوشبو کو مخلوط کر کے سونگھنا یا
کسی عضو یا تمام بدن پر لگانا طریق فتیلہ فتیلے کو دوای رقیق مین تر کر کے خواہ اوسپر دوا
خشک بھی چھڑک کر یا فتیلہ خشک پر دوای غلیظ لگا کے شگاف بدن یا ناسور مین رکھنا طریق
فرزجہ سفوف دوا کے کپڑے کی پوٹلی برابر عناب کی باندھکر فرج مین رکھنا کہ پوٹلی دہن
رحم تک پہنچے اور کپڑا پوٹلی کا واسطے کھینچ لینے کے بڑھا رہے یا سفوف کپڑے مین رکھ کے
فتیلہ بنا کے رکھا جاوے مگر دونون صورت مین کپڑا باریک ہونا چاہیے کہ دوا کی تاثیر بخوبی
ہووے طریق قیروطی موم روغن کو بجنسہ مقام مرض کے طلا سے قلیل المقدار لگانا چاہیے
طریق قطور دوای رقیق شگاف بدن یا رحم یا قرحہ یا ناسور مین ٹپکانا مگر کان مین
قطور بارد بالفعل بچانا چاہیے کہ کان کی پردے کو اُس سے مضرت ہوتی ہے اور اسیواسطے دوای غلیظ
بھی ٹپکانا چاہیے فتیلے کی طریق سے استعمال کرنا چاہیے طریق کماد دوای خشک نیکو فتہ
یا سفوف کر کے بجنسہ یا کسی روغن مین چرب کر کے یا دوای تر کو بحال کر دو پوٹلی کپڑے مین
باندھکر یکے بعد دیگرے عضو پر گرم گرم کر کے رکھنا طریق کبوس دوای تر یا خشک کو پیسکر
بڑی یا چھوٹی ٹکیہ بنا کے مقام مرض پر رکھکر تیا تازہ وصنا سب سے باندھنا کہ رطوبت دوا کی
دیر تک رہے طریق لخلخہ دوای رقیق خوشبو کو کسی ظرف مین رکھکے سونگھنا یا دوا کو پوٹلی
مین باندھکے تر کر کے سونگھنا طریق لطوخ جسکو لازق بھی کہتے ہین پرچہ کاغذ مین بہت
سوراخ کر کے یا کپڑے پر دوا لگا کے مثل طلا کے مرض کے مقام پر چپکانا طریق مرہم
کپڑے پر لگا کے چپکانا چاہیے مگر نئے کپڑے سے پھایا بنانا اسواسطے ممنوع ہے کہ قوت دوا کو
نیا کپڑا جذب کر لیتا ہے قرحہ عمیق مین پرانی روئی پر مرہم لگا کے رکھنا اور اُسپر پھایا لگانا
چاہیے و ناسور مین فتیلے پر لگا کے رکھنا چاہیے طریق مضمضہ امراض بارد و رطب و ریح
مین حار بالفعل و امراض حار و نزلہ حار مین بارد بالفعل چاہیے طریق نطول آب جوشاندہ
یا خیسا ندہ ادویہ کا کسی عضو خاص پر تھوڑے فاصلے سے گرانا کہ تاثیر دوا کا نفوذ

غالیہ
فتیلہ
فرزجہ
قیروطی
قطور
کماد
کبوس
لخلخہ
لطوخ
مرہم
مضمضہ
نطول

باجسن وجہ ہوئی دامراض گردہ وشانہ مین آب نکلول سے آبزن کرنا بہی سفید ہو طریق نفوخ سفوف باریک ادویہ کو کاغذکی پونگی مین رکھکے ناک یا حلق یا دوسرے مقام مریض مین پہونچانا طریق وجور جبکہ مریض دوا پی نہ سکے تب دوا سے رفیق اسکے حلق مین ٹپکانا

مقالہ دوسرا بیان بعض ادویہ واغذیہ مین

جنکی نسبت احادیث نبوی مروی ہین واضح ہو کہ جناب خاتم النبیین رحمۃ للعالمین نے فرمایا مَنْ حَفِظَ اَرْبَعِیْنَ حَدِیْثًا مِنْ اُمَّتِیْ سَمَّاہُ اللّٰہُ فِی السَّمَآءِ وَلِیًّا وَفِی الْاَرْضِ فَقِیْہًا وَیُحْشَرُہٗ مَعَ الصَّالِحِیْنَ لَاخَوْفٌ عَلَیْہِمْ وَلَا ہُمْ یَحْزَنُوْنَ۔ اگرچہ اس حدیث کا مضمون احادیث علم ادیان سے متعلق سمجھا جاتا ہے مگر بوجہ تعمیم کے علم ابدان سے بھی بلا علاقہ نہ جاننا چاہیے و علاوہ تفصیل مذکور بالیقین برکت حفظ رکھنے احادیث سے طبابت کو قوت وخوبیان زیادہ ہونگی لہذا چند احادیث بتصحیح وتنقیح تمام لکھی جاتی ہین اگرچہ بعضے حدیث ان مین کی عبارت ظاہر سے متعلق بہ علم طب معلوم نہین ہوتی الا جب کہ حضرت صلعم کا کوئی قول وفعل خالی از حکمت نہ تھا و نیز جب کسی شے کی حقیقت یا مدح یا ذم بیان ہوئی تو متعلق ہونا اسکا علم طب سے آشکارا ہے الا تحریر طبائع خواص لا اجزا مین اقوال مختلفہ حکماء متقدمین کو بنظر طوالت واگذاشت کرکے جسقدر متفق وتجربہ قیاس سے صحیح معلوم ہوا لکھا گیا **فصل اول احادیث قولی مین** اترج نیبو زرد رنگ اور بڑا اور پوست اوسکا نہایت دبیز ومغز تھوڑا و شیرین ہوتا ہے فرمایا جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے عَلَیْکُمْ بِالْاُتْرُجِ فَاِنَّہٗ یَشُدُّ الْفُؤَادَ وَیَزِیْدُ فِی الدِّمَاغِ اور ایک روایت مین لفظ یَزِیْدُ کی ہے زیرہ اوسکا سرد تر بدرجہ دوم ومرطوب مقوی دماغ ودل ومسکن حرارت ہے و پوست اوسکا گرم وخشک بدرجہ دوم ونہایت مقوی معدہ وہاضمہ ومفرح طبع ہے اجزاے مناسب کے ساتھ اثمد یعنی سنگ سرمہ سیاہ درجہ اول مین سرد ودوم مین خشک ہے

نفوخ۔ وجور

۱ جو شخص یاد کرے چالیس حدیثین میری امت کے آسمان مین اللہ اوسکا نام ولی رکھیگا اور زمین مین فقیہ اور حشر کرے گا اوسکا اللہ ساتھ نیکون کے کہ نہ اونکو ڈر ہے اور نہ غمگین ہونگے مشکوۃ مین بعضے لفظین اس حدیث کی اور ہین ۱۲ اترج

۲ لازم پکڑو اترج کو کہ وہ مضبوط کرتا ہے دل کو اور زیادہ کرتا ہے دماغ کو ۔ حدیث نبوی ۱۲ اثمد

اور بعضون نے روایت کی ہے کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تجلی نور آلہی کوہ طور پر دکھلائی
گئی جلال نور سے تمام کوہ طور یا کوئی مقام اوسکا سوختہ مثل کوئلے کے ہوگیا وہی
اثمد ہے فرمایا جناب رسالتمآب صلعم نے عَلَیْکُمْ بِالْاِثْمِدِ عِنْدَ النَّوْمِ
وَاِنَّہٗ یَجْلُو الْبَصَرَ وَیُنْبِتُ الشَّعْرَ رات کو نزدیک وقت سونے کے یہ سرمہ
لگانا بینائی کو طاقت دیتا ہے اور برونی کے بالون کو گرنے سے محفوظ رکھتا
ہے اور گرے ہوؤن کو جماتا ہے دوسرے اجزاے مناسب کے ساتھ مرکب
کرکے کھانا بواسیر خونی کو نفع و خون تھوکنے کو دفع کرتا ہے اہلیلج اسود فارسی ہلیلہ سیاہ
ہندی زنگی ہڑ اور نہایت چھوٹی چھوٹی کو جواہڑ کہتے ہین درجہ اول مین سرد دوم مین
خشک ہے فرمایا جناب نبوت مآب صلعم نے عَلَیْکُمْ بِالْاِہْلِیْلَجِ الْاَسْوَدِ فَاشْرَبُوْہُ فَاِنَّہٗ
مِنْ شَجَرِ الْجَنَّۃِ طَعْمُہٗ مُرٌّ وَّہُوَ شِفَاءٌ مِّنْ کُلِّ دَاءٍ مسہل سودا مصفی خون
محترقہ نافع بواسیر و جذام مقوی اعضاے اندرونی دافع رطوبات معدہ ہے بنفسج فارسی
بنفشہ بقول صحیح درجہ اول مین سرد دوم مین تر ہے فرمایا نبی کریم صلعم نے سَیِّدُ
الْاَدْہَانِ الْبَنَفْسَجُ وَاِنَّ فَضْلَ الْبَنَفْسَجِ عَلٰی سَائِرِ الْاَدْہَانِ کَفَضْلِیْ عَلٰی
سَائِرِ الرِّجَالِ مسہل صفرا و دافع خشونت سینہ و حجاب سینہ و سرفہ ہے کھانیمین و ورد
گردہ و ذات الجنب و صداع و خناق و زکام کو مفید ہے کھانے اور لگانے سے و محلل
اورام و دافع اوجاع ہے لگانے سے بطیخ فارسی خربزہ مرطوب مائل بحرارت ہے
فرمایا جناب خاتم الانبیا صلعم نے اَلْبِطِّیْخُ قَبْلَ الطَّعَامِ یَغْسِلُ الْبَطْنَ
اکثر مستحیل بصفرا ہوتا ہے ورنہ بکمیت بکیفیت غذاے موجودہ معدے کے ہوتا ہے
مصلح اوسکا گرم مزاجون کو سکنجبین یا آب لیمون یا انار ترش و بارد مزاجون کو زنجبیل
وکثرت سے کھانا بدن کو فربہ کرتا ہے و طاقت باہ دیتا ہے اور مدر بول منقی گردہ
و مثانہ و امعا و دافع خشونت قصبہ ریہ ہے و مع پوست و تخم پیسکر چہرے پر لگانا رنگ چہرہ کو

لہ لازم پکڑو اثمد کو
کہ وہ جلا دیتا ہے بینائی کو
اور اگاتا ہے بالون کو
شرح شمائل ترمذی

اہلیلج اسود
ع لازم پکڑو کالی
ہڑ کو پیو اوسکو کہ جنت
کے درختون کی ہے
بنفسج اوسکا
وہ تیز ہے
طب نبوی جلال الدین
سیوطی
تیلون کا روغن بنفشہ
ہے بطیخ
روغن بنفشہ
سب تیلون پر
بزرگی
فضائل
مین کوئی

جلا دیتا ہی بقر فارسی مادہ گاو ہندی گاے فرمایا جناب رسول اللہ صلعم نے اَلْبَقَرُ
لَحْمُهَا دَاءٌ وَلَبَنُهَا دَوَاءٌ یعنی گوشت گاے کا موجب امراض ریحی و سوداوی کا ہی دودھ
اُسکا دافع امراض سوداوی و حاد کا ہے تمر فارسی خرما ہندی چھوہارا و کھجور درجہ اول
مین گرم دوسرے مین تر ہے فرمایا جناب خاتم المرسلین صلعم نے بَیْتٌ لَا تَمْرَ فِیْهِ
کَالْبَیْتِ لَا طَعَامَ فِیْهِ مقوی باہ و گردہ و مولد خون صالح نافع خشونت شش و سینہ
و دافع صلابت مفاصل ہی تین فارسی انجیر درجہ اول مین گرم دوسرے مین تر ہے
فرمایا جناب شفیع المذنبین صلعم نے اُهْدِیَ اِلَی النَّبِیِّ طَبَقٌ مِنْ تِیْنٍ فَقَالَ لِاَصْحَابِهٖ
کُلُوْا فَلَوْ قُلْتُ اِنَّ فَاکِهَةً نَزَلَتْ مِنَ الْجَنَّةِ بِلَا عَجَمٍ لَقُلْتُ هِیَ التِّیْنُ وَاِنَّهٗ
یَذْهَبُ بِالْبَوَاسِیْرِ وَیَنْفَعُ النِّقْرِسَ بختگی پر جسکا رنگ سفید ہو جاوے بہترین اقسام
ہی زرد اُس سے کم سرخ اوس سے بھی کم مقوی باہ و مسمن بدن ملین مفتح سدہ جگر و طحال
و دافع امراض گردہ و کھانسی و خشونت شش و سینہ و انجیر خشک سب افعال مین ضعیف
ہے نسبت تر کو توم فارسی سیر ہندی لسن گرم خشک ہی تیسرے درجے مین فرمایا جناب
محبوب خدا صلعم نے نَهٰی عَنْ اَکْلِ الثُّوْمِ اِلَّا مَطْبُوْخًا محلل ریاح و اخلاط غلیظہ و مجفف
رطوبات معدہ و مفاصل و مدر حیض و مقوی باہ مبرد دین و مضر قوت بینائی و مصلح اسکی
ترشی و روغن زرد ہی و کثرت خورش اوس کی زن حاملہ کو نقصان دیتی ہی حنا ہندی
مہندی بقول صحیح مرکب القوی ہے فرمایا جناب مظہر انوار الٰہی صلعم نے سَیِّدُ
رَیْحَانِ الْجَنَّةِ الْحِنَّاءُ مصلح خون فاسد یہان تک کہ اگر برگ اُس کا سایے
مین خشک کر کے سفوف بنا کر چالیس روز متواتر کھایا جاوے تو جذام کو فائدہ بین ہوتا ہی برگ
تازہ کو طلا کرنا نافع سوزش اطراف و محلل اورام و پھوڑے ہے و اگر بثورات آکلہ و قروح
ساعیہ پر روغن السی لگا کے سفوف اسکے برگ کا چھڑکین دفع کرتا ہے و اگر شروع
ظہور عارضہ چیچک مین برگ تازہ پاؤن پر لگاوین آبلے کم نکلتے ہین و تکلیف بہی

سلہ گوشت گاو کا بقر
بیماری ہو اور دودھ اسکا
دوا ہے ۔ یہ حدیث نہیں
ملی ۔ سلہ ۲ اس مضمون
کی حدیث ان لفظون سے
کتب معتبرہ مین گو جبہ
دہ اگر تجسس مین چھوہارا
نہیں شغل اس گھر کے بھیجے
کو کیا نہیں ۔ سلہ ۳ ۔
حدیث طب نبوی سیوطی
مین ہو ترجمہ تحفہ بھیجا
گیا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کے پاس ایک طباق
انجیر کا سو فرمایا آپ نے
اپنے یارون کو کہ کھاؤ تم اگر
کہتا مین کہ میوہ اترا بہشت سے
بغیر گٹھلی کو تو کہتا مین کہ وہ انجیر
ہو اور وہ لیجاتا ہے بواسیر کو
اور نفع دیتا ہے نقرس کو
نقرس بکسر نون نام ہے ایک
درد کا کہ مقدم قدم کے جوڑ
مین ہوتا ہے

کم ہوتی ہی خبز فارسی نان ہندی روٹی مطلق خبز سی مراد گیہون کے آٹے کی روٹی ہی وہ بدرجۂ
اول گرم تر ہی فرمایا جناب فخر آدم صلعم نے خَیْرُ طَعَامِکُمُ الْخُبْزُ بہترین غذا ہی خلط صالح پیدا
کرتی ہی وخشک روٹی سفوف کرکے میتھی مین پکاکے تھوڑا نمک ملا کے لگانا اورام سخت
کو پختہ ومنفجر کرتا ہی وخمیری روٹی میدی کی سفوف کرکے آب سرد مین گھول کر لگانا
بواسیر کو تحلیل کرتی ہی اور میدہ کی روٹی مقوی زیادہ سب اقسام سی ہی الا دیر ہضم ہے
وسوجی کی روٹی زود ہضم ہی وخمیری روٹی آٹے خواہ میدہ کی ہو بدن کو فربہ کرتی ہی خل
فارسی سرکہ مرکب القوی ہی ومطلق سرکے سی مراد سرکۂ انگوری ہی مگر جو آب نیشکر تازہ سی
خواہ قند سیاہ کو پانی مین ڈالکر طیار کرتے ہین سب افعال مین قریب بلکہ مثل اُس کے
ہین اور جو اور چیزونکا سرکہ بترا کیب مختلف بناتے ہین اُسکے خواص جداگانہ ہین فرمایا رسول
اکرم صلعم نے نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ سریع النفوذ ملطف اخلاط ہاضم غذا محرک
اشتہا مفتح سدۂ اعضای اندرونی محلل بلغم ورباح دافع ورم طحال قاطع تشنگی ہی کھانے
مین ومحلل اورام ودافع خارش وسوختگی آتش ونافع سموم حیوانات کے کاٹنے اور
نیش مارنے کا ہے لگانے سی ومضر اعضای عصبانی اور قوت باہ کو ہے خمر مطلق خمر سے
مراد شراب انگوری ہی فارسی مین شراب اور می اور بادہ ہندی مین دارو اور مدکہتی ہین
اور ہر زبان مین اُسکے نام متعددہ باعتبار اقسام ترکیب ورنگ ومزی کے ہین گرم بدرجۂ
سوم وتر بدرجۂ دوم ہے فرمایا جناب رسول معظم صلعم نے اَلْخَمْرُ لَیْسَتْ بِدَوَاءٍ
لٰکِنَّھَا دَاءٌ اُسکے استعمال باعتدال مفرح قلب مقوی اعضا مدر بول دافع رطوبات
مفتح مسام وسدہ ورنگ کو سرخ کرتی ہی بسبب تولید خون کے اور اگر قبل غذا کی تھوڑی شراب
پیکر غذا کھانے کی عادت کیجاوے تو فربہ کرتی ہی بدن کو اور پانی پینا بعد شراب کے نہایت
مضر ہی الا پانی ملا کر پینا مفید ہی وکثرت سی پینا اسکا موجب رعشہ وانواع امراض رطوبی
وتوحش وخفقان کا ہے وشراب قند سیاہ کی مثل انگوری ہی الا نفع مین اوس سے

خبز ۱؎ اچھا کھانا تمہارا روٹی ہے یہ حدیث ضعیف ہے

خل

۲؎ اچھا سالن سرکہ ہے مشکوۃ شریف

خمر

۳؎ شراب دوا نہیں ہے لیکن مرض ہے یہ سفر السعادت مین ہے

کم ضرر مین زیادہ ہو اور اگر بوقت اٹھنے جوش کے ہشتم حصہ گل سرخ ملا کے کھینچین تو فائدہ

زیادہ اور مضرت کم ہوجاتی ہی خیری فارسی شب بو گرم و خشک ہی دوسرے درجے

مین فرمایا نبی مکرم صلعم نے اَکْثَرُ دُهْنِ اَهْلِ الْجَنَّةِ الْخَيْرِيُّ باغی و جنگلی کئی

قسم کی ہوتی ہی پھول سفید و زرد و سرخ و بنفشی ہوتا ہے سونگھنا اسکے پھول کا ریاح

و رطوبات دماغی کو تحلیل کرتا ہی و پھول یا پتی یا تخم یا جڑ کو پیسکر اوسکا پانی پینا خواہ بخور

کرنا مدر حیض و مخرج مشیمہ و جنین مردیکا ہے و طلا اُسکا محلل اورام ہی و روغن اوسکا

مثل روغن گل سرخ کے طیار کیا جاتا ہی و قول عوام ہی کہ اسکے پھول مین کیڑا خرد ہوتا

ہی نزدیک کے سونگھنے سے ناک مین جا تا رہتا ہی و مرض منیس پیدا کرتا ہی دیک فارسی مرغ ہندی

مرغا گوشت اسکا گرم و تر ہی بدرجہ دوم فرمایا جناب سید المرسلین صلی اللہ علیہ [و] سلم اَلدِّيكُ اِذَا

صَاحَ يَقُولُ اُذْكُرُ اللّٰهَ فَاِنَّهُمَا اسکو پھاڑ کر گرما گرم سر پر باندھنا سرسام کو دفع کرتا ہی

و شوربا گرم پینا قولنج کو دفع کرتا ہی و پوست اندرونی سنگدان اجزای مناسبہ کے ساتھ سفوف

کرکے کھانا دافع ہر قسم اسہال کا ہی و پوست سوختہ بیضۂ تخم مرغ سے اکتحال دافع امراض

چشم و سفوف اُسکا کھانا دافع سوزاک کہنہ ہی رمان فارسی انار قسم شیرین معتدل ہی

حرارت و برودت مین و تر بدرجہ دوم ہی و قسم ترش سرد و تر بدرجہ دوم و قسم میخوش سرد

بدرجہ اول و تر بدرجہ دوم ہی فرمایا نبی معظم صلعم نے خُلِقَتِ الْجَنَّةُ وَالرُّمَّانُ وَالْعِنَبُ مِنْ

فَضْلِ طِيْنَةِ آدَمَ مقوی جگر و روح و مولد اخلاط صالح و نافع خفقان و مدر بول جالی رطوبات ہی

بدن کو فربہ و چہرہ کو صاف و بہتر کرتا ہی و دافع حرارت و مصفی خون و مانع صعود ابخرہ و دانہ اسکا

مقوی معدہ و قابض ہی و پوست اُسکا قابض و دافع سعال ہی زبیب فارسی مویز ہندی

داکھ گرم تر بدرجہ اول ہی فرمایا جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ [و] سلم نے نِعْمَ مِنَ الزَّبِيْبِ وَالْكِشْمِشِ خِلْطَ

بہترین اُسکا پر گوشت و کلان ہی منضج خلط غلیظ محلل ریاح اسعاد سینہ مقوی جگر نافع امراض

گردہ و مثانہ دافع برودت و قبض شکم ہے و تخم اُسکا درجہ اول مین سرد دوم

۱؎ بوٹ نا گمان ایک فرغجری اسکا فائق ہو سارے منافع ہی ۱۲ ۱؎ اکثر تیل بہشتیوں کا خیری ہے یہ حدیث نہین ملی ۱۲

دیک ۲؎ مرغ جب بولتا ہو کہتا ہو یاد کرو اللہ کو گرم ہی ہوکر یہ حدیث نہین ملی ۱۲

رمان ۳؎ پیدا کی گئی بہشت اور انار اور انگور بچی مٹی سے یہ حدیث نہین ملی ۱۲

زبیب ۴؎ منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ و سلم نے منقیٰ اور کشمش کو ملا کر بھگو کر جو ہمارے یہاں اکثر ملایا جاتا ہے یہ حدیث ۔۔۔

دوم مین خشک ہی وقابض شکم و بیکر مینا قی الدم و اسہال دموی و بواسیر خونی کو نفع کرتا ہے
و پیس کی جانا خون تھوکنی کو دفع کرتا ہی زبرجد اقسام سنگ سی ہے درجہ سوم مین سرد
و خشک فرمایا جناب مقتدای عالم صلعم نے تَخَتَّمُوْا بِالزَّبَرْجَدِ فَاِنَّہٗ یُسْرٌ
لَا عُسْرَ فِیْہِ سب افعال مین مثل زمرد کے ہی مفرح طبع مقوی باصرہ نافع جریان
خون و جزام و باندھنا اوسکا ران حاملہ کی بائین ران پر ولادت کو آسان کرتا ہی زمرد
اقسام سنگ سی دوسرے درجے مین سرد و خشک ہی فرمایا جناب پیشوای رسل صلعم نے
تَخَتَّمُوْا بِالزُّمُرُّدِ فَاِنَّہٗ یَنْفِیْ الْفَقْرَ مقوی جگر و دل و جوہر روح قاطع نزف الدم مدر بول
دافع سنگ گردہ و مثانہ و تریاق زہر حیوانات ہی سرمہ لگانا اوس کا مقوی بصر ہے
لیکن نقصان کرتا ہی باہ کو مصلح شہد ہے زعفران ہندی کیسر درجہ سوم مین گرم
اول مین خشک ہی فرمایا جناب پیشوای مرسلان صلعم نے اَلْحُوْرُ الْعِیْنُ
خُلِقَتْ مِنَ الزَّعْفَرَانِ مفرح و مقوی حواس و جوہر روح حیوانی و دل و جگر و احشاء و
آلات تنفس و محلل ریاح و اخلاط غلیظہ و مفتح سدہ عروق و مدر بول و منقی گردہ و مثانہ
و مقوی باہ و منوم و مصدع ہے و مصلح اوسکا شکر و شہد ہی زیت بقول جالینوس
گرم تر ہے بدرجہ دوم فرمایا جناب خاتم المرسلین صلعم نے کُلُوا الزَّیْتَ وَادَّہِنُوْا
بِہٖ فَاِنَّہٗ مِنْ شَجَرَۃٍ مُّبَارَکَۃٍ اقسام اسکے بہت ہین پھل اسکا مثل اور
میوون کے کہاتے ہین اور روغن مفرد یا اجزای مناسب کی ساتھ کہایا و لگایا جاتا ہے
دافع سمیات خوردنی و زہر حیوانات و دردہای باردہ و ریاح و مغص ہی و زخمونکو مندمل
کرتا ہی نافع لقوہ و رعشہ و فالج و مقوی بصر و دافع بیاض چشم و جرب و سلعہ و مقوی لثہ
و دندان و نافع ادرار عرق و مفتح سدد و مقوی اعضا و اعصاب و روغن جسقدر پرانا ہوتا ہے
قوت اسکی زیادہ ہوتی ہی سفرجل فارسی آبی وہی معتدل سردی و گرمی مین تر ہے
دوسرے درجے مین فرمایا جناب خاتم الانبیا صلعم نے کُلُوا السَّفَرْجَلَ فَاِنَّہٗ

يُحْمِي الْفُؤَادَ وَيُشَجِّعُ الْقَلْبَ وَيُحَسِّنُ الْوَلَدَ مقوی دل و دماغ و معدہ و جگر و روح نفسانی کی ہے مدر بول و مانع صعود ابخرہ دافع غثیان و قے صفراوی و مطفی حرارت ہو سنا بہتر ہیں اُسکی مکی ہے گرم و خشک دوسرے درجے مین فرمایا جناب افضل البشر صلعم نے عَلَيْكُمْ بِالسَّنَا فَإِنَّهَا شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ إِلَّا السَّامَ وَهُوَ الْمَوْتُ مسہل بلغم و سودا با تخصیص مسہل صفرا ہے عمق بدن مین نفوذ کر کے مواد نکالتی ہو منقی دماغ نافع اوجاع مفاصل قاتل کرم شکم مصفی خون مدر بول مفتح سدد باو جس قسم کے پتے بڑے ہوتے ہین ضعیف العمل ہو

شعیر

شعیر فارسی جو ہندی گو جبی دوسرے درجے مین سرد و تر غذائیت مین گیہون سے کمتر ہو فرمایا مخبر صادق صلعم نے اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ الشَّعِيْرَ مِنَ الْحِنْطَةِ معتدل صفرا و باد انگیز ہے و آشجو دوا و ہم غذا ہی تبہا کر گرم گو از بس مفید و طلا کرنا تنہا خواہ اجزای مناسب کے ساتھ محلل اورام و دافع صداع گرم ہے

طین

طین فارسی گل ہندی مٹی ہے سرد و خشک بدرجہ دوم فرمایا جناب باعث ایجاد عالم صلعم نے اَكْلُ الطِّيْنِ حَرَامٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ دوائی کھانا جائز کیا گیا ہو قابض و دافع اجزای خون و مسدد ہے مصلح اوسکا عرق گلاب ہے و اورام پر گرم لگانا موجب تسکین حرارت و رادع مواد ہو

عسل

عسل فارسی شہد و انگبین ہندی مدہا کھی گرم تر بدرجہ دوم ہو فرمایا جناب شافع روز محشر صلعم نے اَفْضَلُ الشَّرَابِ الْعَسَلُ اُسکی صفت مین اور حدیثین بھی ہین بہتر ہین اُسکا سرخ رنگ مائل بزردی معتدل القوام و خوشبو و شیرین جسکے نکالنے کو دو برس سے زیادہ ہوئے ہون بدترین اوسکا سبز و سیاہ و تلخ و ترش و کہنہ ہو جالی و قاطع بلغم و رطوبات مخرج فضول دماغی و سینہ مصفی و روح مقوی یاد و حافظ و قوت ادویہ ہے اور آنکھ مین لگانا مقوی بصر ہو اور پانی مین گھولکر پینا مرطب و تنہا منا مجفف ہو

عقیق

عقیق سرد و خشک ہے دوسرے درجے مین فرمایا حضرت نور الہدی بدر الدجی صلعم نے تَخَتَّمُوْا بِالْعَقِيْقِ فَاِنَّهٗ مُبَارَكٌ سوختہ اسکا کھانے مین

تلطیف زیادہ ہی مقوی قلب مفتح سدہای جگر و طحال مفتت سنگ گردہ و مثانہ
مضر گردہ ہی مصلح گوند ببول عنب فارسی انگور و ز پوست اوسکا گرم خشک بدرجۂ اول
مغز اسکا گرم بدرجۂ اول و تر بدرجۂ دوم تخم اوسکا سرد و خشک بدرجۂ دوم فرمایا جناب
خیر الوریٰ صلعم نے خَیْرُ فَاکِهَتِکُمُ الْعِنَبُ غذائیت مین بہترین میوجات ہی مولد خون صالح
مصفی خون ناقص مقوی گردہ نافع سینہ و شش محلل ریاح مسمن بدن مضر معدہ مرطوب
مصلح انار شیرین عود ہندی دوسرے درجے مین گرم تیسری مین خشک ہے
بہترین اوسکا سیاہ و سخت و براق و خوشبو و تلخ ہی جو پانی مین ڈوب جاوے فرمایا
جناب سرور کائنات صلعم نے عَلَیْکُمْ بِهٰذَا الْعُوْدِ الْهِنْدِیِّ فَاِنَّ فِیْهِ سَبْعَةَ اَشْفِیَةٍ
مِنْهَا ذَاتُ الْجَنْبِ یُسْعَطُ مِنَ الْعُذْرَةِ وَیُلَدُّ بِهٖ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ قاطع بلغم و مفرح
و مفتح سدہ و محلل ریاح مقوی معدہ و دل و دماغ و جگر و حواس و ہاضمہ و اعصاب
و باہ و احشا و دافع رطوبات معدہ و سرفہ و ضیق النفس و استسقا و غشی و ورم طحال
و حافظ صحت حاملہ و جنین و مصلح اسکا گل سرخ ہی قرع فارسی کدو ہندی لوکی
سرد و تر ہے بدرجۂ دوم فرمایا جناب مفخر موجودات صلعم نے عَلَیْکُمْ بِالْقَرْعِ
فَاِنَّهٗ یَزِیْدُ فِی الْعَقْلِ وَیُکَبِّرُ الدِّمَاغَ ملین و مفتح و مدر بول و عرق و مسکن تشنگی دافع
حرارت قلب و مار القرع جلد مستحیل ہوتا ہی طرف صفرا کی لہذا ترشی ملا کی پینا چاہیے
کتم فارسی و سمہ و نیل ہندی لیل اول درجے مین گرم دوم مین خشک ہے فرمایا
حضرت صاحب الوحی والکتاب صلعم نے اِنَّ اَحْسَنَ مَا غُیِّرَ بِهِ الشَّیْبُ الْحِنَّاءُ وَالْکَتَمُ
کھانیمین مستعمل نہین ہی الا لگانیمین تہی اوسکی بالونکو سیاہ کرتی ہی تنہا و نساتہ اور چیز دیگر
مولد درد سر ہی مصلح لونگ ہی کراث فارسی گندنا گرم خشک ہی تیسرے درجے مین فرمایا
جناب حبیب خدا صلعم نے اَلْکُرَّاثُ مِنْ مَسَاسِ اِبْلِیْسَ ملین طبع
مدر حیض مقوی باہ و جگر ہاضمہ محلل ریاح مفتح سدہ دافع قولنج نافع

نافع اسہال مزمن و زحیر مصلح کشنیز کندر فارسی لوبان دوسرے درجے مین گرم تیسرے مین خشک ہے فرمایا جناب اشرف الانبیا صلعم نے اَلْکُنْدُرُ مِنْ طِیْبِیْ وَطِیْبِ الْمَلَآئِکَۃِ ملطف و محلل ریاح مانع سیلان خون دافع رقت منی و سوزاک کہنہ و جدید مقوی دل و معدہ و روح حیوانی و ہاضمہ و حافظہ و باہ مصدع محرورین مصلح شکر بدل مصطگی لبن فارسی شیر ہندی دودھ مرکب القوی کہتے ہین فرمایا جناب صاحب التاج والمعراج والبراق صلعم نے اَطْعِمُوا الْحَوَامِلَ مِنَ الْاَلْبَانِ فَاِنَّہٗ یَزِیْدُ فِیْ عُقُلِ الصِّبْیَانِ اور بھی اکثر حدیثین دودھ کی صفت مین ہین مرکب جبنیت و دہنیت و مائیت سے جبنیت اول درجے مین سرد و خشک دہنیت اول درجے مین گرم تر مائیت دوسرے درجے مین گرم تر ہے بعد شیر عورت کے بہترین شیر شیر گاؤ ہے و شیر گاؤمیش کا غذائیت مین اقوی ہے زان بعد شیر مادہ گاؤ بز دگو سفند و شیر شتر مین غذائیت کمتر ہے و شیر اسپ و خر و خچر و ہرن وغیرہ کا بمقام مناسب و دوا مستعمل ہے و مطلق شیر سے مراد شیر گاؤ ہے مقوی باہ و جوہر دماغ و مولد منی و حافظ رطوبات اصلی ملین طبع مصلح شکر و شہد بعد گوشت و بیضۂ نیم برشت کے بہترین اغذیہ ہے لحم فارسی گوشت ہندی مانس فرمایا حضرت سید المرسلین صلعم نے سَیِّدُ الطَّعَامِ لِاَہْلِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اللَّحْمُ بہترین اغذیہ ہے اور بہت سی حدیثین گوشت کے اوصاف و تذکرہ مین ہین و اکثر روایات سے ثابت ہے کہ حضرت صلعم کو گوشت بہت مرغوب تھا سب گوشت گرم تر ہے کوئی کم کوئی زیادہ باعتبار مزاج اُس حیوان کے جسکا گوشت ہے مگر گوشت مچھلی کا سرد و خشک ہے و گوشت طیور جنگلی کا گرم خشک ہے و بہترین گوشت گوسفند خصی فربہ جوان پرورده چراگاہ کا ہے لاغر و کم طاقت و ضعیف کا ناقص ہے و حیوان صغیر الجثہ کا لطیف و عظیم الجثہ کا کثیف ہے مرزنجوش فارسی و نامرو اگرم خشک ہے دوسرے درجے مین و بقول جالینوس تیسرے درجے مین فرمایا جناب اشرف المخلوقات صلعم نے عَلَیْکُمْ بِالْمَرْزَنْجُوْشِ فَاِنَّہٗ جَیِّدٌ لِلْخُشَامِ محلل و مفتح و ملطف و مفرح و مدر بول و حیض مفتت سنگ گردہ و مثانہ و احشا کو

عہ مجاز الکندر بیری کی خوشبو اور زعفران کی خوشبو سے بہتر ہے یہ حدیث نہیں ملی۔

لبن

عہ کہا لازم ہے حاملہ عورتوں کو دودھ کہ وہ زیادہ کرتا ہے عقل لڑکوں میں یہ حدیث نہیں ملی۔

لحم

عہ سردار کھانوں کا دنیا و آخرت میں گوشت ہے۔ شرح شمائل ترمذی

عہ لازم پکڑو مرزنجوش کو کہ وہ نافع ہے زکام کی بیماری کو۔ سفر السعادۃ میں ہے کہ فضائل مرزنجوش میں کوئی حدیث ثابت نہیں۔

گرم رطوبات معدہ واحشا کو خشک کرتا ہی دافع قولنج و مغص ریحی و استسقا ولقوہ و درد سینہ
وسعال و ضیق النفس ہے مصلح کاسنی بدل کلونجی ہی مسک فارسی مشک ہندی کستوری
دوسرے درجے مین گرم تیسرے مین خشک ہی وجسقدر پرانا ہوتا ہی خشکی اوسکی زیادہ ہوتی ہے
فرمایا جناب احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلعم نے اَلْمِسْكُ اَطْيَبُ الطِّيْبِ مقوی اعضای رئیسہ
وحرارت غریزی و اعضای ظاہری وباطنی وحواس و باہ کا و مفتح سدد و محلل اخلاط باردہ
دافع سموم نافع امراض دماغی باردہ و مضر محرورین ہے و قوت ادویہ کو عمق بدن پہنچاتا ہے
ومداومت اُسکے سونگھنے کی زرد کرتی ہے رنگ کو مصلح کافور و گلاب بدل جندبیدستر ملح
فارسی نمک ہندی نون سب قسم گرم وخشک ہی دوسرے درجے مین کمی بیشی کیفیات کی و
تفاوت خواص باعتبار اقسام ہی فرمایا جناب دافع البلاء والالم صلعم نے یَا عَلِیُّ اِبْدَأْ اَعْلیٰ
طَعَامِكَ بِالْمِلْحِ وَاخْتِمْ بِهٖ فَاِنَّ الْمِلْحَ شِفَاءٌ مِّنْ سَبْعِیْنَ دَاءً بہترین نمک نمک سنگ یعنی
نمک لاہوری ہی مسہل بلغم و سودا قاطع رطوبات لزجہ و کثرت سی کھانا اُسکا مضعف بصر
ومقلل منی و مورث خارش ہے ورد فارسی گل سُرخ ہندی گلاب کا پھول مرکب القوی
ہے فرمایا جناب دل المخلوقات صلعم نے مَنْ اَرَادَ اَنْ یَشُمَّ رَائِحَتِیْ فَلْیَشُمَّ
الْوَرْدَ الْاَحْمَرَ بہتر وہ ہے کہ قبل تمام ہو لنے کی توڑا جاوی اور چند قسم کا ہوتا ہے بعض فصلی
اور بعض دوامی تفرقہ مزاج وخواص اوسکے اقسام مین باقوال صحیحہ نہین نکلتا گو بعضون
نے تکلف تحریر کیا ہی مفرح و مقوی قلب مسہل و معتدل صفرا و بلغم رقیق مانع غشیا
ونافع ضعف معدہ و جگر و گردہ مضر دماغ و باہ بو او سکی محرک نزلہ ہے ہندبا
فارسی کاسنی سرد و تر ہی بدرجہ دوم فرمایا جناب صاحب قاب قوسین اوادنی صلعم نے فِیْ کُلِّ وَرَقَۃٍ مِّنْ
وَرَقِ الْهِنْدِبَاءِ مَاءٌ مِّنْ مَّاءِ الْجَنَّةِ مفتح سدہ مقوی جگر مسکن حرارت خون و صفرا
ومنقی مجاری بول و گردہ مضر سرفہ مصلح شکر یاقوت گرم وخشک ہی بدرجہ اول و بقول
شیخ الرئیس معتدل ہے فرمایا جناب صاحب فرقان الاعظم صلعم نے مَنْ تَخَتَّمَ

بِالْیَاقُوْتِ الْاَصْفَرِ مُنِیْعٌ مِنَ الطَّاعُوْنِ اطبا کے نزدیک کھانے کو یاقوت رمانی اولی ہے نہایت مقوی دل و دماغ و ارواح و مفرح طبع و تریاق سموم ہے

فصل دوم

احادیث فعلی میں قَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَجْمَعُ بَیْنَ الْبِطِّیْخِ وَالرُّطَبِ خربزے کا خاصہ ہے کہ جس چیز کو معدے میں پاتا ہے اوسکے موافق مستحیل ہوتا ہے جب رطب اوسکے ساتھ معدے میں وارد ہوا تو ضرور مستحیل بخون صالح ہوگا خربزہ و خرما ساتھ کھانے میں اور حدیثیں بھی ہیں قَالَ اَبُوْ مُوْسٰی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فَاِنِّیْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاْکُلُ لَحْمَ الدَّجَاجِ دجاج مادہ مرغ ہے گوشت نر و مادہ کا عقل اور دماغ کو زیادہ کرتا ہے و روح نفسانی کو طاقت زیادہ دیتا ہے نر کا گوشت جب تک بانگ نہ دیتا ہووے مادہ کا گوشت جب تک بیضہ نہ دیتی ہووے بہتر ہے قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ جَعْفَرٍ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاْکُلُ الْقِثَّاءَ بِالرُّطَبِ ککڑی کو رطب کے ساتھ کھانے میں یہ فائدہ مترتب ہے کہ ککڑی کی رطوبت رقیق مولد بلغم ہے اور کبھی مستحیل بہ صفرا ہوتی ہے و رطب مولد خون اور اپنی کیفیت و مزے میں ککڑی سے قوی تر ہے اوس کے امتزاج میں دونوں سے خون صالح اور کمیت میں زیادہ پیدا ہوتا ہے اور ان دونوں کے ساتھ کھانے میں اور حدیثیں بھی ہیں قَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اِنَّ خَیَّاطًا دَعَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَرَّبَ اِلَیْہِ خُبْزًا مِنْ شَعِیْرٍ وَمَرَقًا فِیْہِ دُبَّاءٌ وَقَدِیْدٌ اسمیں حکمت معقول یہ ہے کہ جو اور کدو دونوں سرد تر ہیں اور گوشت نمک چڑایا ہوا گرم خشک ہے اس امتزاج سے مجموع کا مزاج گرم تر و مولد خون و مؤید ارواح ہو گیا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَضْلُ عَائِشَۃَ عَلَی النِّسَاءِ کَفَضْلِ الثَّرِیْدِ عَلٰی سَائِرِ الطَّعَامِ ثرید ایک قسم کا کھانا ہے کہ روٹی کو شوربے میں تر کرتے ہیں یہ کھانا نہایت جلد تحلیل ہوتا ہے و خوش ذائقہ و مولد خون صالح و ارواح ہے و ناقہین کو از بس مفید و مزاج گرم تر ہے و اطبا نے دودھ میں

روٹی بھگونے کو بھی ثرید لکھا ہے قَالَتْ عَائِشَۃُ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُحِبُّ الْحَلْوَاءَ وَالْعَسَلَ اگرچہ حلوے سے مراد سب میٹھی چیزین ہین مگر حلوا ایک کھانا ہے کہ میدہ گندم کو گھی مین بھون کر شیرینی کا قوام ملاکر پکاتے ہین خوش ذائقہ و حار رطب و مولد خون و ارواح الا دیر ہضم ہے قَالَ عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنِ عَلِیٍّ اِنَّ جَدَّتَہٗ سَلْمٰی اَخَذَتْ شَیْئًا مِنَ الشَّعِیْرِ فَطَحَنَتْہُ ثُمَّ جَعَلَتْہُ فِیْ قِدْرٍ وَّصَبَّتْ عَلَیْہِ شَیْئًا مِنْ زَیْتٍ وَّدَقَّتِ الْفُلْفُلَ وَالتَّوَابِلَ فَقَرَّبَتْہُ وَقَالَتْ ھٰذَا مِمَّا کَانَ یُعْجِبُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَیُحْسِنُ اَکْلَہٗ یہ کھانا حضرت کو خوش آتا تھا و مزاج اسکا معتدل مائل بحرارت و رطوبت ہوتا ہے دافع بلغم و مولد خون و مقوی طبیعت ہے قَالَتْ اُمُّ الْمُنْذِرِ دَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ وَمَعَہٗ عَلِیٌّ وَّلَنَا دَوَالٍ مُعَلَّقَۃٌ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ یَاْکُلُ وَعَلِیٌّ مَعَہٗ یَاْکُلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ مَہْ یَا عَلِیُّ فَاِنَّکَ نَاقِہٌ قَالَتْ فَجَعَلْتُ لَھُمْ سِلْقًا وَّشَعِیْرًا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا عَلِیُّ مِنْ ھٰذَا فَاَصِبْ فَاِنَّہٗ اَوْفَقُ لَکَ۔ پس اس حدیث شریف سے ثابت ہوتا ہے کہ رسول صلعم نے بحالت نقاہت خرما کھانے کو منع فرمایا ہے اسواسطے کہ خرما و خشک ثقیل ہے معدے کو اور چقندر اور جو کھانے کو اجازت فرمائی کیونکہ وہ دونون ملکر ملین طبع و کم حرارت و سریع الہضم و مولد خون صالح ہو جاتے ہین قَالَ یُوْسُفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ سَلَامٍ رَاَیْتُ النَّبِیَّ صلعم اَخَذَ کِسْرَۃً مِّنْ خُبْزِ الشَّعِیْرِ فَوَضَعَ عَلَیْہَا تَمْرَۃً ثُمَّ قَالَ ھٰذِہٖ اِدَامُ ھٰذِہٖ فَاَکَلَ اس تدبیر سے کھانا موجب انواع فائدے کا ہے واضح ہو کہ جن چیزون کے ساتھ حضرت صلعم نے خرما تناول فرمایا اگر شکر سرخ و قند سیاہ کھایا جاوے تو بھی لمبا وہی فوائد ممکن ہین کیونکہ یہ دونون خرمے کی طبیعت کے ساتھ قریب ہین

مقالہ تیسرا اقسام ادویہ مرکبہ مین

حرف الالف

انقرویا

فصل اول بعض مرکبات مین جسکا ایک ہی نسخہ ہو انقرویا یعنی صنوبری شکل واضع اسکا بقراط ہی چونکہ بلادر صنوبری شکل اسکا جزو اعظم ہی لہذا اسی نام سی موسوم کیا فالج و لقوہ و صرع و خدر و نسیان و جملہ امراض بلغمی کو دفع و قوت ہاضمہ و باہ کو زیادہ کرتا ہی ص عاقرقرحا شونیز قسط شیرین فلفل گرد وج زرا وند مدحرج ایک ایک تولہ شیطرج ہندی زنجبیل خردل نو نو ماشہ سعد کوفی سنبل الطیب کندر ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ چھ چھ ماشہ عسل بلادر پانچ تولہ شہد خالص یک نیم چند بدستور معجون کے بنا وین

امروسیا

امروسیا بقراط نی واسطے ایک بادشاہ امروس نام کے بنایا تھا لہذا اس نام سی موسوم کیا مقوی معدہ و جگر و طحال و گردہ و دافع سدہ عروق و سنگ گردہ و مثانہ و مدر بول و نافع ابتدای استسقا ہے ص قسط شیرین فلفل سفید دار فلفل کمون اذخر یک نیم یک نیم تولہ پودینہ عود بلسان سلیخہ تخم کرفس وج پوست بیرون پستہ ایک ایک تولہ زعفران چھ ماشہ شہد دو چندان بدستور معجون کے بنا وین

افلونیا

افلونیا مخترعہ حکیم افلن رومی کا ہی اقسام نزلہ و درد و قی الدم و اسہال دموی و قولنج و ہیضہ و سیلان طمث کو ازبس مفید ہی ص فلفل سفید دار فلفل بذر البنج چھ چھ تولہ افیون تین تولہ زعفران ڈیڑھ تولہ تخم کرفس کوہی سنبل الطیب دو دو تولہ سادج ہندی سلیخہ حب بلسان عاقرقرحا نو نو ماشہ شہد سہ چندان و بعد چھ مہینے کے قابل استعمال کی ہے اور بعد کھانے سکے قولنج مین جوشاندہ تخم شبت و درد گردہ مین جوشاندہ تخم خربزہ و درد معدہ مین طبیخ انیسون و درد سر مین سکنجبین و درد مثانہ مین طبیخ رازیانہ و بار رکھنے خون مین طبیخ سماق پینا چاہیے

ارسطون

ارسطون موجد اسکا ارسطو ہے لہذا اس نام سے موسوم ہوا ورم رحم و درد شکم و قولنج و تپ ربع کو دفع کرتا ہے ص سلیخہ عاقرقرحا پودینہ کوہی ایک ایک تولہ فلفل گرد گوگرد زرد چھ چھ ماشہ زعفران

ابکامہ

تین ماشہ شہد یک نیم چندان بمعجون بناوین ابکامہ یجاد حکماے قدیم ہے مقوی معدہ و اشتہا
ودافع و قاطع بلغم ہے و تھوڑی لاکھ ملاکے پینا لاغر کرنے بدن مین مجرب ہے ص گرم
روٹی موٹی گیہون کی بوزن آدھ سیر ایک ہانڈی مین بند کر رکھین جب سبز ہوجاے خوب
کچل کے پانچ سیر سرکا اور آدھ پاؤ نمک سانبھر ملاکر چار ہفتے دھوپ مین رکھ کر چھان لین اور
پودینہ چھ تولہ زنجبیل تین تولہ فلفل گرد پانچ تولہ تخم پالک دو دو تولہ ملاکر ایکہفتہ دھوپ مین کھلی کپڑے سے چھانکر

اسود سلیم

شیشہ مین رکھ لین اسود سلیم مخترعہ حکیم سلیم کا ہے لہذا اس نام سے موسوم ہوا نافع فالج و لقوہ و خدر
و صداع مزمن اور اور امراض باردہ ہے و عادت افیون کھانے کو چھڑاتا ہے ص
سنبل الطیب مصطگی زرنباد افیون فلفل سفید کندش عقرقرحا کندر شیطرج ہندی صبر
ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ وج زراوند طویل زراوند مدحرج خولنجان مقل ازرق جزبق جند بیدستر زنجبیل فلفل
گوگرد آتولہ سار تخم جرجیر تخم پنجنگشت تخم سداب شونیز جاوشیر دو دو تولہ شہد سہ چندان

اغبر لولوی

بدستور معجون بناوین دو مہینے تک غلہ مین مدفون رکھین اغبر لولوی کہ ترکیب قدیم
ہے بسبب گھسنے کے شکل غبار کے کیا جاتا ہے لہذا اس نام سے موسوم ہوا اور اقسام سرمے
سے ہے واسطے خارش آنکھ و ڈھلکا و باھنی دکھنی و ضعف بصر کے مفید ہے ص توتیای
ہارونی مغسول پھٹکری مدبر نو نو ماشہ مروارید ناسفتہ تین ماشہ نبات سفید پانچ ماشہ

اکسیرین

سرمہ بناوین اکسیرین ترکیب قدیم ہے بسبب زیادہ نفع کرنے کے اس نام سے موسوم ہوا
قرحہ چشم و سوے سرخ کو دفع کرتا ہے ص کشتہ ارزیز گھریا چاندی کی گوند ببول ہر ایک چھ چھ ماشے
نشاستہ گندم افیون دو دو ماشہ پھول نکے برتن مین یہانتک گھسین کہ شکل سرمے کی ہوجاے

اکسیرین سہ [illegible]
[illegible]

انوشدارو ساده

فصل دوسری نسخہاے انوشدارو مین انوشدارو سادہ مقوی باہ و معدہ
و اعضاے رئیسہ ہے اور بدن کو خوشرنگ و دہن کو خوشبو اور طبیعت کی تفریح کرتی طیاری سے
چالیس روز کے بعد لائق استعمال کے ہے اور قوت اصلی اسکی دو سال تک قائم
رہتی ہے ص آملہ ایک رطل شکر سفید یک نیم رطل و شہد یک رطل بدستور قوام

[illegible] ہوتا ہے

بناکر سفوف گل سرخ و قرنفل و مصطگی و اسارون و دانۂ الائچی سفید نو نو ماشہ زعفران

انوشداروی لولوی

چار ماشہ ملاوین انوشداروی لولوی مفرح اور مقوی قلب و دماغ و دافع خفقان و حمیات
حارہ و درد سر ہے ص مروارید ناسفتہ دو ماشہ سنگ یشب چار ماشہ تین روز تک عرق
کیوڑہ مین صلایہ کرکے خشک و سرمہ سا کرکے عود خام طباشیر سنبل الطیب گل بنفشہ ابریشم

انوشداروی مرکب

خام چھ چھ ماشہ سفوف بناکر قوام ایک رطل آملہ مین جو دو رطل شکر سفید و ایک رطل
عرق گلاب یا عرق گاؤزبان مین بنایا ہو مخلوط کرکھین انوشداروی مرکب کہ تقویت
معدہ و دماغ و دل کی کرے و حمیات کہنہ و نزلہ کو دفع کرے ص آدھ سیر آملہ کے قوام
مین برادہ صندل سفید زرنب گل سرخ گل سیوتی زرشک پوست ترنج ست گلو ایک
ایک تولہ دانۂ الائچی سفید چھ ماشہ گوند ببول کتیرا پوست بیرون پستہ نو نو ماشہ زعفران
تین ماشہ سفوف کرکے ممزوج کرین فصل تیسری اطریفلات مین اطریفل معرب تری

اطریفل کشنیزی

پھل کا ہے اصطلاح ہندیان مین ہلیلہ بلیلہ آملہ کو تریپھلا کہتے ہین جو عمود اس ترکیب
کے ہلیلجات ہین لہذا اس نام سے موسوم ہوا اطریفل کشنیزی سر اور آنکھ اور کان کے
درد کو جو ابخرہ و نزلہ سے ہو اور ضعف بصر رطوبی اور ہر قسم کی بواسیر کو مفید ہے ص
ہلیلہ زرد کابلی ہلیلہ سیاہ ایک ایک تولہ بلیلہ آملہ کشنیز خشک تین تین تولہ سفوف کرکے

اطریفل اسطوخودوسی

روغن بادام مین چرب کرکے نیم رطل شکر و شہد کے قوام مین ملاوین اطریفل اسطوخودوسی
کہ امراض دماغی و جلدی کو مفید ہے ص ہلیلہ کابلی بلیلہ آملہ تین تین تولہ
اسطوخودوس گل سرخ دو دو تولہ افتیمون انیسون بادرنجبویہ شیطرج ہندی ایک

اطریفل قنبیلی

ایک تولہ شہد سہ چندان اطریفل قنبیلی پیٹ کے کیڑے تینون قسم کو قتل و دفع کرتا ہے

اطریفل سادہ

ص ہلیلہ زرد بلیلہ آملہ قنبیل دو دو تولہ برنگ کابلی قسط شیرین ایک تولہ تخم حنظل خردل
سعد کوفی زرد چوبہ چھ چھ ماشہ شہد سہ چندان اطریفل سادہ مقوی معدہ و دماغ و
مصفی معدہ کا اخلاط غلیظہ سے ہے ص ہلیلہ زرد و بلیلہ آملہ بوزن ساوی

کوٹ چھان کے روغن بادام مین چرب کرکے شش چندان شہد کف گرفتہ مین ملاوین

فصل چوتھی ایارجات مین اگرچہ معنی ایارج کے بہت لکھے گئے مگر عمدہ وجہ تسمیہ کی یہ ہی کہ ایارہ سقمونیا کو کہتے ہین و سقمونیا جزو اعلے اس ترکیب کا ہی لہذا اوس کے نام سی موسوم ہوا اور سب مسہلون سی پیشتر حکماء متقدمین نے اسکا اختراع کیا تھا **ایارج** کہ مواد سوداوی و بلغمی کو خارج اور اقسام درد سر و درد گوش و ثقل سمع و فالج و لقوہ و رعشہ و بہق و برص و جذام کو مفید ہی ص تربد سفید شحم حنظل غاریقون سقمونیا افتیمون ایک ایک تولہ مقل انیسون تج مرچ سیاہ زنجبیل اسطوخودوس گل سرخ پانچ پانچ ماشہ شہد دو چندان **ایارج فیقرا** کہ معدہ کو اخلاط غلیظہ سے صاف و انواع درد سر و امراض دماغی کو دفع کرے ص جٹاماسی سوگندھ بالا تج چھ چھ ماشہ مصطگی نو ماشہ زعفران تین ماشہ سقمونیا ہم چند جملہ شہد دو چندان مجموع ایارج کہ فضلات دماغی کو خارج و امراض دماغی کو دفع کری ص سقمونیا ایکتولہ شحم حنظل چھ ماشہ تربد سفید برگ ثنا گل سرخ نو نو ماشہ شہد کف گرفتہ بارہ تولہ مین ملاوین

فصل پانچوین نسخجات آبزن مین آبزن کہ زحیر یعنی پیچش شکم و ورم امعا و ورم شکم کو مفید ہی ص تخم شبت تخم کتان تخم حلبہ تخم خطمی گل بنفشہ برگ گلوی تازہ ریشہ خطمی جملہ مساوی آبزن کہ قولنج و نفخ ریحی و درد گردہ و مثانہ کو دفع کرے ص انیسون زیرہ سیاہ تخم شبت سعتر مرزنجوش گل بابونہ مساوی الوزن آبزن کہ استعمال دفعات سی سنگ گردہ و سنگ مثانہ کو دفع کری ص ہر بجا سعت پودینہ سرگین کبوتر مغز تخم خشک دانہ پانچ تولہ گل بابونہ گل سرخ تخم خطمی اکلیل الملک تخم خربزہ پرسیاوشان حب قلت تین تین تولہ بنجادیان چار تولہ آبزن کہ خون کا پیشاب جو ذکر و رحم کثرت ادرار خون حیض کو دفع کری ص عفص گلنار برگ جھاؤ برگ انار شیرین گل سرخ بوزن مساوی آبزن کہ حیض کو جاری و بچہ مردہ کو رحم سی خارج کری ص سلیخہ مرزنجوش اذخر پودینہ قسط تلخ اکلیل الملک نانخواہ شونیز سداب کرفس ہر بجا سعت بوزن مساوی

ایارج

ایارج فیقرا

آبزن زحیر وغیرہ

آبزن قولنج وغیرہ

آبزن سنگ گردہ وغیرہ

آبزن پیشاب خون وغیرہ

آبزن حیض وغیرہ

فصل چھٹی انکباب یعنی بھپارے مین انکباب کہ گرانی کان کو جو اکثر بعد ہیضہ کے عارض ہوتی ہے اور درد ریحی و بلغمی کان کو و ثقل سمع کو زائل کرے ص گل بابونہ اکلیل الملک برگ و شاخ تلسی مرزنجوش پوست بیخ بادیان نو نو ماشہ بیخ سوسن گلسرخ تخم ترب پانچ پانچ ماشہ انکباب کہ نقصان و بطلان سماعت کو دفع کرے ص سداب تخم شبت تخم ترب نو نو ماشہ لوبان و ایلوہ تین تین ماشہ انکباب کہ ورم و درد گوش دفع کرے ص برگ بنفشہ برگ مکو برگ سنبھالو گل بابونہ گل سرخ گل نیلوفر گل خطمی جملہ بوزن مساوی انکباب کہ درد شانہ و دردہای دیگر عارضہ بستگی اعضا کو دفع کرے ص برگ نیب برگ مکوے ارنڈ برگ سنبھالو پوست درخت گلچکان ہر ایک مساوی انکباب کہ ورم خصیہ و قضیب کو نفع کرے ص سقمونیا تین ماشہ تخم شبت برگ مکو دو دو تولہ چوب کلان ہلیلہ آملہ ایک ایک تولہ انکباب کہ چھاجن یعنی ہاتھ و پاؤن کے چمڑا پھٹنے کو دفع کرے ص پوست درخت نیب دو تولہ کدوے تلخ آدھ پاؤ کائفر تین تولہ

حرف باے تازی

فصل ساتوین نسخجات برش مین کہ نام اصلی برشعثا بمعنی برء الساعۃ و ترکیب حکماے قدیم ہے اب کثرت استعمال سے بلفظ برش معروف ہو رہا ہے برش کہ زکام و نزلہ و تیرگی چشم و دوار و آواز گوش و لقوہ و فالج و صرع و سبات و نسیان و مالیخولیا و یرقان و ضعف اعصاب و استرخاے لثہ و بلادت ذہن و گندگی دہن و سیلان لعاب دہن و سعال و نزف دم و اوجاع بلغمی و ضعف معدہ و جگر و انواع استسقا و حبس ادرار بول کو مفید اور فادزہر سموم کا ہے ص قلفل سیاہ فلفل سفید بذر البنج ہر ایک چار چار تولہ افیون مصری دو تولہ زعفران ایک تولہ سنبل الطیب عاقرقرحا تین تین ماشہ جدا جدا سفوف کرکے سہ چندان شہد کف گرفتہ مین مخلوط کرکے تین مہینے غلہ جو مین دفن رکھکر استعمال کرین خوراک دو سرخ سے ایک ماشہ تک ہے وقوت اس کی

انکباب گرانی کان

انکباب نقصان سماعت

انکباب ورم گوش

انکباب درد مثانہ

انکباب ورم خصیہ

انکباب چھاجن

برش

پانچ برس تک باقی رہتی ہے ایضاً گل بنفشہ عود صلیب اسطخودوس ہلیلہ زرد چھ چھ ماشہ
سفوف کرکے دو تولہ افیون مین کہ پانی مین گھولکر گرم کیا ہووے ملاکر گولیان بنادین ایضاً قرنفل
زعفران عقرقرحا بذر البنج پانچ پانچ ماشہ سفوف کرکے دو تولہ افیون مین کہ عرق کیوڑہ مین
گھول کر گرم کیا ہووے ایسا ملاوین کہ شکل معجون کے ہوجاوے فصل آٹھوین بسنجات بیتیا
و پنیڈی مین بیتیا کہ عورات کو واسطے دفع رطوبت و اِدرار حیض غیر معمول و درد کمر ورمی
کمر و نقاہت طبیعت کے مفید ہے و مردون کو دافع جریان و رقت منی و مقوی باہ
ہے ص مازو مائین لودھ بابرنگ باؤ کھما گل دھاوا گوکھرو کلان گوکھرو خورد گل
سپیاری چکنی ڈلی موصلہ سینبھل سمندر سوکھ چھال درخت مولسری گوند ڈھاکہ الاچی خرد
مع پوست مجیٹھ پلنگ توڑ کمرکس ایک ایک تولہ سنگجراحت دو تولہ گوند ببول بروغن زرد بریان
سات تولہ سب کو کوٹ چھان کر میدہ برنج ساٹھی آدھ سیر شکر سفید تین پاؤ ملاوین
اور گری چھوہارا چرونجی لاوا ایک چھٹانک ریزہ ریزہ کرکے مخلوط کرین اور تین پاؤ روغن
گاؤ جو داغ سے خوشبو کیا ہو ملاکر جاہین ویسا ہی رکھین چاہین باضافہ قدر پانی بشکل لڈو
بنا رکھین ایضاً بیتیا موصلہ سینبھل مجیٹھ سوپاری پرانی پلنگ توڑ تخم سرپاتی تخم گذر بیج بند
مغز تخم کونچ گل دھاوا جریان کند چوبیا گوند مغز بلاس پاپڑا اندر جو بیج بل پیرا بورہ مائین تخم سمندر
سوکھ بابرنگ اجوائن دیسی تال مکھانا سونٹھ گوکھرو خرد گوکھرو کلان موصلی سفید موصلی سیاہ
مازو دارچینی باؤ کھما لودھ موچرس کمرکس کامراج سینگری ببول کی بھوپھلی الاچی سرخ
اسگندھ ایک ایک تولہ سنگ جراحت تین تولہ میدہ گندم میدہ برنج ساٹھی ایک ایک
پاؤ شکر سفید روغن زرد آدھ سیر پنیڈی کہ عورات کے مزاج کو از بس مفید ہے رطوبات
کو خشک و تحلیل و بدن کو خوشرنگ و تقویت بدن و تولید خون صالح کرتی ہے
و مردونکی رقت منی و سستی باہ کو دفع کرتی ہے ص تال مکھانا چاکسو تخم اوٹنگن بلیلہ آملہ مازو
سبز زیرہ سیاہ زیرہ سفید لودھ دو دو تولہ الاچی کلان الاچی خرد تخم سرپانی

بیتیا

پنیڈی

جائفل لونگ ایک ایک تولہ مغز نبیہ دانہ وسپیاری چار چار تولہ گوند ببول بروغن زرد بریان کردہ نو نولہ نشاستہ گندم ڈیڑھ پاؤ شکر سفید اڑھائی پاؤ میوجات ور وغن زرد بدستور نسخہ اول کے ملاکے بنادین **فصل نوین** برودمین کہ اقسام سرمہ کہ ہے **برود** کہ آنکھ کا میل و پانی دفع کرے پھلی و جالے کو کاٹے و سرخی آنکھ کی و شب کوری دور کرے ص توتیای مغسول ایک ماشہ پوست ہلیلہ زرد دو ماشہ تخم ہلیلہ کابلی سوختہ اکیعدد کافور دو سرخ نمک سنگ چار سرخ بطور سرمہ کے پیسکر استعمال کرین **برود** کہ قوت باصرہ کو طاقت دیوے و آنکھ کی حفاظت امراض سے کرے ص گھریا چاندی کی تین ماشہ زعفران ایک ماشہ کافور چار سرخ **برود** کہ سوزش و خارش آنکھ کو دفع کرے ص سنگ بصری صدف سوختہ تین تین ماشہ ربسوت پانچ ماشہ کافور ایک ماشہ طباشیر سفید چھ سرخ **فصل دسوین** بخورات مین **بخور** کہ داہمای بواسیر اور ورم مقعد دفع و کرم ویدان یعنی چنچنون کو قتل کرے ص گوگرد سیندور چھ چھ ماشہ اصل السوس بیخ مدار برگ کنار دو دو تولہ جلاکر دھوان مبرز مین پونہچامین **بخورات** کہ مدر حیض و مخرج بچہ مردہ و شیمہ ہے و دشواری ولادت کو آسان کرے ص کندش اظفار الطیب ابہل مقل گوگرد مساوی سفوف کرکے زہرہ گاؤمین سانکر گولی یا شیاف بنار کھین وقت حاجت کے جلاکے دھوان لین **بخور** کہ بواسیر بادی کو دفع کرے ص پھل بھٹ کٹائی کے و برگ نیب و دانہ اسپند ہموزن سے بخور کرین **بخور** کہ آسانی ولادت کی کرے ص سانپ کی کینچل ایک جز اسم انسپ خواہ خر چار جز باہم ملاکے بخور کرین **بخور** کہ ہاتھ و ناخن کے ابرس کو دفع کرے ص روغن بیدانجیر بمقام مرض پر لگاکے مدار کی لکڑی کی دھونی دین

حرف بائے فارسی

فصل گیارھوین نسخجات پاشویہ مین **پاشویہ** کہ واسطے صداع حار و سرسام صفراوی و بے خوابی کے نافع ہے ص برگ کنار سبوس گندم نیم نیم پاؤ برگ بنفشہ گل نیلوفر گل خطمی عنب الثعلب برگ خرفہ برگ پالک چار چار تولہ تراشہ کدو چھ تولہ نمک خورد تین تولہ

برود پھلی

برود مقوی باصرہ

برود سوزش چشم

بخور داہمای بواسیر

بخور مدر حیض

بخور بادی بواسیر

بخور آسانی ولادت

بخور داء الفیل برص

پاشویۂ درد سر حار

پاشویہ درد سر بارد

ایضاً گل نیلوفر چار تولہ گلسرخ ایک تولہ تراشہ میٹھا تراشہ کدوی دراز سبوس گندم چھ چھ تولہ کشنیز تر ونمک خوردہ دو تولہ برگ کنار چھ تولہ پاشویہ واسطے درد سر بارد و سبات وسرسام بلغمی و تپ بلغمی کی سفید ہوص گل بابونہ اکلیل الملک گل خطمی خردل نمک طعام خوب کلان تین تین تولہ سبوس گندم برگ کنار چھ چھ تولہ ایضاً پرسیاوشان گل بابونہ تخم خطمی تین تین تولہ برگ کنار برگ سہجن چار چار تولہ نمک طعام دو تولہ

حرف التاء المثناة الفوقانیہ

تریاق اربعہ

فصل بارھوین نسخجات تریاقات مین واضح ہو کہ حکماء نے اولاً ترکیب تریاق کی اجزائے فادزہر سے کی تھی زان بعد اجزائے قوی العمل سے ترکیب بنانا شروع کیا مقصود یہ ہے کہ تریاق مرض مقابل کو ایسا نافع ہو کہ جیسا دفع زہر مین فادزہر ہوتا ہے **تریاق اربعہ** مخترعہ حکیم اندروماخس کا ہے طیاری سے چار روز کے بعد استعمال کرنا چاہیے دو برس تک قوت کامل رہتی ہے محلل ریاح غلیظہ و مصلح جگر و طحال و مفتح سدد ہے اور فادزہر سموم حیوانات و مدر فضلات مخرج جنین میت و نافع صرع و خفقان و جمیع امراض باردہ ہے **ص** حب الغار جنطیانا مر مکی زراوند طویل خولنجان وند مرحرج مساوی الوزن سفوف کرکے سہ چندان شہد کف گرفتہ مین ملاوین خوراک ایک ماشے سے چار ماشے تک اور اگر ایک جزو زعفران ملاوین زیادہ تر لطیف اور قوی ہو **تریاق ثمانیہ** حکیم بلینیوس نے

تریاق ثمانیہ

آٹھ چیزون سے بنا کر اس نام سے موسوم کیا ہے سمیت سموم کھائی ہوئی و کاٹنے و نیش مارنے حیوانات کو دفع کرتا ہے قولنج و صلابت و سدہ طحال و فالج و رعشہ و صرع کو مفید ہے و محلل ریاح و دافع استسقاء و دق ہے **ص** مر مکی حب الغار جنطیانا قسط تلخ ایک ایک تولہ فلفل گرد سلیخہ آٹھ آٹھ ماشہ زعفران دارچینی چار چار ماشہ چندان **تریاق صغیر** مخترع شیخ الرئیس دفع سمیت سموم و دفع سم

تریاق صغیر

جانوران مین تریاق اربعہ سے قوی ہے **ص** زراوند طویل حب الغار جنطیانا پوست بیخ کبر افسنتین زرد چوبہ بیخ حنظل جملہ مساوی شہد یک نیم چند مجموع **تریاق المثانہ** تالیف حکیم ابوالماہر

تریاق المثانہ

کہ دافع قروح گردہ و مثانہ و مجاری بول و احتباس و سوزش بول مزمن کو مجرب ہے قدری

شبرگاؤ کے ساتھ اور سفید امراض رحم و ورم حیض و سکن درد ہائے اعضائے تناسل ہے
آب خیساندہ تخم کے ساتھ و مانع صعود انجرہ بدماغ و مقوی و منقی اعضائے تنفس ہے مارالعسل
کے ساتھ ص شاخ گاؤ کوہی سوختہ نسبد مروارید نو نو ماشہ افیون ایک ماشہ رب السوس
سماق گل ارمنی گل شیرازی ریوند چینی زوفائی خشک صعتر تخم کرفس انیسون چار چار
ماشہ گل مختوم تخم خطمی تخم خبازی تخم خرفہ مغز خیارین مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم
خربزہ دم الاخوین پانچ پانچ ماشہ اشنہ کتیرا حب القلت مغز بادام شیرین سات سات
ماشہ حب کاکنج نو ماشہ شہد چندان تریاق الانسان کہ درد دندان و ورم مسوڑھون کو
جو سردی سے ہو دفع کرتی ہین نہایت مجرب ہے ص فلفل گرد عقرقرحا انگوزہ زرانباد
نمک سنگ بوزن مساوی کوٹ چھان کر شہد مین سان کر غلولہ بنا کر سائے مین خشک
کر کے دانت کے نیچے دباوین فصل تیرھوین نسخجات تیزاب مین تیزاب کہ گوشت
زائد کو زخمون سے قطع کرتا ہے و دمل سخت کو توڑتا ہے و بثورات مزمنہ کا مواد بہاتا ہے ص شورہ
قلمی پھٹکری نوشادر بوزن مساوی نیکوب کر کے بدستور عرق کھینچین تیزاب کہ برص
کے چمڑے اور گوشت ناقص کو کاٹ ڈالے اور اچھا گوشت و چمڑا جما دے ص پھٹکری سفید دو تولہ
پھٹکری زرد چار تولہ شورہ قلمی سات تولہ بدستور بناوین و جلد کو کھجلا کر لگاوین تیزاب
جسکو دیگ بھی کہتے ہین بواسیر کو اور گوشت زائد کو کاٹ کے دفع کر دیتا ہے اور بہ تکلیف شدید
دیتی ہے بعد کٹ جانے گوشت کے گرنب کلی کا پتا جوش کر کے اوسکا پانی لیکر اسمین گائے کا گھی ملا کر
گھسین جب مثل مرہم کے ہو جاوے تب لگاوین اور اگر اس سے زخم دفع نہووے
دوسرا مرہم استعمال کرین و اگر ایک روز کے لگانے مین گوشت نہ کٹے تو ایک دو روز درمیان دیکر
پھر لگاوین ص سیماب نوسادر چار چار تولہ زنگار چونہ پتھر کا آٹھ آٹھ تولہ بھی لوبان و گندھک
زرد چوبیس چوبیس تولہ پارے و زنگار کو سرکے مین کھرل کرین جب پارے کا نشان
باقی نہ رہے دوسرے اجزا ملا کر کھرل کر کے دوا کو خشک کرین اسکے بعد سرو پانی مین کھلکر

تریاق الانسان

تیزاب قاطع گوشت زائد

تیزاب قاطع گوشت برص

تیزاب دافع بواسیر

ایک دیگ مٹی مین رکھین دوسری دیگ سر اوندھا اُسپر رکھکے آٹے سے منھ بند کردین خفیف آنچ
کرتے رہین کہ سب دوا کا جوہر اُڑکر دوسری دیگ مین لپٹ جاوے تب کھولکر اوڑا ہوا جوہر کو لیکر رکھین استعمال کرین

حرف الجیم

فصل چودھوین جوارشات مین اسکا اختراع معجون کے بعد ہوا مخصوص واسطے امراض معدے کے
زان بعد اور اعضا کو واسطے بھی بنی لگین جوارش دارچینی کہ تمام اعضا اور باہ کو قوت دیوے
اور درد سعال بلغمی و بواسیر بادی و داد و نقرس و بہق و سنگ گردہ و مثانے کو
مفید ہو ص سنبل الطیب دانہ الائچی سفید سلیخہ دارچینی خولنجان قرنفل سعد کوفی زنجبیل
مرچ سیاہ دارفلفل قسط شیرین اسارون ہر ایک دو جز زعفران ایک جز مصطگی پانچ جز
شکر سفید برابر مجموع کے ہو و شہد ہموزن دونون کے جوارش کمونی مقوی معدہ و ہاضم و
کاسر الریاح و دافع فضلات ہو ص زیرہ سیاہ سرکہ خالص مین تسقیہ کیا ہوا سات
جز مرچ سیاہ زنجبیل سداب دارفلفل پودینہ ہلیلہ زرد تین تین جز نمک سنگ چار جز
شہد سہ چندان مجموع کی جوارش مصطگی دافع برودت معدہ و جگر و سیلاب لعاب
دہن و مقوی معدہ و ہاضمہ ہو ص مصطگی رومی ایک جز سفوف کرکے قوام قند سفید سولہ جز
مین کہ عرق گلاب کے ساتھ بنایا ہووے ملاوین جوارش عود ترش مقوی معدہ اور ہاضم
طعام ہو ص عود پانچ تولہ قرنفل سنبل الطیب زرشک ایک ایک تولہ ایک رطل شکر
سفید کے قوام مین جسمین عرق لیموی کاغذی خواہ بارہ تولہ عرق انار ترش داخل ہووے
ملاوین جوارش جالینوس کہ تمام اعضا اور باہ کو قوت دیوے اور کثرت
بول و غلبہ ریاح و صداع و سعال بلغمی و بواسیر بادی و قوباد نقرس و بہق و سنگ گردہ و مثانہ
کو دفع کرے و سیاہی بالون کی محفوظ رکھے ص سنبل الطیب تا قلہ سلیخہ دارچینی خولنجان قرنفل سعد
کوفی زنجبیل جرائتہ فلفل سیاہ دارفلفل قسط شیرین عود بلسان اسارون ایک ایک تولہ
زعفران چھ ماشہ مصطگی رومی دو تولہ قند سفید سب دوا کے برابر شہد و چندان دوا کے

جوارش دارچینی

جوارش کمونی

جوارش مصطگی

جوارش عود ترش

جوارش جالینوس

جوارش خوزی
جوارش خوزی کہ اطبای خوزستان نے اختراع کیا ہاضم طعام و دافع اسہال ہو ورم طحال
جسکو طپلی اور بروٹ کہتے ہین و استسقا و کثرت بول کو دفع کرے ص قسط شیرین سلیخہ
سنبل الطیب ایک ایک تولہ جوز بوا دو تولہ دانہ الائچی گل سرخ قرنفل انیسون اکلیل الملک
شیطرج نو نو ماشہ بسباسہ درونج عقربی زرا وند مدحرج ماشہ ہلیلہ زرد ہلیلہ کابلی ہر ایک
جوارش بوعلی
چھ چھ ماشہ نبات سفید دو چند مجموع کے بعد دو مہینے کے لائق استعمال کے ہو جوارش بوعلی
کہ ریاح و خفقان و مالیخولیا و گھبراہٹ دل و وسواس سوداوی کو دفع کرے ص عود ہندی
بسباسہ فرنجمشک زرنب زرنباد برگ گاؤزبان سنبل الطیب ایک ایک تولہ دارچینی مصطگی
جوارش اسقف
بادیان چھ چھ ماشہ کافور تین ماشہ شہد ہم چندان نبات سفید دو چندان جوارش اسقف
حکیم اسقف نے لکھا ہو کہ مین نے کسی مرکب کو اس سے بہتر موثر نہین پایا ہو قولنج وغیرہ امراض معدہ
و امعا و بواسیر و درد پشت و درد نشست گاہ غشیان و قی کو دفع کرے ص زنجبیل دارچینی
آملہ قرنفل بسفائج جوز بوا ایک ایکتولہ فلفل گرد الائچی سفید ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سقمونیا و تربد نو نو
جوارش دافع اسہال صفراوی
ماشہ نبات سفید ہموزن و شہد دو چندان جوارش کہ اسہال صفراوی و پیچش و درد شکم
و دامی بواسیر کو نفع کرے ص سماق تخم ترہ تیزک بو دادہ زیرہ سیاہ مدبر مصطگی رومی
جوارش مقوی دماغ وغیرہ
فلفل گرد قاقلہ ایک تولہ سقمونیا مدبر تربد پانچ پانچ ماشہ شہد سہ چندان جوارش کہ دماغ و گردہ
و جگر کو طاقت دیوے اور منی کو زیادہ گاڑھی اور قوت باہ کو زیادہ کرے ص تخم پیاز تخم
حماض تخم ہلیون تخم شلجم تخم گذر تخم کرفس شقاقل مصری دار فلفل الائچی سرخ خولنجان دارچینی
قرفہ زنجبیل نو نو ماشہ اسگند بہمن سفید بہمن سرخ موصلی سیاہ و موصلی سفید کنکول کباب چینی عقرقرحا چھ چھ
ماشہ قرنفل جوز بوا تین تین ماشہ گوند ببول روغن گاؤ مین بریان کرکے تین تولہ شکر سفید سہ چندان

حرف الحاء المہملۃ

حب نافع فالج وغیرہ
فصل پندرھوین حبوب دافع امراض دماغی و دردون مین حب کہ فالج و لقوہ و رعشہ کو
دفع کرے ص پیر اموز تخم کتائی نانخواہ کرفس فلفل دراز کباب چینی نمک سانبھر بوزن مساوی

نیم کوفتہ کرکے آب برگ مدار خواہ شیر مدار مین تسقیہ دیکر سفوف کرکے مغز گھیکوار مین بقدر
حب فالج وغیرہ
نخود کے گولی بناکر ایک صبح کو اور ایک شب کو سوتے وقت کھاوین حب کچلہ کہ فالج رعشہ
واختلاج ودرد اعضا وکثرت نزلہ کو دفع کرے واگر عقیمہ بعد طہر کے کھاوے حاملہ
ہوجاوی ص دارچینی جوزبوا بسباسہ عود صلیب قرنفل ایک تولہ کچلہ کہ شیر گاؤ مین تر
ومقشر کرکے اوراق باریک تراشی ہون دو تولہ سب کو سفوف کرکے آب نانخواہ وآب
حب درد مفاصل
پودینہ مین تسقیہ دیکر گولی بناوین حب کہ درد مفاصل کو دفع کری ص صبر سقوطری تربد
سفید یک نیم تولہ ہلیلہ زرد بوزیدان سورنجان شیرین ایک تولہ انیسون سقمونیا
حب نقرس
سقل نو نو ماشہ بآب گندنا گولی بناوین حب کہ واسطے دفع نقرس کے مجرب ہے
ص شونیز بیخ کبر مقل عقرقرحا سات سات ماشہ ہلیلہ سیاہ آملہ شیطرج زنجبیل دار فلفل
حب عرق النسا
نمک ہندی نو نو ماشہ سورنجان شیرین ہموزن جملہ اجزا آب بادیان گولی بناوین حب
کہ عرق النسا کو دفع کری اسہال لاوے ص صبر سقوطری ہلیلہ زرد سورنجان شیرین بوزن
حب آشوب چشم
مساوی گولی بناوین **فصل سولھوین** حبوب دافع امراض آنکھ کے حب سرخ واسطے
ہر مرض آنکھ کے خصوص آشوب کے زیادہ تر مفید ہے ص گیرو چار جز افیون ایک جز
زنجبیل نیم جز ہلیلے کے پانی مین گولی کلان کلان بنا رکھین اگر آنکھ پر ورم ہو تو آب
حب امراض چشم
کشنیز خواہ آب مکو مین واگر ورم نہووے آب کو کنار مین گھسکر لگاوین حب امراض چشم کہ
امراض آنکھ کو مفید ہے ص پھٹکری بریان چار ماشہ افیون دو ماشہ سوت آٹھ ماشہ
برگ تازہ نیب پانچ عدد زعفران پانچ سرخ سب کو کڑھائی آہنی میں رگڑکے گولی
حب سوزش زبان
بنا رکھین بوقت ضرورت ملا کرین **فصل سترھوین** حبوب دافع امراض دہان مین حب
کہ سوزش زبان کو دفع کری ص مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین مغز تخم کدو شیرین ایک
حب بوئے دہن
ایک جز نشاستہ گندم مساوی مجموع کی بآب گوندبول گولی بناکر منہ مین رکھین حب کہ
بدبوی دہن کو دفع کرے ص بسباسہ سعد کوفی پوست ترنج فرنجمشک صندل سفید

حب بستگی آواز

ایک ایک تولہ طباشیر کافور چھڑیلہ تین تین ماشہ شک ایک ماشہ آب گوندببول گولی بناوین
حب کہ بستگی وگرانی آواز کو دفع کرے ص اصل السوس مقشر تخم کتان بریان کتیرا صمغ عربی مغز
بادام شیرین مغز چلغوزہ بوزن مساوی شہد کف گرفتہ مین گولی بناوین اور منہ مین
رکھین فصل اٹھارہوین حبوب ہاضم ومشہی طعام ودافع ریاح وسول حب گوگرد

حب ہاضم طعام

کہ ہاضم طعام ودافع تخمہ واسہال وقے امتلائی ہے ص زنجبیل فلفل گرد فلفل دراز گوگرد
زرد نمک سنگ جملہ مساوی الوزن بآب عرق لیمون ایضاً مرچ سیاہ گل آگ نانخواہ
کرفس نمک سنگ مساوی بآب ادرک ایضاً تج دارچینی زنجبیل مرچ سیاہ نمک بھی

حب دافع بدہضمی

نمک جوا کھار مساوی الوزن حب کہ سوء ہضمی کو دفع کرے ص خراب تین جز
مرچ سیاہ دو جز نمک سنگ ایک جز سرکے مین گولی بناوین ایضاً ہاضم طعام ص سہاگا
جوا کھار نوشادر نمک سیندھا ہینگ مرچ سیاہ بوزن مساوی سرکے مین گولی بناوین

حب ہاضم

حب باد گولا

ایضاً حب ہاضم طعام ومشہی ص املیطس زنجبیل مرچ سیاہ پیپر پیپرامور اجوائن دیسی
اجمودہ ایک تولہ نمک سیاہ نمک سنگ نو نو ماشہ عرق لیمون مین گولی بناوین حب
کہ باد گولا وسول ودرد شکم کو دفع کرے ص زنجبیل سہاگا خام ہینگ نمک سنگ مساوی
الوزن بآب پوست درخت سہجن بقدر کنار دشتی گولی بنا رکھین وایک گولی
کھاکے قدرے آب گرم پیوین بقول ہندی شعر سونٹھ سہاگا سیندھا کاندھی سہجن
کے رس گولی باندھی چونٹھ بائی چوراسی سول مکھے دھنتر ہے نہ مول

حب قابض

فصل انیسوین حبوب قابضہ مین حب دافع اسہال وقابض ص مازو سبز مایئن
چھ چھ ماشہ افیون دو ماشہ بقدر نخود کی گولی بناوین ایضاً پوست انار سماق مازو مساوی
الوزن سے بقدر نخود گولی بناوین ایضاً اگر شہد مین گولی بناوین کثرت اسہال وقت شب
کو مفید ہو اگر عرق لیمون مین بناوین اسہال روزانہ کو مفید ہے ص سہاگا

حب اسہال

بریان ایک جز افیون چار جز ایضاً کہ اسہال رنگ برنگ اطفال کو مفید ہے

ص کلی خرد انار کی ایکعدد چاکسو رسونت زرکچور زرنباد سفید زرد چوب مقشر برگ نیب
برگ بکائن و برگ سنبل دو دو ماشہ افیون ایک ماشہ فصل بیسوین حبوب مسہلہ مین حب
شبیار تنقیہ دماغ کرے اور امراض دماغی کو مفید ہے ص ہلیلہ کابلی سنائی مکی
بلیلہ تین تین جز مقل ایک جز گل سرخ حب النیل صبر چار چار جز عصارہ ریوند مصطگی دو
دو دو جز بدستور گولیان بنا رکھین وقت شب قبل از خواب کے بقدر مناسب کھاوین حب فوقایا
یونانی زبان مین فوق سر کو کہتے ہین چونکہ اس گولی سے تنقیہ مواد سر کا ہوتا ہے وامراض دماغی
واعضای سر کو مفید ہے لہذا حکیم جالینوس مخترع اس گولی نے یہ نام رکھا ص صبر سقوطری
عصارہ افسنتین مصطگی رومی ہر ایک ایک تولہ شحم حنظل تربد چھ چھ ماشہ کرفس کے
پانی مین گولی بنا رکھین واگر عصارہ افسنتین دستیاب نہو دو چند اوسکے افسنتین داخل
کرین حب لاجورد کہ دفع مواد سوداوی مین مجرب و جملہ امراض سوداوی کو مفید ہے
واگر باد الجبن مین دیجاوے زیادہ ترخوب ہو ص لاجورد مغسول نو ماشہ مقل سقمونیا
تین تین ماشہ غاریقون افتیمون بسفایج ایارج فیقرا ایک ایک تولہ انیسون کے پانی مین
گولی بناوین حب کہ قبض و درد شکم کو دفع کرے ص مرچ سیاہ فلفل دراز ہلیلہ زرد بلیلہ
گل سرخ شیطرج بادیان چھ چھ ماشہ برگ سنا نو ماشہ تربد تین ماشہ نمک سیاہ
نمک سانبھر نمک سنگ چار چار ماشہ حب مسہل ص برگ سنا تربد غاریقون جمالگوٹہ
مدبر وزن مساوی بعرق لیمون ایضاً جمالگوٹہ مدبر صبر ہلیلہ زرد آملہ مساوی الوزن گولی
بناوین حب کہ مادہ خنازیر و سلعہ و غدود کی ورمون کو تحلیل و باسہال خارج کرے
ص ایارہ فیقرا نو ماشہ غاریقون و نوشادر چھ چھ ماشہ شحم حنظل تین ماشہ مزروث بریان
ایکتولہ تربد یک نیم تولہ سقمونیا چار ماشہ آب گندنا گولی بناوین خوراک تین ماشہ فصل
اکیسوین حبوب دافع ورم طحال مین حب کہ ورم طحال کو تحلیل کرے ص سہاگا
خام نانخواہ کلونجی تخم سوا نوشادر ہجی بوزن مساوی گھیکوار کے لعاب

حب شبیار

حب فوقایا

حب لاجورد

حب درد شکم و قبض

حب مسہل

حب خنازیر

حب ورم طحال

مین گولی بناوین **ایضاً** انگزہ سہاگا بریان ایک ایک تولہ قند سیاہ کہنہ چار تولہ مین بقدر
نخود گولی بناوین **ایضاً** ہلیلہ زرد شیطرج زنجبیل بجی سوہاگا بریان زیرہ سیاہ نمک
سنگ مساوی الوزن قند سیاہ کہنہ ہموزن جملہ **ایضاً** ہڑ سونٹھ شیطرج سہاگا
بریان بجی قلمی شورہ یا بے برنگ نمک سیندھا بوزن مساوی کے سبز گولی بناوین **ایضاً**
زنجبیل فلفلین دارہلد جواکھار شیطرج ہندی قنبیل مساوی الوزن **فصل بائیسوین**

حب تپ ربع

حبوب دافع تپ و کھانسی مین **حب** کہ تپ ربع یعنی چوتھا کو مفید ہے **ص** مغز تخم
پلاس یا پڑہ پوست دور کردہ مغز تخم کرنجوہ بوزن مساوی بقدر فلفل گرد گولی بناوین

حب نوباتیہ

وہر صباح ایک گولی کھاوین **حب** کہ انواع تپ کو مفید ہے **ص** دارفلفل مغز تخم
کرنجوہ ایک ایک تولہ زیرہ سفید برگ تازہ نیل چھ چھ ماشہ بقدر نخود کے گولی بناوین

حب تپ بلغمی وغیرہ

ایک صبح ایک دوپہر ایک شام کو تین روز تک کھاوین **حب** کہ تپہاے بلغمی و دردہاے
بلغمی کو مفید ہے **ص** ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ صبر انزروت مقل شحم حنظل دس دس ماشہ
خردل سعد کوفی زیرہ سیاہ نمک سنگ مصطگی دو ماشہ چھوٹی چھوٹی گولیان بناوین

حب الشفا

دو تین ماشہ تک خوراک ہے **حب الشفا** امراض نزلہ اور تپ ہای بلغمی و سوداوی کو مفید
ہے تپ نائبہ مین چار گھڑی قبل نوبت کھانا چاہیے **ص** تخم جوز ماثل یعنی دھتورہ تین جزو لونگ
چینی دو جزو زنجبیل کلان ایک جزو سفوف کرکے آب صمغ عربی مین بقدر نخود کے

حب ضیق النفس

گولیان بناوین **حب** کہ انواع کھانسی وضیق النفس کو دفع کرے **ص** دارفلفل
کاکڑا سینگی اصل السوس مقشر قرنفل پوست انار شیرین جواکھار چھ چھ

حب السعال

ماشہ شہد خالص مین گولی بناوین **ایضاً حب السعال** صمغ عربی بریان کتیرا نشاستہ
گندم نو نو ماشہ اصل السوس مقشر تخم خبازی مغز تخم کدوے شیرین ایک ایک تولہ
زعفران تین ماشہ بدستور گولی بناوین **ایضاً** کہ اطفال کی کھانسی کو دفع کرے **ص**
نشاستہ گندم صمغ عربی رب السوس افیون جملہ مساوی لعاب بہدانہ مین گولی بناوین

فصل تیئسوین حبوب دافع آتشک و امراض اعضای بول مین **حب آتشک** کہ آتشک کو دفع کری بعد تنقیہ و قبل تنقیہ کے کھانا مفید ہے ص ہلیلہ سیاہ ایک تولہ طباشیر چھ ماشہ نیلا تھوتھا تین ماشہ پاؤ آثار آب لیمون مین کھرل کرکے بقدر کنار دشتی کے گولی بناوین اور ایک ایک صبح و شام کھائین اور شیرینی سی پرہیز کرین **ایضاً** سیماب جوائن خراسانی کتھہ سفید آٹھ آٹھ ماشہ لونگ آٹھ عدد پانی مین کھرل کرکے گولی بناوین بقدر کنار دشتی خرد کی ایک ایک صبح و شام دہی کے پانی کے ساتھ نگلین و دال مونگ و کدو و دہی و دودھ سی پرہیز کرین **ایضاً** کہ دفع آتشک مین مجرب ہے ص ہلیلہ سیاہ خرد چھ تولہ کھلا تھوتھا مردار سنگ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سفوف کرکے ظرف آہنی مین دستہ چوب نیب سے جس مین ایک میا تانبی کا جڑا ہو عرق لیمون کاغذی ڈال ڈال کے اسقدر رگڑین کہ سوا عرق جذب ہو جاوے اس بعد کشتہ قلعی چار ماشہ مخلوط کرکے رگڑین و بقدر نخود کلان کے گولیان بناوین سات روز ہمیشہ صبح کو ایک ایک گولی قدری عرق لیمون کے ساتھ نگلین **ایضاً حب کرامات** کہ آبلہ و زخم و آتشک ہر قسم کی بثورات جو کسی عضو مین یا تمام بدن پر ہوئین دفع کرتی ہے ص کیلا چونہ نیلا تھوتھا ہلیلہ زرد کتھہ پڑیا مساوی الوزن گولی بنا رکھین بوقت حاجت روغن گاؤ مین گھسکر لگاوین **حب بقراط** دافع قرحہ مثانہ و قضیب و بستگی بول ص تخم خطمی مغز تخم خیارین دو دو تولہ لوبان سفید مغز تخم خربزہ تخم خرفہ تخم خشخاش کتھہ سفید ایک ایک تولہ بلعاب اسبغول گولی بناوین **فصل چوبیسوین** حبوب مقوی باہ و ممسک مین **حب جالینوس** جو شخص کہ بسبب سستی اعصاب و جلق کے از کار رفتہ ہو وہی ازالہ بکارت کر سکے ص شقاقل مصری تخم پیاز تخم گندنا تعلب مصری تخم جرجیر ریگ ماہی ہر یکے بوزن مساوی مغز سر کنجشک خانگی جو بوقت ہیجان کے ذبح کیا گیا ہو وہی ایک عدد شہد سی بقدر نخود گولی بناوین و تین ماشہ گولی شراب انگوری کے ساتھ خواہ آب انگور کے ساتھ کھاوین **حب مبہی و ممسک**

حب آتشک

حب کرامات

حب بقراط

حب جالینوس

حب مبہی و ممسک

ص تودریین کرمازج سافج ہندی سعد کوفی زعفران قرنفل سورنجان شیرین جوزبوا بسباسہ مصطگی انیسون پوست خشخاش قاقلہ خرد طباشیر گل سرخ صندل سفید سنبل الطیب عود غرقی درونج عقربی بوزیدان صمغ عربی بریان دارچینی تخم خشخاش بزرالبنج ایک ایک تولہ ثعلب مصری شقاقل مصری دو دو تولہ سفوف کرکے روغن بادام مین چرب کرکے آدھ پاؤ نبات سفید کو آدھ پاؤ عرق گلاب مین قوام بناکے مخلوط کرکے بناوین

حب ابہار

حب کہ کیف و امساک کرتی ہے ص جوزبوا خولنجان ثعلب مصری ایک ایک تولہ بسباسہ جدوار خطائی چھ چھ ماشہ افیون تین ماشہ بقدر نخود گولی بناوین

حب ممسک و منشط

حب ممسک و منشط ص اسارون زعفران تخم کرفس دارچینی سنبل الطیب چھ چھ ماشہ بذرالبنج زرنباد عقرقرحا قرنفل بسباسہ صمغ عربی تین تین ماشہ افیون چار ماشہ گلاب مین گولی بناوین

حب اصفہانی مفرح و مقوی باہ

حب اصفہانی کہ تفریح بسیار و قوت باہ و دفع سرعت انزال کرے ص جرس درونج عقربی ثعلب مصری نو نو ماشہ جدوار خطائی تین ماشہ آب کوکنار مین گولی بناوین

حب ہندی مقوی و منشط و ممسک

حب ہندی کہ قوت باہ مع نشاط و امساک کرے قریب وقت مجامعت کے ایک غلولہ کھانا چاہیے ص اسپند سوختنی بریان یک نیم تولہ پوست خشخاش کنجد سیاہ ایک ایک تولہ کوٹ کر قند سیاہ کہنہ دس تولہ مجموع سات خوراک ہے

حب ہندی مقوی باہ و ممسک

حب ہندی کہ قوت باہ و امساک کرے ص کچلا شیر گاؤ مین ترکرکے مقشر کیا ہوا چار تولہ فلفل گرد فلفل دراز دو دو تولہ بقدر کنار جنگلی گولیان بناکر قبل دو ساعت مباشرت کھانا چاہیے ایضاً زعفران قرنفل جوزبوا افیون مساوی شہد کف گرفتہ مین گولی بقدر نخود کے بناکر قبل جماع کے کھاوین ایضاً گنجشک نر خانگی وقت ہیجان کے شکار کرکے ذبح کرین پر اور احشا دفع کرکے ایک خرما مین بقدر اوس کے تخم کے افیون بھر کے شکم گنجشک مین رکھکر آرد گندم سے گل حکمت کرکے پکاوین اور بعد دفع آرد کے سب کو پیسکر گولی بہ قدر نخود کے بنا کے قبل از وقت کھاوین فصل چھبیسوین

حلواہا ین حلوائے مسمن و مقوی و مبہی ص خرما تخم برآوردہ آدہ سیر دو چند شیر بادہ گاؤ مین پکا کے پیسین اور نشاستہ گندم و بیسن نخود پاؤ پاؤ سیر خشک بریان کر کے مخلوط کرین و آدہ سیر روغن گاؤ مین سبکو بریان کر کے تین پاؤ شکر سفید کا قوام ملا کر حلوا پکاوین و مغز بادام و مغز فندق و مغز چلغوزہ و مغز پستہ و مغز اخروٹ ایک ایک چھٹانک نیکوفتہ کر کے ملاوین حلوای مبہی ص دال نخود کو شیر میش مین تین بار تسقیہ کر کے روغن گاؤ مین بریان کر کے میدہ کرین اور باضافہ شیرینی و روغن زرد میوجات بوزن مناسب کے حلوا بناوین حلوای گذر کہ نہایت مقوی باہ و مفرح طبع و مقوی اعضا و قوی ہے ص لب افشردہ گذر مصفی تین سیر شکر سفید ایک سیر مین قوام کرین و مغز پستہ و مغز چلغوزہ و مغز اخروٹ و مغز بادام شیرین و مغز فندق و چرونجی ہر ایک پانچ پانچ تولہ پیسکر روغن گاؤ نیم آثار ملا کر حلوا پکاوین ایضاً گذر مصفی دو سیر ہموزن شیر گاؤ مین پکا کر مع شیر مذکور پیسین و آدہ سیر روغن گاؤ مین خوب بریان کرین کہ رطوبت جاتی رہے تب چرونجی آدہ پاؤ و مغز بادام شیرین مغز نارجیل سیاہی دور کر کے ایک ایک چھٹانک باریک کچل کے ملاوین و قوام شکر سفید ایک سیر داخل کر کے حلوا بناوین ایضاً کہ نہایت مقوی باہ ہے گذر مصفی دو سیر شلجم مصفی ایک سیر خرما مویزہ تخم برآوردہ و کشمش پاؤ پاؤ سیر شیر گاؤ مین پکا کر خوب پیسین و تین پاؤ روغن زرد مین بریان کر کے قوام قند سفید ایک سیر شامل کرین حلوائے مرغ کہ تقویت باہ و بدن کو فربہ و خوش رنگ کرے ص گوشت مرغ فربہ و جوان کا تین سیر الائچی سرخ و دارچینی و کشنیز خشک ایک ایک تولہ پیاز آدہ پاؤ داخل کر کے دیگ سر بستہ مین خوب پکاوین اور ویسا ہی سرد کر کے خوب ملکر چھان لیوین کہ عرق خوب گاڑھا نکل آوے اور سیر بھر شکر سفید ملا کر قوام کرین و مغز بادام شیرین و چرونجی نیم نیم پاؤ و مغز پستہ مغز چلغوزہ چار چار تولہ باریک پیسکر ملاوین حلوای تخم مرغ کہ تفریح طبع و تقویت باہ کرے

حلوای مسمن و مقوی و مبہی

حلوای مبہی

حلوای گذر

حلوای مرغ

حلوای تخم مرغ مبہی

ص ہیں بعد وانڈے کی سفیدی و زردی کو بانس کی پتلی تیلیوں سے خوب مخلوط کریں بعد
بعد ڈیڑھ پاؤ روغن زرد ملا کر نہایت نرم آنچ پر رکھیں اور انھیں تیلیوں سے حرکت دیتے
رہیں کہ یکجا منعقد ہونے پاوے جب پختہ ہو جاوے اڑھائی پاؤ شکر سفید کا قوام داخل
کرکے سفوف ان چیزوں کا ملاویں دارچینی جاوتری زعفران تین تین ماشہ دانہ الائچی سفید

حلوای چوب چینی

دو ماشہ شقاقل مصری ثعلب مصری ایک ایک تولہ حلوائے چوب چینی
جس کسی کو بعد عارضہ آتشک کے ضعف باہ ہو گیا ہو یا کہ آثار مواد سوداوی کے باقی
ہوں از بس مفید ہے ص آرد گندم آدھ سیر روغن گاؤ روغن کنجد سفید پاؤ پاؤ آثار ہیں بریان
کرکے چوب چینی بارہ تولہ انزروت ثعلب مصری شقاقل مصری دارچینی خولنجان سعد کوفی
بہمن سفید ایک تولہ سفوف کرکے مخلوط کریں پھر تین پاؤ شکر سفید کا قوام شامل کرکے
مغز چلغوزہ مغز پستہ مغز بادام چار چار تولہ چرونجی چھ تولہ خوب کچل کر ملاویں حلوائے

حلوای مغلظ منی

مقوی باہ و مولد و مغلظ منی ص شیر گاؤ چار سیر شکر سفید ایک سیر ملا کر مثل کھوئے کے
پکاویں کلیجن ستاور و شقاقل اسگندھ ایک ایک تولہ خرما چھ تولہ کھیل مکھانا دو تولہ مغز بادام
مغز چلغوزہ مغز پستہ چرونجی تین تین تولہ باریک پیس کر ملاویں خوراک یک نیم تولہ ایضاً

ایضاً دافع سرعت انزال

مقوی باہ و گردہ و مثانہ و مغلظ منی و دافع سرعت انزال ص ترنجبین خراسانی نبات
سفید نو نو تولہ شہد خالص اٹھارہ تولہ شیر گاؤ دو سیر میں مخلوط کرکے گرم کریں پھر انہیں
مثل کھووا کی بنا کے بہمنین و مغز تخم کواینچ ایک ایک تولہ شقاقل ستاور ہندی مغز بادام
مغز پستہ مغز چلغوزہ تین تین تولہ زر کچور جاوتری چھ چھ ماشہ زعفران سفوف کرکے ملاویں

حسو نافع درد سر

فصل چھبیسویں حسو میں جسکو حریرہ و تلبی بھی کہتے ہیں حسو کہ درد سر کو جو ضعف دماغ
سے ہو دفع کرے ص سبوس گندم ایک چھٹانک پانی میں تر کرکے ملکے چھان لیویں

حسو نافع ریہ

و شیرہ تخم خشخاش و شیرہ مغز تخم کدو و شیرہ کشنیز ایک ایک تولہ شکر سفید چار تولہ مخلوط کرکے
پکاویں اور روغن زرد سے خوشبو کرکے نیم گرم نوش کریں حسو کہ ریہ کو مواد سے

صاف کریں ص آب سبوس گندم پانچتولہ آرد کرسنا ایک تولہ شیرہ چلغوزہ نو ماشہ اصل السوس
مقشر تین ماشہ شکر سفید تین تولہ داخل کر کے پکاوین حسو نفث الدم کو دفع کرے ص
جو مقشر چار تولہ بارتنگ چھ ماشہ تخم خشخاش سفید ایک تولہ عناب تخم بر آوردہ
دس دانہ نبات سفید چار تولہ بدستور پکاوین فصل ستائیسوین حقنہا مین
حقنہ کہ سرسام بلغمی وصفراوی کو مفید ہے ص برگ گاوزبان برگ بنفشہ تخم آلبیی
ایک ایک تولہ تکو بادیان چھ چھ ماشہ جوش کر کے آب صاف لیکر روغن گل ایکتولہ
ملا کے حقنہ کہ واسطے قولنج کے مفید ہی ص انیسون رازیانہ تخم کاسنی گل نیلوفر
برگ گاوزبان برگ بنفشہ نو نو ماشہ پرسیاوشان گل بابونہ تخم خطمی چھ چھ ماشہ
برگ سنائے مکی ڈیڑھ تولہ روغن بیدا بجیر دو تولہ حقنہ کہ قروح امعا
وزحیر کو مفید ہے ص عدس گل سرخ گلنار جو مقشر ایک ایکتولہ دم الاخوین اقاقیا
گوند ببول چھ چھ ماشہ ایضاً صمغ عربی گل سرخ تخم کتان تخم خطمی اسپغول زردہ ایک
ایک تولہ سپستان دس دانہ زعفران دو ماشہ بدستور استعمال کرین۔

حسو نافع نفث الدم
حقنہ نافع سرسام
حقنہ نافع قولنج
حقنہ نافع قروح امعا

حرف الخاء

فصل اٹھائیسوین خمیرہ ہای ادویہ مین خمیرۂ صندلین کہ خفقان وطپش دل
وسوزش سوداوی کو مفید ہو ص صندل سفید نو تولہ صندل سرخ پانچتولہ سفوف
کر کے ایک شبانہ روز نیم آثار عرق گلاب مین تر کر کے جوش کرین واڑھائی
پاو نبات سفید سفوف کر کے ملا کی جوش دیکے گاڑھا کرلین خمیرۂ گاوزبان
مقوی دل اور دماغ نافع خفقان اور غشی ہو ص برگ گاوزبان دس تولہ بادرنجبویہ
پانچتولہ سنبل الطیب گل سرخ برادۂ صندل سفید ایک ایک تولہ سہ چندان پانی اور چندان
گلاب مین تر کر کے جوش کرین جب چہارم حصہ باقی رہی ملکر چھانین و تین پاو شکر سفید
ملا کی قوام کرین اور چار ماشہ زعفران باریک گھسکر ملاوین خمیرۂ ابریشم مخترع

خمیرۂ صندلین نافع خفقان
خمیرۂ گاوزبان مقوی دل و دماغ
خمیرۂ ابریشم مقوی اعضائی رئیسہ

حکیم مبارک الدین جد راقم کے واسطے والئ ملک یوان کے طیار کرایا تھا ازالۂ توحش
وتقویت اعضاء رئیسہ وقوت ہاضمہ کرتا ہو ص سنگ یشب سبز مروارید تین تین
ماشہ عرق کیوڑہ مین تین روز تک صلایا کرین مصطگی فرنجمشک گل گاؤزبان چھ چھ
ماشہ ابریشم خام دو تولہ سفوف کرکے قوام قند سفید آدھ سیر مین کہ جوشاندہ برگ گاؤزبان
دبادرنجبویہ ایک ایک تولہ مین کیا ہو ملاوین

خمیرۂ بنفشہ نافع صدر

خمیرۂ بنفشہ مخترع حکیم امان علی برادر
خورد راقم کہ امراض صدر و ذات الجنب و ذات الریہ کو مفید و خلط صفرا کو خارج کرتا ہی ص
گل بنفشہ گل سرخ گل گاؤزبان تین تین تولہ قند سفید کوفتہ ڈیڑھ پاؤ عرق گلاب آدھ سیر
داخل کرکے خوب دست مال کرکے پکا دین کہ گاڑھا ہو جاوے فصل انتیسوین
نسخجات خمیرۂ تنباکو مین کتب قدیمہ مین ابتدای وجود تنباکو کا اسطرح لکھا ہی کہ سکندر
ذوالقرنین کے لشکر مین بایام سفر ہوای وبائی شدت سی پیدا ہوئی کثرت سی لشکری
تلف و ضائع ہونے لگے حکما درپے مدافع و مداوا ہوے بقراط نے کوہستان صحرا تماکو کا
دیکھکر اوسکا دھوان دافع وبا تجویز کیا اور اوسکا دھوان کرنے سے لشکر کی ہواے
وبائی دفع ہوگئی وبغرض اصلاح ہوا کے اُسکا دھوان کرنا مروج و مرسوم ہوا
زان بعد ہر بلاد مین اوسکا دھوان کھینچنے کی تدبیرین بانواع مختلف مقرر ہوئین و
تکلفات گوناگون قائم ہوئے الحاصل دافع قبض و محلل ریاح شکم و مخرج رطوبات دہن

خمیرۂ پاپڑی

وگلو و مجفف رطوبات ناقص ہی لہذا چند نسخے لکھے جاتے ہین خمیرۂ پاپڑی قند سیاہ دو آثار
قوام کرکے آدھ سیر تنباکو سفوف کرکے ملاوین اور ضماد لین اگر تگر قرنفل قاقلین ناگرموتھا
بالچھڑ چھڑیلہ نرکچور چھ چھ ماشہ پاپڑی چھ تولہ سفوف کرکے ملا رکھین بعد اکیس روز کے تھوڑا

خمیرۂ مشک

یہ خمیرہ تنباکو مین جو ہموزن قند سیاہ کے ساتھ کوٹی گئی ہووے ملاوین خمیرۂ مشک مشک
خالص دو ماشہ پانی مین گھول کر آدھ پاؤ سفوف تماکو مین ملین اور جائفل
جاوتری لونگ چار چار ماشہ سفوف کرکے پاؤ بھر قند سیاہ کے قوام

مین مخلوط کر کے تنباکو مذکور ملا رکھین تھوڑا اس خمیرے سے تنباکو طیار مین ملا کر استعمال
کرین خمیرۂ اننّاس اننّاس پختہ و قند سیاہ پاؤ پاؤ سیر قوام کر کے آدھ پاؤ سفوف تنباکو
کا ملا کر چھڑیلہ بالچھڑ ناگرموتھا کپور کچری لونگ ایک ایک تولہ سفوف کر کے ملا کر ظرف گلی مین بند
کر کے چند روز رکھین و تین بار ہاتھ سے مل دیوین اوسکے بعد تنباکو طیار مین ملا کے استعمال کرین
خمیرۂ کیلا و خمیرۂ کٹھل و خمیرۂ امرود بھی اسی ترکیب سے بنایا جاتا ہے خمیرۂ
سیب مربائے سیب ایک پاؤ قند سیاہ آدھ سیر تنباکو خشک پاؤ سیر باہم کوٹ
کے ملاوین اور دانہ الائچی سفید صندل سفید دو دو تولہ سفوف کر کے ملاوین و ظرف
گلی مین بند کر کے تین ہفتہ تک زمین مین مدفون کرین اوسکے بعد تنباکو طیار مین ملا کے
استعمال کرین خمیرۂ آملہ رسیدہ خواہ مربای آملہ تخم برآوردہ کا بھی اسی
ترکیب سے بناتے ہین ساتھ کمی بیشی دیگر اجزای خوشبو کی خمیرۂ گلقند گلقند آفتابی ایک
سیر تنباکو خشک آدھ سیر باہم کوٹ کر ظرف گلی مین رکھکے زمین مین مدفون کرین بعد
چالیس روز کے تھوڑا تنباکو طیار مین ملاوین خمیرۂ کنار بیر پختہ دو سیر قند سیاہ دو سیر
پانی مین پکا کے ملکے تخم بیر دفع کر کے سیر بھر تنباکو خشک کوٹ کے ملاوین و تین
ہفتے تک زمین مین مدفون کر کے تنباکو طیار مین ملاوین ایضاً بیر پختہ خشک کا تخم دفع
کر کے قند سیاہ و تنباکو کے ساتھ کوٹین و چند روز رکھکے استعمال کرین واضح ہو کہ جب
کوئی خمیرہ خشک ہونے لگے تو کوئی عرق خوشبو ملانا چاہیے فصل تینتوین خضاب
مین اگرچہ خضاب کے نسخے صدہا مشہور ہین حاجت بنسخہ کتابی کی نہین ہوتی و بہتر برگ
نیل سے کوئی خضاب نہین ہوتا مگر چند نسخے آسان و صحیح لکھے جاتے ہین خضاب
برگ حنای خشک ایک جز برگ نیل جنگلی پانچ جز علیحدہ علیحدہ سفوف سرمہ سا کر کے
باہم پانی مین گھول کے لگاوین و برگ ارنڈ سے باندھین خضاب پوست انار شیرین
خواہ پوست ہلیلہ بلیلہ آملہ جوش کر کے اوسکے پانی مین وسمہ گھول کے لگاوین و باندھین

خمیرۂ اناناس

خمیرۂ کیلا و سیب وغیرہ

خمیرۂ آملہ وغیرہ

خمیرۂ گلقند

خمیرۂ کنار

خضاب

خضاب

خضاب

خضاب سنگ جراحت و چونہ سنگ مرمر کا ایک ایک جزو مردار سنگ نیم جزو سرباسا کر کے رکھیں بوقت حاجت پانی میں گھول کر لگاویں وہان سے باندھیں **خضاب** لیجون ایک حصہ آرد گندم دو حصہ پانی میں گھول کر کے آفتاب میں رکھیں جب خمیر ہو جاوے لگا کے باندھیں **خضاب** مازو بے سوراخ آدھ پاؤ روغن کنجد سیاہ میں بریان کرین جب سُرخ ہو جاوے کپڑے مین مل کے روغن دفع کردین و ہلیلہ سیاہ بوزن **سات** فلوس برادہ تانبا بوزن چھ فلوس پھٹکری بوزن دو فلوس نوشادر معدنی بوزن ایک فلوس سبکو سفوف کر کے اور پانی جوشاندہ ہلیلہ بلیلہ آملہ ہموزن ملا کر کڑھائی آہنی مین دستہ آہنی سے کھرل کر کے گولی بنا رکھیں بوقت حاجت آب آملہ مین گھسکے لگاوین و برگ ارنڈ سے باندھیں **ایضاً** برادہ مس پانچ تولہ کسیس لونگ ایک ایک تولہ ہلیلہ زنگی ایک چھٹانک طباشیر کبود چھ ماشہ مازو کلان پاؤ آثار مازو کو بدستور بالا بریان کر کے بتدبیر مذکور گولی بناوین اور اسی طرح استعمال کرین **ایضاً** مازو سبز آدھ پاؤ بدستور بریان کرین و برادہ مس و ہلیلہ زنگی ایک ایک چھٹانک توتیا و سنگ جراحت و لونگ بوزن ایک ایک فلوس کسیس بوزن ربع فلوس بدستور مذکورہ بالا گولی بناوین و استعمال کرین

حرف الدال

دوا المسک

فصل اکتیسوین دواہای تراکیب جدیدہ و قدیمہ مین **دوا المسک** کہ مالیخولیائے مراقی و احتراقی و صفراوی و وحشت طبع و خفقان کو دفع کرے ص مشک اعلیٰ تین ماشہ زعفران ایک ماشہ مروارید دو ماشہ کہربا نیم مرجان سنگ یشب ابریشم طباشیر چھ چھ ماشہ عرق گلاب مین صلایہ کرین شیرہ کشنیز خشک و تخم خرفہ و تخم خیارین ایک ایک تولہ

دوا الکرکم

ملا کر شکر سفید نیم آثار کا قوام بنا کر ادویہ مذکورہ ملاوین **دوا الکرکم** امراض جگر و طحال و استسقای رطوبی و سدہای احشا و ریاح کو دفع کرے و گردہ و مثانہ کو طاقت دیوے ص زعفران ایک تولہ اسارون سنبل الطیب اذخر انیسون ریوند چینی ریوند خطائی چھ چھ ماشہ سفوف

کرکے آدھ سیر شکر کے قوام مین ملاوین دوا القسط مخترعہ شیخ الرئیس کہ درد معدہ کو
واسعا و درد کبد کو دفع کرے ص قسط شیرین ایک تولہ دارچینی تخم انیسون کرفس
اسارون سوا سوا ماشہ ریوند چینی چھ ماشہ شہد ڈیڑھ پاؤ دواء الکبریت مخترعہ حکیم
مبارک الدین جد امجد راقم کہ تریاق المعدہ ہے تقویت معدہ و جگر و احشا کی کرے و فالج و لقوہ
و تشنج و رعشہ و نسیان و ضیق النفس و ریاح و ضعف بدن کو دفع کرے و باہ کو قوت
دیوے ص کبریت مصفی ایک تولہ سنبل الطیب قسط سلیخہ مصطگی زنجبیل قرنفل بسباسہ
چھ چھ ماشہ فلفل سیاہ کرفس انیسون نانخواہ زیرہ سیاہ پودینہ دشتی نو نو ماشہ شہد
خالص چار چند دیاقوذہ کہ اقسام کھانسی و تپ و نزلہ کو مفید ہے ص کوکنار مع دانہ
دو تولہ اصل السوس پوست خراشیدہ تخم خطمی تخم خبازی جملہ نیکوفتہ تین تین تولہ صمغ
عربی بہدانہ اسپغول ایک ایک تولہ سوا سیر پانی مین چار پہر تر کرکے جوش دیکر صاف
کرین و اڑھائی پاؤ شکر سرخ ملا کے قوام کرین دحمرثا کہ قولنج ریحی و دیگر امراض بادی کو مفید
و مدر حیض ہے ص تخم اسپند بای برنگ دو دو تولہ مرچ سیاہ عقرقرحا سوگندہ بالا دحمل
تخم قسط شیرین ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ زعفران ایک تولہ شہد دو چندان مجموع کے -
دبید الورد مقوی معدہ و جگر و نافع استسقا ہے ص سنبل الطیب مصطگی زعفران طباشیر
دارچینی بیخ اذخر سوگندہ بالا قسط شیرین تخم کشوث کرفس زراوند دانہ الائچی سفید عود
غرقی جملہ مساوی گل سرخ ہموزن مجموع سفوف کرکے شہد سہ چندان مین ملاوین
دوای محذر اوجاع کہ وقت شدت اوجاع اطراف کے استعمال کرنا چاہیے نہ درد قولنج
وغیرہ مین جہان تلیین طبیعت درکار ہے ص تخم کاہو بذر البنج ایک ایک تولہ شیطرج
افیون مین تین ماشہ مثل جلغوزہ کی حب بناوین و ایک حب کھاوین دوا الحرمل
کہ خناق بلغمی و سوداوی کو مفید ہے غرغرہ کرے و خارج حلق پر طلا کرنے سے ص اسپند تخم
ترب حلتیت مرمکی بورہ ارمنی نوسادر سعد کوفی مساوی الوزن سفوف کرکے ہمچندان

دوا القسط

دواء الکبریت

دیاقوذہ

دحمرثا

دبید الورد

دوای محذر اوجاع

دوا الحرمل

دواء الحلتیت
دواء الخطاطیف

شہد مین ملاوین دواء الحلتیت کہ بحۃ الصوت کو دفع کرے ص مرچ سیاہ حلتیت
خردل زعفران مساوی الوزن شہد ہمچندان دواء الخطاطیف کہ خناق بلغمی و سوداوی
کو غرغرہ کرنے و طلا کرنیمین سفید ہے ص بسباسہ سنبل الطیب چھ چھ ماشہ تخم کرفس انیسون
نانخواہ اسبندہ دارچینی مرکی زراوند طویل نو نو ماشہ گل سرخ مازو ہی سبز ایک ایک
تولہ خاکستر خطاطیف یعنی چمگادڑ خرد ڈیڑھ تولہ زعفران تین ماشہ شہد سہ چندان دواء

دواء الحلتیت
دواء الجالینوس

الحلتیت کہ جانوران زہردار کی کاٹنے و نیش مارنے کا اثر کھانے اور لگانے سے
دفع کرے ص حلتیت سداب مرکی مرچ سیاہ مساوی شہد ہمچندان دواء الجالینوس
جالینوس کا قول ہے کہ مین نے نہین دیکھا کہ جسکو سگ دیوانہ نے کاٹا ہو وہ مرا ہو اور اس دوا سے
نفع نہ پایا ہووے ص سرطان محرق دو جز کندر ایک جز نبات سفید نصف مجموع سفوف

دواء اللہات

کرکے تین ماشہ صبح چھ ماشہ شام کو کھاوین دواء اللہات کہ واسطے لٹک جانے لہات
یعنی ملازہ جسکو کوا بھی کہتے ہین ازبس سفید ہے ص سماق مازو بے سوراخ گلنار
شیرین اقاقیا مائین گلاب کا زیرہ بوزن مساوی سرمہ سا کرکی ملازہ پر لپٹا وین ایضاً
فلفل سفید مرکی تین تین ماشہ مازو چھ ماشہ سفوف کرکے لہات پر لگاوین - ایضاً
کہ ملازۂ اطفال کو اُٹھاوے ص مازو پانی مین گھسکر تارک پر لگاوین ایضاً گل دیگدان

دواء السعال

سرکے مین پیکر سر پر لگاوین دواء السعال کہ ہر قسم کی کھانسی کو دفع کرے ص
کھار روسہ تین ماشہ صمغ عربی کتیرا اصل السوس نو نو ماشہ نبات سفید ہموزن

دواء الربو

سفوف کرکے بقدر مناسب کھائین دواء الربو کہ ضیق النفس و سعال بلغمی کو
دفع کرے ص کھیکوار ایک سیر نمک کھاری تین چھٹانک اجوائن دیسی آدھ پاؤ فلفل دراز

دواء الفجل

ایک تولہ سب کو ایک ہانڈی آب نار سیدہ مین رکھکے منہ اسکا سفالی سے ساتھ آرد ماش
کو بند کرکے جلاوین کہ سب خاکستر ہو جاوے دواء الفجل کہ واسطے دفع ضیق النفس کے
ازبس مجرب ہے ص بیخ ترب کلان پارچہ کرکی ہموزن شہد کف گرفتہ کے ساتھ

دیگ سربستہ مین پکاکے بعد سرد ہونے کے خوب ملکے لعوق بناوین دوا السلق چقندر
وشکر سرخ کو اسیطرح بناوین نہایت مفید و مجرب ہے دوای پرسوت وسیت
ص کندر زرکچور پانچ پانچ ماشہ جدوار چار ماشہ جوشاندہ بناکے چار رتی مشک
حل کرکے نوش کرین دوای پرسوت و جھولہ ص تخم دھتورہ سیاہ تین ماشہ
زنجبیل مرچ سیاہ چھ چھ ماشہ پانی کے ساتھ گولیاں خرد بناوین خوراک دو سرخ یا زیادہ
بقدر احتمال طبیعت کے ایضاً شنگرف دو ماشہ پانی مین حل کرکے مرچ سیاہ
تخم سنبھالو فلفل دراز دو دو ماشہ سفوف کرکے باہم کھرل کرکے گولیان بناوین خوراک
دو سرخ دوا الزنجبیل معروف بہ سوہاگا سونٹھ کا امراض باردہ و عارضہ پرسوت
عورات کو خصوص امراض بعد زائیدگی کو ازبس مفید ہے ص زنجبیل میدہ تین چھٹانک
سفوف کرکے سوا سیر شیر گاؤ مین پکاوین جب گاڑھا ہو جاوے پاؤ سیر روغن
گاؤ مین بریان کرکے تین پاؤ شکر سفید کا قوام ملاوین و ناگرموتھا زیرہ سیاہ زیرہ سفید گشنیز
بادیان تخم شبت زرکچور سوگندہ بالا لونگ جاوتری صندل سفید لودھ پھانی
ہوبیر اگر تلیبہ پیپرامور مرچ سیاہ ایک ایک تولہ سفوف کرکے ملاوین و اگر تقویت
مریض بھی مطلوب ہو میوہ جات مناسب و ورق نقرہ و طلا بقدر ضرورت مخلوط
کرین دوا القنبیل کہ اقسام کرم شکم کو دفع کرنے ص برگ نیب بای برنگ کمیلہ
ہموزن سفوف کرکے شہد بقدر کفایت ملاکے کھائین دوا الدراج کہ حکیم علی گیلانی
نے واسطے سنگرہنی کے مجرب لکھا ہے ص دراج یعنی تیتر کو ذبح کرکے آلائش صاف
کرکے سماق و انار دانہ مساوی سفوف کرکر اوسکے پیٹ مین بھرکے گل حکمت کرکے
جلاوین کہ کویلا ہو جاوے وہموزن اُس کو ٹلے کے نان گندم سوختہ ملاکے سفوف کرین
و بقدر مناسب کھلاوین فصل تیسوین در بہرہ مین در بہرہ گھیکوار کہ امراض
سوداوی و بلغمی و باردہ و امراض جگر و استسقا کو دفع کرے و نشہ لاوے

دوا السلق
دوای پرسوت وسیت
دوای پرسوت و جھولہ
دوا الزنجبیل
اگر تلیبہ کہ کئی اگرکی جو سیاہی مائل ہو
دوا القنبیل
دوا الدراج
در بہرہ گھیکوار

ص قند سیاہ دس سیر پوست اندرونی درخت مغیل اڑھائی سیر پوست اندرونی درخت کنار ایک سیر مغز گھیکوار تین پاؤ آملہ پاؤ سیر سارون سلیخہ اسطوخودوس بادرنجبویہ دارچینی بادیان سنبل الطیب چوب چینی ناگیسر کباب چینی بزرالبنج پانچ پانچ تولہ برگ تازہ ترنج برگ تازہ نارنج چھ چھ تولہ ایک من پانی ڈالکر بدستور مرقومہ بالا بناوین دربہرۂ بلادر کہ مقوی باہ ونشی ودافع امراض باردہ ونقرس ووجع مفاصل کا ہے ص قند سیاہ پانچسیر بلادر تیکوفتہ پاؤ آثار ہلیلہ سیاہ ہلیلہ کابلی دارفلفل فلفل سیاہ فلفل موبہ گل دھاوا تخم بالنگو ارچینی چھ چھ تولہ تیس سیر پانی ملاکر بدستور بناوین دربہرۂ انجیر کہ مقوی باہ ونشی ومحلل صلابت وورم طحال ونفخ شکم کا ہے ص قند سیاہ پانچسیر انجیر زرد آدھ سیر مویز پاؤ سیر خبث الحدید نانخواہ کرفس دارچینی بزرالبنج قرنفل چار چار تولہ تیس سیر پانی ملاکے بدستور بناوین

دربہرۂ بلادر

دربہرۂ انجیر

حرف الرا

فصل تینتیسوین روغنہا مین جنکا لگانا امراض دماغی وددرد دن کو مفید ہے روغن کوکب کہ درد سر وبیخوابی کو جو حرارت دیبوست سے ہو دفع کرے ص آب برگ کاہو دو حصہ روغن کنجد سفید ایک حصہ باہم پکاوین جب پانی جل جاوے روغن کو سرد کرکے پیشانی اور سر پر لگایا کرین روغن کدو کہ لگانا اوسکا درد سر گرم وخشکی ناک وسوزش آنکھ کو دفع کرے ص کدوے دراز کو مع پوست ومغز وتخم کچل کر پانی اوسکا نچوڑ لین وچہارم حصہ اوس کا روغن کنجد سفید ملاکر پکاوین بعد جل جانی پانی کر روغن استعمال کرین ایضاً روغن بادام شیرین وروغن مغز تخم کدوے دراز بھی یہی فائدہ رکھتا ہے روغن سیماب کہ فالج ورعشہ وجمیع امراض باردہ کو دفع کرتا ہے ص سیماب تخم دھتورہ ایک ایک تولہ روغن کنجد سیاہ اکیس تولہ پہلے روغن کو خوب گرم کرین کہ سرخ ہو جاوے تب سرد کرکے تخم دھتورہ باریک کرکے وسیماب ملاکے خوب حلکرکے استعمال کرین روغن قسط کہ فالج ولقوہ ودیگر امراض باردہ کو دفع کرے ص قسط تلخ کنغد شیطرج

روغن [illegible]

روغن کدو

روغن سیماب

روغن قسط

عقرقرحا چھ چھ ماشہ فلفل دراز سنبل الطیب بچ سوسن قرفہ اشنہ دارہلد قرنفل نانخواہ
کرفس اسارون زنجبیل زرنباد کندر و مصطگی تین تین ماشہ گل بابونہ ایک تولہ مغز بادام
تلخ دو تولہ مغز تخم اڑنڈ تین تولہ سب کو جوکوب کر کے ایک رطل پانی میں آٹھ پہر تر کر کے
جوش کریں جب نصف پانی باقی رہے ملکے چھان لیں اور روغن کنجد سیاہ روغن سرسون
تین تین چھٹانک ملا کے جوش کریں جب پانی جلجاوے روغن استعمال کریں

روغن لبوب

روغن لبوب کہ تشنج و مالیخولیا و بیخوابی کو دفع کرے لگاؤ اور کھاؤ اور سعوط کرنے سے ص مغز فندق مغز
پستہ مغز بادام شیرین کنجد مقشر مغز چلغوزہ مغز تخم کدو ہر سہ شیرین مغز اخروٹ سب
بوزن مساوی بطور روغن بادام کے طیار کریں

روغن بلادر

روغن بیلادر کہ استرخائے اعصاب
اور فالج اور لقوہ اور دیگر امراض کو دفع اور تحلیل کرے ص جٹاماسی جائفل مرچ سیاہ
سلیخہ شیطرج ہندی بیراہوٹی آملہ ہلدی پیپر میں پہل بھلاوان سونف کوٹ تلخ ترکچور
ایک ایک تولہ نیم کوفتہ کرکے تین پاؤ پانی میں چار پہر تک تر رکھیں پھر آدھ سیر دودھ گائے کا اور
اٹھائی پاؤ تیل سفید تل کا ملا کر پکاویں جب پانی اور دودھ جلجاوے روغن کو صاف
کرلیں

روغن چوب چینی

روغن چوب چینی کہ فالج و استرخا و رعشہ و گزاز و درد مفاصل اور دردہائے آتشک
سے ہوں و جملہ امراض بلغمی کو دفع کرے ص چوب چینی بیس تولہ سورنجان تلخ سداب پانچ
پانچ تولہ چرائتہ چھڑیلہ جٹاماسی تیج پات دو نامرواز زنا د نیز طویل عقرقرحا تین تین تولہ کوٹ
تلخ دس تولہ سب کو جوکوب کر کے دو شبانہ روز پانچ سیر آب دریا میں تر کریں اور روغن
سرسون و روغن گل و روغن بابونہ چالیس چالیس تولہ و روغن بیلا و روغن
چنبیلی و روغن شبت تیس تیس تولہ ملا کر پکاویں جب پانی جلجاوے روغن صاف کرلیں و اگر
بروقت استعمال کے تھوڑی مومیائی خواہ جندبیدستر ملا کر استعمال کریں تو زیادہ قوی ہووے

روغن حرمل

روغن حرمل کہ نافع رعشہ و تشنج و گرانی دست و پا و دردہائے ریحی و بلغمی کسی عضو یا تمام بدن میں ہو
دفع کرے ص اسپند سوختنی بارہ تولہ زنجبیل تین تولہ پاؤ سیر پانی میں چار پہر تر کرکے چالیس تولہ

روغن کنجد سیاہ ملاکر پکاوین جب دوا جل جاوی روغن صاف کرلین و پانچ عدد جائفل
سرمہ سا کر کے روغن مین مخلوط کر رکھین اور وقت استعمال کر آب سرد سی بدن کو محفوظ
رکھین روغن کچلہ کہ درد مفاصل اور دوسرے دردون کو دفع کرے ص افیون دو
تولہ تین پاؤ شیر گاؤ مین گھولکر کچلہ دس عدد ریزہ ریزہ کرکے ملادین اور ڈیڑھ پاؤ روغن
کنجد سیاہ ملاکر پکاوین جب دودھ و کچلہ جلجاوے روغن صاف کرلیوین فصل
چونتیسوین روغنہاے نافع امراض گوش روغن کہ درد گوش و بہراپن کو مفید
و مجرب ہی ص اجوائن خراسانی اسپند سوختنی دو دو تولہ آدھ سیر پانی مین چار پہر
تر کرکے جوش کرین جب سوم حصہ باقی رہے ملکے چھان لین اور پانی مذکور مین
دس تولہ روغن کنجد سفید ملاکر پکاوین جب پانی جلجاوی روغن صاف کر رکھین و شیر
گرم کان مین ٹپکاوین روغن ترب ص مولی کی جڑ کچل کر ڈیڑھ پاؤ پانی اوسکا
چھان لین اور آدھ پاؤ روغن کنجد سفید ملاکر پکاوین جب پانی جلجاوی روغن صاف کرلین
و شیر گرم ٹپکاوین روغن کہ آواز گوش و ثقل سمع کو دفع کری ص مغز تخم آلو زرد یعنی آلوی
بخارا ایک تولہ چار تولہ زہرہ گاؤ مین پیسکر پانچ تولہ روغن گل مین پکاوین جب پانی جلجاوے
روغن صاف کرلین پہلی ایکتولہ گل بابونہ چھ تولہ سرکہ مین جوش کرکے کانمین بھپارہ لیکی چند
قطرہ روغن مذکور شیر گرم ٹپکاوین فصل پنتیسوین روغنہاے دافع امراض شکم
روغن مخترعہ حکیم شیر علی والد راقم کہ بارہا تجربہ ہوا اور درد شکم و قولنج و نفخ شکم و قبض
و ریاح کو دفع کری ص جٹاماسی پپڑ ہور گل بابونہ سداب تخم سوئہ کلونجی مصطگی ہر ایک
ایک ایک تولہ زیرہ سیاہ پودینہ اذخر ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سب کو آدھ سیر پانی مین تر کرکے جوش
دین جب چہارم حصہ پانی رہی ملکے چھان لین اور اسمین روغن بیدانجیر روغن سرشف روغن
تلخ ایک ایک چھٹانک ملاکر پکاوین نصف پانی جلجاوی روغن صاف کرلین وقت
استعمال تھوڑا ایلوہ خواہ شحم حنظل حل کرکے شیر گرم پیٹ پر لگاوین روغن کہ قبض شکم کو

روغن کچلہ

روغن نافع درد گوش

روغن ترب

روغن دافع بہراپن

روغن نافع شکم

روغن نافع قبض

دفع کرے ص تخم حنظل ایک تولہ ابلوہ چھ ماشہ پانی میں پیسکے روغن بید انجیر چھ تولہ میں پکا کی
لگادین روغن کہ درد شکم کو دفع کرے ص پوست درخت سہجن برگ تازہ سبنھالو
برگ آگ چار چار تولہ کچل کے پانی نچوڑین اور اُس پانی میں چھ تولہ روغن سرشف
ڈال کے پکا دین جب پانی جلجاوے تب اُسکو استعمال میں لاوین جلد صحت ہووے

روغن نافع درد شکم

فصل چھتیسوین روغنہای دافع ضربہ و سقطہ و جراحات مین روغن دیودار

روغن دیودار

کہ ترکیب متقدمین و منقول کتب معتبرین سے ہے ضربہ و سقطہ کے ورم و درد
کو دفع کرنے و زخمہای چوٹ سے چرک و گوشت ناقص کو دفع کرنے و گوشت بہتر
جمانے و زخم ناسور کرنے مین بمنزلہ اکسیر خرق عادت کی ہے طلا کرنا و خواہ ٹپکانا یا کپڑا خواہ
روئی ترکر کی مقام حاجت کی رکھنا چاہیے ص آنبہ ہلدی چوب دیودار اصل السوس
چوب دارہلد دو دو تولہ خوب سفوف کرین دو دو تولہ کرہوان یعنی دودہ مکان گلخن ملا کی
تھوڑی دیر تک کھرل کرکی تین پاؤ پانی مین ملا کے پکا دین جب نصف پانی جلجاوے
تب ڈیڑھ پاؤ روغن کنجد ملا کر کے بدستور آگ نرم پر پکا دین جب سب پانی جل
جاوے ور روغن سیاہ نہونے پاوے آگ سے علیحدہ کرلیوین و حکیم علی گیلانی نے
اپنے تجربات مین لکھا ہے کہ اس روغن مین اگر بہروزہ ملا کی لگادین تو درد مفاصل و
دوسرے دردہای کہنہ کو دفع کرتا ہے اور اگر چیچک کی آبلے متعفن و قرحہ ہوگئے ہون تو تھوڑا
کافور اُسمین حل کر کے لگا دین روغن شیخ صنعان دافع اقسام زخم و ناسور
و بواسیر محلل اورام باردہ و مقوی اعضا ہے اور کھانا اسکا بیج اسعاجس کو آتیسار
کہتے ہین دفع کرتا ہے ص جدوار خطائی و کتھ سفید جائفل رال سفید دارہلد چوب چھاؤ
چوب دیودار بیج فہک بہروزہ ہلیلہ بلیلہ آملہ آبنوس پوست درخت مغیل ہر ایک دو دو تولہ کنکول
برج سوبپاری چوب چینی متھی دو دو چھپر دو تولہ خانہ عنکبوت آنبہ ہلدی ایک ایک تولہ برگ
حنا برگ تازہ پان قسم لگر یک نیم یک نیم تولہ سب کو جوکوب کرکے تین سیر پانی مین

پکاوین جب چہارم پانی باقی رہے صاف کرلین و مومیائی معدنی اشق و شنگرف ہرتال
سُرخ مردار سنگ بال سفید چھ چھ ماشہ سفوف کرکے مخلوط کرین و اڑھائی پاؤ روغن کنجد
سفید ملاکر پکاوین جب پانی باقی نرہے اوتار رکھین ایضاً کہ مجرب ہے دفع ضربہ و سقطہ
وورم و زخم اوسکے مین ص بیج مہکن بوداریوست ورخت مغیلان آنبہ ہلدی دارہلدی
دو دو تولہ جو کوب کرکے دہ سیر پانی مین ایک رات ترکرین اور صبح کو ڈیڑھ پاؤ روغن السی
ملاکے پکاوین جب پانی جلجاوے روغن صاف کرکے استعمال کرین فصل سینتیسوین

روغن مورچگان

روغنہای نافع امراض اعضای تناسل مین روغن مورچگان کہ قضیب کو سخت و موٹا
و دراز و قوت باہ و نعوظ کی زیادہ کرے اگرچہ مایوس ہوا ہووے ص روغن چنبیلی آدھ پاؤ
ایک شیشی مین رکھکر اور ایک سو چیونٹی قبرستان کے بڑی بڑی اُس مین ڈال کے چالیس
روز آفتاب مین رکھین اوسکے بعد قضیب پر لگایا کرین کمبلا کے روغن خشک

روغن خشک

کرمنی کو غلیظ اور باہ کو زیادہ و اصلاح گردہ و مثانہ کی کرے ص گوکھرو کلان تازہ
کچل کر ڈیڑھ پاؤ پانی اُسکا نکالین اور ڈیڑھ پاؤ شیر گاؤ اور پاؤ بھر روغن کنجد سفید
اور ایک چھٹانک سفوف زنجبیل ملاکے نرم آگ پر پکاوین جب دودھ و پانی
جل جاوے تب روغن کو صاف کرلین و بقدر مناسب کھایا کرین روغن مخترع

روغن تقویت باہ

حکیم امان علی برادر خرد راقم کہ طلا کرنا اسکا قضیب پر تقویت باہ و دفع سُستی اعصاب
و رفع یبوست و برآمدگی عروق عضو مذکور کو ازبس مجرب ہے ص گنگچی سفید پوست بیخ
کنیر جسکا پھول سفید ہووے و اسگندہ ناگوری تج دارچینی عقرقرحا تال مکھانا
تخم اوٹنگن اندرجو اسپند کلونجی تخم پیاز مغز پنبہ دانہ مالکنگنی تراشہ سم اسپ نر چھ چھ ماشہ
چرونجی چلغوزہ بیخ اونٹ کٹارہ دیودار عود غرقی و موصلی سیاہ ایک ایک تولہ جائفل لونگ
رس کپور تخم دھتورہ تین تین ماشہ افیون دو ماشہ سب کو کوٹ کر ڈیڑھ چھٹانک بھیڑی
کے گھی مین خواہ گاے کے گھی مین مل کے دس عدد زردی بیضۂ مرغ مین ملاکے

شیشے مین چار پہر رکھے اُسکے بعد موافق دستور اول روغن انڈے کے تیل نکالین اور کام مین
لاوین **فصل اڑتیسوین** روغنہای متعلق بالون مین روغن کہ بالون کو دراز و سیاہ و

روغن نافع سیاہی مو

گرنے سے محفوظ کرے ص ہلیلہ بلیلہ آملہ دو دو تولہ پرسیاؤشان عود خام ایک ایک تولہ
برگ کنار برگ انار شیرین برگ حنا و برگ سنبل ہر ایک تازہ تین تین تولہ سیر بھر
پانی مین جوش کرین جب سوم حصہ رہے صاف کرلین پھر اوس پانی مین سیپاری نیکوفتہ
چار تولہ مصطگی رومی ایک تولہ طباشیر سفید چھ ماشے روغن کنجد سفید پاؤ بھر ملا کے پکاوین
جب پانی جل جاوے شیشے مین کر رکھین روغن بیضہ کہ دو ہفتہ مین بال جما دے

روغن بیضہ

ص ایک عدد خربوزہ نیم پختہ کو سوراخ کر کے اُسکے تخم نکال ڈالین و دس عدد زردہ
تخم مرغ اور ایک تولہ برادہ آہن دو تولہ برگ تازہ کنار و چار تولہ روغن سرشف اسمین
بھر کے منہ اُسکا مستحکم بند کر کے گل حکمت کر کے چار پہر بھاڑ گرم مین رکھ کے صبح کو
مٹی دفع کر کے رگڑ کے مثل مرہم کے بناوین و لگاوین روغن بالون کو دراز و خوشنما

روغن درازی مو

کرے ص ہلیلہ بلیلہ آملہ ناگر موتھا جٹاماسی چھڑیلہ ایک ایک تولہ گل سرخ ز رکچور کپور کچری
چھ چھ ماشے سب کو نیکوفتہ کر کے روغن کنجد سفید ڈیڑھ پاؤ ملا کے شیشے مین رکھین و بعد چند روز
کے استعمال کرین روغن کہ بال ٹوٹنے و گرنے و خارش بن موے کو دفع کرے ص آملہ برگ

روغن نافع خارش بن مو

حنا تازہ برگ سنبل تازہ دو دو تولہ پاؤ بھر پانی مین جوش کرین جب چہارم پانی
رہے ملکے چھان کے پاؤ بھر تیل سفید تل کا ملا کے پکاوین جب پانی جل جاوے روغن صاف کر کے اسمین
اُسمین گل سیوتی چھڑیلہ گل سرخ ایک ایک تولہ ملا کے آفتاب مین رکھین اور استعمال کرین

حرف الزاے

فصل انتالیسوین زردق یعنی پیکاری مین کہ راہ بول مرد و عورت مین بہ تدبیر معمولی

زردق نافع سوزاک

کی جاوے زردق کہ قرحہ قدیم و جدید سوزاک کو دفع کرے ص پھٹکری ایک تولہ
نیلا تھوتھا چھ ماشہ دونون کو بریان کر کے سیر بھر پانی مین گھول کر شیشے مین رکھین

اور ہر روز پانچ چار بار استعمال کرین اور اگر چاہین بریان نکرین پانیمین پکا کے استعمال
کرین ایضاً واسطے قرحۂ مثانہ وراہ بول کو مجرب ہے ص صمغ عربی کتیرا نشاستہ گہریا
چاندی کی ایک ایک ماشہ مغز تخم خیارین کشتۂ قلعی ہر ایک دو ماشہ شیر خشت چھ ماشہ
شیاف بنا رکھین بروقت حاجت شیر دختر خواہ شیر زبین گھس کے سوراخ بول بین
ٹپکاوین ایضاً دفع قرحۂ سوزاک بین بے نظیر ہے ص سفیدۂ کاشغری کندر پھٹکری بریان
صمغ عربی نشاستہ دم الاخوین بوزن مساوی بآب برگ تازۂ نیب گولی بنا رکھین
بوقت حاجت شیر دختر یا شیر خر یا شیر زبین گھس کر استعمال کرین ایضاً دافع قرحۂ سوزاک
ص سفیدۂ کاشغری گل ارمنی ایک ایک تولہ افیون خالص نو ماشہ نیلا تھوتھا چھ ماشہ
سرمہ سا کر کے شیر یا پانیمین حل کر کے پانچ چار بار ہر روز استعمال کرین ایضاً دفع
سوزاک مین مجرب ہے ص پھٹکری سفید نشاستۂ گندم کشتۂ قلعی مساوی الوزن کھرل
کر کے شیر زبین ملا کر استعمال کرین ایضاً ہلیلہ سیاہ ہلیلۂ آملہ مساوی نیکوفتہ سب کو
پانی مین تر کر کے خیسانده خواہ جوشانده صاف کر کے استعمال کرین۔

حرف السین

سعوط نافع سرسام

فصل چالیسوین سعوط مین سعوط کہ سرسام وصداع گرم کو نفع دیوے ص
روغن بنفشہ روغن بادام روغن کدوی شیرین آب برگ تازۂ کاہو آب برگ تازۂ
کاسنی شیر دختر سب بوزن مساوی ایک شیشی مین ڈالکر خوب جنبش دیوین کہ قرار واقعی
مخلوط ہو جاوے پس ازان استعمال کرین فائدہ ان اجزا سے اگر جزو واحد خواہ دو ایک
جز استعمال کرین تب بھی مفید ہے سعوط سدر و دوار بارد ص روغن قسط چھ ماشہ مین

سعوط نافع دوار

شک چار سرخ حل کر کر استعمال کرین سعوط نافع لقوہ و فالج ص صبر شونیز بورۂ ارمنی

سعوط نافع لقوہ

مساوی الوزن آب چقندر مین خلکر کر استعمال کرین سعوط کہ ترقی نزول الماء کو دفع

سعوط نافع نزول الماء

کرے ص شک دو سرخ زعفران ایک ماشہ بالچھڑ دو ماشہ کا پھل چار ماشہ گولی

بنا رکھین ہر روز پانیمین گھس کے دو ایک قطرے ناک مین ٹپکاوین سعوط کہ رعاف کو بند

سعوط نافع رعاف

کرے ص کاغذ سوختہ پوست تخم مرغ سوختہ مازو دی سوختہ سرمہ سا کرکے آب برگ تازہ

ببول مین گھولکر استعمال کرین ایضاً برگ تازہ ببول و برگ تازہ کنار برگ تازہ انار شیرین

کچل کے نچوڑ کے ٹپکا دین اور سر پر لگانا بھی مفید ہے فصل اکتالیسوین سنون

یعنی منجن مین سنون کہ قرحہ اور خون جانا مسوڑھون کے دافع اور دانتون کو مستحکم کرے

سنون نافع قرحہ

ص سپیاری سوختہ گلنار شاخ گوزن سوختہ سماق جو سوختہ بیخ نے طباشیر سفید

مائین زرد یا غنچہ گل سرخ تخم ہلیلہ زرد دو دو ماشہ دم الاخوین لوبان سفید ناگرموتھا

تین تین ماشہ پھٹکری بریان پانچ ماشہ سبکو سفوف کرکے مسوڑھون و دانتون

پر ملین سنون کہ مسوڑھون اور دانت کو مضبوط کرے ص ناگرموتھا گلنار زرشک

سنون استحکام دندان

اگر سوختہ پھٹکری بوزن مساوی ایضاً توتیا کو کسی روغن مین ایسا بریان کرین یعنی تخم سماق ۱۲

کہ قریب جلنے کے ہو جاوے اور زنجبیل اور کتھ سفید جملہ بوزن مساوی ایضاً کہ

درد و جنبش زیادہ کو دفع کرے ص مصطگی مازو سپیاری سوختہ چھ چھ ماشہ

چوب چینی و کتھ بیڑیا ایک ایک تولہ چرک آہن دو تولہ توتیا سے بنبر بریان

تین ماشہ منجن کرنے کے بعد تین بار روغن کنجد سفید سے مضمضہ کرکے چند مرتبہ آب

نیمگرم سے مضمضہ کرین اور بیڑہ پان کھا کے لعاب دہن دفع کرین ایضاً درد و ضعف

و جنبش و نکلنے خون و قرحہ مسوڑھون کو دفع کرے ص سنگ جراحت مازو

گلنار پھٹکری بریان کتھ سفید طباشیر سفید ہیراکسیس ناگرموتھا عقرقرحا ریوند چینی

سوختہ کہربا بوزن مساوی ایضاً کہ دانتون کو مستحکم اور انکی رنگ کو صاف اور منہ کو

خوشبو کرے ص مازو زنجبیل کف دریا فلفل دراز دانہ الائچی سفید دو دو ماشہ نمک

سانبھر بریان دس ماشہ عود سوختہ پانچماشہ جو سوختہ پانچماشہ ایضاً کہ منہ کو خوشبو

کرے اور دانتون کو استحکام و جلا دیوے اور گوشت مسوڑھون کو جماوے

اور مضبوط کرے ص خرمہرۂ زرد سوختہ پانچ عدد کف دریا نمک سیچی نمک لاہوری تین
ماشہ جو سوختہ عود سوختہ عقرقرحا کباب چینی پانچ پانچ ماشہ لونگ دو ماشہ ایضاً
سنون کہ استحکام دانت مین بے نظیر ہے ص ہلیلہ بلیلہ آملہ زنجبیل فلفلین مازو سبز
توتیا القلم یعنی تینگ نمک سنگ نمک سیاہ نمک سانبھر جملہ مساوی جیسا طبیب ہندی
ذ لکھا ہے دو ہرا اتر پھلہ ترکوٹہ توتیا تینون نون تینگ۔ دانت بجر ہو جات ہی ماجو پھل کے
سنگ۔ ایضاً کہ بارہا تجربہ ہوا دانتون کے درد و جنبش کو دفع کرتا ہے ص کوکلہ
کچلہ کوملہ تخم المناس ایک ایک تولہ مرچ سیاہ نمک لاہوری چھ چھ ماشہ و بعد
استعمال مضمضہ نکرین بیڑہ پان کا چابین بہت جلد فائدہ ہووے فصل بالیسوین

می

سنون قسم مسی مین مسی کہ دانت اور مسوڑھون کو مستحکم اور خوش رنگ کرے
ص برادۂ آہن یعنی لیجون آٹھ تولہ مازوے سبز چار تولہ نیلا تھوتھا بریان ایک
تولہ کتھہ سفید دو تولہ دانۂ الائچی سفید چھ ماشہ سفوف کرکے استعمال کرین ایضاً
لیجون پاؤسیر مازوی بے سوراخ آدھ پاؤ الائچی خرد مع پوست و نیلا تھوتھا و
کتھہ سرخ ایک ایک تولہ مصطگی رومی ہیراکسیس سونا مکھی چار چار ماشہ ایضاً برادۂ
مس پوست انار ایک ایک چھٹانک۔ مازوی سبز اڑھائی تولہ پھٹکری ایک تولہ ایضاً
کہ دانتون کو مستحکم کرے ص مصطگی مازو ہیراکسیس مائین پوست ہلیلۂ زرد پھٹکری
بریان توتیا بریان پوست درخت مولسری جملہ بوزن مساوی منجن کرکے لعاب دہن
گراوین اور اوسپر بریان کہا کہ لعاب دفع کرین فصل تینتالیسوین سکنجبینون مین

سکنجبین سادہ

سکنجبین سادہ کہ غلبۂ صفرا و حرارت جگر و تشنگی و غثیان و تلخی دہن کو دفع کرے دو سدۂ
عروق کھولدے اور ادرار بول کرے ص سرکۂ خالص پاؤسیر شکر سفید اڑھائی پاؤ آگ پر رکھکے
صاف کرین و قوام بنادین اور اگر چاہین کہ قوی زیادہ ہووے وزن سرکے کا
زیادہ کرین فائدہ جس نسخۂ شربت مین سرکہ ملایا جاتا ہے نام اوسکا ساتھ سکنجبین کے

تبدیل ہو جاتا ہے مثلاً شربت بزوری بارد مین جب سرکہ ملایا جاتا ہے اُسکا نام سکنجبین بزوری
بارد ہو جاتا ہے و فوائد سکنجبین سادہ کے اُس شربت مین زیادہ ہو جاتے ہین اسی طرح
سکنجبین بزوری حارہ سکنجبین بزوری معتدل سکنجبین دیناری وغیرہ مین سکنجبین عنصلی

سکنجبین عنصلی

کہ سختی جگر و طحال و سدۂ عروق و سعال و ضیق النفس و اخلاط غلیظ کو دفع کرے ص پیاز عنصل
نیم رطل بانس کی کھپاچ سے ٹکڑے ٹکڑے کرکے پانچ رطل سرکۂ خالص مین جوش کرین اور
مل کے چھان کے ساڑھے سات رطل شکر سفید ملا کے قوام کرین و اگر چاہین کہ قوی تر ہو
بحساب ہشتم حصۂ عنصل کے برسیاؤشان و زوفای یابس عنصل کے ساتھ جوش کرین اور اگر
سرکہ کمی کرے تو پانی بھی ملاوین کہ دوا خوب پک جاوے سکنجبین رمانی کہ پیاس محرقہ و جگر

سکنجبین رمانی

و معدۂ گرم کو نفع و تشنگی کو دفع کرے ص سرکہ آب انار ترش و شیرین پاؤ پاؤ سیر
شبر گاؤ آدھ سیر ترشی سے پھاڑ کر جسقدر اوسکا پانی نکلے زرشک ایک چھٹانک سب ملا کے
جوش کرین جب نصف باقی رہے صاف کرکے تین پاؤ شکر ملا کے قوام کرین سکنجبین وردی

سکنجبین وردی

کہ معدہ گرم کو نفع و قبض کو دفع کرے ص گلقند آفتابی پاؤ سیر عرق گلاب پاؤ سیر مین
پیسکے سرکۂ خالص پاؤ بھر ملا کے صاف کرکے قوام کرین سکنجبین افتیموے کہ پانچولیا

سکنجبین افتیمونی

و توحش و صرع کو باخراج مواد نفع کرے ص افتیمون بسفایج فستقی تربد سفید برگ
گاؤزبان برسیاؤشان تخم کاسنی فرنجمشک بادرنجبویہ چھ چھ ماشہ گلقند آفتابی پانچ
تولہ آدھ سیر سرکہ خالص اور پاؤ سیر پانی مین چار پہر تک تر کرکے جوش و صاف کرکے
آدھ سیر شکر کے ساتھ قوام کرین فصل چوالیسوین سفوف دافع توحش و خفقان و پیاس

سفوف توحش وغیرہ

مزمن و درد سر کہ بجز معدہ سے ہو ص کشنیز خشک دو تولہ برگ گاؤزبان و آملہ منقی گل
سرخ صندل سفید ایک ایک تولہ شکر سفید دس تولہ ایضاً گل گاؤزبان گل نیلوفر
چھ چھ ماشہ صندلین تین تین ماشہ کشنیز خشک ایک تولہ شکر سفید تین تولہ ایضاً
گل سرخ طباشیر سفید کافور تین تین ماشہ کشنیز خشک چھ ماشہ نشاستہ جو دو تولہ

نبات سفید مساوی ایضاً گل سیوتی گل سرخ ایک تولہ گل گاؤزبان گل بنفشہ چھ چھ
ماشہ صندل سفید ابریشم خام نو نو ماشہ نبات سفید ہموزن مجموع کے **فصل پینتالیسوین**

سفوف مواد سوداوی

سفوف مسہل و مخرج مواد مین **سفوف** کہ مواد سوداوی کو دفع کرے ص سنائے
مکی افتیمون تربد سفید مصفی غاریقون بخیتہ نو نو ماشہ ہلیلہ سیاہ گل سرخ بسفایج
فستقی چھ چھ ماشہ ریوند چینی تین ماشہ شکر سفید ہموزن مجموع کے **سفوف**

سفوف مواد بلغمی

کہ مواد بلغمی اور سوداوی کو دفع کرے ص برگ سنا ہلیلہ ہر سہ بلیلہ آملہ تربد سفید
ایک ایک تولہ زنجبیل چھ ماشہ نمک سنگ دو تولہ ایضاً ہلیلہ سیاہ ہلیلہ زرد
بادیان گل سرخ ایک ایک تولہ سنائے مکی نو ماشہ شحم حنظل تین ماشہ شکر سرخ ہموزن

سفوف درد شکم

جملہ ادویہ **سفوف** سنا کہ درد شکم و درد قولنج کو نفع و اخلاط غلیظہ کو خارج و پیٹ
کے کیڑون کو قتل و دفع کرے ص سنائے مکی زنجبیل ہلیلہ زرد نمک سیاہ مساوی سفوف
کرکے ساتھ آب گرم کے کھاوین **سفوف** تربد کہ اسہال لاوے اور معدے

سفوف مسہل

کو قوت دیوے ص سنائے مکی انار دانہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ زنجبیل نمک سانبھر تربد سفید
بادیان ایک ایک تولہ **فصل چھیالیسوین** سفوف دافع تپ و کھانسی و نزلہ و نفث

سفوف تپ دق

الدم کے **سفوف** کہ تپ دق و تپ غلطی و کھانسی و نزلات گرم کو دفع کرے ص
تخم خطمی گلنار چار چار ماشہ کتیرا نشاستہ صمغ عربی مغز تخم کدوی شیرین مغز تخم تربز رب السوس
طباشیر سفید مغز تخم خیارگل ارمنی سات سات ماشہ تخم باقلا مقشر پوست
خشخاش سفید تین تین ماشہ سرطان سوختہ ایک تولہ نبات سفید ہموزن سب کے
ایضاً کہ مواد کھانسی کو پختہ و دفع کرے ص تخم خطمی صمغ عربی کتیرا طباشیر سفید دو دو
ماشہ رب السوس بہدانہ تخم خبازی نشاستہ مغز بادام تین تین ماشہ تخم خشخاش آرد
باقلا چار چار ماشہ شکر سرخ نصف مجموع کی **ایضاً** کہ نفث الدم یعنی خون تھوکنے کو
دفع کرے **ص** بیخ انجبار دم الاخوین نشاستہ چھ چھ ماشہ تخم خرفہ بریان صمغ عربی

کہربا تخم کاہو اقاقیا تخم خشخاش کتیرا رب السوس گل ارمنی صندل سفید چار چار ماشہ
کافور تین ماشہ سرطان سوختہ نو ماشہ نبات سفید نصف وزن جملہ کے ایضاً دافع
نفث الدم ص سنگ جراحت تین ماشہ پوست خشخاش بو دادہ دم الاخوین کہربا پانچ
انجبار پانچ پانچ ماشہ نشاستہ نو ماشہ نبات سفید ہموزن مجموع کے ایضاً کہانسی بلغمی
وضیق النفس کو دفع کرے ص اصل السوس فلفل دراز عقرقرحا بسفائج ساوی شکر
سرخ برابر سب کے وقت سونے کے بقدر مناسب کہا کے تھوڑا گرم پانی پئین ایضاً اجوائن
دیسی نمک کہاری دو دو تولہ پانی مین پیسکے پچیس عدد برگ مدار پر کہ زرد ہو کر گرنے
ہون لگا کے تو بتور کھو خشک کرین اور ایک کولھیا مین رکھ کے گل حکمت کر کے جلا کے
اوسکی خاک تھوڑی تھوڑی منہ مین رکھین بہت جلد صحت ہو **فصل سنیتالیسوین**
سفوف مقویات معدہ وہاضم طعام و دافع ریاح و باؤگولا و سول **سفوف** مقوی

سفوف مقوی معدہ

معدہ ص کباب چینی خطا مانسی زرنجور مصطگی رومی دانۂ انار شیرین پوست
ترنج پانچ پانچ ماشہ لونگ جاوتری تین تین ماشہ عود خام ایک تولہ شکر سفید ہموزن
جملہ **ایضاً** کہ تباہی معدہ وسوزش وغثیان کو دفع وغذا کو ہضم و بوی دہن کو خوش کرے
دل و دماغ کو قوت دیوے ص تج تیرج اگر تگر مصطگی ہلیلہ کابلی فرنجمشک زیرہ سیاہ
دارچینی چھریلہ قاقلتین فلفلین زنجبیل لونگ جائفل دانۂ انار شیرین جملہ مساوی نبات سفید
ہموزن مجموع سفوف بزور کہ معدے کو قوت دیوے اور ریاح کو دفع کرے ص زیرہ سیاہ سلیخہ

سفوف بزور

نانخواہ کرفس دانۂ الایچی سرخ چھ چھ ماشہ لونگ دو ماشہ زنجبیل فلفل دراز پانچ پانچ
ماشہ شکر سفید یک نیم وزن جملہ کے سفوف کہ اشتہا لاتی مین بےنظیر ہے ص نمک سانبھر

سفوف اشتہا

نیم پاؤ ریزہ ریزہ کر کے کسی برتن مین آگ پر رکھین و سرکہ خالص آدھ سیر چھڑکین اور ایک لکڑ سے
جنبش دیوین کہ سرکہ آدھ پاؤ جذب ہو جاوے تب اوتار لین و کشنیز بریان رشک بریان انار دانہ
بریان سماق ایک ایک تولہ ملا کے سفوف کرین **ایضاً** پودینہ خشک ایک تولہ مرچ سیاہ چھ ماشہ

نانخواہ زنجبیل بای برنگ لونگ تین تین ماشہ نمک لاہوری نو ماشہ **سفوف ہندی**
مخترعہ اطبای ہند کا اشتہا لانیمین لاثانی و مجرب ہے ص نمک چھکنی و مولی و پودینہ و کٹائی
و مدار کا کھار علیحدہ علیحدہ نکال کے ہموزن ملاکے عطر نانخواہ یا عطر دارچینی سے چرب
کرکے سفوف کرین **سفوف نمک سلیمانی** کہ تحلیل غذا مین بے نظیر ہے واگر زردہ
تخم مرغ مین ملاکے کھائین مقوی باہ ہو ص نمک سنگ نمک سانبھر نمک اندرانی نوشادر
معدنی سات سات تولہ اجمودہ نانخواہ مرچ سیاہ زنجبیل لونگ زیرہ سیاہ جائفل جاوتری
ایک ایک تولہ نیمکوب کرکے آدھ سیر سرکہ خالص ڈال کے جوش دین کہ سب یکذات و خشک
ہو جاوے تب سب کو سفوف کرین **سفوف** دافع رطوبت معدہ و ہاضم طعام ص
دارچینی ناگرموتھا عود غرقی نانخواہ بادیان خطائی قلفل سیاہ دار فلفل دانہ الایچی سفید
پودینہ انیسون کشنیز مقشر بریان زیرہ سیاہ بریان زنجبیل مصطگی بوزن مساوی شکر
سفید ہموزن جملہ **سفوف** کہ باؤ گولہ و کثرت آروغ کو دفع کرے ص فلفلین زنجبیل زیرہ
سیاہ اجمودہ ہینگ نمک سنگ جملہ بوزن مساوی سفوف کر رکھین بقدر مناسب
قبل و بعد غذا کے کھائین **ایضاً** مرچ سیاہ نانخواہ نمک ترب مساوی سفوف کرکے مناسب
کھایا کرین **ایضاً** نمک بجی نمک جواکھار نمک سیاہ زنجبیل زیرہ سیاہ گل بابونہ
بوزن مساوی **فصل اڑتالیسوین سفوف قابضہ مین سفوف** کہ تلیین شکم
دفع کرے ص سماق نانخواہ زنجبیل انار دانہ بریان زرشک مغز تخم کنار مساوی
شکر برابر مجموع کے **سفوف** کہ اسہال کو دفع کرے ص گلنار صمغ عربی بریان
حب الآس سماق زرور د پانچ پانچ ماشہ انار دانہ بریان نو ماشہ شکر سفید ہموزن مجموع کے
سفوف دافع سنگرہنی ص ہلیلہ سیاہ بریان تخم مغز بیل بادیان بریان پوست
کوکنار بریان رال سفید مرور پھلی کشنیز ناگرموتھا مغز تخم انبہ مساوی شکر سفید ہموزن
مجموع کے **ایضاً** موچرس مائین گل دھاوا پانچ ماشہ مصطگی رومی مغز بیل پوست

سفوف ہندی
سفوف نمک سلیمانی
سفوف نمک سلیمانی
سفوف رطوبت معدہ
سفوف باؤ گولہ
سفوف تلیین شکم
سفوف نافع اسہال
سفوف سنگرہنی

سفوف دافع زحیر

کوکنار رال سفید چار چار ماشہ شکر ہموزن سفوف کہ دفع زحیر و اسہال کہنہ مین مجرب ہے
ص تخم ترہ تیزک بریان اہل بریان تخم ریگ سات سات ماشہ زیرہ سیاہ تخم گندنا تخم شبت
تخم خشخاش انیسون تخم کرفس بزرالبنج نو نو ماشہ افیون تین ماشہ نبات سفید نصف وزن
مجموع کے سفوف کہ اسہال بند کرے خصوص افیونی کے جسکی دوا مشکل ہے ص گل دھاوا

سفوف دافع اسہال افیونی

رال سفید دونون مساوی سفوف کرکے کھاوین اور اسپر مہی آہن داغ بجہاوین سفوف

سفوف دافع اسہال دموی و صفراوی

دافع اسہال دموی و صفراوی ص صمغ عربی کتیرا طباشیر سفید سنگجراحت گل ارمنی دم الاخوین
ایک ایک ماشہ سفوف کرکے ایک تولہ رب بہ یا رب انار شیرین کے ساتھ کھاوین

سفوف زحیر

سفوف کہ زحیر و پیچ و درد رودہ کو دفع کرے ص تخم خبازی تخم خطمی ایک تولہ
نشاستہ بریان نو ماشہ صمغ عربی گل ارمنی طباشیر چھ چھ ماشہ خوراک صبح و شام تین
تین تین ماشہ ساتھ پانی کے جسمین گوند ببول تین ماشہ گھلا ہوا ہووے سفوف کہ دفع کرنے

سفوف دافع اسہال

اسہال مین مجرب ہے ص بلوط مازو پوست انار شیرین ایک ایک تولہ سماق[2] حب الآس
ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سفوف کرکے چھ ماشہ آب سرد کے ساتھ کھاوین سفوف دافع اسہال

سفوف دافع اسہال

جسکے ساتھ کھانسی بھی ہووے ص حب الآس بلوط پوست خشخاش بریان نو نو ماشہ
صمغ عربی بریان چھ ماشہ ایضاً صمغ عربی طباشیر گل ارمنی حب الآس ایک ایک
تولہ پرسیاؤشان کندر تین تین ماشہ بقدر مناسب ساتھ شربت خشخاش کے کھاوین سفوف

سفوف دافع اسہال دموی

کہ دفع اسہال دموی و غیر دموی کو مجرب ہے ص صمغ عربی بریان طباشیر گل ارمنی حب
الآس پوست بیرون پستہ پوست تخم پستہ سوختہ تخم خرما سوختہ دانہ مویز مازو سبز پوست
انار شیرین و ترش جفت بلوط کہربا گلنار پوست تخم اخروٹ سوختہ مائین مغز تخم کنار اقاقیا
برادہ صندل سفید پوست خشخاش زیرہ سیاہ تخم خرفہ بریان مغز تخم جامن مغز تخم انبہ
چھ چھ ماشہ سفوف کرکے بارتنگ کنوچہ تخم ریحان اسبغول حب الرشاد تخم چوکا
چھ چھ ماشہ بریان کرکے مخلوط کرین و نصف وزن سب کے شکر سفید ملاوین و صبح

[1] ایک مرض ہے کہ اسمین پیچش کر کے [illegible] خارج ہوتا ہے [2] سماق مشہور کو کہتے ہین یعنی قسم سماق کا [illegible] ہوتا ہو

وصبح وشام آب سرد کے ساتھ کھائیں **فصل اونچاسوین سفوف دافع قے وغثیان** مین

سفوف رفع صفراوی

سفوف کہ قے صفراوی وغثیان کو دفع کرے **ص** کافور دو ماشہ طباشیر سفید دو ماشہ گل سرخ سماق پانچ پانچ ماشہ سفوف کرکے بقدر مناسب شربت انار ترش کے ساتھ کھائیں **ایضاً** عود خام پوست بیرون پستہ پودینہ چھ چھ ماشہ زرشک سماق دانہ انار ترش نو نو ماشہ شکر سفید برابر مجموع کے **ایضاً** دانہ الایچی سفید مغز تخم کنول گٹہ کشنیز خشک بو

سفوف رفع بلغمی

داوہ تین تین ماشہ شکر سفید ایک تولہ **سفوف** کہ قے بلغمی کو دفع کرے **ص** پودینہ دارچینی زنجبیل ایک ایک تولہ زرشک فلفلین تین تین ماشہ نمک سنگ نو ماشہ **ایضاً** قرنفل جوزبوا دانہ الایچی خرد تین تین ماشہ دارچینی پوست انار ترش چھ چھ ماشہ شکر سفید دو تولہ سفوف کرکے بقدر مناسب کھائیں **فصل پچاسوین سفوف دافع استسقاء**

سفوف دافع استسقا

ورم طحال ویرقان وامراض جگر وبواسیر مین **سفوف** کہ واسطے دفع استسقا کے مجرب ہے **ص** حلتیت نو ماشہ پیپر زنجبیل نانخواہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ ہلیلہ زرد شیطرج قسط شیرین بہمن سفید شاہی کلی دو دو تولہ نمک لاہوری ششم حصہ مجموع کے **سفوف** کہ ورم

سفوف طحال

طحال کو تحلیل کرے **ص** زوفا پرسیاؤشان پوست بیخ کبر عنب الثعلب تخم سنبھالو تخم سداب مساوی سفوف کرکے سکنجبین بادہ کے ساتھ کھاوین **ایضاً** سوہاگا بریان ایک ایک تولہ خردل تین تولہ **ایضاً** کہ ورم کہنہ وکثیر طحال کو دفع کرے **ص** نوشادر سوہاگا بریان شورہ قلمی مرچ سیاہ بوزن مساوی سفوف کر رکھین ہر صباح ایک ٹکڑا مغز گھیکوار کا بوزن دو ماشہ لیکے اسمین جسقدر سفوف لپٹی لپیٹ کے نگل جایا کرین **سفوف** کہ دافع یرقان ہے

سفوف دافع یرقان

ص کبریت زرد دو ماشہ افتیمون اجمودہ کندر سفید چار چار ماشہ مغز چلغوزہ نو ماشہ مویز منقے خشک ایک تولہ سفوف کرکے بقدر مناسب کھاکر آب بادیان پیوین **سفوف** کہ ورم جگر کو سفید ومنقوی جگر ہے **ص** گل سرخ نو ماشہ زرشک لک مغسول سات سات ماشہ طباشیر سفید صندل سفید نشاستہ صمغ عربی تین تین ماشہ ریوند چینی دو ماشہ زعفران

سفوف بزور ورم جگر

ایک ماشہ نبات سفید دو تولہ سفوف بزور کہ ورم جگر کو دفع کرے و مدر بول ہے ص
مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین ایک ایک تولہ تخم کاسنی تخم کشوث نو نو ماشہ انیسون بادیان
تخم کرفس رب السوس زرشک ریوند چینی لک مغسول سنبل الطیب مصطگی چھ چھ ماشہ
زعفران تین ماشہ کافور دو ماشہ نبات سفید نصف مجموع کے سفوف کہ بواسیر خونی

سفوف بواسیر خونی وبادی

وبادی کو دفع کرے ص مغز تخم بکائن مغز تخم نیب سوت ہلیلہ سیاہ بوزن مساوی
سفوف کرکے تین ماشہ آب سرد کے ساتھ کھائین اُسپر تھوڑی نخود بریان چابین ایضاً
کہ دفع بواسیر خونی مین مجرب ہے ص مغز پنبہ دانہ دو ماشہ رسوت ایک ماشہ نبات
سفید تین ماشہ سفوف کرکے کھائین اور اُسپر آب سرد پیین

حرف الشین

شربت گاؤزبان

فصل اکانوین شربتہای مفرح و مقوی و دافع امراض قلب و دماغ مین شربت
گاؤزبان کہ خفقان و توحش و سوء خلق کو مفید ہے ص برگ گاؤزبان دو تولہ گل
بنفشہ گل سرخ اسطوخودوس فرنجمشک نو نو ماشہ بادرنجبویہ گل نیلوفر ایک ایک تولہ
آدھ سیر پانی مین چار پہر تر کرکے جوش دیکے خفیف ملکے چھان کر باضافہ عرق گلاب
آدھ پاؤ شکر سفید ڈیڑھ پاؤ کی قوام شربت کرین شربت ابریشم کہ حکیم مسیح الزمان نے

شربت ابریشم

واسطے جہانگیر شاہ کے طیار کیا دفع خفقان کو نہایت مفید ہوا ص ابریشم خام دس تولہ
بادرنجبویہ ایک تولہ تین پاؤ پانی مین جیسا ندہ و جوشاندہ کرکے پاؤ بھر عرق گلاب اور
اڑھائی پاؤ مصری ملاکے قوام کرین و سنگ یشب چھ ماشہ و مروارید ناسفتہ دو ماشہ
عرق کیوڑہ مین صلایہ کرکے و صندل سفید و عود خام و مصطگی روح ع سات سات
ماشہ سفوف کرکے ملاوین شربت سیب مفرح و مقوی دل و معدہ و مسکن تپ و اسہال

شربت سیب

صفراوی ص سیب کا پوست و تخم دفع کرکے کچل کے نچوڑین سوا سیر پانی اُسکا پکادین
جب نصف باقی رہے اڑھائی پاؤ قند سفید ملا کے قوام کرین شربت صندل

شربت صندل

مقوی دل دافع خفقان نافع جگر و معدہ گرم مسکن تشنگی ص برادہ صندل سفید آدہ پاؤ
عرق گلاب آدہ سیر مین چار پہر تر کرکے خفیف جوش دیکر ملکے چھان لین اور آدہ سیر قند سفید

شربت نارنج

ملا کے قوام کرین شربت نارنج مقوی دل و معدہ و مفرح ہی ص شکر سفید ایک سیر
عرق گاؤزبان تین پاؤ ملا کر قوام کرین جب خوب گاڑھا ہو جاوی تب آب افشردہ لیمون

شربت برگ ترنج

نارنگی ہموزن شیرین گے ملا کے چار پانچ جوش دیوین و تین ماشہ زعفران چار
تولہ عرق گلاب مین گھس کے ملا دین شربت برگ ترنج کہ ضعف دل و معدہ
و خفقان کو مفید ہی ص برگ ترنج دو سو پچاس عدد و سیر بھر پانیمین جوش کرین جب

شربت پوست ترنج

سوم حصہ پانی باقی رہی بدون ملنے کے صاف کر لیوین اور تین پاؤ شکر سفید ملا کے قوام
کرین شربت پوست ترنج کہ نہایت مقوی معدہ و مفرح ہے ص پوست ترنج اگر

شربت گزر

تازہ ہووی تو سیر بھر خشک ہووے تو آدہ سیر جوش کرکے اوسکے زلال مین شکر سفید آدہ سیر
ملا کر قوام کرین شربت گذر کہ مقوی دل و باہ و مفرح و مولد خون صالح ہے ص
آب گذر مصفی یک نیم رطل ساتھ دو رطل سفید قند کے قوام کرین فصل پانوین
شربتہای دافع انواع کھانسی نزلہ و درد سر و ذات الجنب و ذات الریہ و ضیق النفس

شربت اسطوخودوس

شربت اسطوخودوس کہ تپ و کھانسی بلغمی کو و فضلات کو سینے سے دفع کری
ص اسطوخودوس دو تولہ اصل السوس تخم خطمی یک نیم یک نیم تولہ برگ بنفشہ ایک
تولہ مویز منقے ساٹھ دانہ سپستان چالیس دانہ عناب تیس دانہ شکر سرخ آدہ سیر شہد

شربت زوفا

آدہ پاؤ بدستور شربت بنا دین شربت زوفا تپ و کھانسی بلغمی و ضیق النفس کو
دفع کری ص زوفای یابس اصل السوس ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ بادیان پرسیاؤشان کرفس چھ چھ
ماشہ انجیر زرد دس دانہ مویز منقی چالیس دانہ حلبہ نو ماشہ گلقند آفتابی چھ تولہ شکر سرخ آدہ

شربت بنفشہ

سیر بدستور شربت بنا دین شربت بنفشہ کہ ذات الجنب و ذات الریہ و درد سر کو دفع
کری ص برگ بنفشہ آدہ پاؤ ایک رطل پانیمین چار پہر تر کرکے جوش دین جب سوم حصہ پانی باقی رہی

شربت نیلوفر

آدھ سیر شکر سفید ملاکی قوام کرین شربت نیلوفر کہ درد سر و تپ صفراوی و ذات الجنب
وذات الریہ کو نافع ہے ص گل نیلوفر کی صرف پتی لے کے اگر تازہ ہو تو چار رطل و اگر
خشک ہو ایک رطل دو رطل پانی مین جوش کرین جب سوم حصہ پانی باقی رہے دو رطل

شربت اعجاز

شکر سفید ملاکے قوام کرین شربت اعجاز کہ واسطے اقسام کھانسی خشک و تپ دق
کی مفید ہے ص عناب تیس دانہ سپستان ساٹھ دانہ اصل السوس مقشر تخم خبازی تخم خطمی
گل نیلوفر گل بنفشہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ بہدانہ چھ ماشہ صمغ عربی نو ماشہ سیر بھر پانی مین خیساندہ
و جوشاندہ بنا کے تین پاؤ شکر سفید ملاکے قوام کرین نو ماشہ کتیرا سفوف کر کے

شربت عنصل

ملادین شربت عنصل اسکو شربت نرجس بھی کہتے ہین ضیق النفس قدیم و جدید کو دفع
کرے ص پیاز عنصل جو تو بڑی شکل پیاز خوردنی کی ہوتی ہے صاف کر کی بانس کی چھوری
سے تراش کے چار چند پانی مین جوشاندہ بنا کر دو نیم چند عنصل کے شکر سفید ملاکی قوام کرین

شربت کاسنی

فصل تیرہوین شربت ہای دافع اقسام تپ مین شربت کاسنی تپہای
صفراوی کو دفع و تقویت جگر و دل و معدہ و تفتیح سدہا و ادرار بول کرے ص آب
مروق برگ کاسنی ایک رطل مین شکر سفید ڈیڑھ رطل ملاکی قوام کرین و قریب قوام کی

شربت آلو

چار تولہ آب لیموی کاغذی ملادین شربت آلو کہ تپہای دموی و صفراوی و عفنہ کو دفع
کرے و نافع درد سر و سوزش اطراف و غثیان ہے ص تخم خرفہ تخم خیارین تخم کاہو پوست
ترنج ایک ایک تولہ آلوی بخارا پچاس دانہ تمر ہندی چار تولہ تین پاؤ پانی مین جوش و صاف

شربت گلو

کر کر اڑھائی پاؤ قند سفید ملاکی قوام کرین شربت گلو کہ تپہای کہنہ کو مفید ہے صرف
تپ ہو خواہ کھانسی کے ساتھ ہو ص گلوی تازہ نیکوفتہ چھ تولہ گل نیلوفر مصفی چار تولہ

شربت فریادرس

گل سرخ دو تولہ قند سفید ایک رطل بدستور بنادین شربت فریادرس کہ تپ و کھانسی
نزلی کو دفع کرے ص برگ گاؤزبان صندل سفید پرسیاوشان دو دو تولہ اصل السوس
بادیان تخم خطمی گل سرخ گل سیوتی پوست خشخاش دانہ خشخاش ایک ایک تولہ موبز منقے

پچیس عدد تین پاؤ شکر سفید کے ساتھ قوام بناوین شربت تالیف حکیم شیر علی والد ماجد
مولف کہ تپہاے مرکبہ مزمنہ کو مفید ہے ص تخم خیارین تخم خرفہ گل نیلوفر ایک ایک تولہ
برگ گاؤزبان گلوی تازہ دو دو تولہ جوش کرکے صاف کرین اور آب پیٹھا اور آب کدوے
دراز نیم نیم رطل قند سفید ایک رطل ملاکے قوام کرین شربت دافع تپ خفیف مزمنہ
مولفہ حکیم مردان علی برادر کلان مولف ص گل نیلوفر برگ گاؤزبان دو دو تولہ برگ بنفشہ
برادہ صندل سفید گلوی تازہ ایک ایک تولہ آب خیار دراز آب کدوی دراز نیم نیم پاؤ آب
انار ترش ایک چھٹانک قند سفید دو رطل کے ساتھ قوام کرین شربت بزوری معتدل
کہ حمیات و امراض جگر و گردہ کو مفید ہے و مواد کو ساتھ ادرار بول کے دفع کرتا ہے ص
تخم کاسنی بادیان تخم خربزہ ایک ایک تولہ بیخ کاسنی و بیخ بادیان ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ شکر
سفید پاؤ آثار برسم معروف طیار کرین شربت بزوری کہ امراض باردہ جگر و گردہ
و معدہ و تپہاے باردہ کو مفید ہے ص پوست بیخ کاسنی تین تولہ پوست بیخ بادیان
تخم کاسنی دو دو تولہ بادیان تخم کرفس بیخ کرفس ایک ایک تولہ تخم کشوث چھ ماشہ شکر
سفید آدھ سیر بدستور شربت بناوین شربت بزوری بارد کہ امراض گرم جگر کو و تپہاے
گرم و امراض گردہ و مثانہ کو مفید ہے ص پوست بیخ کاسنی دو تولہ تخم خربزہ تخم خیارین
ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ اڑھائی پاؤ شکر سفید کے ساتھ بدستور معروف بناوین و اثناے
قوام کے مغز تخم تربز مغز تخم پیٹھا ایک ایک تولہ کو شیرہ کرکے داخل کرین شربت بزوری کہ
تپہاے کہنہ و یرقان کو زائل و ادرار بول و اکثار حیض کرے و سنگ گردہ و سنگ مثانہ
کو گرادے و سدہاے جگر و طحال کو کھولے ص تخم کاسنی بادیان تخم خربزہ تخم کدو تخم کرفس دو دو
تولہ پوست بیخ کاسنی تخم خطمی اصل السوس سنبل الطیب گل بنفشہ برگ گاؤزبان
ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ شکر سفید تین پاؤ بدستور بناوین فصل چوتھی شربت ہاے دافع امراض
جگر و طحال شربت اذخر کہ سدہ جگر و یرقان و ریاح معدہ و مغص کو مفید ہے ص

شربت نافع تپ مزمن
شربت تپ خفیف مزمنہ
شربت بزوری معتدل
شربت بزوری حار
شربت بزوری بارد
شربت بزوری
شربت اذخر

سنبل الطیب سلیخہ ریوند ترکی ریوند چینی مصطگی نو نو ماشہ بیخ اذخر فقاح اذخر دو دو تولہ
بادیان انیسون تخم کرفس گل سرخ ایک ایک تولہ شکر سفید اڑھائی پاؤ بدستور بناوین

شربت اصول

شربت اصول سوء القینہ و استسقا کو نہایت مفید و مفتح سدہ و کاسر الریاح و مدر فضلات ہے
ص پوست بیخ بادیان پوست بیخ کرفس پوست بیخ کاسنی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ بادیان کرفس
کاسنی ایک ایک تولہ مویز منقے دو تولہ انجیر زرد بیس عدد پوست بیخ کبر نو ماشہ فقاح
اذخر سنبل الطیب اسارون سلیخہ سات سات ماشہ شکر سفید تین پاؤ بدستور بناوین

شربت کشوث

شربت کشوث مقوی جگر و معدہ مفتح سدہ و ملین طبع واسطے سوء القینہ و تپہائے
مرکبہ کے مفید ہے ص پوست بیخ بادیان گل سرخ انیسون نو نو ماشہ تخم خیارین تخم کاسنی
تخم خربزہ ایک ایک تولہ تخم کشوث چھ ماشہ قند سفید آدھ سیر و شیر خشت چار تولہ
بدستور بناوین

شربت ریوند

شربت ریوند کہ واسطے امراض جگر و طحال کے مفید و مفتح سدہ و ملین
طبع ہے ص ریوند چینی ڈیڑھ تولہ تربد سفید غاریقون بسفائج چھ چھ ماشہ تخم کاسنی دو تولہ
زنجبیل تین ماشہ قند سفید ایک رطل بدستور بناوین

شربت دینار

شربت دینار مخترع اسکا حکیم
بختیشوع ہے اسکی وجہ تسمیہ مین روایات مختلف ہین ایک یہ کہ مخترع اسکا برابر دینار
کے بیچتا تھا دوسرے دینار نام تخم کشوث کا ہے اس مشابہت سے کہ دینار ہتیلی مین رہتا ہے و تخم
کشوث بھی ہتیلی مین رکھنگی جوش ہوتا ہے تیسرے مخترع اسکا زر محلول داخل ترکیب کرتا تھا جو
یہ کہ برنگ زر ہوتا ہے دافع حمیات و عفونت اخلاط و ملین طبع و مفتح سدہ و نافع سوء القینہ
و استسقا و ذات الجنب و درد جگر و شکم و رحم و مثانہ و مدر بول ہے ص تخم کاسنی گل سرخ دو دو
تولہ پوست بیخ کاسنی چار تولہ گل نیلوفر برگ گاؤزبان ایک ایک تولہ تخم کشوث ڈیڑھ تولہ قند سفید
تین پاؤ بدستور طیار کرین

شربت دینار

ایضاً شربت دینار مخترع حکیم سدید قریب اعتدال و کثیر المنافع
و مفتح سدہ جگر و ماساریقا و احشا و دافع ان کے ورموں کا ہے ص ریوند خطائی تخم کشوث
چھ چھ ماشہ گل سرخ دو تولہ تخم کاسنی تین تولہ پوست بیخ کاسنی چار تولہ قند

سفید ڈیڑھ رطل بدستور بناوین **فصل چھبیسوین** شربت ہای دافع امراض گردہ و مثانہ
واحلیل **شربت قلفت** کہ سنگ گردہ و مثانہ کو توڑے اور بادرار و فع کرے ص بیخ کاسنی

شربت قلفت

بیخ بادیان تخم قلفت دو دو تولہ تخم کاسنی بادیان تخم خیارین تخم خرپزہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ
تخم کرفس پرسیاؤشان چھ چھ ماشہ شکر سفید سوا رطل بدستور معین بناوین **شربت ہلیون**

شربت ہلیون

کہ گردہ و مثانہ کو ریگ و مواد سے بادرار صاف کرے ص تخم ہلیون چار تولہ کباب چینی تخم
خرپزہ ایک ایک تولہ قند سفید آدھ سیر بدستور معین بناوین **شربت آلو بالو** کہ اخراج

شربت آلو بالو

ریگ و سنگ گردہ و مثانہ بادرار بول کرے ص آلو بالو ایک رطل جوش و صاف کر کر
دو رطل قند سفید کے ساتھ قوام کرین **شربت خسک** کہ منافع مذکورہ و قوت باہ زیادہ

شربت خسک

کرے ص آب گوکھرو کلان و خرد تازہ نیم رطل ساتھ ڈیڑھ رطل قند سفید کے
قوام کرین و اگر گوکھرو خشک ہون تو بوزن پاؤ پاؤ رطل کے نیکوب کر کے خیسانده
و جوشاندہ کر کے بدستور بناوین **شربت کاکنج** کہ قرحۂ مثانہ و سوزاک کہنہ کو دفع کرے

شربت کاکنج

ص انیسون تخم کرفس برگ گاؤزبان خار خسک نو نو ماشہ پرسیاؤشان گل بنفشہ چھ چھ
ماشہ کاکنج ڈیڑھ تولہ جوش و صاف کر کے ڈیڑھ پاؤ شکر سفید کے ساتھ قوام کرین **فصل**
چھبیسوین شربت ہای دافع امراض معدہ **شربت عود** کہ معدہ و اشتہا و ہاضمہ کو قوت

شربت عود

دیوے اور منھ کو خوشبو کرے ص عود ہندی آملہ مقشر دو دو تولہ سنبل الطیب قرنفل
مصطگی جوز بوا نو نو ماشہ نیکوب کر کے جوش دیوین و صاف کر کے اسکے پانی مین عرق
گلاب پاؤ سیر شکر سفید آدھ سیر ملا کے قوام کرین **شربت تمر ہندی** کہ معدہ کو قوت دیوے

شربت تمر ہندی

و قی و غثیان کو دفع کرے و ملین طبع و مسکن صفرا ہے ص تمر ہندی پاؤ سیر زرشک چار
تولہ تر کر کے صاف کر لین اور آدھ سیر شکر سفید کے ساتھ قوام کرین **شربت خبث الحدید**

شربت خبث الحدید

کہ معدہ و ہاضمہ کو قوت دیوے و ریاح بواسیر کو دفع کرے ص تخم کرفس زنجبیل گندر بیخ بادیان
انیسون چھ چھ ماشہ زیرہ سیاہ پودینہ کشنیز خشک دارچینی سنبل الطیب تاگر موتھا ایک ایک تولہ

خبث الحدید پانچ تولہ دو سیر پانی مین جوش کرکے اوسکے زلال مین نبات سفید اڑھائی
پاؤ ملا کر قوام کرین **شربت فستق** کہ غثیان و قے کو دفع کرے اور معدے کو قوت
دیوے ص پوست بیرون پستہ دو تولہ پودینہ گل سرخ زرشک عود ہندی ایک
ایک تولہ مصطگی رومی نو ماشہ سیب تراشیدہ چھ تولہ برسم معروف جوش و صاف کرکے
نبات سفید اڑھائی پاؤ کے ساتھ قوام کرین **شربت** کہ ورم معدہ کو پختہ و منفجر کرے ص تخم
حلبہ تخم السی چار چار تولہ انجیر ولایتی بیس عدد عنب الثعلب دو تولہ جوش و صاف کرکے آدھ سیر
شکر سرخ کے ساتھ قوام کرین و چھ ماشہ زعفران تھوڑے عرق گلاب مین پیسکے ملا دین
شربت ملین ص آلوی بخارا ایکسو عدد تمر ہندی نصف رطل تربد سفید ایک تولہ کو
سفوف کرکے پوٹلی مین رکھ کے سبکو جوش و صاف کرکے ساتھ چھ تولہ ترنجبین اور ڈیڑھ پاؤ شکر
سفید کے قوام کرین **فصل ستاونوین** شربت ہای متفرقہ مین **شربت عسل** کہ رعشہ
و فالج و جملہ امراض بلغمی و باردہ کو نہایت مفید ہے ص عسل خالص دو رطل آٹھ رطل
آب دریا مین ملا کے آنچ پر رکھین و کف دفع کرکے مرچ سیاہ زنجبیل خولنجان قرنفل مصطگی
پودینہ عقرقرحا ایک ایک تولہ کوٹ کر پوٹلی مین باندھ کر داخل کرین اور پوٹلی کو جنبش دیتے
رہین جب شربت گاڑھا ہونیکے قریب ہو پوٹلی نچوڑ کے دفع کرین و شربت کا قوام کر لین
اور اگر ایک ایک ماشہ مشک و عنبر بعد طیاری کے ملا دین قوی التاثیر ہو جاوے **شربت افسنتین**
کہ مالیخولیای مراقی و ضعف معدہ کو کہ برودت سے ہو و سوء القینہ کو نہایت مفید ہے تلیین
طبیعت کی کرے ص سنبل الطیب دو تولہ تربد سفید غاریقون سفید تین تین تولہ افسنتین
رومی چار تولہ گل سرخ چھ تولہ شکر سفید آدھ سیر ایضاً کہ ضعف جگر و معدہ و ورم طحال و ریاح
رودہ کو دفع و تلیین طبیعت کی کرے ص افسنتین چھ تولہ سنبل الطیب بیخ اجمود چار چار تولہ شکر
سفید تین پاؤ بدستور بناوین **شربت توت** کہ دافع خناق ہے ص آب افشردہ توت دو رطل
شہد خالص ایک رطل کے ساتھ قوام کرین اور ایک ماشہ زعفران گھس کے ملا دین **شربت انجبار**

شربت فستق

شربت دافع ورم معدہ

شربت ملین

شربت عسل

شربت افسنتین

شربت توت

شربت انجبار

کہ خون تھوکنے اور خون کی قے کرنے کو اور زیادتی خون حیض و بواسیر کو دفع کرے ص بیخ
انجبار دو تولہ پوست انار شیرین حب الآس ایک ایک تولہ برادہ صندل سفید نو ماشہ
جوش و صاف کرکے آب مروق برگ سنبل تازہ چار تولہ شکر سفید آدھ سیر کے ساتھ قوام
بناوین

شربت تنبول

شربت تنبول کہ تفریح طبع و تقویت باہ و قطع رطوبت غریبی کو دفع کرے
ص برگ تنبول پختہ قسم بنگلہ دو سو عدد باریک کترکی خواہ بکوب کرکر دو رطل پانی مین جوش
و صاف کرین و یک نیم رطل قند سفید کے ساتھ قوام کرین اور اثناے قوام مین یہ سفوف ان جاوتری
جائفل دانہ الائچی سفید چھ چھ ماشہ قرنفل تین ماشہ عرق گلاب مین صلایہ کرکے ملاوین

شربت انگور

شربت انگور کہ تقویت باہ و تفریح طبع و بدن کو خوش رنگ کرے ص آب انگور دو رطل
قند سفید یک نیم رطل ملا کے قوام کرین و اثناے قوام کہ ثعلب بصری دو تولہ تخم شلجم تخم
لسان العصافیر تخم گزر چھ چھ ماشہ عرق کیوڑہ مین صلایہ کرکے ملاوین

شربت ورد مکرر مسہل و معدل صفرا و دافع حرقت قوی

شربت ورد مکرر کہ مسہل صفرا و مقدار قلیل معدل صفرا و دافع حرقت و ملین طبع ہے ص گل سرخ تازہ
مصفی ایک رطل چار رطل آب دریا مین جوش کرین جب ایک رطل پانی جل جاوے تب ہلکی پانی
صاف کرلین اور اسی پانی مین ایک رطل اور پھول ملا کر جوش دین اسیطرح تین مرتبہ ایک
ایک رطل پھول ملاکی پکاوین اور ملکے صاف کرین مرتبہ آخر مین ایک رطل شکر سفید
ملاکی قوام کرین واضح ہو کہ جسقدر پھول زیادہ اسی تدبیر سے شامل کیے جاوین زیادتی تاثیر
کی ہوگی

شربت ورد مسکن حرارت و دافع تشنگی

شربت ورد کہ معدل صفرا و مسکن حرارت و دافع تشنگی ہے ص ایک رطل پھول تازہ دو
رطل پانی مین جوش کرکے ہلکی صاف کرین اور ایک رطل شکر سفید ملاکی قوام کرین شربت گڑہل

شربت گڑہل دافع صعود ابخرہ و مقوی معدہ و مزیل توحش و جنون

کہ دافع و نافع صعود ابخرہ و مزیل توحش و جنون ہو اور رنگ بشرہ بہتر و معقول و تقویت معدہ
و جملہ قوتونکی کرتا ہے ص گل گڑہل سو عدد سبزی و زیرہ دور کرکی نیم رطل آب لیمون کاغذی مین
چار پہر تر کرکے قوام دو رطل نبات سفید مین کہ آب باران خواہ آب دریا سے بنایا ہو دملاکی
شیشی مین بھرین کہ نصف شیشہ خالی رہے اور شیشہ کا منہ موم سے بند کرکی تا بگلو پانی مین

چار پانچ روز تک دو بار کھین جب جوش کرے صاف کرکے شربت شیشون مین رکھین اور یہ
شربت خفیف سی سرت بھی کرتا ہی **فصل اٹھاونوین شراب ہای نشی مین** **شراب**
فنجنکوش کہ خوش کیف و دافع سرعت انزال ہی **ص** سماق مازو گلنار سرخ کشنیز
خشک کندر صعتر سعد دو دو تولہ خبث الحدید ایکتولہ دو سیر پانی مین خیسانده کرکی لہن
مین جو سات سیر قند سیاہ و آدھ سیر کشمش سے بنایا ہووے ملاکی عرق کھینچین **شراب ریحانی**
نشہ عمدہ ہی و امراض بلغمی کو دفع کرتی ہی **ص** قند سیاہ بیس سیر انگور نالیدہ پانچ سیر اگر دستیاب
نہو کشمش نیکوفتہ دو سیر ملاکی لہن اٹھاوین جب لہن طیار ہووے دارچینی قرنفل بسباسہ
جوزبوا عود ہندی تین تین تولہ برگ گاؤزبان بادرنجبویہ ایک ایک چھٹانک ملاکی دوسرے
روز عرق کھینچین **شراب** کہ تقویت دل و دماغ و قوت باہ و بدن کی اور چہرہ کو خوش رنگ کرتی
ص کشمش نیکوفتہ سات سات سیر قند سیاہ پچیس سیر آب گوزا ایک من آب آملہ دو سیر آب دریا
ملاکی خم مین رکھین جب جوش کرے دارچینی پاؤ سیر تخم شلجم آدھ پاؤ اڑھائی سیر شلگم ڈالدین چار پہر تر کرکی
ملادین اور عرق کھینچین **شراب** کہ تقویت باہ و معدہ و نشہ معقول و فوائد عظیم کرتی ہی **ص**
پوست درخت کنار پوست درخت ببول پانچ پانچ سیر قند سیاہ ایک من کا لہن اوٹھا کر
تخم خرزہ نیکوفتہ بادرنجبویہ گاؤزبان گل گاؤزبان برادہ صندل سفید برادہ صندل سرخ
برادہ آبنوس برادہ شیشم پانچ پانچ تولہ تخم شلجم اذخر بہمنین شقاقل مصری شیطرج ہندی
زرنب سافج ہندی دارچینی ابریشم خام خولنجان دانہ الائچی سرخ گل سرخ چار چار تولہ ہندی
سولہ سیر خیسانده کرکی ملادین و ایک شیشہ عرق گلاب ڈال کر کھینچین **شراب دو آتشہ** کہ نہایت
بہتر و کثیر النفع و خوش کیف ہی و رخمار نہین لاتی **ص** قند سیاہ ایک من پوست درخت
ببول دس سیر پوست درخت کنار پوست درخت انبہ پانچ پانچ سیر خم کرین و شراب کھینچین اور
اس شراب مین قرنفل تین تولہ جوزبوا بسباسہ دو دو تولہ سعد کوفی سنبل الطیب دارچینی گاؤزبان عود
ہندی تودری در مینجو صلہ سنبل چار چار تولہ کشمش و قند سفید ایک ایک سیر تین روز تک تر رکھکر دو آتشہ

شراب فنجنکوش دافع سرعت انزال

شراب ریحانی نشہ عمدہ و دافع امراض بلغمی

شراب مقوی دل و دماغ و باہ

شراب مقوی باہ و معدہ و نشی

شراب دو آتشہ کہ نہایت کثیر النفع و خوش کیف ہی

کھینچین شراب و آتشہ کہ جسمین منافع بہت ہین خمار و بونہین ہوص قند سیاہ ایک من
پوست درخت ببول تین سیر کالہن اوٹھاوین و جیسا ندہ دارچینی سنبل الطیب اشنہ برادہ
صندل سفید الائچی سرخ سعد آدھ آدھ پاؤ گل منڈی ایک سیر ڈال کر عرق کھینچین پھر
اُسی عرق کو دوبارہ کھینچین شراب کہ شخص ضعیف کو قوت جوان کی دیتی ہے و تقویت
باہ و امساک منی مین بے نظیر ہو ص قند سیاہ دو من مویز سیاہ دس سیر پوست درخت
ببول نیم من آملہ دو سیر کالہن اوٹھاوین و جیسا ندہ سنبل الطیب اشنہ بھنگرہ خس پاؤ
پاؤ سیر سلیخہ ساذج ہندی بیخ لبلاب بیخ بادیان بادرنجبویہ الائچی کلان تال مکھانا بیخ بند
ہو بیر گل دھاوا سوگند بالا اندر جو تر کچور ناگر موتھ کھیلی کھیلا صندلین موصلیین تخم
اوٹنگن اسگندہ ستاور آدھ آدھ پاؤ ملا کے عرق کھینچ کے ثعلب مصری عود ہندی
قرنفل جوز بوا بسباسہ تخم گندنا تخم شلجم تخم پیاز مغز تخم کنوچ بہمنین تودریین شقاقل
مصری ناگیسر دو دو تولہ چوب چینی پوست ترنج پاؤ پاؤ سیر اُسمین ملا دین و بعد تین
روز کے دو سیر قند سفید و دس سیر شیر گاؤ ملا کر دو آتشہ کھینچین **فصل انسٹھوین** شمومہا
مین یعنی ادویہ بودار جسکے سونگھنے سے مرض دفع ہو شموم کہ درد سر سرد کو مفید ہے ص
جوزبوا قرنفل مساوی سفوف کر کے شموم کہ درد سر گرم کو مفید ہے ص کافور دانہ
الائچی سفید گھسکر **ایضاً** گلہائے تازہ مثل گل سرخ و گل نیلوفر کے **ایضاً** خیار دراز تراش
کے شموم کہ نسیان و صداع کو مفید ہو ص جوزبوا بسباسہ قرنفل مرچ سیاہ
سفوف کر کے آب مرزنجوش یا آب سداب ملا کر شموم کہ دوار کو مفید ہے
ص کشنیز تر یا سیب تازہ یا امرود پختہ شموم کہ سبات کو مفید ہو ص مرچ سیاہ نمک نفت
سر کے مین ڈالکے **ایضاً** مشک **ایضاً** خربق سیاہ دوج و قسط تلخ **فصل ساٹھوین** شیافات
ہای امراض آنکھ مین **شیاف** کہ آنکھ کے درد کو فوراً دفع کرے ص گل سرخ سوا تولہ زعفران
چھ ماشہ افیون دس ماشہ سنبل الطیب صمغ عربی تین تین ماشہ ساتھ پانی دریا

شراب دو آتشہ کہ جسمین بہت منافع ہین
شراب کہ ضعیف کو قوت جوان کی دیتی ہے و مقوی باہ و ممسک منی

شموم نافع درد سر سرد
شموم نافع درد سر حار

شموم نافع نسیان و صداع
شموم نافع دوار
شموم نافع سبات

شیاف کہ درد آنکھ کو فوراً دفع کرے

کے شیاف بناوین شیاف کہ واسطے ناسور گوشہ آنکھ کی سفید ہے ص
صبر کندر گلنار انزروت دم الاخوین سرمہ شب یمانی تین تین ماشہ عرق گلاب مین شیاف
بناوین دستہ ناسور کا صاف کرکی ٹپکاوین شیاف کہ خارش و ڈھلکہ و باھنی و ناخنہ وسبل
پلکونکو مفید ہے ص توتیاے مغسول ماميران چینی زبد البحر حضض مکی چار چار ماشے
پوست ہلیلہ زرد بسافج ہندی تین تین ماشے زعفران کتیرا صمغ عربی دو دو ماشہ
بدستور بناوین شیاف کہ نزول پانی آنکھونکو مجرب و مفید ہے ص گھریا چاندی کی گھریا
سونے کی دار فلفل رکھوان اُس مکان کا جہان تانبا گلاتے ہون سب بوزن مساوی
آب بادیان کے ساتھ شیاف بناوین اشیاف سو کہ واسطے ڈھلکہ و باھنی و خارش پلکون
کے مفید ہے ص زنگار چھ ماشہ اشق صمغ عربی چار چار ماشہ گھریا سونیکی افیون دو
دو ماشہ مازو ایک ماشہ ساتھ پانی سداب کی شیاف بناوین شیاف کہ نزول پانی
آنکھون و خارش و ڈھلکہ و آشوب چشم و دیگر امراض پلکون کو مفید و مجرب ہے ص
توتیاے پروردہ آب پوست ترنج کا نو ماشے کتیرا نشاشتہ گندم انزروت گل سرخ صبر
حضض مکی دو دو ماشہ کشتہ قلعی تین ماشے ہلیلہ زرد مع تخم ایک عدد افیون ایک ماشہ
بدستور شیاف بناوین شیاف ابیض کہ امراض گرم آنکھ کو دفع اور ورمون کو
تحلیل کرے و مواد ورمون کو بازگشت کرے ص نشاستہ تین ماشے قلعی گشتہ گوند
ببول کتیرا نو نو ماشے لعاب اسبغول خواہ سپیدہ تخم مرغ کی ساتھ شیاف بناوین شیاف
ابیض انزروتی کہ ابتداے آمد کو مفید ہے ص کشتہ قلعی چھ ماشہ انزروت بریان
شیر خر مین تسقیہ کرکے ایکتولہ پوست ہلیلہ زرد تین ماشے سپیدہ تخم مرغ مین شیاف بناوین
شیاف یاسمین کہ ڈھلکہ و ناخنہ و باھنی و خیرگی نظر کو دفع کرے ص غنچہ تازہ یاسمین
تیس عدد سنگ سرمہ سنگ بصری توتیاے ہاروی شورہ قلمی مغز تخم سرس
تین ماشہ زعفران دو ماشہ ساتھ آب لیموے کاغذی کے تین روز تک

شیاف ناسور چشم
شیاف کہ باھنی و ڈھلکہ و ناخنہ کو نافع ہے
شیاف کہ نزول الماء کو مجرب ہے
شیاف اسو کہ نافع ڈھلکہ و باھنی
شیاف کہ نافع آشوب چشم و دیگر امراض ہے
شیاف ابیض کہ محلل اورام چشم ہے
شیاف ابیض کہ نافع ابتداے آمد ہے
شیاف یاسمین کہ نافع ناخنہ و خیرگی نظر ہے

کھرل کرکے شیاف بناوین **شیاف احمر** کہ ڈھلکہ و ناخنہ وکتھی و پھلی و بامھنی و آشوب مزمن چشم کو دفع کرے ص پھٹکری نصف بریان نصف خام کہربا طلائی سنگ بصری سنگ سرمہ تین تین ماشہ دم الاخوین چھ ماشہ ساتھ سپیدہ تخم مرغ کے شیاف بناوین **شیاف** اخضر کہ خارش و ڈھلکہ و بامھنی و ناخنہ و پھلی کو مجرب و مفید ہے ص زنگار مصفی تین ماشہ کہربا چاندی کی گوند ببول قلعی کشتہ کف دریا دو دو ماشہ ساتھ پانی سداب تازہ کے شیاف بناوین **فصل** اکتھوین شیافہاے دافع امراض کان و ناک مین **شیاف** کہ بہرے پن کو دفع کرے ص مرزنجوش خردل سداب شحم حنظل بوزن مساوی ساتھ زہرہ گوسفند کے شیاف بنا رکھین روغن بادام تلخ مین گھسکے کان مین ٹپکاوین **شیاف** کہ بہرے پن و آواز کان کو دفع کرے ص بورہ ارمنی حب الغار جند بیدستر تین تین ماشہ خردل چار ماشہ انجیر ایک عدد شراب کہنہ خواہ زہرہ گاؤ مین شیاف بناوین **شیاف** کہ ضعف و ثقل سماعت کو دفع کرے ص شحم حنظل افسنتین جند بیدستر زراوند مدحرج تین تین ماشہ نمک سجی چھ ماشہ ساتھ پانی سداب خواہ شبت تازہ کے شیاف بناوین **شیاف** کہ نکسیر کو توڑتی ہے ص کندش سونٹھ نمک سجی زنگار بوزن مساوی ساتھ زہرہ گوسفند کے شیاف باریک بناوین وقت ضرورت کے ناک مین رکھین **شیاف** کہ بواسیر ناک کو دفع کرے ص انار خام کو جلکر اوسکا پانی شیشے کے برتن مین دھوپ مین رکھین جب گاڑھا ہو جاوے تب شیشے کے دستہ سے کھرل کرکے شیاف بناوین بوقت حاجت ناک مین رکھین **ایضاً** گلنار مازو پوست انار رسوت بوزن برابر زہرہ گوسفند مین شیاف بناوین **فصل** باٹھوین شیافہاے امراض احلیل مین **شیاف** کہ قرحہ سوزاک کو صاف و مندمل کرے ص توتیا سغسول دو ماشہ مردار سنگ ایک ماشہ سنگ بصری لوبان پھٹکری بریان مازو گلنار اقاقیا دم الاخوین غنچہ انار ترش کاغذ سوختہ گوند ببول تین تین ماشہ بدستور شیاف بناوین **ایضاً** کہ قرحہ سوزاک کو دفع کرے

شیاف احمر کہ نافع پھلی و آشوب چشم ہے
شیاف اخضر کہ نافع ناخنہ و پھلی ہے
شیاف کہ دافع بہرا پن ہے
شیاف نافع بہرا پن و آواز گوش
شیاف نافع ضعف و ثقل سماعت
شیاف کہ نکسیر کو توڑتی ہے
شیاف دافع بواسیر بینی
شیاف منقی و مدمل قرحہ سوزاک

دانہ الائچی سفید تین ماشے توتیا مغسول مردار سنگ ایک ایک ماشہ گیرو گوالری دو ماشہ بدستور شیاف بناوین **ایضاً** سنگ جراحت گیرو لوبان تین تین ماشے برگ خبازی برگ مغیلاں دو دو ماشہ آب برگ نیب بن شیاف بناوین **فصل ترسٹھوین شافہ** مین **شافہ** کہ قولنج کو دفع کرے **ص** حنظل تخم کرفس بادیان نمک ہندی سداب بوزن مساوی شیاف بنا رکھیں وقت حاجت کے روغن بیدانجیر سے چکنا کر کے استعمال کرین **ایضاً ص** برگ بنفشہ سناے مکی تخم خطمی ایک ایک تولہ تھوڑے پانی مین جوش کر کے ملکے چھان لین اور اسمین چار چار تولہ مغز خیار شنبر ملکے صاف کرین و شہد خالص ایکتولہ نمک ہندی چھ ماشہ ملا کے آگ پر گاڑھا کر کے شیاف بنا رکھیں بوقت حاجت کسی روغن سے چکنا کر کے استعمال کرین **ایضاً** گل بنفشہ نو ماشہ سقمونیا تربد سفید چھ چھ ماشہ نمک ہندی دو ماشہ صابون ایک تولہ بدستور شیاف بناوین و روغن گل سے چکنا کر کے استعمال کرین **شیاف** واسطے دفع قبض و سدہ لڑکون کے سفید ہو **ص** پودینہ تربد سفید بیگنی جو ہے کی چھ چھ ماشہ آب خیار شنبر دو تولہ بدستور شیاف بنا رکھیں وقت حاجت کے روغن گل سے چرب کر کے استعمال کرین **ایضاً** پشک موش شکر سرخ ایک ایک تولہ نمک ہندی تین ماشہ آگ پر پکا کے شیاف بنا رکھیں روغن گل سے چرب کر کے استعمال کرین

شافہ دافع قولنج

شیاف دافع قبض و سدہ طفلان

حرف الصاد المہملۃ

فصل چونسٹھوین صبغ ہاے امراض جلدی مین **صبغ** آنکھ کو سیاہ و سرمگین و خوشرنگ کرے **ص** سرمہ تین ماشے دود چراغ دو ماشے مازو ایک ماشہ سرمہ کر کے لگاوین **صبغ** کہ داغ برص کو رنگین کرے **ص** مازو برگ حناے تازہ پوست بیخ انجیر برابر گھس کے لگاوین **ایضاً** پوست درخت انجیر کو سرکہ مین گھسکے لگاوین **صبغ** دافع داغ بہق **ص** کندش قسط ملح نفطی تین تین ماشہ تخم ترب نو ماشہ سرکہ کہنہ مین پیسکے لگاوین **صبغ** کہ نشان آبلہ و زخمون کو ہم رنگ بدن کے کرے **ص** مردار سنگ تین ماشہ بیخ نے چھ ماشے

صبغ آنکھ کو سیاہ و خوشرنگ کرے

صبغ کہ داغ برص کو رنگین کرے

صبغ دافع داغ بہق

صبغ کہ نشان آبلہ و زخم

آرد نخود آرد برنج استخوان کہنہ تخم خربزہ قسط تلخ تخم السی ایک ایک تولہ پانی مین پیسکے لگاوین
وآب گرم سے دہو دین

حرف الضاد المعجمۃ

فصل بیسیوین ضمادہای دافع امراض سر ودماغ **ضماد** کہ دردسر شدید الحرارت کو دفع کرے ص گل نیلوفر کشنیز برگ بنفشہ پوست خشخاش گلاب مین پیسکے چار رتی افیون اور ایک ماشہ کافور ملا کر لگاوین **ضماد** دافع دردسر سوداوی مزمن ص سداب مرزنجوش تین تین ماشہ آرد جو ایک تولہ پانی مین پیسکے سرکہ و روغن گل ملا کے لگاوین **ضماد** کہ دردسر گرم کو دفع کرے ص برگ خرفہ تراشۂ کدو گل خطمی صندل سفید ہر ایک مساوی عرق گلاب مین پیسکے تہوڑا سرکہ ملا کے لگاوین **ضماد** دافع دردسر کہ ضربے سقطے سے ہووے ص گل ارمنی صبر دس دس ماشہ مونگ دہبڑ انس گل سرخ تولہ تولہ بہر گل بابونہ جرائیۃ دو دو ماشہ بدستور ضماد کرین اور اگر ورم ہو گیا ہو تو غلہ مسور و گلنار دو دو ماشہ اضافہ کرین **ضماد** واسطے سدر و دوار کے مفید ہے ص سنبل الطیب تین تین ماشہ صبر مرمکی گل سرخ چہ چہ ماشے سفوف کر کے موم زرد ایک تولہ روغن زرد تین تولہ مین گرم کر کے ملا دین اور پیشانی اور سر پر ضماد کرین **ضماد** کہ واسطے سرسام اطفال کو مفید ہے ص گل بنفشہ چار ماشے عود ہندی صلیب اسطوخودوس تین تین ماشہ دال مونگ مقشر دو تولہ زردہ تخم مرغ ایک عدد تہوڑا شیر دختران ملا کر ضماد کرین خواہ کپڑے پر لگا کے سر پر رکھین **ضماد** کہ سرسام بلغمی کو مفید ہو ص اسطوخودوس عود ہندی عود صلیب چہ چہ ماشہ آرد مونگ چار تولہ زردہ تخم مرغ ایک عدد باہم ملا کر ساتھ پانی و روغن گل کے ضماد کرین **ضماد** واسطے سکتہ و سبات کے مفید ہو ص خردل شیطرج ہندی مرزنجوش نو نو ماشے شیر گاو مین پیسکے شیر گرم ضماد کرین **ضماد** واسطے سکتہ کے مفید ہو ص گل سوسن شونیز خردل چہ چہ ماشہ جوزبوا قرنفل عاقرقرحا دو دو ماشہ شیر گاو مین پیسکے ضماد کرین **فصل چہیاسٹہوین** ا ضمدہ

ضماد دافع دردسر شدید الحرارت
ضماد دافع دردسر سوداوی مزمن
ضماد دافع دردسر گرم
ضماد دافع دردسر ضربہ و سقطہ
ضماد نافع سدر و دوار
ضماد نافع سرسام اطفال
ضماد کہ سرسام بلغمی کو مفید ہے
ضماد نافع سکتہ و سبات
ضماد دافع سکتہ

دافع امراض گوش و بینی ضماد کہ ورم سخت کان کو مفید ہو ص آرد باقلا آرد جو ایک ایک تولہ
گل بابونہ گل بنفشہ گل خطمی چھ چھ ماشہ اکلیل الملک تین ماشہ روغن بنفشہ ملاکر ضماد کرین ضماد
کہ کان کی اکھڑی اور کچل جائے کو مفید ہو ص سماق اقاقیا ریتنج چھ چھ ماشہ برگ حناے تازہ
بدستور ضماد کرین ایضاً خشک ڈلی جو کی پانی مین تر کرکے شیر گاو اور روغن گل
ملاکر ضماد کہ پیشانی پر لگانے سے نکسیر کو بند کرے ص گلنار گل ارمنی برگ مغیل تازہ ایک
ایک تولہ کافور تین ماشہ افیون ایک ماشہ بدستور ضماد کرین ایضاً مازو سبز پوست انار
گل سرخ چھ چھ ماشہ آرد عدس ایک تولہ رسوت تین ماشہ عرق گلاب مین پیسکر سر اور پیشانی پر لگادین

فصل سترھوین ضمادہای دافع امراض دہان و حلق ضماد کہ درد دانت کو دفع کرے ص
بیج بھٹکٹائی کالی زیری پیسکے رخسارہ پر لگادین ایضاً بھٹکٹائی کا پھل اجوائن دیسی
عقرقرحا پیسکی لگادین ضماد دافع خناق ص تخم میتھی تخم السی تخم سوا گل بابونہ مرزنجوش
ظاہر حلق پر لگادین ایضاً آرد جو برگ مکو ایک ایک تولہ بارتنگ تخم السی چھ چھ ماشہ
عرق گلاب مین پیسکی تھوڑا سرکہ ملاکے لگادین ضماد کہ خنازیر کو مفید ہو ص مر صبر دونا نخواہ
دو دو ماشہ زراوند مدحرج فلفل سیاہ تخم میتھی ایک ایک ماشہ تخم السی تین ماشہ ضماد کرین
ایضاً خردل زبد البحر ریوند مقل بوزن مساوی لگادین ایضاً کہ تحلیل خنازیر کرے ص
زراوند کندش چھ چھ ماشہ اشق تین ماشہ شہد ایک تولہ ایضاً دافع خناق کہ گردن کی ہڈیان
اوکھڑنے و بیٹھ جانے سے ہوا ہو دے ص مازو پوست انار بھٹوا بنس اقاقیا ساتھ لعاب
اسبغول کے حلق و گردن پر لگادین

فصل اٹھارھوین ضماد دافع ذات الجنب و شوصہ
و ذات الریہ و سوء تنفس مین ضماد کہ تسکین درد ذات الجنب کو کرے ص آرد جو دو تولہ
اکلیل الملک پوست خشخاش ایک ایک تولہ پانی مین پیسکی ضماد کرین ضماد کہ ذات الجنب
و ذات الریہ کی درد کو ساکن کرے و مواد کو تحلیل یا پختہ کرکے دفع کرے ص برگ بنفشہ
تخم خطمی گل بابونہ چھ چھ ماشے آرد باقلا تخم السی ایک ایک تولہ اصل السوس

ضماد دافع ورم سخت گوش
ضماد کہ نافع کان کی اکھڑنے و کچل جانیکو ہے
ضماد کہ پیشانی پر لگانے سے نکسیر کو بند کرے
ضماد نافع درد دانت
ضماد دافع خناق
ضماد نافع خنازیر
ضماد مسکن درد ذات الجنب
ضماد مسکن درد ذات الریہ

ڈیڑھ تولہ روغن گل ملاکی ضماد کہ رگ سینہ کی پھٹنے کو مفید ہے جسکے سبب سے تھوک
مین خون نکلتا ہووے ص پوست انار ماز و گلنار گل ارمنی چھ چھ ماشے آرد جو ڈیڑھ
تولہ **ایضاً** مسکن درد ذات الجنب ص آرد باقلا آرد جو آرد گندم ایک ایک تولہ
برگ بنفشہ تخم خطمی مغز تخم کدوی شیرین چھ چھ ماشہ لعاب بہدانہ تین ماشہ کے ساتھ
ضماد کہ تنگی دم کو مفید ہو ص آب کدو یا آب خیار یا آب برگ اسبغول یا آب جو مین السی کا
لعاب نکال کی کپڑا تر کر کی سینے پر رکھین خواہ انہین چیزون کو پیس کے **ایضاً** مصطگی سنبل الطیب ا
صبر چرائتہ بوزن مساوی **فصل انہتروین** ضمادات دافع امراض پستان مین **ضماد**
کہ ورم پستان کو دفع کری ص چوب بیدہ پوست درخت کچنال تخم میتھی پوست
بیخ اذخر گیرو بوزن مساوی ضماد کرین **ایضاً** برگ کاگ خنگی برگ مکوگیرو بوزن مساوی
ایضاً آرد جو آرد باقلا آرد عدس گل سرخ مساوی ضماد کرین **ضماد** کہ شیر زیادہ کری
ص تخم بادروج آرد باقلا مساوی **ضماد** کہ شیر غلیظ کو اصلاح دیوے
- ص برگ بنفشہ تخم خطمی جو مقشر مساوی ضماد کرین **ضماد** کہ شیر غلیظ و منجمد کو اصلاح دیوے
ص لونگ دو ماشہ و برنج ساٹھی دو تولہ شیر گرم ضماد کرین **ضماد** کہ ورم و درد پستان کو جو بسبب
کثرت شیر کی ہو دفع کری ص آرد باقلا آرد عدس مقشر آرد جو ایک ایک تولہ
تخم کاہو گل سرخ گل ارمنی پانچ پانچ ماشہ روغن گل و سرکہ ملاکی **ضماد** کہ خون
منجمد کو اصلاح دیوی ص کنجد باقلا نان خشک گندم بوزن مساوی قدرے روغن گاؤ و شہد
ملاکی ضماد کرین **ضماد** کہ فلگی پستان کو دفع کرے ص مونگ و مویز مع دانہ بوزن
مساوی ضماد کرین **ضماد** کہ دبیلۂ پستان کو پختہ و شکست کری ص تخم کتان و کنجد سیاہ و بیخ
سوسن سرگین زر سرگین کبوتر مساوی قدرے روغن گل ملاکے ضماد کرین **فصل ستروین**
ضمادات دافع امراض معدہ و امعاء و طحال و جگر مین **ضماد** کہ اورام سخت معدہ کو
دفع کرے ص افسنتین سنبل الطیب ایک ایک تولہ صبر زعفران تین تین ماشہ

ضماد نافع رگ سینۂ شکستہ

ضماد کہ تنگی دم کو مفید ہے

ضماد دافع ورم پستان

ضماد کہ شیر زیادہ کرے

ضماد کہ شیر غلیظ کو اصلاح دے

ضماد کہ شیر منجمد کو اصلاح دے

ضماد نافع ورم و درد پستان

ضماد کہ خون منجمد کو اصلاح دے

ضماد دافع فلگی پستان

ضماد کہ دبیلۂ پستان کو پختہ و شکست کرے

ضماد دافع اورام سخت معدہ

شیر گرم ضماد کرین ضماد کہ ورم کہنہ معدہ کو تحلیل کرے ص تخم کرب سنبل الطیب
ایک ایک تولہ سعد کوفی مصطگی اذخر چھ چھ ماشہ اشق تین ماشہ نیم گرم ایضاً تخم میتھی تخم السی
تخم خطمی گل بابونہ سعد کوفی ایک ایک تولہ پھٹکری مصطگی چھ چھ ماشہ تھوڑا روغن
گل ملاکر ضماد کہ ورم طحال کو دفع کرے ص انجیر ولایتی سرکہ مین پیسکے شیر گرم لگادین
ایضاً خاکستر چوب انگور خاکستر پشک بز مساوی سرکہ مین پیسکر شیر گرم ضماد کرین نفخ و
صلابت طحال کو دفع کرے ص سداب پودینہ نو نو ماشہ بورہ ارمنی تین تین ماشہ سرکۂ کہنہ
ملاکر ضماد کہ ورم وسختی طحال کو دفع کرے ص حلبہ بابونہ سنبل الطیب ایک ایک تولہ انجیر
زرد یا نجعدہ سرکہ مین پیسکے ایضاً مقل چھ ماشہ آرد باقلا آرد کرسنا ایک ایک تولہ تخم کتان
سنبل الطیب اکلیل الملک نو نو ماشہ سرکہ مین پیسکر تھوڑا روغن بابونہ ملاکر لگادین
ضماد دافع ورم کبد ص فوفل گل سرخ صندل سفید جرائتہ چار چار ماشہ آرد جو ایک
تولہ کافور تین ماشہ سرکہ مین ملاکر لگادین ضماد کہ ضعف جگر کو مفید ہو ص حضض مکی
تخم کشنیز عود ہندی سماق چھ چھ ماشہ مصطگی چار ماشہ زعفران دو ماشہ قدرے
روغن بابونہ ملاکر ضماد کہ ورم گرم جگر کو مفید ہو ص کافور مصطگی رومی سافج ہندی
تین تین ماشہ گل ارمنی گل بنفشہ گل سرخ صندل سفید کشنیز خشک چھ چھ ماشہ ضماد
کہ ورم سرد جگر کو مفید ہو ص سنبل الطیب اسارون سلیخہ پانچ پانچ ماشہ زعفران
دو ماشہ روغن بابونہ ملاکر لگادین ضماد کہ اسہال کو بند کرے ص برگ مغیلان برگ
انار برگ کنار گل ارمنی مساوی ضماد کرین ایضاً آملہ کشنیز خشک بیخ نیلوفر
گیرو بوزن مساوی ضماد کرین ایضاً حضض مکی پوست انار شیرین اقاقیا گل سپیاری
گل پستہ گلنار مازو بوزن مساوی ضماد کرین ایضاً واسطے دفع اسہال اطفال کی مفید ہے
ص زرورد سماق کشنیز خشک تین تین ماشہ پوست انار پانچ ماشہ ضماد کرین فصل
الکہتر دین ضمادات دافع امراض مقعد مین ضماد کہ ورم مقعد کو دفع کرے

ضماد محلل اورام کہنہ
ضماد دافع ورم طحال
ضماد دافع نفخ طحال
ضماد دافع اورام وسختی طحال
ضماد دافع ورم کبد
ضماد نافع ضعف جگر
ضماد نافع ورم جگر حار
ضماد نافع ورم جگر بارد
ضماد حبس کنندہ اسہال
ضماد دافع ورم مقعد

ص عدس مقشر پوست انار جفت بلوط قدری روغن گل ملاکر ضماد کرین ایضاً واسطے
خروج و ورم مقعد کے مفید ہو ص برگ بھانگ ایک تولہ برگ بنفشہ چار ماشہ ضماد
کرین ایضاً اقاقیا رسوت دم الاخوین مساوی الوزن ضماد کہ درد و ورم بواسیر کی
کو مفید ہے ص تخم گندنا تخم السی و مقل ازرق بوزن مساوی تھوڑا روغن گاؤ ملاکر
لگاوین ایضاً مغز ساق گاؤ و مغز تخم آلو زردہ تخم مرغ روغن گاؤ جیمین
پیاز گاوداغ دیا ہو وہ ملاکر ضماد کرین ایضاً پیاز روغن گاؤ مین بریان کرکے ضماد کرین
ایضاً اقاقیا دم الاخوین کشتہ ارزیز تین تین ماشہ مقل چھ ماشہ افیون ایک ماشہ
قدری روغن گل ملاکر ایضاً مغز تخم زیب مغز تخم بکائن رسوت بوزن مساوی ایضاً
مغز تخم کدوی شیرین مغز تخم آلو شیر گاؤ مین پیسکے ضماد کرین فصل بہتروین ضمادات
دافع امراض گردہ و مثانہ مین ضماد کہ ورم گردہ کو دفع کری ص گل بنفشہ برگ کشنیز
تازہ برگ خرفہ چھ چھ ماشہ مغز بادام شیرین پانچ دانہ عرق گلاب مین پیسکر لگاوین
ایضاً کہ ورم سخت گردہ کو تحلیل کرے ص اشق مقل مصطگی رومی تین تین ماشہ
پانی مین گھول کر تخم خطمی تخم خبازی تخم شبت گل بابونہ تخم کتان میتھی پانچ پانچ ماشہ
سفوف کرکے ملاکر ضماد کرین ایضاً محلل ورم گردہ ص آرد گندم برگ شبت گل بابونہ
اصل السوس چھ چھ ماشہ شہد ڈیڑھ تولہ شیر گاؤ مین پکا کے لگاوین ضماد کہ خون منجمد
مثانہ کو اور ادرار بول بھی دفع کری ص تخم کرفس نانخواہ سات سات ماشہ برگ جوا لسنہ
اکلیل الملک گل بابونہ پانچ پانچ ماشہ آرد جو آرد نخود سیاہ ایک ایک تولہ آب برگ کرنب مین
پیسکے ضماد کہ بستگی بول کو جو بسبب انجماد دم کے مثانہ مین ہو مفید ہو ص برگ چقندر تخم
میتھی گل بابونہ اکلیل الملک آرد باقلا آرد نخود پیاز بریان بوزن مساوی تھوڑا حنظل کبوترو
روغن سرشف ملاکر ضماد کرین ضماد دافع بول الدم ص اقاقیا صندلین سماق کشنیز
خشک بوزن مساوی ایضاً تخم خرفہ گل سرخ گلنار چھ چھ ماشہ مازو صمغ عربی

ضماد دافع درد و ورم بواسیر

ضماد کہ ورم گردہ کو دفع کرے

ضماد دافع خون منجمد مثانہ از عورات

ضماد کہ بستگی بول کو جو بسبب انجماد دم کے مثانہ مین ہو نافع ہے

ضماد دافع بول الدم

سماق تین تین ماشہ ایضاً دافع بول الدم کہ بسبب جراحت کے ہو وے ص گل ارمنی صبر
حضض اقاقیا مساوی بعرق گلاب وقدرے سرکہ ضماد کہ سنگ مثانہ وسنگ گردہ کو توڑے
دو دفع کرے ص برگ خار برسیاؤشان برگ تلسی برگ پودینہ برگ سویا آب بادیان ایضاً
بیضۂ سنگ پشت تخم ہلیون سنگ جراحت بیس کے روغن عقرب ملا کے ایضاً
عقرب سوختہ حجر الیہود بیضہ سنگ پشت آلو بالو گل سرخ بوزن مساوی ساتھ آب
شبت کے ضماد نافع ورم گرم مثانہ ص تخم سویا گل بابونہ تخم خطمی مساوی ضماد کہ ورم
بارد گردہ کو دفع کرے ص خستہ خرما ایک تولہ تخم خطمی ایک تولہ سرکہ مین ایضاً آرد
باقلا مویز زیرہ سیاہ نو نو ماشہ خاکستر تخم خرما تخم خطمی تین تین ماشہ فصل تیتر وین
ضمادات نافع امراض خصیہ وقضیب مین ضماد نافع اورام بارد خصیہ وقضیب ص
تخم سینبھالو آرد نخود آرد باقلا نو نو ماشہ مویز منقی بیندرہ عدد روغن سرشف وچربی بط قدرے
قدرے ضماد نافع فتق ص سعد کوفی بورہ ارمنی زیرہ سیاہ تخم حنظل صبر دو دو ماشہ
آرد جو پشک گوسفند گل ارمنی چار چار ماشہ سرکہ خالص ملا کے ایضاً دافع فتق
ص حرو بخی پوست انار سازو گلنار کندر تین تین ماشہ آرد باقلا ایک تولہ شراب
کہنہ مین پیسکے ایضاً سعد رصمغ عربی مرزنجوش مازو اقاقیا کندر مساوی شراب کہنہ مین پیسکے
ضماد کہ پیچیدگی قضیب کو دفع کرے ص مر دس ماشہ قسط تلخ ریوند چینی افیون تین تین
ماشہ مصطگی پشکری پانچ پانچ ماشے زعفران ایک ماشہ شراب انگوری
مین پیسکے تھوڑا روغن ملا کے ضماد کہ کوفتگی قضیب کو دفع کرے ص سنگ جبر
مر مکی اقاقیا مساوی الوزن باریک کرکے سفیدہ تخم مرغ مین ملا کے ضماد کہ بعد رفع اعوجاج
کے قضیب کو مستحکم کرے ص حضض مکی اقاقیا گلنار مازو بریان تخم و پوست انار شیرین
بوزن مساوی ساتھ لعاب اسبغول کے ایضاً پوست انار شیرین سون ماکھی
بریان گل مختوم مساوی واگر بعد رفع اعوجاج کے خلش ریم کی احلیل مین ہو وے

ضماد کہ سنگ گردہ وسنگ مثانہ کو توڑے
ضماد نافع ورم حار مثانہ
ضماد ودافع ورم بارد گردہ
ضماد نافع اورام بارد خصیہ وقضیب
ضماد نافع فتق
ضماد کہ پیچیدگی قضیب کو دفع کرے
ضماد دافع کوفتگی قضیب
ضماد کہ بعد رفع اعوجاج کے قضیب کو مستحکم کرے

روغن گل ملا کر ایکبار ضماد کرین **فصل چوہترویں** اضمدہ دافع امراض رحم **ضماد** دافع درد رحم **ص**
زعفران افیون بزرالبنج دو دو ماشہ تخم خطمی تخم السی پانچ پانچ ماشہ زردہ تخم مرغ نیم
برشت یکعدد **ضماد** کہ سیلان خون حیض کو جو بسبب کشادگی دہن عروق کے ہو دفع کرے
ص گلنار جفت بلوط برگ مغیلان برگ کنار تخم خرنوب برابر وزن مساوی **ایضاً** عدس مقشر
پوست انار ترش برگ کنار مازو سبز مساوی **ایضاً** گل سرخ سماق گلنار عدس مقشر پوست
انار ترش برگ تخم خرنوب چار چار ماشہ بھانگ چھ ماشہ **ضماد** کہ اجرای خون حیض زن حاملہ کو
مسدود کرے **ص** مازو پوست انار گلنار مساوی کہ خالص ملا کر **ضماد** کرین اختناق رحم
کو دفع کرے **ص** مصطگی رومی سنبل الطیب چھ چھ ماشہ اکلیل الملک میلیحہ شونیز پودینہ کوہی
تخم شبت نو نو ماشہ روغن بابونہ ملا کر زہار سے تا ناف و کمر سے تا نشست گاہ ضماد
کرین **ضماد** کہ جنین میت کو خارج کرے **ص** شحم حنظل برگ سداب قسط تلخ بوزن
مساوی ساتھ زہرہ گاو خواہ شہد کے زہار و ناف پر ضماد کرین **ضماد** کہ تولد جنین کو آسان کرے
ص تخم السی ایک تولہ پیسکے شہد ایک تولہ قدرے روغن کنجد سیاہ ملا کے شیر گرم زہار
و ناف پر ضماد کرین **فصل پچہترویں** ضمادات دافع اورام و دمل یعنی پھوڑا ظاہر
جسم مین **ضماد** کہ ابتدای ورام مین مواد کو بازگشت کرے **ص** صندل سرخ گیرو رسوت
مساوی باب کشنیز یا آب عنب الثعلب ضماد کرین **ایضاً** گل سرخ عدس مقشر گلنار
پوست انار آرد جو مساوی الوزن قدرے روغن گل ملا کر **ضماد** محلل اورام **ص** گل خطمی گل بنفشہ
آرد عدس مساوی قدرے سرکہ خالص ملا کر **ایضاً** گل خطمی سفید گل بنفشہ پانچ پانچ ماشہ
کشنیز خشک گل بابونہ اکلیل الملک چھ چھ ماشہ **ایضاً** موم زرد چھ ماشہ ڈیڑھ تولہ روغن
سرشف مین گداخت کر کے مویز منقے ایک تولہ انجیر زرد دو عدد پیسکے ملا دین **ایضاً** گل بابونہ
اکلیل الملک تخم السی تخم میتھی آرد جو مساوی تھوڑا روغن گل ملا کر **ضماد** کہ اورام کو پکا دے
اور توڑ دے **ص** پیخال کبوتر پیخال مرغ چھ چھ ماشے خمیر نان گندم ڈیڑھ تولہ نمک سانبھر

ضماد دافع درد رحم
ضماد دافع سیلان خون حیض کہ بسبب کشادگی عروق کے ہو
ضماد مانع اجرای خون حیض زن حاملہ
ضماد دافع اختناق رحم
ضماد کہ جنین میت کو خارج کرے
ضماد کہ تولد جنین کو آسان کرے
ضماد کہ ابتدای اورام مین مواد کو بازگشت کرے
ضماد محلل اورام
ضماد کہ اورام کو پکا دے اور توڑ دے

دو ماشے پکا کے لگاوین ایضاً گہ پھوڑے کو توڑے ص نیلاتھوتھا تین ماشے تخم ہالم ہلدی ٹال
چھ چھ ماشہ گوگل قند سیاہ ایک ایک تولہ ایضاً دمل کو تحلیل کرے خواہ پکا کے توڑ دیوے
ص آرد مونگ آرد جو آرد لوبیا آرد مسور گیرو ہموزن سرکہ و پانی مین خمیر کر کے نیم گرم
لگاوین فصل چہتروین ضمادات دافع ضربہ وسقطہ مین ضماد کہ ورم و درد ضربہ و
سقطہ کو دفع کرے ص چوب میدہ آملہ آنبہ ہلدی تخم پنواڑ صابون خشت کہنہ پوترن
ساوی قدرے روغن کنجد سیاہ ملا کے شیر گرم ضماد کرین ایضاً سنات گل ارمنی تخم
خطمی بانش صبر ایک ایک تولہ زرد چوب شبت کندر چھ چھ ماشہ ضماد کہ ضربہ وسقطہ
و کوفتگی کو دفع کرے ص گل ارمنی چھ ماشہ برگ جھاؤ برگ گلاب برگ کنار نو نو ماشے
ایضاً زرد چوب برگ تازہ مکو گل ارمنی ایک ایک تولہ کھلی سرسون کی دو تولہ ایضاً
گل ارمنی کنجد سیاہ آنبہ ہلدی تخم ہالم مساوی الوزن قدرے روغن السی ملا کے ضماد کہ آثار
ضربہ وسقطہ کی سیاہی کو دفع کرے ص آرد سٹ آرد نخود چھڑیلہ تخم السی نو نو ماشہ شکر
سرخ چھ ماشہ مرچ سیاہ تین ماشہ قدرے سرکہ ملا کے فصل ستتروین ضمادات
متفرقہ مین ضماد کہ نتوسرہ یعنی بونڈر کو دفع کرے ص آرد باقلا مازو پوست انار ترش
ایک ایک تولہ پانی مین پیسکے پوست بیضۂ تخم مرغ ایک تولہ سفوف کر کے ملاوین
ضماد کہ سرطان کو دفع کرے ص آرد عدس پوست انار گیرو قند سیاہ کہنہ مساوی
الوزن گرداگرد سرطان کے لگاوین اور اُس کے اوپر کوئی دوا نہ لگاوین کہ یہی
تدبیر مفید ہے ضماد کہ بدن کو خوش رنگ کرے ص آرد باقلا آرد نخود چھڑیلہ
مغز بادام مقشر تخم خربزہ تخم خیارین کف دریا مساوی شیر گاؤ تازہ مین پیسکے تھوڑا شہد
ملا کے ضماد کرین اور ایک پہر کے بعد دھووین ضماد کہ کانٹا وغیرہ جو بدن مین چبھا ہو دے
نکالے ص بیخ نرزا و نرمدحرج ہموزن پیسکے شہد ملا کے ضماد کرین ضماد کہ قبل
ورم کرنے زخم سانپ کے کاٹنے کا زہر جذب کر لیوے ص اصل پیاز

ضماد دافع ورم درد ضربہ وسقطہ

ضماد دافع دکوفتگی

ضماد دافع سیاہی آثار ضربہ وسقطہ

ضماد دافع نتوسرہ

ضماد دافع سرطان

ضماد کہ بدن کو خوش رنگ کرے

ضماد برآمدن درون خار وغیرہ ضماد جاذب سم افعی

ضماد کہ پھوڑی کو کاٹ کے گرا دے

عنصل حب الغار آرد مٹر مساوی شراب مین پیسکے ایضاً گنجشک خواہ مرغ خانگی زندہ پہاڑ کے باندھ دیوین ایضاً گوشت افعی و گوشت مینڈک برابر پیسکے لگاوین ضماد کہ پھوڑی کو کاٹ کی گرا دیوے ص بیجی چونہ سیندور پنجال گنجشک صابون مساوی ضماد کرین ایضاً ہر گاہ پھوڑی دفع ہو جاوے روغن گاؤ لگا کر برگ بیل نرم باندھین کہ آیندہ کو برآمد نہووے ایضاً پھوڑی پر کھنی لگا کر صابون و بجی و چونہ و نوشادر شنگرف مساوی پیسکے روغن کنجد ملا کے لگاوین جب سب مواد دفع ہو جاوے اندمال زخم کی تدبیر کرین

ضماد کہ اورام و درد مفاصل و فرج و کنج ران و قضیب و تمامی اعضا کو دفع کرے

ایضاً افیون سم الفار نیلہ تھوتھا بجی دو دہ چھپر مساوی ایضاً کہ نہایت مفید ہے ص چوک نیلہ تھوتھا بجی نوشادر روغن کنجد سیاہ ملا کی ضماد اسبغول کہ اورام گرم و درد مفاصل و فرج و کنج ران و قضیب و تمام اعضا کو مجربات سے ہے ص اسبغول مسلم و پوست کوکنار سفوف کر کے مساوی یکجا دین و تھوڑا روغن گل ملا کے لگاوین

حرف الطاء المطبقہ

فائدہ طلا کو مسوح بھی کہتے ہین

طلا کہ شقیقہ بارد کو دفع کرے

طلا دافع شقیقہ حار

طلا دافع صداع گرم

طلا دافع صداع مزمن بارد

فصل اٹھترویں طلاہای دافع امراض سر تا بگردن طلا کہ شقیقۂ بارد کو دفع کرے ص خردل ایک جز مویز دو جز سرکہ مین پیسکے لگاوین ایضاً زنجبیل دو ماشہ برگ خاے تازہ ایک تولہ پانی مین پیسکے ایضاً زعفران ایک ماشہ مغز بادام شیرین دو عدد برگ مرزنجوش تازہ مین پیسکے طلا دافع شقیقۂ حار ص صندل سفید گل نیلوفر ایک ایک تولہ کافور دو ماشہ ایضاً گل مکہ دوب تازہ کسیرو بوزن مساوی پانی مین پیسکے ایضاً گل سرخ تخم کاہو تخم کاسنی جو کشنیز خشک پانی مین پیسکے طلا کہ صداع گرم کو دفع کرے ص صندلین گل نیلوفر گل سرخ تخم کاہو تین تین ماشہ افیون چار سرخ زعفران دو سرخ عرق گلاب مین گھس کے ایضاً کشنیز خشک جو صندل سفید مساوی ایضاً برگ بنفشہ گل نیلوفر مساوی پانی مین پیسکے تھوڑا روغن گل ملا کے طلا دافع صداع

صداع مزمن بارد ص گندھک آنولہ سار ایک جز بورہ ارمنی دو جز پانی مین پیس کے
لگاوین ایضاً صندل سفید ایکتولہ قرنفل پانچعدد ایضاً نانخواہ اجودھ تخم سویا ساوی
طلا کہ ہر قسم کے درد کو بوجہ تخدیر کے مفید ہے ص پوست خشخاش بزرالبنج ایک ایک تولہ
افیون دو ماشے پانیمین گھسکے طلا کرآشوب چشم کو مفید ہے ص لودھ پٹھانی رسوت
پھٹکری بریان پوست ہلیلۂ زرد تین تین ماشہ افیون ایک ماشہ پانیمین گھس کے
نیم گرم لگاوین طلا موسوم بہ گھرا آشوب چشم اطفال کو دفع کرے ص پھٹکری بریان رسوت
چار چار ماشے کتھہ سفید افیون ایک ایک ماشہ باریک کرکے عرق لیموے کاغذی ڈال
کے آٹھ پہر دستہ آہنی سے ظرف آہنی مین رگڑ کر استعمال کرین طلا کہ ورم پس گوش کو
دفع کرے ص صندل سرخ سپیاری صبز بوزن مساوی عرق گلاب مین گھس کے
طلا کہ ثبور بینی کو اندر ہو خواہ باہر ہو دفع کرے ص گل ارمنی دو ماشہ کافور زعفران ایک
ایک ماشہ روغن گل مین گھس کے ایضاً مردار سنگ سرکے مین گھس کے لگاوین
طلا کہ سعفۂ سر یعنی گنج کو دفع کرے ص کمیلہ سہاگہ خام ہلدی بکچی بوزن مساوی روغن
سرسون مین کھرل کرکے ایضاً نیلہ تھوتھا بریان مرچ سیاہ چھ چھ ماشے مسور سوختہ
آملہ پوست انار پوست خشخاش کمیلہ بوزن مساوی سفوف کرکے روغن سرسون
ملاکے ایضاً تنور کی ٹھیکری جلاکر ایک تولہ نمک چھ ماشے سرکے مین گھس کے ایضاً
مردار سنگ پوست انار ترش مازو بوزن مساوی سرکے مین پیسکے ایضاً صابون
عرق گلاب مین گھول کے طلا کہ سعفۂ اطفال کو دفع کرے ص مغز بادام سوختہ برگ
خار خشک کمیلا ایک ایک تولہ مردار سنگ چھ ماشے توتیا مرچ سیاہ ایک ایک ماشہ
سفوف کرکے سرکے مین گھول کے تھوڑا روغن گل ملاکر لگاوین طلا کہ سبوسۂ سر کو دفع کرے
ص بادام تلخ کو عصارۂ برگ کنجد خواہ سرکے مین گھس کے ایضاً آرد میتھی آرد نخود سرکے مین
گھولکر طلا کہ کلف چہرہ یعنی جھائین کو دفع کرے ص گل سرخ آرد عدس موز مساوی

طلا نافع درد کہ از ہر قسم باشد بجہت تخدیر
طلا نافع آشوب چشم
طلا دافع آشوب چشم اطفال موسوم بہ گھرا
طلا دافع ورم پس گوش
طلا دافع ثبور بینی
طلا سعفۂ سر یعنی گنج کو دفع کرے
طلا دافع سعفۂ اطفال
طلا دافع سبوسۂ سر
طلا دافع جھائین

سرکے مین گھس کے ایضاً صبر استخوان کہنہ جانور کندر چھ چھ ماشہ سداب تین ماشہ سرکے مین پیس
کر ایضاً کہ نہایت مجرب ہے ص لیموں کاغذی مین سفوف ہلدی کا بھر کے ایک ہفتہ
رکھے پیچ تازہ سر کندہ کر ساتھ پیس کے رات کو لگاوین صبح کو دھوئین ایضاً چھڑیلہ
آب خربزہ مین تین بار تنقیہ دیا ہوا دو تولہ پوست عدس پوست بیخ سر کندہ چھ چھ ماشہ
پانی مین پیسکر لگاوین طلا کہ بثور چہرہ یعنی مہاسی کو دفع و رنگ کو صاف کرے ص

طلا دافع مہاسی صاف کنندہ رنگ چہرہ

جو مقشر آدھ پاؤ شیر گاؤ ڈیڑھ پاؤ بھر مین جوش کر کے خشک کر رکھین تھوڑا جو مذکور و تھوڑی
ہلدی باہم پیسکے طلا کیا کرین ایضاً برگ سوسن برگ نیب پوست درخت سرس قدرے

طلا حابس عرق

قدرے باہم گھسکے طلا کرین فصل اونا سی الطلیہ نافع امراض تنورہ بدن طلا
کہ قے کو بند کرے ص برگ کنار برگ انار سماق مساوی پانی مین پیسکے معدے پر
لگاوین ایضاً اقاقیا سعد مازو گل سرخ آملہ صندل سفید مساوی ایضاً گلنار گل
سرخ صندل سفید برگ کنار مساوی ایضاً پوست بیرون پستہ زرد صندل
سفید چھ چھ ماشہ مصطگی تین ماشے عرق گلاب مین گھسکے طلا سریع الاثر کہ پستان
نرم و غلطیدہ کو سخت کرے ص برگ و پھول و پھل خام و پوست درخت انار جملہ

طلا سریع الاثر کہ پستان نرم و غلطیدہ کو سخت کرے

مساوی سفوف کر کے ایک شبانہ روز پانی مین تر کر کے جوش دیوین جب سوم حصہ رہے
روغن تلخ ڈال کے جوش کرین جب پانی جلجاوے روغن صاف کر کے جستہ خواہ سیسی کے ظرف
مین رکھین و طلا کیا کرین و اگر سیسے یا جستے کے ظرف مین دستہ آہنی سے ہر وقت لگانیکے
خوب گھس لیا کرین زیادہ قوی الاثر ہووے طلا سرطان کو دفع کرے ص کور نیز بیج
و سبا آب کشنیز یا آب برگ مکو مین گھسکے لگاوین ایضاً سیسے کو آب برگ مکو مین گھسکے

طلا دافع سرطان

لگاوین ایضاً سیسے کو آب برگ مکوہ مین گھسکے اوسمین تھوڑا تھوڑا صبر و توتیا ملا کے
لگاوین طلا کہ گندگی بغل کو دفع کرے ص کافور ایکتولہ گھریا چاندی کی قرنفل مصطگی پھٹکری
چار چار ماشہ سفوف کر کے عرق گلاب مین گھول کے لگاوین ایضاً مردار سنگ

طلا دافع گندگی بغل

ایضاً مردار سنگ عرق گلاب مین گھول رکھین و لگایا کرین ایضاً توتیا ایک جز کافور تین
جز عرق گلاب مین گھسکے لگایا کرین **فصل اثنی عشر** اطلیہ دافع امراض خصیہ و قضیب و
بن ران طلا که درد و ورم خصیہ کو دفع کریص کا کنج پوست خشخاش آرد جو آرد عدس
مساوی الوزن ساتھ زردہ تخم مرغ و روغن گل کی طلا کرین ایضاً گل ارمنی رسوت ایک
ایک تولہ زنجبیل چار ماشہ آب نمک تازہ مکو مین خواہ آب کشنیز مین پیس کے ایضاً
گل بابونہ تخم سویا نانخواہ ایک ایک تولہ برگ تنباکو ہی خشک چھ ماشہ پانی مین پیسکے قدرے
روغن گل ملا کی نیمگرم لگاوین طلا که فربہی خصیہ کو زائل کریص کونڈ پتھر و پرانی چکی کا
پتھر مساوی الوزن آب کشنیز تازہ یا آب برگ مکوہ تازہ مین گھسکے لگایا کرین طلا که خارش
خصیہ و قضیب و عانہ کو دفع کری ص صبر نوشادر نشاستہ گندم گل سرخ صندلین مساوی
عرق گلاب خواہ پانی مین گھس کے تھوڑا سرکہ ملا کے لگاوین طلا که واسطے دفع
کجی قضیب و سستی اعصاب اوسکے کو مفید ہی ص افیون تین ماشہ جائفل عقر
قرحا دارچینی پانچ پانچ ماشہ پیاز نرگس ایک تولہ پوست بیخ کنیر سفید ڈیڑھ تولہ
دوپہر تک شراب مین کھرل کر کے لگاوین خواہ شیاف بنا رکھین وقت حاجت کے
شراب مین گھس کی لگاوین طلا که لاغری بیخ قضیب کو کہ بسبب جلق مارنی کے ہوئی ہو
دفع کری ص جائفل جاوتری چھڑیلہ جرک گوش آدمی چھ ماشہ خون خصیۂ خر چار تولہ
شراب دو آتشہ مین اسقدر کھرل کرین کہ پاؤ بھر شراب صرف ہو کر قابل طلا ہو جاوے
پس ازان استعمال کرین طلا دافع مضرت جلق ص تخم یعنی مغز کدوے تلخ
دو تولہ کنگھی سفید عقر قرحا چھ چھ ماشہ تج بل بیر بہوٹی تین تین ماشہ مین و زہتک روغن گاؤ
مین کھرل کر کے طلا کرین و برگ تنبول سے باندھین طلا نافع جلق زدہ و از کار رفتہ ص
جمال گوٹہ سرگین خر مین جوش کیا ہوا اور کنگھی سفید مقشر کچلہ عقر قرحا پوست بیخ کنیر سفید دو دو
تولہ شیر گاؤ مین اسقدر کھرل کرین کہ تین سیر شیر صرف ہو جاوے بعد ازان بطور چوہ کی کھینچین و خشک ہو

طلا دافع درد و ورم خصیہ

طلا دافع فربہی خصیہ

طلا دافع خارش خصیہ و قضیب و عانہ

طلا دافع سستی اعصاب و کجی قضیب

طلا دافع لاغری بیخ قضیب بجلق

طلا دافع مضرت جلق

طلا نافع جلق زدہ و از کار رفتہ

اکی طلا کرکر برگ پان باندھین ایضاً پوست بیج کنیر سفید پوست بیج کنیر سرخ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ جائفل کلان
ایک عدد افیون نو ماشہ سب کو سفوف کرکے چربی گوہ کلان کی دو تولہ ملا کے ایک روز
کھرل کرین زان بعد آب برگ تازہ دھتورہ ملا کے کھرل کر کے گولی بنا رکھین
بروقت حاجت شراب دو آتشہ مین گھسکے حشفہ چھوڑ کے طلا کرین و بوگ پان
سے باندھین طلا مولفہ حکیم شبیر علی والد راقم کہ عنین واز کار رفتہ کو مفید و مجرب ہے
ص پوست بیج کنیر سفید گھنگچی سفید آدھ آدھ پاؤ کوٹ تلخ جمال گوٹہ دو دو تولہ سفوف
کر کے پندرہ سیر شیر گاؤمیش مین خوب ملا کی پکا دین و دہی جما کر صبح کو چار سیر پانی مین
ڈال کر مسکہ نکالین و دہی کو مدفون کر دین کہ سم قاتل ہو جاتا ہے و مسکہ کو گرم کر رکھین
قضیب پر طلا کر کے پان سے باندھین و بوزن ایک رتی پان کی ساتھ کھایا کرین باستعمال
دو ہفتہ صحت ہوتی ہے طلا کہ ورم بن ران کو دفع کرے ص صندل سرخ پھول گلاب
چنیا رسوت سپاری چھ چھ ماشہ زعفران دو ماشہ آب کشنیز تازہ یا آب برگ تازہ مکو
کے پیسکے طلا کرین ایضاً صندل سرخ گل ارمنی رسوت صبر اقاقیا نو نو ماشہ افیون ایک
ماشہ زعفران چار سرخ آب برگ تازہ مکو یا کاسنی مین پیسکے طلا کہ آتشک کے قرحہ و زخم
و بثور کو دفع کرے ص ہرتال سیماب تین تین ماشہ بذر البنج ایک تولہ روغن گاؤ دو تولہ
پھول کے برتن مین دستہ نیب سے کھرل کر کے لگا وین فصل اکاسی طلاہائے
دافع امراض مقعد طلا کہ تسکین درد بواسیر مین مجرب و بے نظیر ہے ص آب برگ تازہ کپاس
قسم نرمہ مین آنبہ ہلدی گھس کے طلا کرین و خشک ہونی پر دو بارہ سہ بارہ طلا
کرین ایضاً کہ بواسیر و ناسیر کو مجرب ہے ص خراطین کو خون خر مین پیسکے خشک
کر رکھین بوقت حاجت آب جوشاندہ پکھان بید مین گھسکے لگا وین ایضاً ڈھیپ بیگن
کی اور بادام تلخ مساوی پیسکر روغن گل ملا کر ایضاً ڈگر کی قبض کی ہڈی عرق گلاب
مین گھسکے طلا کرین ایضاً مغز تخم بکائن مغز تخم نیب رسوت پانی مین گھس کے

طلا دافع عنین کہ از کار رفتہ باشد

طلا دافع ورم بن ران

طلا دافع بثور و زخم قرحہ آتشک

طلا مسکن صعوبواسیر

ایضاً مغز تخم آلو مغز تخم کدوی شیرین شیر بز مین گھس کے لگاوین **فصل بیاسی**
طلاہای دافع امراض اطراف و مفاصل طلاکہ ورم دست و پاکو کہ بیماری ہاے دراز
مین پیدا ہوتا ہے دفع کرے ص اقاقیا شیاف مامیثا مرکی سعد کوفی زعفران حضض گل
ارمنی مساوی سرکے وآب برگ تازہ مکوے مین پیسکے طلا کرین **ایضاً** کف دریا
نمک سنگ بورہ ارمنی عود خام زرانباد صبر مساوی سرکہ و عرق گلاب مین پیس کے
ایضاً گل ارمنی برگ مکوی تازہ زنجبیل مساوی الوزن پیسکے تھوڑا سرکہ در روغن گل
ملاکی طلاکہ چھاجن یعنی شقاق اطراف کو دفع کرے ص صابون ولایتی گلاب مین گھسکے
لگاوین **ایضاً** سیماب نانخواہ وکتھا ایک ایک تولہ روغن گاو چھ تولہ ظرف مسی مین
وستہ چوب نیب سے رگڑکی لگاوین **ایضاً** سریش دو تولہ تھوڑا پانی ڈال کے آگ پر
پگھلاکی سفوف ہرتال صبر ہر چھ چھ ماشی مغز تخم تربز ایک تولہ ملاکی مثل مرہم کرکی لگاوین
طلاکہ ایڑی کے پھٹنے و درد کو دفع کرے ص حنظل کلان ایک عدد سورنجان تلخ ایک
تولہ برگ خامی تازہ نو ماشی یا نیمین پیسکے تھوڑا روغن تلخ ملاکی شیر گرم لگاکی باندھین
طلاکہ سختی اطراف و مفاصل دفع کرے ص حرزنی لبطہ حرزنی مرغ مغز ساق گوسفند خواہ گاو
ایک ایک تولہ روغن چنبیلی دو تولہ کھرل کرکے **ایضاً** مکھن تازہ شیر گوسفند مین نمک
لاہوری سفوف کرکے ملاوین و لگاوین طلاکہ پوست ناخن اوکھڑنے کو دفع کرے
ص مصطگی چھ ماشے نمک سنگ ایکماشہ روغن چنبیلی مین کھرل کرکی لگاوین **فصل**
تراسی اطلیہ دافع جذر و برص و بہق و دیگر امراض جلدیہ طلاکہ جذر کو دفع کرے ص
سیماب بھناک تین تین ماشہ تخم دھتورہ سوختہ دو تولہ مرچ سیاہ ایک تولہ شیرہ برگ آک
مین کھرل کرکی طلا کرین **ایضاً** عقرقرحا مویز پودینہ مساوی الوزن سرکہ کہنہ مین پیسکے **ایضاً**
مرصبر مساوی بآب پودینہ تازہ حل کرکے طلا کرین طلاکہ چند روز لگانے سے برص
کو دفع کرے ص شیطرج عقرقرحا حضض ہندی خردل شونیز بریان بوزن

طلا دافع ورم دست و پا کہ بسبب بیماریہاے دراز باشد

طلا دافع چھاجن یعنی شقاق اطراف

طلا دافع شگفتگی پاشنہ و درد

طلا دافع سختی اطراف و مفاصل

طلاکہ پوست ناخن اکھڑنے کو دفع کرے

طلا دافع جذر

طلا دافع برص

مساوی خون بزمین گولی بنا رکھین وخون تازہ بزخواہ آب شور مین گھسکے طلا کیا کرین ایضاً
تخم ترب کندش مغز بادام تلخ شیطرج ہرتال اسپند کوٹ سیاہ پوست اخروٹ بوزن
مساوی سفوف باریک کرکی شراب تیز مین حلکر کی ایضاً ذراریح عسل بلادر تخم ترب
شیطرج بیخال کبوتر مساوی سرکے مین حل کرکی طلا کیا کرین قرحہ کرکے مواد ناقص نکال
کی صحت دیتا ہی ایضاً خردل شونیز بورہ ارمنی گوگرد بیخ کبر مساوی سرکہ خالص مین
پیسکے ایضاً پوست بیخ انجبار جنگلی آملہ دو دو تولہ بکچی ایک تولہ جو شاندہ گل ڈھاکہ مع
سرخی وسیاہی مین گولی بنا رکھین وطلا کیا کرین طلا برص وچھاجن کو دفع کرے

طلا دافع برص وچھاجن

ص تخم السی تخم تیزہ تیزک خردل سرکہ مین پیسکے طلا کرین ایضاً چروبجی آرد نخود سرکے
کے ساتھ ایضاً تلچھٹ شراب کا سرکہ وگندھک ملاکی ایضاً بیخ حماض سرکے مین
پیسکے طلا دافع برص ص ہرتال گندھک پھٹکری مساوی سفوف کرکے سرکہ وشہد ملاکی

طلا دافع برص

ایضاً مغز بادام تلخ بھٹوانس تخم ترب تخم لٹ جیرہ تخم کرم کلہ تخم ترہ تیزک کوٹ تلخ خیار ور
بوزن مساوی سرکے مین گھس کے ایضاً پوست چنار بیخ سرکنڈہ آب لیمو مین گھسکے
لگاوین جب قرحہ ہوجاوے روغن زیب لگاوین کہ قرحہ دفعہ ہوکے جلد صحیح نکلے

طلا دافع بہق

گی طلا کہ بہق یعنی سہوان کو دفع کرے ص شیطرج تخم ترب کندش خردل مساوی
سرکے مین پیسکے لگاوین ایضاً تخم ترب دس ماشے کوٹ تلخ کندش پانچ پانچ ماشہ
سرکہ انگوری مین پیس کے لگاوین طلا کہ دفع اکوتہ مین مجرب ہے ص سپیاری چھالیا و

طلا کہ دفع اکوتہ مین مجرب ہے

بھلانوان چار چار عدد استخوان کہنہ سر آدمی ڈیڑھ تولہ سبکو گدھی کی لید مین جلاکے کوئلہ
کرین علٰحدہ علٰحدہ سرمہ سا کرکے کتھا چھ ماشے نیلا تھوتھا ایک ماشہ سرمہ سا کرکے
آدھ پاؤ روغن گاؤ مین مخلوط کرکے استعمال کرین ایضاً کھجا سوختہ ایک تولہ پھٹکری نیلا
تھوتھا کتھا چھ ماشے روغن گاؤ ایک چھٹانک مین مثل مرہم کی بناوین ایضاً تخم بکچی چھ
تولہ نیم کوفتہ کرکی آدھ پاؤ شیر گاؤ کا تسقیہ دیوین پوست درخت کپاس دانا رتش خام ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ

جملہ پیلے گولی بنا رکھین ساتھ آب برگ مکوہ تازہ کی طلا کرین ایضاً سپیاری ہلدی بکچی
مسور پوست کوکنار جملہ سوختہ ایک ایک تولہ رال سفید سہاگہ بریان پھٹکری بریان
کتھا پپڑیا چھ چھ ماشے مرچ سیاہ تین ماشہ سبکو سفوف باریک کرکے روغن سرشف
مین مخلوط کرکی لگاوین اور دو چار روز ڈھانک کا پتا سینک کے باندھین پھر کھلا رکھین

فصل چوراسی الطلیہ دافع خارش و داد طلا کہ خارش خشک و تر کو دفع کرے ص

طلا دافع خارش خشک و تر

گندھک سیماب نیلا تھوتھا ہرتال بکچی بوزن مساوی دو چندان روغن تلخ مین
کھرل کرکے طلا کرین ایضاً سیماب گھر یا چاندی کی گندھک برگ کنیر سوختہ پھٹکی مردار
سنگ کبیلہ زردچوب نیلہ تھوتھا ایک ایک تولہ کتھہ سفید نو ماشے برگ حناے تازہ دو تولہ
روغن سرشف مین کھرل کرکے لگاوین ایضاً کشتہ سیسہ تین تولہ گندھک دو تولہ
ہرتال و سیماب ایک ایک تولہ سرکے مین کھرل کرکی لگاوین طلا کہ خارش عضو خاص
کی و نشان ہای آبلہ کو دفع کرے ص سیماب تین ماشے مغز بادام تلخ چھ ماشے تخم خربزہ
غیر مقشر نو ماشے سرکے مین گھسکے رات کو طلا کرین و صبح کو دھوین طلا کہ داد کو دفع
کرے ص تخم پنواڑ آملہ لک خام زیرہ سیاہ مساوی الوزن سفوف کرکی پانی مین گھسکے
بعد کھجلانے داد کے طلا کرین طلا کہ دافع داد مین مجرب ہے ص تخم پنواڑ نوشادر سعدی
کتھہ سفید زردچوب کلی چونی کی بنوان گندھک بوزن مساوی عرق لیمون کاغذی
مین گولیان بنا رکھین بوقت حاجت آب لیمون خواہ پانی مین گھسکے لگاوین بقول
طبیب ہندی کے آبھو بیج پنواڑ کے نوسادر اور کمیز ہر دو سے چوتا بنوان کرین داد

طلا دافع خارش عضو خاص و نشان آبلہ

طلا دافع داد

طلا دافع داد مجرب

سون بیر فصل پچاسی طلاہای مقوی باہ و قضیب و ممسک منزل و ملذذ طلا کہ
تقویت باہ و گردہ کی کرے ص رال سفید آدھ سیر برادہ صندل سفید پاؤ سیر لوبان
سفید آدھ پاؤ قرنفل دو تولہ برسم معروف چوہ کھینچین و مقام گردہ و قضیب پر لگاوین
طلا کہ تقویت باہ کی کرے ص شنگرف ہرتال طبقی سیماب کمیلہ عقرقرحا پیاز نرگس دار چینی

طلا مقوی باہ و گردہ

طلا مقوی باہ

بوزن مساوی زہرۂ گاؤ زمین کھرل کرکے طلا کرین طلا کہ سستی قضیب کو دفع کری
ص پپر امور کوٹ تلخ اسگندھ ناگوری بوزن مساوی سرمہ سا کرکے مسکۂ گاؤ مین ملاکی
لگا دین طلا کہ قوت و فربہی قضیب کی کری ص اسپند مغز تخم ارنڈ خردل بوزن
مساوی روغن چنبیلی مین کھرل کرکے طلا کہ قضیب کی فربہی و درازی کری ص
کناڈی کلان کی پھل نخچہ سرشف اسپند کوٹ تلخ اسگندھ مساوی الوزن پانی مین
پیسکے چند بار طلا کرین دبا نڈھین طلا کہ باہ و امساک کو قوت دیوے ص پوست
بیخ آگ دو تولہ کچلا ایک تولہ پوست بیخ کنیر سفید چار تولہ رسکپور چھ ماشے سبکو زہرۂ گاؤ مین
گھسکے شیاف بنا رکھین وقت حاجت پوست خشخاش کی پانی مین گھسکے لگا دین طلا کہ لذت
جماع کی زیادہ کری ص عقرقرحا سوہاگہ خام کافور مساوی سرمہ سا کرکے شہد مین ملاکے
طلا کرین و بعد ایک ساعت کی کپڑی سے صاف کرکے مشغول ہون ایضاً کہ قوت و لذت
جماع کی زیادہ کری ص شیر کی چربی مین تھوڑا سفوف تخم انجرہ ملا کے طلا کرین و بعد ساعتے
صاف کرکے مشغول ہون طلا کہ عورت کو جلد منزل کری ص سہاگہ خام کافور مساوی
شہد مین ملاکے طلا کرین و مشغول ہون **فصل چھیاسی طلا ہاے متعلق بالونکی**
طلا کہ داء الثعلب یعنی بال خورہ کو دفع کری ص سم بز سیاہ سوختہ سم خر سوختہ
چھ چھ ماشے نرگس تین ماشے بروغن سرشف مین گھسکے لگا دین ایضاً گندش
روغن بیضہ مین ملاکے لگا دین ایضاً کف دریا پوست بیخ نے پشک موش مغز
بادام تلخ مساوی روغن سرشف مین کھرل کرکے ایضاً برادۂ دندان
فیل چرک مگس مساوی روغن بیضہ مین ملاکی ایضاً موی سوختہ گوسفند موی سوختہ بز
گندھک آنولہ سار بوزن مساوی روغن سرشف مین گھسکے موقع پر پیازسی کھجلا کی طلا کرین
طلا کہ داڑھی و مونچھ کے بال جماوی ص کف دریا مغز بادام تلخ مساوی روغن
کنف سرشف خواہ روغن بیضہ مین گھس کے لگا دین طلا قاتل ہر قسم

طلا دافع سستی قضیب
طلا مقوی و فربہ کنندۂ قضیب
طلا فربہ و دراز کنندۂ ذکر
طلا مقوی باہ و امساک
طلا زیادہ کنندۂ لذت جماع
طلا کہ عورت کو جلد منزل کرے
طلا دافع داء الثعلب
طلا کہ داڑھی مونچھ کے بال جماوی
طلا قاتل ہر قسم جون کا

ہر قسم قمل یعنی جون کا ص صبر و ہرتال مساوی روغن گل مین گھول کر لگاوین ایضاً سیماب روغن چنبیلی مین گھس کر لگاوین اور بالونکو کپڑے سی باندھین ایضاً تخم بھٹوانس تخم خربزہ قرنفل ایک ایک تولہ توتیا چھ ماشہ پانی مین گھسکے لگاوین وبعد دو پہر کے دھووین ایضاً آرد باقلا آرد عدس آرد بھٹوانس مساوی پانیمین گھسکے ایضاً مغز تخم سرشفہ تخم مغز تخم کھرنی مساوی پانیمین پیسکے لگاوین

فصل ستاسی طلاہای دافع اورام و بثور و ضربہ وسقطہ وغیرہ

طلا کہ بثور باسوزش و بثور تر کو دفع کرے ص صندل سُرخ سپیاری گل ارمنی مساوی آب کشنیز تر مین خواہ آب برگ مکو مین گھسکے طلا کرین طلا کہ اورام سوزندہ کو دفع کرے ص صندلین کشنیز خشک ایک ایک تولہ آرد جو دو تولہ گل ارمنی چھ ماشے پانیمین پیسکے لگاوین و پارچہ تر او سپر رکھین طلا کہ قلقی و شکستگی و آماس اعضا کو دفع کرے ص گل ارمنی سپیاری صندل سفید ایک ایک تولہ رسوت مردار سنگ صبر چھ چھ ماشے آب برگ مکوی تازہ مین پیسکے طلا کرین طلا کہ ضربہ وسقطہ کو دفع کرے ص صبر تین ماشے تخم خطمی برگ بنفشہ صندلین بھٹوانس اکلیل الملک چھ چھ ماشے سفوف کرکے سفیدہ تخم مرغ ملاکے نیمگرم لگاوین ایضاً کھلی کنجد سیاہ کھلی سرسون گیرو ایک ایک تولہ برگ سبنھالو برگ مکو ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پانی مین پیسکے شیر گرم لگاوین طلا کہ آثار ضربہ وسقطہ کو دفع و رنگ عضو کو صاف کرے ص خاکستر شاخ گوزن کندر تین تین ماشہ آرد بھٹوانس آرد باقلا نو نو ماشے نوشادر گوند ببول چھ چھ ماشے مغز بادام تلخ ایک تولہ پانی مین پیس کے لگاوین ایضاً مغز بادام تلخ استخوان کہنہ ایک ایک تولہ صدف سوختہ کف دریا پھٹکری زرد چھ چھ ماشے پانیمین پیسکے لگاوین طلا کہ گوشت زائد کو تحلیل کرے ص ہرتال گنگی سیاہ پانچ پانچ ماشہ چرک مس دس ماشے روغن گل مین کھرل کرکے لگاوین طلا کہ سوختگی آتش کو دفع کرے ص عدس چار تولہ پانیمین پکاکے گل سرخ ایک تولہ ملاکے پیسکے لگاوین و کپڑے تر رکھین ایضاً سفیدہ تخم مرغ روغن گل مین ملاکے طلا کہ مضرت کاٹنے جانوران

طلا کہ بثور باسوزش و بثور تر کو دفع کرے
طلا دافع اورام سوزندہ
طلا دافع کو قلقی و شکستگی و آماس اعضا
طلا دافع ضربہ وسقطہ
طلا دافع آثار ضربہ وسقطہ و مصفی رنگ عضو
طلا محلل گوشت زائد
طلا دافع سوختگی آتش
طلا دافع مضرت گزند

زہردار کو دفع کرے ص ہینگ گندھک برگ پودینہ پنجال کہو ترباہم پیسکے لگائین۔

حرف العین

فصل اٹھاسئی عرقہای مصفی و معتدل اخلاط مین عرق کہ جوشش واحتراق خون
ویبوست وسوزش وحکہ وخارش وبثورات کو دفع کرے ص برگ شاہترہ آملہ چرائتہ پپھرکہ
گل ہنڈہی جل نیب برادۂ شیشم پوست اندرونی درخت کچنال ونیب وبکائن
تخم خنا چوب چینی عناب آدھ آدھ پاؤ برادۂ صندلین خس کشنیز خشک برگ گاؤزبان
بادرنجبویہ اسطوخودوس ہلیلہ سیاہ گل عصفر گل نیب گل بکائن برم ڈنڈی برادۂ آبنوس
ایک ایک چھٹانک برسم معروف سات سیر عرق کھینچین واضح ہو کہ ان اجزاسے اگر چند
اجزا کا عرق اسی وزن سے طیار کیا جائے تب بھی ہی فائدہ متصور ہے ایضاً گل منڈی
برگ شاہترہ پاؤ پاؤ سیر چوب چینی خس آدھ آدھ پاؤ ہلیلہ کابلی ہلیلہ آملہ گل خطمی گل سرخ
ایک ایک چھٹانک چار سیر پانی مین ترکرکے تراشہ کدوے دراز ڈیڑھ سیر تراشے
پیٹھہ تین پاؤ شیر گاؤ تین سیر ڈال کر پانچ سیر عرق کھینچین ایضاً چھڑیلہ بادرنجبویہ تخم کاسنی
پوست بیخ کسونڈی پوست بیخ کاسنی ابریشم خام ایک ایک چھٹانک آملہ پوست اندرونی درخت
کچنال خس پوست درخت گوندنی جل نیب منڈی گل نیلوفر گل گڑہل چوب چینی گل عصفر آدھ
آدھ پاؤ دس سیر پانی مین ترکرکے تین سیر پانی نیم کا جو درخت سے ٹپکتا ہے ڈال کر سات سیر
عرق کھینچین فصل نواسی عرقہای مفرح ومقوی و دافع امراض عرق چوب چینی کہ
ضعیف کو قوی کرے و باہ کو زیادہ قوت دیوے و مالیخولیا نے مراقی کو مفید ہے
ص چوب چینی تین پاؤ دارچینی پاؤ سیر کباب چینی قرنفل ناگرموتھ سانج ہندی عود
غرقی بہمنین زرنباد خولنجان بچ ماسنی چھڑیلہ برادۂ صندل سفید آدھ آدھ پاؤ برگ
گاؤزبان بادرنجبویہ پاؤ پاؤ سیر الائچی خرد جائفل جاوتری درونج عقربی ثعلب مصری
مصطگی رومی تین تین تولہ موز پانچ سیر شہد خالص دو سیر پچیس سیر پانی دریا مین دو شبانہ روز ترکرکے آدھ پاؤ

عرق کہ جوشش واحتراق خون ویبوست وسوزش وحکہ وخارش وبثورات کو دفع کرے

عرق چوب چینی کہ ضعیف کو قوی کرے و باہ کو زیادہ قوت دیوے و مالیخولیا مراقی کو مفید ہے

گل سرخ ڈال کر پندرہ سیر عرق کھینچیں چھ ماشہ زعفران کی پوٹلی نیچے کے منہ پر اندر پھیلے کی لگادیں عرق گل سینبل کہ مقوی و بہی و منعظ و مشہی ہے ص گل سینبل سبزی دور کردہ گل سرخ گل منڈی سب سائے میں خشک کیا ہوا آدھ آدھ سیر گل چنبیلی تازہ آدھ سیر برسم معروف عرق کھینچیں عرق گزر کہ مفرح و مقوی باہ ہو ص گزر استخوان و پوست دور کردہ پچیس سیر کشمش پانچ سیر دیگ سربستہ میں جوش دیویں دو دیگ کو شکر و کردیں کر دھوان اوسکا نہ نکلے پس ازان دارچینی نیمکوفتہ گل سرخ ناگرموتھ پوست ترنج چوب چینی نیمکوفتہ بہمن سفید نیمکوفتہ آدھ آدھ پاؤ صندل سفید ایک چھٹانک الایچی سفید دو دو تولہ ملا کر عرق کھینچیں عرق پان کہ درد معدہ و درد شکم و قولنج ریحی کو دفع و تقویت باہ کی کرے ص پان تازہ قسم بنگلہ پانچ سو پودینہ تازہ آدھ پاؤ خولنجان ایک چھٹانک قرنفل تین تولہ الایچی سفید ایک تولہ برسم معروف تین سیر عرق کھینچیں عرق مفرح و مقوی دل و دماغ ص گزر استخوان و پوست سے صاف کرکے کولھو میں پیل کر اوسکا عرق پندرہ سیر کشمش مربے آملہ تخم دور کردہ ایک ایک سیر بدستور عرق کھینچیں عرق گڑہل کہ مقوی و بہی و مفرح ہے ص گل گڑہل تازہ سبزی وزیرہ دفع کرکے سوا سیر کشمش آدھ سیر دارچینی ایک چھٹانک ثعلب مصری چار تولہ برسم معروف عرق کھینچیں عرق کافور کہ پیاس گرم و تپ دق کو دفع کرے ص کشنیز خشک گل گاؤزبان برگ گاؤزبان صندلین تخم کاسنی تخم خیارین تخم کاہو تخم خرفہ برگ بنفشہ گل نیلوفر گل سرخ ایک ایک چھٹانک تراشہ کدوی تازہ تین پاؤ تراشہ پیٹھہ ڈیڑہ پاؤ کافور پانچ تولہ برسم معروف عرق کھینچیں عرق شیر کہ تپ صفراوی و تپ سوداوی و تپ دق کو مفید ہو ص برگ گاؤزبان برگ بنفشہ گل نیلوفر آدھ آدھ پاؤ صندل سفید ایک چھٹانک سات سیر شیر گاؤ ملا کر عرق کھینچیں فصل نویں معجون میں معجون یعنی خاگینہ اور خاگینہ وہ ہے جسمیں انڈا طائر کا مخلوط ہو و غذائیت رکھتا ہووے عجیبہ کہ زیادتی باہ و قوت مباشرت و تیزی ذہن و حافظے کی کرے ص زردہ تخم مرغ دس عدد قیمۂ گوشت بزنوجوان آدھ پاؤ آب

عرق گل سینبل کہ مقوی و بہی و مشہی و منعظ ہے

عرق گزر مفرح و مقوی باہ

عرق پان دافع درد معدہ و شکم و قولنج ریحی و مقوی باہ

عرق مفرح و مقوی دل و دماغ

عرق گڑہل مقوی و بہی و مفرح

عرق کافور نافع تپ دق و پیاس حارہ

عرق شیر نافع تپ صفراوی و تپ سوداوی و تپ دق

عجیبہ کہ زیادتی باہ و قوت مباشرت و تیزی ذہن کرے

افشردہ پیاز پاؤ بھر پیاز تراشیدہ و دیگر مصالح و نمک بقدر مناسب ڈال کر روغن گاؤ مین
بریان کرین ایضاً انڈہ کبوتر بیس عدد انڈہ گنجشک خانگی دس عدد تراشہ پیاز آدہ پاؤ
نمک مصالح ڈالکر بروغن گاؤ بریان کرین ایضاً زردہ تخم مرغ پانچعدد پیاز تراشیدہ ایک
چھٹانک سفوف دارچینی دو تولہ مصالح ملاکے روغن گاؤ مین بریان کرین۔

حرف الغین

فصل اکانوےؔ غرغرکی نسخو نمین **غرغرہ** کہ گرانی زبان کو جو فالج لقوہ سے یا بدون اسکے ہو دفع کرے ص خردل زر نباد دار فلفل زنجبیل شونیز مویز عود ہندی تین تین ماشے وج ترکی عقرقرحا پودینہ خشک گل بابونہ اسطوخودوس عود صلیب چھ چھ ماشے قرنفل دس عدد حیسانده جوشانده کرکے نیمگرم غرغرہ کرین **غرغرہ** کہ استرخاے لہات یعنی ڈھیلا ہونیکو دفع کرے ص عدس گلنار اکلیل الملک مامیثا برگ خار ہلیلہ زرد بوزن مساوی جوش کرکے **غرغرہ** کہ خناق گرم کو مفید ہے جب نزلہ سے ہو ص کشنیز خشک پوست خشخاش گلنار ہر کو چھ چھ ماشے جوش کرکے صاف کرکے اوس مین مغز فلوس دو تولہ حل کرکے مکرر صاف کرین و تین ماشے رسوت ملاکے استعمال کرین **غرغرہ** کہ ورم اندرونی حلق کو دفع کرے ص تخم السی تخم میتھی نو نو ماشے انجیر زرد پانچ دانہ عناب سپستان پندرہ پندرہ دانہ مویز منقے بیس دانہ پودینہ دونا مروا چھ چھ ماشہ جوش کرکے **غرغرہ** کہ خناق کو دفع کرے جب ورم مائل بسختی ہو ص برگ بارتنگ تخم کرفس اصل السوس نیمکوفتہ تخم خطمی نیمکوفتہ عنب الثعلب گل بنفشہ برگ نیب برگ حجازی اکلیل الملک بوزن مساوی شیر گاؤ یا شیر بز مین جوش کرکے صاف کرکے تھوڑا نشاستہ گندم ملاکر استعمال کرین **غرغرہ** کہ ورم حلق کو توڑے ص میتھی چھ ماشے انجیر پانچ عدد عناب پندرہ عدد جوش کرکے ملکے صاف کرین و شیر گاؤ ایک چھٹانک خمیر آرد گندم دو تولہ حل کرکے غرغرہ کرین واگر دو تین روز کے استعمال مین نہ ٹوٹے تو پھٹکری خام چھ ماشے

غرغرہ دافع گرانی زبان کہ جو فالج و لقوہ سے یا بدون اُسکے ہو

غرغرہ دافع استرخاے لہات

غرغرہ نافع خناق گرم بسبب نزلہ

غرغرہ دافع ورم اندرونی حلق

غرغرہ کہ خناق کو دفع کرے جب ورم مائل بسختی ہو

غرغرہ کہ ورم حلق کو توڑے

سفوف کرکے ملادین غرغرہ کہ بعد ٹوٹنے ورم کے تنقیہ مواد کا کرے ص جٹامانسی پودینہ
مکو عناب تخم برآورده سات سات ماشے جوش کرکے سرکہ ایک تولہ شہد دو تولہ ملا کے
غرغرہ کرین غرغرہ دافع خناق ص شیرہ مین خمیر ترش آرد گندم کا حل کرکے ایضاً
کہ خناق سخت کو دفع کرے ص برگ عنب الثعلب برگ کاہو برگ کاسنی برگ کشنیز کا
پانی علیحده علیحده بوزن مساوی نچوڑ کر اوسمین توت تازہ مل کے خواہ رب توت گھول
کے غرغرہ کرین ایضاً یتیمی السی ہالم نو نو ماشے جوش کرکے ایضاً برگ حنا گلنار
زرد چوب ایک ایک تولہ برگ کنار برگ شہتوت تین تین تولہ جوش کرکے ایضاً پوست
درخت گوندنی بیخ چنبیلی گل سیوتی مساوی جوش کرکے صاف کرکے تھوڑا کتھا ملا کر ایضاً
اگر کوئی غرغرہ مفید نہو وے بنجال یا بابل زنجبیل کر کے کلوش دو دو تولہ جوش کرکے صاف
کرکے بدون آگاہی مریض کے غرغرہ کرادین غرغرہ کہ سوراخ تالو کو جو آتشک سے یا نزول
مواد سے ہو جاتا ہے دفع کرے ص پوست خشخاش کشنیز خشک گلنار ہلیلہ سیاہ حب الآس برگ
کنار جنگلی زرورد برگ حنا چھ چھ ماشہ کر مازج مازو پانچ پانچ ماشہ جوش کرکے حضض گل ارمنی
تین تین ماشے ملا کر غرغرہ کرین غرغرہ کہ درد اندرون گلو کو دفع کرے ص برگ حنا گلنار
زرد چوب برگ کنار پوست بیخ گوندنی بیخ چنبیلی سپیاری بوزن مساوی جوش کرکے
ایضاً گلنار پوست کو کنار صندلین چھ چھ ماشے عدس مسلم ایک ایک تولہ ایضاً برگ
تازہ علیق برگ کنار باغی برگ شہتوت برگ چنبیلی پوست خشخاش بوزن مساوی جوش
کرکے فصل بانوی غمرہ وغالیہ مین غمرہ بالضم وہ چیز کہ مثل اُبٹنے کے چہرے پر یا تمام
بدن پر لگائی جائے غالیہ وہ ہے کہ اجزای خوشبو یکجا کرکے بغرض منفعت سونگھین یا
بدن پر لگاوین غمرہ کہ چہرہ کو صاف اور شفاف کرے ص جو مقشر چار جز تخم خربزہ آرد
باقلا جرجیر دو دو جز رات کو لگاوین صبح کو دھو ڈالین ایضاً آرد جو آرد نخود آرد عدس
برگ حنا خشک ایک ایک تولہ زعفران ایک ماشہ بدستور استعمال کرین ایضاً کہ جلد بدن

غرغرہ کہ بعد ٹوٹنے ورم کے تنقیہ مواد کا کرے
غرغرہ دافع خناق
غرغرہ دافع خناق سخت

غرغرہ دافع سوراخ تالو جو آتشک یا نزول مواد سے ہو
غرغرہ دافع درد اندرون گلو

غمرہ کہ رنگ چہرے کو صاف اور شفاف کرے

کو خوشرنگ و نرم و خوشبو کرے ص صندلین اگر گر چھ چھ ماشے زعفران تین ماشے چرو بجی
چار تولہ پانی مین پیسکے مائدہ گندم آدھ پاؤ روغن چنبیلی دو تولہ ملا کے لگاوین ایضاً
برگ حنای تازہ یا خشک ایک چھٹانک پانی مین پیسکے صندل سرخ دو تولہ چرو بجی تین تولہ مائدہ
گندم آدھ پاؤ روغن بیلا دو تولہ باہم ملا کر لگاوین غالیہ کہ تقویت دل و دماغ و خفقان کو
دفع کرے ص عنبر اشہب دو ماشے عود ہندی آٹھ ماشے صندل سفید ایک تولہ مشک ایک
ماشہ سفوف کر کے عرق گلاب مین مخلوط کرکے ایضاً صندل سفید نو ماشے سعد کوفی سنبل الطیب
چھ چھ ماشے عرق کیوڑہ مین پیسکے عطر گلاب ملا کے ایضاً کشنیز خشک گل سرخ
برادہ صندل سفید ایک ایک تولہ سفوف کرکے عرق گلاب مین سان کے عطر خس خواہ
عطر کیوڑہ ایک ماشہ ملا کے

غالیہ مقوی دل و دماغ دافع خفقان

حرف الفاء

فصل ترانوی[۹۳] فتیلجات مین فتیلہ کہ قرحہ کان کو دفع کرے ص زہرہ گاؤ دو جز شہد
خالص ایک جز باہم ملا کر فتیلہ اُس مین تر کرین اور ایسا کان مین رکھین کہ قرحہ تک پہنچے
ایضاً فتیلہ شہد مین تر کر کے پھٹکری خام اُسپر چھڑک دے فتیلہ کہ کان کے درد کو
اور رطوبت اور پیپ آنے کو دفع کرے ص کاغذ سوختہ شہد زردہ تخم مرغ مین ملا کے
فتیلہ تر کرین و پھٹکری و صبر و دم الاخوین سفوف کر کے چھڑکین ایضاً روغن زیب و شہد
باہم ملا کر فصل چورانوے[۹۴] فرزجا مین فرزجہ کہ اخراج جنین مردہ و ادرار حیض کرے
ص شحم حنظل خربق سیاہ مویزج نوشادر مر ہموزن مساوی سفوف کر کے روغن
بیدانجیر اور زہرہ گاؤ مین ملا کر فتیلہ اُسمین آلودہ کر کے رکھین فرزجہ کہ ادرار حیض کرے
ص سداب مر ابہل راز یانہ تخم مرو بوزن مساوی زہرہ گاؤ کے ساتھ فرزجہ کہ خون حیض
کو قطع کرے ص کافور صمغ عربی مساوی ایضاً مردار سنگ گلنار گل ارمنی سنگ سرمہ
مساوی الوزن ایضاً مازو سوختہ دم الاخوین برگ کنار گل ارمنی گل سرخ

فتیلہ دافع قرحہ گوش

فتیلہ دافع درد گوش و رطوبت و پیپ

فرزجہ مخرج جنین مردہ و مدر حیض

فرزجہ مدر حیض

فرزجہ قاطع خون حیض

سفوف کرکی کپڑا کہ جوشاندہ پوست انار مین ترکیا ہو آلودہ کرکی رکھین **فرزجہ** کہ فرج کو تنگ
کرے ص اقاقیا سعد کوفی سنبل الطیب بوزن مساوی سفوف کرکے کپڑا کہ جوشاندہ پوست
انار مین ترکیا ہو سفوف مین آلودہ کرکے رکھین **ایضاً** گل دھاوا مازو مین پھل و مائین
وموچرس بوزن مساوی سفوف کرکے باریک کپڑے مین رکھکے بتی بناکر رکھین بقبول معروف
طبیب ہندی **ــہ** مائین مازو مین پھل چوتھی دھائی ملائی نمک موچرس کے ڈارنی سی ٹھاری
سبنک نجائی۔ **ایضاً** عود ہندی ناگرموتھ زرد چوب قرنفل اقاقیا بوزن مساوی **فرزجہ**
کہ فرج کو تنگ اور رطوبت اوسکی جذب کرے ص مازو سبز تخم چوکا خبث الحدید چار چار ماشے
گلنار وجفت بلوط تین تین ماشے **ایضاً** مازو سبز رال سفید آملہ پوست ہلیلۂ زرد پوست بلیلہ
دو ماشہ قرنفل پانچ عدد **فرزجہ** کہ فرج کو تنگ وخوشبو کرے ص زعفران سعد کوفی عود
ہندی قرنفل تین تین ماشے فقاح اذخر مازو سبز پانچ ماشے عنبر اشہب مشک خالص
چار چار ماشہ **فرزجہ** کہ اورام رحم کو تحلیل کرے ص مقل ازرق تخم خطمی تخم السی تین
تین ماشے حزبنی مرغ کی چھ ماشے قدری شہد ملاکے **ایضاً** انزروت کندر دم الاخوین گل
ارمنی بوزن مساوی آب بارتنگ مین گھول کے **فرزجہ** کہ درد رحم اور رطوبت گندہ اوسکی
کو دفع کرے ص باوبرنگ کف دریا چھ چھ ماشے بہروزہ خشک نو ماشے نمک لاہوری
تین ماشے سفوف کرکے پوٹلی بناکر دہن رحم پر رکھین **ایضاً** اجمودہ باوبرنگ بہروزہ
خشک تین تین ماشے تخم سودہ نمک لاہوری ڈیڑھ ڈیڑھ ماشے سفوف کرکے شہد مین
سان کے کپڑے باریک مین رکھکے **فرزجہ** کہ خارش رحم کو دفع کرے ص سداب
پودینہ پوست انار عدس مقشر مساوی گلاب مین پیسکے تھوڑا سرکہ ملاکی **فرزجہ** کہ عقم کو دفع
کری ص جوزبوا مائین پھٹکری بریان پوست انار بوزن مساوی کوٹ چھان کے پانی
مین شیاف بناوین بعد طہر کے تین شبانہ روز رکھین تجدید کرکے اوسکے بعد مجامعت
کرین **ایضاً** سرگین خرگوش وپنیر مایۂ خرگوش برابر باہم سفوف کرکی شہد ملاکی تین شبانہ روز

فرزجہ کہ فرج کو تنگ کرے

فرزجہ کہ فرج کو تنگ کرے اور رطوبت کو جذب کرے

فرزجہ کہ فرج کو تنگ وخوشبو کرے

فرزجہ محلل اورام رحم

فرزجہ دافع درد رحم و رطوبت گندہ

فرزجہ دافع خارش رحم

فرزجہ دافع عقم

رکھین تجدید کرکے ازان بعد مباشرت کرین

حرف القاف

فصل پچانوی قرصہای دافع صداع وتپ کھانسی وغیرہ امراض آلات تنفس مین **قرص مثلث** یعنی سہ گوشہ واضع ذواختراع اس شکل کی بنا ہے بکاہرف اس غرض ہو کیا کہ شکل دیکھتے معلوم ہوجاوی کہ خوردنی نہین ہے الغرض پیشانی وکنپٹی پر طلاکرنے سے دردسر ودرد نیم سر دیجوابی دفع ہوتی ہے امراض باردہ مین ساتھ آب خاوآب مرزنجوش وشل اوسکے دھار مین یاآب لیمون یاآب کشنیز یاسرکہ یاآب کوکنار وماننداوسکے گھسکے طلاکرین ص مرکی افیون بزرالبنج کافور زعفران عنبرلادن پوست بیخ لفاح دس دس ماشی کندرانزروت آملہ گل ارمنی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سفوف کرکے عرق گلاب مین بناوین **قرص** کہ صداع وسرسام وتپ وکھانسی کو نفع دیوی وخواب لاوی وہذیان وتشنگی کو دفع کرے ص مغز تخم کدوی دراز مغز تخم خیارین تخم کاہو دودوتولہ رب السوس نشاستہ گندم کتیرا ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ افیون ایک ماشہ ساتھ لعاب اسبغول کی قرص بناوین **قرص** کہ سرفہ وآماس جگر کو مفید ہو ص لک مغسول تخم کاسنی بادیان تخم خرفہ تخم خشخاش صمغ عربی رب السوس مغز تخم خیارین مغز تخم کدوی دراز نونو ماشی ریوندچینی تخم کشوث چھ چھ ماشی طباشیر کبود تین ماشی **قرص بنفشہ** کہ خشونت سینہ وسرفہ وذات الجنب وسل واسہال صفرا کو نفع کری ص گل بنفشہ ایک تولہ برگ بنفشہ ایک تولہ سقمونیای بریان چار ماشی رب السوس کتیرا نشاستہ چھ چھ ماشی نبات سفید ڈیڑھ تولہ لعاب اسپغول مین بناوین **قرص سرطان** کہ سل ودق ونفث الدم کو دفع کری ص سرطان محرق اڑھائی تولہ طباشیر کہربا پوست خشخاش تو داوہ کافور سنگ جراحت گل ارمنی تین تین ماشی نشاستہ گندم مغز تخم خیارین ایک ایک تولہ گل سرخ رب السوس کتیرا صمغ عربی بریان تخم خرفہ بریان نونو ماشی افیون ایک ماشہ ساتھ لعاب بہدانہ کی بناوین **قرص صندل** کہ حمیات حارہ وتشنگی وگرمی جگر ومعدہ وخشکی زبان

قرص مثلث دافع دردسر ودرد نیم سر دیجوابی

قرص نافع صداع وسرسام وتپ وسرفہ ونوم آور ودافع تشنگی

قرص نافع سرفہ وآماس جگر

قرص بنفشہ نافع ذات الجنب وسل واسہال صفرا

قرص سرطان دافع سل ودق ونفث الدم

قرص صندل دافع حمیات

وصعود ابخرہ وصفراوی کو دفع کرے ص مغز تخم خیار درازکافور کیترا پانچ پانچ ماشہ صندلین نو نو
ماشہ رب السوس تخم خرفہ کیترا گل سرخ طباشیر سفید چار چار ماشے ساتھ لعاب اسپغول کے
بناویں آب انار شیرین یا آب سیب کے ساتھ کھاویں **قرص** طباشیر قابض کہ تپ کہنہ و اسہال
صفراوی کو نفع کرے ص طباشیر گل سرخ تخم کاسنی تخم کاہو تخم خرفہ سماق چھ چھ ماشے گلنار
صندل سفید تخم چوکا کافور تین تین ماشے افیون ڈیڑھ ماشہ **قرص** طباشیر لین کہ تپہای صفراوی
کو دفع و تقویت معدہ و تسکین حرارت کی کرے ص طباشیر سفید سات ماشے گل سرخ نو ماشے
زرشک چھ ماشے سقمونیای بریان تین ماشے ساتھ آب کاسنی کے بناویں **قرص** کافور کہ یرقان
و تپہای گرم کو مفید ہے ص زرشک تخم کاسنی گل سرخ مغز تخم خربزہ مغز تخم کدوے دراز
صندل سفید نو نو ماشے کیترا کافور رب السوس تین تین ماشہ ساتھ لعاب اسپغول کے
بناویں **قرص** کہل کہ کہانسی و تہوک میں خون آنے کو و بواسیر خونی کو دفع کرے ص
شاخ گوزن سوختہ اقاقیا پرسیاوشان گلنار رازدیج انجبار نو نو ماشہ سرمہ اصفہانی تین ماشے
دم الاخوین چھ ماشے ساتھ آب بارتنگ کے بناویں **قرص** کہربا کہ خون تھوکنے و اجرای خون
بواسیر کو دفع کرے ص کہربا تخم خرفہ ایک ایک تولہ شاخ گوزن سوختہ کیترا صمغ عربی
کشنیز خشک بریان تخم خشخاش سفید چھ چھ ماشے نشاستہ نو ماشے بہ آب بارتنگ
بناویں **فصل چھیانوے** اقراص نافع تپ و امراض آلات غذائی **قرص** غافث
کہ یرقان و درد جگر و طحال و تپ کہنہ و تپ ربع کو دفع و سدہ احشا کی تفتیح کرے ص
عصارہ غافث اڑھائی تولہ سنبل الطیب دو تولہ طباشیر سفید ایک تولہ
قرص لک کہ استسقای لحمی کو مفید و مفتح سدہ احشا ہے ص لک مغسول دو تولہ ریوند
چینی ایک تولہ اسارون سنبل الطیب مصطگی تخم کرفس انیسون نانخواہ اذخر قسط شیرین فلفل
سیاہ زنجبیل چھ چھ ماشے **قرص** گل سرخ کہ استسقاد معدہ و جگر و طحال و اسہال کو مفید ہے
ص گل سرخ ایک تولہ گلنار زرشک سماق کزمازج تخم حماض تخم کاسنی فرنجمشک

قرص طباشیر قابض نافع تپ کہنہ و اسہال صفراوی
قرص طباشیر لین دافع تپ صفراوی و مقوی معدہ
قرص کافور نافع یرقان و تپہای گرم
قرص کہل کہ کہانسی و تہوک میں خون آنے کو و بواسیر خونی کو دفع کرے
قرص کہربا دافع اجرای خون بواسیر و خون حلق
قرص غافث دافع تپ ربع و تپ کہنہ
قرص لک مفتح سدہ احشا و دافع استسقای لحمی
قرص گل سرخ نافع استسقاد معدہ و طحال

تخم خرفہ چار چار ماشہ سعد فقاح اذخر سنبل الطیب ریوند چینی لک مغسول بیخ کبر کافور دو دو ماشہ افیون ایک ماشہ **قرص** فوہ کہ ورم طحال کو مفید ہے **ص** مجیٹھ ایک تولہ زراوند طویل نو ماشہ ریوند چینی تین ماشہ سہاگہ بریان دو ماشہ دو عدد ابجیر سرکے مین پیس کے اُس مین ملا کر قرص بنادین **قرص** افسنتین کہ درد و ورم معدہ کو مفید ہے **ص** افسنتین رومی انیسون تخم کرفس بوزن مساوی **قرص** مصطگی کہ قے و ہچکی استلائی کو مفید ہے **ص** عود خام مصطگی ایک ایک تولہ پوست بیرون پستہ دو تولہ گل سرخ ڈیڑھ تولہ **قرص** زنجبیل کہ اسہال و پیچش کو مفید ہے **ص** زنجبیل بیلگرے کشنیز خشک رال سفید بوزن مساوی بنادین

فصل ستانوی اقراص آلات بول مین **قرص** ذیابیطس **ص** طباشیر پانچ ماشہ تخم خرفہ تخم کاہو سات سات ماشہ تخم حماض گل سرخ کشنیز خشک گل ارمنی تین تین ماشہ صندلین سفید گلنار سماق دو دو ماشے کافور چار سرخ آب برگ خرفہ بنادین و آب انار شیرین کھاوین **ایضاً** قرص ذیابیطس **ص** حب الآس تخم حماض دو دو ماشہ صمغ عربی نشاستہ ایک ایک تولہ ساتھ لعاب اسپغول کے بنادین **قرص** کاکنج کہ ریم و قرحہ گردہ و مثانہ و حرقت بول کو دفع کرے **ص** مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ تخم خرفہ چار چار ماشہ گل سرخ طباشیر گل ارمنی صمغ عربی نشاستہ دم الاخوین دانہ خشخاش سیاہ تین تین ماشہ مغز بادام شیرین مغز چلغوزہ دس دس ماشہ کاکنج ایک تولہ ساتھ لعاب بہدانہ کے بنادین **قرص** کہربا کہ بول الدم کو نفع کرے **ص** کہربا پانچ ماشہ گلنار کندر سماق صمغ عربی تین تین ماشہ افیون چار سرخ **قرص** لبوب کہ قروح گردہ و مثانہ کو ریم سے پاک کرے و صحت دیوے **ص** نشاستہ ایک تولہ تخم خطمی تخم خبازی تخم خرفہ تخم کرفس بادیان تین تین ماشہ بزرالبنج افیون ایک ایک ماشہ مغز فندق مغز بادام شیرین مغز تخم خیارین مغز تخم کنار مغز تخم خربزہ مغز تخم کدوی شیرین مغز چلغوزہ رب السوس تخم حماض گل ارمنی پانچ پانچ ماشہ ساتھ لعاب تخم السی کے بنادین **قرص** ماسک البول **ص** کرمازج اقاقیا پوست

قرص فوہ نافع ورم طحال
قرص افسنتین نافع درد معدہ و ورم
قرص مصطگی نافع قے و ہچکی استلائی
قرص زنجبیل نافع اسہال و پیچش
قرص ذیابیطس
قرص کاکنج نافع ریم و قرحہ گردہ
قرص کہربا نافع بول الدم
قرص لبوب کہ قروح گردہ و مثانہ کو ریم سے پاک کرے و صحت دیوے

قرص دافع سوزاک

بلیلہ کابلی کشنیز بہمیان گل ارمنی جفت بلوط حب الآس مساوی **قرص** دافع سوزاک
ص قلعی کشتہ ست صلاجیت کتیرا گل ارمنی دانہ خشخاش سفید صمغ عربی مغز تخم خیارین تخم خرفہ
مقشر مغز تخم کدوی شیرین بوزن مساوی ساتھ لعاب اسپغول کے بناویں وساتھ شیرگاو آب آمیختہ
کے کھاویں **فصل اٹھانوی** قیروطی یعنی موم روغن مین **قیروطی** دافع قروح ناک کی ص

قیروطی دافع قروح بینی

موم زرد ایک تولہ روغن گل تین تولہ مین گداخت کرکے مردار سنگ دو ماشہ قلعی کشتہ چار
ماشہ مخلوط کرین **قیروطی** کہ قروح وخشکی بینی کو دفع کرے ص روغن چنبیلی دو تولہ آگ پر رکھ

قیروطی دافع قروح وخشکی بینی

قیروطی دافع شقاق لب و دست و پا

کے موم زرد ایک تولہ مغز ساق بز ایک تولہ کتیرا چھ ماشہ حل کرین **قیروطی** کہ شقاق لب
و دست و پاے کو دفع کرے ص روغن گل تین تولہ آگ پر رکھ کے موم زرد ڈیڑھ تولہ

قیروطی دافع ذات الجنب و ذات الصدر

چربی مرغابی کی ایک تولہ کتیرا تین ماشے ملا کے بناوین **قیروطی** کہ ذات الجنب و ذات الصدر
کو دفع کرے ص روغن بنفشہ پانچ تولہ آگ پر رکھ کے موم سفید دو تولہ کتیرا نو ماشے ممزوج
کرین **ایضاً** برگ بنفشہ صندل سفید تخم خطمی اکلیل الملک آرد جو سبوس گندم بوزن
مساوی کوٹ چھان کے موم روغن مین کہ روغن بنفشہ یا روغن گل یا روغن کنجد سفید
مین بنایا ہو وے مخلوط کرین **ایضاً** گل بنفشہ اکلیل الملک گل بابونہ تخم خطمی اسپغول گل
سرخ نو نو ماشہ پانی مین جوش کرکے صاف کرین و پانچ تولہ روغن کنجد ملا کے پکا دین جب
پانی جل جاوے دو تولہ موم زرد داخل کرین **قیروطی** دافع ضیق النفس بارد ص موم زرد

قیروطی دافع ضیق النفس بارد

تین تولہ روغن کنجد سیاہ چھ تولہ مین گداخت کرکے حلبہ نو ماشہ کلونجی اصل السوس چار
چار ماشہ عقرقرحا دو ماشہ کوٹ چھان کے مخلوط کرین **قیروطی** دافع ضیق النفس و سعال

قیروطی دافع ضیق النفس و سعال حار

حار ص کاہو کشنیز دو دو تولہ گل نیلوفر برگ بنفشہ ایک ایک تولہ پانی مین بھگو چھان کے
روغن کنجد سفید چھ تولہ مین پکا دین جب پانی جل جاوے موم سفید اڑھائی تولہ داخل کرین
قیروطی نافع ورم خصیہ ص موم زرد دو تولہ روغن گل چار تولہ مین گداخت کرکے مقل ازرق

قیروطی دافع ورم خصیہ

کندر چار چار ماشہ مخلوط کرین **فصل ننانوے ۹۹** قطور مین **قطور** کہ قرحہ کان کو نفع

قطور نافع قرحہ کان

[illegible]

دچرک وریم کو دفع کرے ص صبر انزروت کف دریا بورہ ارمنی دم الاخوین کندر مساوی الوزن پانی مین پیس کے دو تین قطرہ سرکہ ملا کے کان مین ٹپکاوین و بعد ساعتے دفع کرین قطور کہ درد حار کان کو دفع کرے ص افیون ایک ماشہ روغن گل دو تولہ مین گھول کے چند قطرہ سرکہ ملا کے ٹپکاوین ایضاً کہ درد شدید کان کو دفع کرے ص کافور افیون مساوی شیر دختر یا شیر زن مین گھول کے ٹپکاوین قطور کہ آواز گوش کو دفع کرے ص کندر زعفران مساوی شراب مین گھول کے ٹپکاوین ایضاً قرنفل تین عدد دو تولہ آب مرزنجوش مین گھسکے ٹپکاوین ایضاً خربق سفید دو ماشہ جند بید ستر ایک ماشہ پانی مین گھولکر قطرہ چند سرکہ ملا کے ٹپکاوین قطور کہ سوزاک و قروح مثانہ احلیل کو مفید ہے ص انزروت دم الاخوین کندر قلعی کشتہ نشاستہ افیون مساوی پانی مین گھول کے ٹپکاوین ایضاً صمغ عربی دو ماشہ نشاستہ گندم چار ماشہ شیر دختر یا شیر زن مین حل کر کے ایضاً پوست خشخاش نشاستہ رب السوس مساوی شیر مین پیس کے چھانکے ٹپکاوین

قطور رافع درد حار گوش

قطور دافع آواز گوش

قطور نافع سوزاک و قروح مثانہ

حرف الکاف

فصل ستوین کحلہا مین کحل قاطع دافع آنکھ کی پھلی کا ص کلی تازہ چنبیلی کلی تازہ کنجد سفید مرچ سیاہ چار چار تولہ پھٹکری بریان سات تولہ خوب کھرل کرے پھر خشک کر کے کھرل کرین کحل کہ پھلی و جالا و ڈھلکہ و دھند و خیالات و ابتدائے نزول و رطوبات کو دفع و تقویت بینائی کی کرے ص سنگ سرمہ آب بادیان مین تین بار بجھا کی ڈیڑھ تولہ استخوان سوختہ خرما ایک ماشہ ساذج ہندی چار رتی لسبات دو ماشے بدستور صلایہ کر کے استعمال کرین کحل کہ جالا و ڈھلکہ کو دفع کرے و تقویت بصر کی کرے و آخر مدکو بھی مفید ہے ص صدف سوختہ توتیای مغسول نبات سفید بوزن مساوی سرمہ بناوین کحل الجواہر کہ قوت بصر کو زیادہ و دھند و سیلان رطوبت و ناخنہ جرک کو دفع کرے ص مروارید ناسفتہ ایک ماشہ مرجان ڈیڑھ ماشہ فیروزہ لاجورد مغسول یاقوت رمانی

کحل قاطع دافع پھلی آنکھ

کحل کہ جالا و ڈھلکہ و دھند و خیالات و ابتدائے نزول نیرہ کو دفع کرے

کحل کہ جالا کو دفع کرے و تقویت بصر کی کرے

کحل الجواہر مقوی بصر دافع سیلان رطوبت

عقیق سرخ چار چار سرخ ورق طلا ورق نقرہ پانچ پانچ عدد تین روز عرق کیوڑہ مین صلایہ کرین اوسکے بعد ماميران چینی دو ماشہ سنگ بصری تین ماشہ توتیا چھرتی زعفران ڈیڑھ ماشے سافج ہندی کافور ایک ایک ماشہ مرچ سیاہ چار سرخ سنگ سرمہ دو تولہ ملاکے آب بادیان ڈال ڈال کے آٹھ پہر صلایہ کرین کحل ماميران کہ خارش چشم و دھند و ڈھلکی کو دفع کرے و بال بردنی کے جاوے و قوت باصرہ کی زیادہ کرے ص حضض کمی پھٹکری بریان ماميران چینی گھر با چاندی و سونے کی پوست ہلیلہ چار چار ماشہ نوسادر معدنی سافج ہندی بسباسہ تین تین ماشہ فلفل سیاہ کافور جٹاماسنی توتیا طباشیر کبود کشتہ رانگا ایک ایک ماشہ سنگ سرمہ سیاہ ڈیڑھ تولہ زہرہ بز ایک عدد آب بادیان مین آٹھ پہر صلایہ کرین کحل چشخام کہ آشوب چشم و اجرای اشک کو اور چشم اطفال کو دفع کرے ص چشخام یعنی چاکسو دو تولہ ایک پوٹلی مین باندھ کر گدھی کی لید یا دال ماش مین پانی ڈال کر پکاوین و مقشر کرکے خشک کرین و باضافہ سنگ بصری چھ ماشے پھٹکری بریان چار ماشہ رسوت تین ماشہ سنگ سرمہ نو ماشہ بدستور سرمہ بناوین کحل کہ شبکوری و جالا و ڈھلکہ و غبار و سرکھنہ و ناخنہ و پھلی کو دفع کرے ص مرچ سیاہ تین ماشہ زہرہ بز مین تسقیہ کرکے و سنگ بصری چھ ماشہ چار بار آب لیمو مین بجھاکے مغز تخم کھرنی دو ماشہ غنچہ چنبیلی ایک تولہ آب بادیان مین صلایہ کرین فصل ایک اٹھواںیک کاجل دگھری مین کاجل کہ پھلی و ڈھلکہ و جالا و ناخنہ کو دفع و قوت باصرہ کی کرے ص ماميران چینی قرنفل سنگ بصری سنگ سرمہ سفید ایک ایک ماشہ زرد چوب بچ گلاب مغز تخم کھرنی کونپل انار کونپل بکائن تین تین ماشہ سفوف کرکر روغن گاؤ دو تولہ مین سان کے پارچہ رنگ معصفر مین لپیٹ کر فتیلہ بناوین و روغن تلخ کر ساتھ چراغ مین روشن کرکے ظرف خام مین کاجل لیوین کاجل کہ تقویت بصر و روشنی آنکھ کی کرے و دفع خارش کو بست سفید ہر ص نیم کے پھول یا بکائن کے پھول روئی مین لپیٹ کر روغن سرشف

کحل ماميران مقوی بصر و دافع خارش چشم

کحل چشخام دافع آشوب چشم و اجرای اشک

کحل دافع شبکوری و ڈھلکہ

کاجل دافع ڈھلکہ و جالا و ناخنہ و قوت باصرہ کی کرے

کاجل مقوی بصر و دافع خارش چشم

سے چراغ مین جلاوین دھوان اوسکا سفالی خام مین لیوین اور کپڑے کی پوٹلی مین
سخت باندھ کر چالیس روز تک بادیان کے پانی مین پڑی رکھین اوس کے بعد نکال کے
رکھلین و لگایا کرین کاجل کہ بال پرونی کو جماوے و سرخی آنکھ کی جو آشوب کے بعد
رہتی ہے یا زردی جو بیماریون سے آنکھ مین ہو جاتی ہے دفع کرے ص ہندال تازہ کو چل
کے نچوڑین اور اُس پانی مین تین چار بار کپڑا تر و خشک کر کے آنبہ ہلدی ایک تولہ پھٹکری
سفید نو ماشے سفوف کر کے لپیٹین اور روغن سرشف سے چراغ مین جلا کے بدستور
کاجل لیوین ایضاً آنبہ ہلدی کو بادیان کے پانی مین پیسکے کپڑا رنگ کے اُس کپڑے
مین چند خانۂ عنکبوت جو شل کاغذ کے دیوارون مین لگاتی ہے آلایش صاف کر کے
رکھین اور روغن سرشف سے چراغ جلا کے بدستور کاجل لیوین گھرۃ کہ آشوب چشم
و درد و اشک کو دفع کرے ص پھٹکری بریان تین تولہ افیون خالص چھ ماشے
ظرف آہنی مین دستۂ آہنی سے عرق لیمو ڈال ڈال کے رگڑین کہ پاؤ بھر عرق لیمو
جذب ہو جاوے پس اٹھا رکھین اور جب خشک ہو جاوے پانی سادہ ڈال کے ڈھیلا کرین
ایضاً رسوت پھٹکری بریان آنبہ ہلدی چھ چھ ماشے پٹھانی لودھ تین ماشے افیون دو ماشے
آملے کی تازہ پتی کا پانی ڈال کے پھول کے برتن مین کوڑی کلانسے رگڑین جب کہ ایک ذات ہو جاوے
اُٹھا رکھین ایضاً رتن جوت پٹھانی لودھ پھٹکری بریان تین تین ماشے افیون خالص
دو ماشے ظرف آہن مین دستۂ نیب سے آب جوشاندۂ ترپھلا ڈال ڈال کے رگڑین **فصل**
ایکسوؤدو کماد یعنی سینک مین کماد کہ دردنیم سر و درد ہائے شدید و ریاح غلیظ
کو نفع کرے ص برگ دونا مروا گل بابونہ برگ تلسی ہلکی کپڑے کی پوٹلی مین باندھ کے نیم
گرم کر کے سینکین کماد کہ بحالت سکتہ کو نفع کرے ص قرنفل بسباسہ جوزبوا
عقرقرحا چھ چھ ماشے نمک خرد دو تولہ سفوف کر کے آرد باجرا پاؤ بھر ملا کے دو پوٹلی
بنا کے سینکین کماد کہ درد ریحی معدہ کو نفع کرے ص تانخواہ زیرہ سفید بادیان

کاجل پلک جمانے والا و دافع زردی و سرخی بعد آشوب چشم

گھرۃ دافع آشوب و درد و اشک چشم

کماد نافع دردنیم سر و ریاح غلیظ

کماد نافع صاحب سکتہ

کماد نافع درد ریحی معدہ

اجموده زنجبیل دو دو تولہ نمک کھاری چار تولہ سفوف کرکے آدھ پاؤ سبوس گندم مین
ملاکر دو پوٹلی بناوین **ایضاً** اجوائن و نمک و سبوس گندم بقدر مناسب مخلوط سینک کرین
کماد کہ تحلیل ریاح و دفع درد احشا و مراق کی کرے ص برگ شبت تازہ پودینہ تازہ
دو تولہ انیسون بادیان تخم کرفس ایک ایک تولہ پانی مین جوش و صاف کرکے مثانہ
گوسفند یا بوتل مین بھر کے سینک کرین کماد کہ درد جگر و طحال کو مفید ہے ص برگ
مکو برگ کاسنی برگ سبنھالو برگ سداب بقدر مناسب جوش دیکے سرکہ خالص مین
ملاکر کپڑا تر کرکے سینک کرین **فصل ایکسوتین** کیوس مین کیوس کہ استرخاے
مقعد کو مفید ہے ص جفت بلوط کندر گھر یا چاندی کی تین تین ماشے سفوف کرکر
برگ تازہ ببول دو تولہ پیس کے ملادین و سر و باندھین کیوس کہ خروج مقعد کو دفع
کرے ص برگ کنار ایک تولہ بھنگ دو تولہ آنبہ ہلدی دمازدے سبز چھ چھ ماشے
بعد داخل کرنے مقعد کے باندھین کیوس کہ درد یکی ہر مقام کو مفید ہے ص پھلکان
تین جز تماکوی خوردنی ایک جز پیکے شیر گرم باندھین کیوس کہ اکوتہ کو دفع کرے
ص کھلی سیاہ تل کی و برگ دریا مساوی پانی مین ٹکیہ بناکے باندھین و چار پہر کے
بعد تجدید کرین **فصل ایکسوچار** گلقند و نکے بیان مین **گلقند** سلطق کا مفہوم گلقند گلاب
کے پھول کا ہے دافع مضرات صفراوی مفرح و ملین طبع و دوسرے اجزای مناسب
کے ساتھ مسہل اخلاط ثلثہ و مخرج سدۂ امعا و دافع قولنج و مغص و درد معدہ ہے
شیخ بوعلی نے اپنی تصانیف مین لکھا ہے کہ دیکھی مینے ایک عورت جوان جسکو تپ دق
شروع تھی دوسرے درجے مین مینے مداومت کرائی صرف گلقند کی یہان تک کہ غذا مین
بھی اکثر شامل کیا مدت ایکسال مین صحت کلیہ پائی و توالد و تناسل اس سے ہوا **گلقند**
سیوتی کہ مفرح طبع و دافع وسواس سوداوی و توحش و خفقان و مالیخولیاے مراقی
ہے بدستور گلقند آفتابی یا آبی کی بناوین **گلقند** گڑہل کہ دافع خفقان و توحش طبع و مولد

کماد محلل ریاح و دافع درد احشا

کماد نافع درد جگر و طحال

کیوس نافع استرخاے مقعد

کیوس نافع خروج مقعد

کیوس نافع دردیکی

کیوس دافع اکوتہ

گلقند دافع قولنج و درد معدہ

گلقند سیوتی مفرح طبع

گلقند گڑہل دافع توحش

خون صالح و دافع مضرات صفراوی و سوداوی ہو بدستور گلقند آبی کے بناوین نصف وزن پھولون کو آب لیموی کاغذی خواہ آب انار ترش ملاکر **گلقند خیار شنبر** کہ ملین طبع و مسہل صفرا ہی ص پھول تازہ خیار شنبر کا صرف پنکھڑی لے کے ہموزن شکر سرخ مین ملاکے بدستور گلقند آفتابی کے بناوین **گلقند زیب** کہ مصفی خون و دافع امراض سوداوی و مفتح سدہای عروق ہے ص پھول تازۂ زیب ہموزن شہد خالص مین مخلوط کرکے بدستور گلقند آفتابی کے بناوین **گلقند خشخاش** کہ حابس طبع و دافع اسہال و دافع نزلہ و سفید سرفۂ رطوبی ہے ص پھول تازۂ خشخاش ریزہ ریزہ کرکے سہ چند شکر سفید مین مالش کرکے تین روز تک آفتاب مین رکھین **گلقند حنا** کہ مصفی خون و دافع نزلہ ہی ص پھول تازہ حنا کی ہمچند شہد خالص مین مخلوط کرکے تین روز تک آفتاب مین رکھین

گلقند خیار شنبر ملین طبع و مسہل صفرا — گلقند زیب مصفی خون — گلقند خشخاش حابس طبع — گلقند حنا مصفی خون

حرف اللام

فصل اکیسویں بائیسوین لخلخے مین **لخلخہ** کہ صداع و شقیقۂ حار کو مفید ہی ص صندل سفید کشنیز خشک گلاب مین پیسکر تھوڑا سرکۂ خالص ملاکر لخلخہ کرین **لخلخہ** کہ صداع و شقیقہ بارد کو مفید ہی ص برگ مرزنجوش برگ تلسی پانی مین پیسکر اُسمین قدرے سفوف زنجبیل و مرچ سیاہ و جوز ملاکر **لخلخہ** کہ درد سر و سرسام حار کو مفید ہی ص صندلین کشنیز خشک گل ارمنی پانی مین پیسکر تھوڑا کافور ملاکر **فصل اکیسو چھٹیین لطوخ** مین **لطوخ** کہ دونون کنپٹی پر لپیٹا نے سے شقیقہ و درد سر کو نفع کرے ص ایلوا تخم کاہو بزرالبنج کتیرا دو دو ماشے افیون ایک ماشہ زعفران چھ رتی سرکے مین حل کرکے **ایضاً** کتیرا صمغ عربی خشخاش دو دو ماشہ دم الاخوین حضض ہندی گل سرخ افیون ایک ایک ماشہ سفیدۂ تخم مرغ مین ملاکر **ایضاً** کوکنار گل سرخ کشنیز خشک چار ماشے گل بابونہ بزرالبنج تین ماشے صندل سفید دو ماشے افیون ایک ماشہ **لطوخ** کہ زکام مزمن کو دفع کرے ص لوبان کوگل مصطگی رومی گل بابونہ جٹا ماسی بوزن مساوی پانی مین پیسکے تھوڑا روغن گل ملاکر **ایضاً** افیون تین جز زعفران ایک جز باہم ملاکر

لخلخہ نافع صداع حار — لخلخہ نافع شقیقۂ بارد — لخلخہ نافع سرسام حار — لطوخ نافع درد شقیقہ — لطوخ دافع زکام مزمن

فصل ایکسٹھ ساتوین لعوق مین لعوق بادام کہ خشکی حلق وحنجرہ وکھانسی خشک
کو مفید ہے ص مغز تخم کدوی دراز مغز بادام شیرین دو دو تولہ نشاستہ کتیرا صمغ عربی رب السوس
ایک ایک تولہ سفوف باریک کرکے قوام نبات سفید یا شکر ایک پاؤ مین
ملاوین لعوق کہ ضیق النفس وگرفتگی آواز کو مفید ہے ص تخم السی دو تولہ تخم بہی چار
ماشے مغز بادام شیرین مویز کتیرا اصل السوس مغز چلغوزہ نشاستہ صمغ عربی ایک ایک
تولہ سفوف باریک کرکے قوام شکر پاؤ بھر مین مخلوط کرین لعوق کہ گلے سے خون نکلنے کو
نفع وحرارت مزاج کبد کو دفع کرے وبواسیر کو مفید ہے ص تخم خرفہ طباشیر سات سات
ماشے مغز تخم کدوے دراز مغز تخم خیار دراز ایک ایک تولہ لعاب اسبغول لعاب
بارتنگ تین تین تولہ کا نبات سفید آدھ پاؤ کر قوام مین ملاوین لعوق خشخاش کہ کھانسی
ونزلہ کو دفع کرے ص اصل السوس مقشر تخم خطمی بہدانہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پوست خشخاش
ایک تولہ تین پاؤ پانی مین خیساندہ وجوشاندہ بناکر کے ڈیڑھ پاؤ شکر سفید مین قوام کرکے
رب السوس کتیرا صمغ عربی ایک ایک تولہ سفوف کرکے ملاوین لعوق ابہل کہ با استعمال
ایک ہفتے کے ربو کو دفع کرے ص ابہل چھ تولہ سفوف کرکے تین تولہ روغن گل
مین مخلوط کرکے پاؤ بھر شہد خالص کف گرفتہ مین ملاوین لعوق زوفا کہ ربو وسرفہ
کہنہ کو مفید ہے وسینہ وشش کو اخلاط غلیظہ سے پاک کرے ص زوفاے یابس
بیخ سوسن کبود ایک ایک چھٹانک جوشاندہ بناکر ڈیڑھ پاؤ شہد خالص ملاکے گرم
کرین وبعدہ صاف کرکے قوام کرین واگر بیخ سوسن دستیاب نہو تو ہم وزن اُس کے
شونیز داخل کرین لعوق کہ سلول اور سرفہ خشک کو مفید ہے ص بہدانہ اسبغول تخم
خطمی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ کا لعاب نکال کر آب انار شیرین آب خیار دراز آب کدوی دراز آب
برگ خرفہ مروق ہر ایک آدھ آدھ پاؤ شکر سفید آدھ سیر باہم مخلوط کرکے قوام کرین وصمغ عربی کتیرا مغز بادام
شیرین مقشر تخم خشخاش ایک ایک تولہ رب السوس شکر تیغال چھ چھ ماشے سفوف کرکے ملاوین وشبانہ روز [illegible]

لعوق نافع خشکی حلق وسرفہ

لعوق نافع ضیق النفس

لعوق نافع خون گلو وحرارت مزاج کبد

لعوق خشخاش دافع سرفہ ونزلہ

لعوق ابہل کہ در یک ہفتہ ربو را دفع کند

لعوق زوفا نافع سرفہ کہنہ

لعوق نافع سلول وسرفہ خشک

لعوق پستان نافع سرفۂ بلغمی و نزلہ از مجربات

قدر لعق کرین لعوق پستان کہ سرفۂ بلغمی و نزلہ کو مفید و مجربات سے ہے ص پستان پختہ پچاس عدد عناب بیس عدد اصل السوس و تخم خطمی ایک ایک تولہ پوست خشخاش دو تولہ بہدانہ چھ ماشے جوشاندہ بنا کے شکر سفید آدھ سیر ملا کے قوام کرین و آخر قوام مین جو مقشر مغز بادام شیرین مقشر تخم خشخاش ایک تولہ شیرہ بنا کے ملاوین و بعد طیاری قوام کے رب السوس کتیرا صمغ عربی چھ چھ ماشے سفوف کر کے ملاوین شبانہ روز مین پانچ چار بار لعق کرین

فصل ایکسٹواں آٹھوین لبوب اور لوزین

لبوب کہ گردے کو گرم اور دل و دماغ کو قوت اور بدن کو فربہ کرے

لبوب کہ گردے کو گرم اور قوی اور قوت باہ و منی کو زیادہ کرے اور دل و دماغ کو قوت اور بدن کو فربہی دیوے اور فرحت اور نشاط لاوے و امر مجامعت و اصلاح منی و قوت اعضای تناسل مین عدیم المثال ہے ص مغز پستہ مغز بادام مغز نارجیل مغز فندق مغز اخروٹ مغز چلغوزہ مغز تخم کدو مغز پنبہ دانہ خشخاش سفید کنجد سفید مقشر ہر ایک تین تین تولہ تخم گزر تخم شلجم تخم ترب تخم پیاز تخم گندنا لسان العصافیر لیمون تخم ہالم ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پانی مین ایسا پیسین کہ پارچہ نیز نکرنا پڑے اور اسکو قوام شکر سفید تین پاؤ اور شہد پاؤ بھر مین مخلوط کر کے پکاوین کہ پانی جلجاوے اسمین سفوف خولنجان و شقاقل و بہمنین و تودرین و ثعلب مصری ایک ایک تولہ داخل کرین

لبوب کہ منی کو زیادہ کرے و گردہ و مثانہ و باہ کو قوت دیوے

لبوب کہ منی زیادہ کرے و گردہ و مثانہ و باہ کو قوت دیوے ص شکر سفید و شہد خالص آدھ آدھ سیر باہم ملا کے قوام کرین و سفوف دارچینی و خولنجان و زنجبیل و تخم ہالم و بہمنین و تودرین ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پودینۂ خشک ایکتولہ مرچ سیاہ عاقرقرحا جائفل جاوتری لونگ چھ چھ ماشے کا ملاوین اسکے بعد مغز بادام شیرین مغز اخروٹ مغز نارجیل مغز فندق

لبوب بارد نقصان باہ کو کہ اگر حرارت سے ہو نافع ہے

مغز چلغوزہ مغز پستہ تین تین تولہ چربی چھ تولہ نرم کوٹ کے مخلوط کرین لبوب بارد نقصان باہ کو اگر حرارت سے ہووے مفید ہے ص نبات سفید ڈیڑھ پاؤ ترنجبین خراسانی آدھ پاؤ شہد خالص پاؤ بھر شیرۂ تخم خشخاش و کنجد سفید مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ مغز تخم تربز تین تین تولہ ملا کے قوام کرین و سفوف

ثعلب مصری وشقاقل مصری دو دو تولہ کا داخل کرین لوزہ کہ تقویت باہ کرے و صاحب
نزلہ کو مفید ہے ص مغز بادام مقشر آدھ پاؤ مغز پستہ تخم خشخاش سفید ایک چھٹانک
شیرہ کرکے نبات سفید ڈیڑھ ڈیڑھ پاؤ نشاستہ گندم ایک پاؤ روغن گاؤ تین چھٹانک
مین بریان کیا ہوا باہم شل حلوا کے سخت پکا دین اور زعفران تین ماشہ دانہ الائچی سفید
چھ ماشہ سفوف کرکے داخل کرین اور بحالت گرمی کی جماکے ٹکڑے ٹکڑے تراش رکھین

لوزہ مقوی باہ ونافع صاحب نزلہ

حرف المیم

فصل اکیسوین ماء اللحم مین شیخ الرئیس بو علی نے لکھا ہے کہ اگرچہ گوشت غذا
ہے مگر پانی اوسکا دفع ضعف قلب و دیگر امراض مین دوا معقول ہے و بعض اطبا
نے چند گوشتون کو جمع کرنا پسند نہین کیا بدینوجہ کہ سریع الہضم و بطی الہضم ایکجا کرنا بیجا ہے
مگر اکثر اطبا نے گوشت طیور کو ساتھ گوشت بز کے جمع کرنا جائز اور روا رکھا ہے ماء اللحم
سادہ کہ تقویت قلب و توانائی و فربہی بدن کی کرے و اشربہ مناسبہ کے ساتھ تپ دق
کو مفید ہے ص گوشت بکرہ جوان و فربہ کا چربی و سفیدی دفع کرکے پوٹلی دھنیا
و تیجپات و الائچی سرخ و دارچینی ڈالکے دیگ سربستہ مین جوش دیوین جب گوشت
خوب گلجا دے نے و بھپکہ لگا کے عرق کھینچین ماء اللحم مرکب کہ تقویت دل
و دماغ و دیگر اعضاے رئیسہ و باہ کی و اصلاح اخلاط و تصفیہ خون و فربہی بدن کی
کرے ص گوشت صاف بکرہ جوان کا سات سیر گوشت صاف کبوتر دس عدد و بٹیر
چالیس عدد کا مرغ جوان دو عدد تیتر چار عدد کنجشک خانگی خواہ دشتی پچاس
عدد باضافہ پوٹلی دارچینی ایک چھٹانک قرنفل ایک تولہ الائچی سرخ تیجپات
ڈیڑھ ڈیڑھ چھٹانک پیاز مسلم پاؤ بھر دیگ سربستہ مین جوش کرین جب گوشت گلجاوے
پوٹلی کو دفع کرکے گوشت کو مل کر پانی صاف کرلین اسمین اجزاے مفصلہ جو ایک شب
پانی مین ترکئے ہوے ہون ڈالکے پانچ سیر شیر گاؤ تازہ ملاکے عرق کھینچین اور سرنیچہ پر پوٹلی زعفران

ماء اللحم سادہ کہ مقوی قلب و فربہی بدن کی کرے و نافع تپ دق

ماء اللحم مرکب کہ مقوی دل و دماغ و باہ و تصفیہ خون و فربہی بدن کی کرے

تین ماشے دانۂ الائچی سفید چھ ماشے کی باندھین برگ گاؤزبان گل گڑہل خشک آملہ
کشمش خرما موصلہ سنبل بادرنجبویہ گل منڈی آدھا اودھیا اسطوخودوس دارچینی تج
تیج پات گل سرخ تخم کاسنی برادۂ صندل سفید برادۂ صندل سرخ برادۂ آبنوس گوکھرو
کلان عناب گل نیلوفر ایک ایک چھٹانک بھنین تودری موصلیین اندرجو چار چار تولہ
واضح ہو کہ جو گوشت مذبوحاً جائز نہووے یا ہم نہ پہونچ سکے مخلوط نکرنے سے نقصان
فوائد مین نہوگا بشرطیکہ اور سب اجزا داخل ہون واگر تقویت باہ زیادہ تر مقصود
ہووے تو گوشت نیل کنٹھ چار عدد وکمٹر یحیر یعنی طائر کشمیری دس عدد کا زیادہ

ماء الشعیر نبی

کرین **فصل ایکسودسوین** ماء الشعیر جسکو آشجو کہتے ہین اور ماء الاصول مین **فائدہ**
اتفاق اکثر اطبا کا اسپات پر ہے کہ کوئی غذا ودوائی ماء الشعیر سے بہتر نہین ہے اور اسمین
دس خاصیتین ہین مبرد مفتح مستفرغ منقی معدہ مسہل النفوذ لذیذ معتدل الغذا مسکن
عطش مانع ہیجان اخلاط فاسدہ معدہ مین نفخ نہین کرتا مگر احشاے بارد مزاج کو
مضر ہے مصلح اسکا گلقند ہے ص جو قسم اعلے مقشر ایک چھٹانک سوا سیر پانی مین جوش
دیوین جب پانی رنگین ہوجاوے پانی دفع کردیوین دوسرا پانی ڈال کے پکاوین جب اسمین
سرخی آدے وہ بھی تبدیل کرین اسی طرح دو تین پانی تبدیل کرکے آخر مین خوب پکاوین
کہ جو پھٹ جاوین و پانی گاڑھا ہوجاوے تب سرد کرکے صرف نبات سفید خواہ

۱۸۱ ماء الشعیر ملحم
دافع ضعف مریض

کوئی دوسرا شربت ملاکے پیوین **ماء الشعیر ملحم** جب مریض کو طاقت دینا زیادہ
منظور ہووے ماء الشعیر مین گوشت داخل کرین اوسکی دو تدبیرین ہین ایک یہ کہ
گوشت کو مثل قورمے کے مصالحہ مناسبہ کے ساتھ پکاوین مگر روغن زرد نڈالین
اگر ڈالین تو نہایت کم بقدر بھوننے وخوشبو کرنے کی اُس مین جو مقشر کردہ پانی رنگین دفع
کرکے شامل کرین پانی جدید مثل شوربا کے ڈالکر پکاوین مگر پانی زیادہ ہووے کہ بخوبی اثر گوشت کا نکلے
دوسرے یہ کہ جب ماء الشعیر اخیر پانی مین پکانے لگین تب آب یخنی گوشت اسمین داخل کرکے

پکاوین اور اگر چاہین کہ ماءالشعیر مین قوت قابضہ ہووے تو جو مقشر بریان کرکے پکاوین
خواہ تھوڑا پوست خشخاش ایک پوٹلی مین باندھ کر داخل پخت اخیر کرین **ماءالاصول**
کہ تپہای بلغمی وضیق النفس وگرفتگی آواز وتفتیح سدہای جگر وطحال کو مفید ہے ص
پوست بیخ بادیان پوست بیخ کاسنی اصل السوس مقشر ایک ایک تولہ بیخ اذخر بیخ
کرفس سنبل الطیب چھ ماشے مویز منقی عناب بیس بیس دانہ سوا سیر پانی مین جوش کرین
جب چہارم حصہ باقی رہے بدون ملنے کے صاف کر رکھین بقدر مناسب لیکے اُس مین کوئی
شربت خواہ نبات سفید ملا کے پیا کرین **فصل اکیسو گیارھوین مقیات مین مقی**
کہ اخلاط صفرا اور بلغم کو معدے سے نکالے اور درد سر وتپ کو نفع دیوے ص بیخ وبرگ مول
برگ سوہ اصل السوس غیر مقشر نیم کوفتہ سب کو بقدر مناسب جوش کرکے پانی صاف لیکے
سکنجبین سادہ ونمک ملا کے شیر گرم بہت سا پیکے قے کرین **مقی** کہ خلط صفرا وبلغم وسودا کو
معدے سے خارج کرے ونفع شکم وسوء النفس ودرد گردہ کو نفع دیوے ص تخم خردل
جوز القے تخم ترب تخم شبت اصل السوس چھ چھ ماشے جوش کرکے صاف کرکے
سکنجبین سادہ دو تولہ نمک چار ماشے ملا کے تبدریج پیوین بعد تھوڑے توقف کے
قے کرین **فصل اکیسو بارھوین مضمضے مین مضمضہ** کہ قرحہ مسوڑھا اور دانت نرم وجنبش
ودرد دانت وجوشش خون دہن کو نافع ہے ص گلنار مازو نیم کوب کزمازج سماق ساوی
الوزن جوش کرکے مضمضہ کرین **مضمضہ** کہ خون آنا مسوڑھون سے دفع کرے
ص سماق سنبل الطیب زرورد تین تین ماشے برگ کنار باغستانی بیخ کنار جنگلی
ایک ایک تولہ مازو چار ماشے جوش کرکے مضمضہ کرین **مضمضہ** کہ درد دندان وقلاع
حار کو بہت مفید ہے ص کشنیز خشک بارتنگ چھ چھ ماشے پانی مین بھیس کے صاف
کرین و نو ماشے اسبغول کا لعاب وایک ماشے کافور ملا کے مضمضہ کرین واگر آب برگ تازہ
مکو یا آب برگ خرفہ زیادہ کرین زیادہ تر مفید ہووے **ایضاً** نافع درد دندان کے رطوبت

ماءالاصول نافع تپ بلغمی وضیق النفس وجگر وطحال ونفخ سدہ

مقی دافع اخلاط صفرا وبلغم از معدہ ونافع تپ

مقی کہ خلط صفرا وبلغم وسودا کو معدہ سے خارج کرے

مضمضہ نافع درد دندان وجوشش خون

مضمضہ دافع خون لثہ

مضمضہ نافع درد دندان وقلاع حار

دنزلہ سی ہووے ص عاقرقرحا بزرالبنج چھ چھ ماشے عدس ایک تولہ پوست خشخاش سات
ماشہ جوش کرکے مضمضہ کہ درد دندان کو دفع کرے ص پوست درخت سرس چار تولہ
برگ چنبیلی دو تولہ باؤبڑنگ تین ماشہ جوش کرکے ایضاً کو پوست خشخاش اسپند
ایک ایک تولہ مجیٹھ چھ ماشے جوش کرکے مضمضہ کہ قلاع گرم و سرد کو دفع کرے ص
انجیر چار عدد اکلیل الملک تخم السی ایک ایک تولہ جوش کرکے صاف کرکے قدرے
زعفران و روغن چنبیلی ملاکے ایضاً سماق زرورد نو ماشہ اقاقیا مازو چھ چھ ماشہ جوش
کرکے مضمضہ کہ گندہ دہنی کو بعد تنقیۂ بلغم کے مفید ہے ص عود خام مصطگی قرنفل بسباسہ
جوزبوا تین تین ماشہ نیمکوب کرکے پوٹلی باندھ کے گلاب مین جوش کر رکھیں شبانہ روز مین
بردفعات مضمضہ کیا کرین ایضاً دافع بدبوی دہن ص شہد خالص کو پانی مین گھول کے
مضمضہ کیا کرین مضمضہ کہ بلالان و فساد ذوق کو دفع کرنے اگر بلغم سی ہووے ص خردل
و عاقرقرحا و مویزہ جوش کرکے و اگر حرارت سی ہووے ص گل سرخ و سماق جوش کرکے
مضمضہ کہ دانتون کو مستحکم اور اُس کے درد کو دفع کرے ص گلنار اقاقیا کزمازج
جفت بلوط فوفل گل سرخ صندلین پوست انار ناگرموتھ بوزن مساوی جوش
و صاف کرکے تھوڑا دم الاخوین ملاکر مضمضہ کہ استرخاے زبان کو مفید ہے
ص خردل زنجبیل مرچ سیاہ عاقرقرحا نوشادر نمک بھی کلونجی پودینہ خشک نمک
مساوی جوش کرکے مضمضہ کہ ورم زبان و دہان کو مفید ہے ص برگ بنفشہ میتھی
تخم السی اصل السوس مکو نو نو ماشے انجیر چار عدد خیارشنبر تین تولہ جوش کرکے صاف کرکے
نیمگرم مضمضہ کرین **فصل اکیسوتیرھوین** مطبوخات دافع امراض معدہ و امعا و جگر و
طحال و استسقا مین مطبوخ کہ ورم بلغمی معدہ کو نفع کرے ص شگوفہ اذخر مصطگی تخم
کرفس انیسون تین تین ماشے پرسیاؤشان بیخ بادیان پانچ پانچ ماشے جوش
کرکے صاف کرین و باضافۂ شیرۂ مغز بادام پانچ دانہ و شکر سرخ ایک تولہ

مضمضہ دافع درد دندان

مضمضہ دافع قلاع حار و بارد

مضمضہ نافع گندہ دہنی

مضمضہ دافع بطلان و فساد ذوق

مضمضہ مستحکم کنندہ دندان و دافع درد

مضمضہ نافع استرخاے زبان

مضمضہ نافع ورم زبان و دہان

مطبوخ نافع ورم بلغمی معدہ

ایک تولہ کے پیوین ایضاً دافع ورم معدہ ص بادیان کرفس کو مساوی جوش کر کے
باضافہ شیرہ مغز بادام و شکر سرخ کے مطبوخ کہ معدے کو قوت دیوے و قے موقوف
کرے ص انار دانہ نو ماشے مصطگی پودینہ عود خام تین تین ماشہ بدستور جوش کر کے
باضافہ ایک تولہ نبات سفید کے پیوین مطبوخ دافع سنگرہنی ص ناگرموتھ بیلگیری
کشنیز خشک نتریالا زنجبیل خس جملہ بوزن مساوی جوش کر کے باضافہ شکر سفید کے
مطبوخ کہ ورم طحال کو دفع کرے ص ہلیلہ سیاہ ہلیلہ زرد تین تین ماشے شاہترہ
تخم کاسنی چھ چھ ماشے تخم کشوث دو ماشہ آلو بخارا پانچ دانہ گلقند آفتابی دو تولہ
بدستور طیار کرین مطبوخ کہ ورم جگر و معدہ و طحال و استسقا و یرقان کو دفع و تلطیف
اخلاط غلیظہ کی کرے و جگر و معدے کو قوت دیوے ص مجیٹھ مصطگی پوست بیخ بادیان پوست
بیخ کرفس پوست بیخ کاسنی انیسون تخم کرفس سنبل الطیب تین تین ماشے تخم کشوث
دو ماشہ مویز ایک تولہ بدستور طیار کرین و باضافہ شکر سفید ایکتولہ و شیرہ بادام شیرین
سات دانہ کے پیوین مطبوخ ریوند کہ سدہ مقعر جگر کو کھوے ص ریوند چینی دو ماشے
افسنتین شگوفہ اذخر تین تین ماشے سداب حلبہ چار چار ماشہ مویز دس عدد انجیر زرد
دو عدد بدستور طیار کر کے شکر سفید ڈیڑھ تولہ روغن بادام دو ماشے ملا کے مطبوخ کہ ورم
جگر کو دفع کرے ص ریوند چینی ڈیڑھ ماشہ تخم کشوث تخم کرفس بادیان تین تین ماشے
افسنتین بسفائج ہلیلہ کابلی بلیلہ پانچ پانچ ماشے مویز منقے پندرہ عدد بدستور طیار کرین
و ترنجبین خراسانی دو تولہ حل کر کے پیوین فصل اکیسویں چودھوین مطبوخات
دافع علل گردہ اور مثانہ مین مطبوخ کہ درد گردہ اور دشواری بول کو نفع کرے ص
کاکنج تخم خبازی پانچ پانچ ماشہ زیرہ سفید چار ماشے تخم خربزہ نیم کوفتہ نو ماشے مطبوخ
دافع درد گردہ ص حلبہ تانخواہ تخم گزر تخم کرفس تخم سداب گل بابونہ مساوی الوزن مطبوخ کہ
درد سنگ و ریگ گردہ و مثانہ کو دفع کرے ص بادیان انیسون گوکھرو کلان پرسیاؤشان تخم خبازی

مطبوخ مقوی معدہ و حابس قے
مطبوخ دافع سنگرہنی
مطبوخ دافع ورم طحال
مطبوخ دافع ورم جگر و معدہ و طحال و یرقان وغیرہ
مطبوخ ریوند کہ سدہ مقعر جگر کو کھولے
مطبوخ دافع ورم جگر
مطبوخ دافع درد گردہ و دشواری بول
مطبوخ دافع درد گردہ
مطبوخ دافع ریگ گردہ و مثانہ

گل بنفشہ تخم کشوث تخم قلت تین تین ماشے تخم خربزہ نو ماشے تخم خیارین ایک تولہ ساتھ شربت
بزوری بارد دو تولہ کے مطبوخ کہ درد گردہ کو مجرب ہے ص تخم خربزہ نیمکوفتہ دو تولہ شکر سرخ
دو تولہ ڈیڑھ پاؤ پانی میں پکاویں جب سوم حصہ رہے صاف کرکے شیر گرم نوش کریں
ایضاً گل داؤدی زرد بقدر مناسب پیس کے شکر سرخ ملا کے صاف کریں و شیر گرم
پیویں فصل ایکسو پندرھوین مطبوخات مدر حیض مطبوخ کہ انسداد و قلت اجرائے
خون حیض کو دفع کرے ص اسارون تین ماشے سداب دو ماشے بادیان چھ ماشے تخم
لوبیا نو ماشے بایام حیض تین روز متواتر پیویں ایضاً تخم سداب بادیان تخم کرفس چھ چھ
ماشے انجیر زرد پانچ عدد گلقند آفتابی دو تولہ ایضاً لوبیای سرخ انیسون مجیٹھ تخم سداب
بوزن مساوی ایضاً کہ مجرب لکھا ہے ص تخم کرفس نیمکوفتہ برگ گاؤزبان تخم خربزہ نیمکوفتہ بوزن
مساوی جوش دے صاف کرکے شکر سرخ ملا کے پیویں فصل ایکسو سولھوین مطبوخات دافع اوجاع
میں مطبوخ سورنجان کہ درد مفاصل کو ساتھ اسہال کے دفع کرے ص سورنجان
شیرین بوزیدان چھ چھ ماشے زرنبد سفید مجوف و مغز تخم کرڈ زنجبیل شحم حنظل تین تین
ماشے مجیٹھ تخم کرفس انیسون سات سات ماشے بدستور طیار کرکے شکر سرخ ایک تولہ
ملا کے نوش کریں مطبوخ بوزیدان کہ درد زانو و درد پشت اور سب دردوں کو مفید ہے
ص بوزیدان شیطرج ہندی زنجبیل پانچ پانچ ماشے سورنجان بیخ اذخر پوست بیخ کرفس
پوست بیخ بادیان چار چار ماشے مویز طلبہ دس دس ماشے بدستور بناویں و با ضافہ نو
ماشے روغن بید انجیر کے پیویں مطبوخ ہلیلہ کہ اوجاع مفاصل کو نفع دیوے
ص سورنجان بادیان پوست بیخ بادیان تخم کرفس انیسون پانچ پانچ ماشے پرسیاوشان گاؤزبان
بادرنجبویہ چار چار ماشے گل سرخ ہلیلہ زرد چھ چھ ماشے سنای مکی سات ماشے گلقند آفتابی ڈیڑھ
تولہ بدستور طیار کرکے ترنجبین تین تولہ حل کرکے صباح نوش کریں مطبوخ کہ وجع الورک
و عرق النسا کو دفع کرے قوی الاثر ہے ص مصطگی انیسون پانچ پانچ ماشہ زنجبیل بیخ اذخر

مطبوخ مجرب دافع درد گردہ

مطبوخ دافع خون حیض

مطبوخ سورنجان دافع درد مفاصل

مطبوخ بوزیدان نافع درد زانو و پشت وغیرہ

مطبوخ ہلیلہ نافع اوجاع مفاصل

مطبوخ دافع وجع الورک و عرق النسا

تین تین ماشہ مجیٹھ شیطرج ہندی سورنجان بوزیدان تخم کرفس حلبہ رازیانہ چار چار ماشہ مویز

پندرہ عدد بدستور طیار کرکے باضافہ ایک تولہ روغن بید انجیر کے پیوین

فصل اکیسویں

مطبوخات دافع حمیات **مطبوخ** کہ تپ بلغمی و تپ ربع کو باخراج مواد دفع کرے ص بیخ

اذخر شاہترہ شکاعی کباب چینی چار چار ماشہ افتیمون تین ماشہ ہلیلہ کابلی چھ ماشہ مویز

پندرہ عدد بدستور طیار کرکے باضافہ سکنجبین دو تولہ کے نوش کریں **مطبوخ** کہ اوس تپ

کو دفع کرے جو ہر روز لاحق رہے اور ایک روز درمیان دے کے شدت کرے ص

اصل السوس بیخ کرفس پوست بیخ رازیانہ پانچ پانچ ماشہ شکاعی تین ماشہ پودینہ

مصطگی دو دو ماشہ کشنیز خشک گل سرخ چار چار ماشہ بدستور طیار کرکے ترنجبین چار تولہ

حل کرکے پیویں **مطبوخ** کہ اُس تپ بلغمی کو دفع کرے جو باوقات مختلفہ آوے ص سنبل الطیب

انیسون کشنیز خشک گل سرخ پانچ پانچ ماشے مصطگی دو ماشہ افسنتین تخم کشوث

بیخ اذخر بیخ کرفس پوست بیخ رازیانہ چار چار ماشہ ہلیلہ زرد سات ماشہ مویز پندرہ

دانہ گلقند عسلی تین تولہ بدستور طیار کرکے سکنجبین دو تولہ ملا کے پیویں **مطبوخ** کہ مواد تپ

ربع کو بہ تلیین دفع کرے ص برگ سنا مکی افتیمون برگ بنفشہ تخم خرپزہ نیمکوفتہ تخم شبت

پانچ پانچ ماشہ ہلیلہ کابلی و ہلیلہ زرد سات سات ماشہ بدستور طیار کرکے تین تولہ

سکنجبین ملا کے پیویں **مطبوخ** کہ تپ ربع کو بہ تلیین دفع کرے ص بادرنجبویہ برگ گاؤزبان

آملہ پانچ پانچ ماشہ بسفائج فستقی افتیمون غاریقون تین تین ماشے ہر سہ ہلیلہ چار چار

ماشہ سنا مکی سات ماشہ آلو مویز دس دس دانہ گلقند آفتابی تین تولہ

مطبوخ کہ تپ بلغمی و درد احشا کو دفع کرے ص بیخ کرفس بیخ بادیان بیخ اذخر پرسیاؤشان

انیسون مصطگی بوزن مساوی **مطبوخ** کہ تپہائے کہنہ و تپ لرزہ مزمن کو دفع کرے ص

خس صندل سرخ کشنیز خشک زرنباد زنجبیل گلو تازہ بوزن مساوی جوش کریں جب

آٹھواں حصہ پانی باقی رہے صاف کرکے نبات سفید بوزن مناسب ملا کے

مطبوخ دافع تپ بلغمی و ربع
مطبوخ نافع تپ لازم و تپ غب
مطبوخ دافع تپ بلغمی کہ باوقات مختلفہ آوے
مطبوخ دافع مواد تپ ربع بہ تلیین
مطبوخ دافع تپ ربع بہ تلیین
مطبوخ دافع تپ بلغمی و درد احشا
مطبوخ دافع تپہائے کہنہ و تپ لرزہ مزمن

مطبوخ دافع زرد تپ ربع — مطبوخ دافع تپ ربع

نوش کرین مطبوخ کہ واسطے تپ ربع کے مجربات سے ہے ص پوست کوکنار بقدر
تحمل مزاج کے ساتھ ہشتم حصہ مرچ سیاہ نیم کوفتہ کے جوش کرکے پیوین مطبوخ کہ واسطے
تپ ربع کے مفید ہے ص پوست ہلیلہ کابلی تخم کاسنی چھ چھ ماشہ بیخ بادیان شاہترہ
چار چار ماشہ تخم کشوث تین ماشہ آلو عناب دس دس دانہ گلقند تین تولہ مطبوخ کہ تپ بلغمی

مطبوخ دافع تپ بلغمی

کو دفع کرے ص اصل السوس پانچ ماشہ بادیان چار ماشہ گلوے تازہ سات ماشہ انجیر
زرد دو عدد شکر سرخ دو تولہ مطبوخ کہ تپ و کھانسی کو دفع کرے ص پرسیاؤشان

مطبوخ دافع تپ و سرفہ

تخم خطمی تخم خبازی بیخ نہک بادیان چار چار ماشہ پیرا مور دو ماشے شکر سرخ دو تولہ
مطبوخ کہ تپ و کھانسی خشک کو دفع کرے ص بیخ نہک برگ بنفشہ برگ گاؤزبان چار

مطبوخ دافع تپ و سرفہ خشک

چار ماشہ بہدانہ دو ماشہ سپستان دس دانہ شکر سفید ڈیڑھ تولہ فصل اٹھارھوین

مطبوخ مصفی خون فاسد

مطبوخات متفرقہ مین مطبوخ کہ تصفیہ خون فاسد کا کرے ص ناگرموتھ بابچی چرائتہ
پوست اندرونی درخت بکائن صندل سفید تین تین ماشہ گلو کٹائی خرد و کلان ہلیلہ بلیلہ
آملہ چار چار ماشہ کٹکی بابرنگ زرد چوب وج زنجبیل کوٹ شیرین اندرجو بھنگرہ بھی
ساتھ دو دو ماشہ آدھ سیر پانی مین جوش کرین جب ڈیڑھ چھٹانک پانی باقی رہے بدون
ملنے کے صاف کرلین اور ایک تولہ نبات سفید ملاکے پیوین مطبوخ کہ جذام و خنازیر

مطبوخ دافع جذام و خنازیر و مثل اُنکے کو دفع کرے

و امثال اُنکے کو دفع کرے ص مجیٹھ پوست جھاؤ ناگرموتھ گرچ تازہ زنجبیل زرد چوب کٹائی
کلان و خرد برگ تنبول بنگلہ باؤبرنگ چتا ورد بودارا اندرجو بھنگرہ شتاور چوب کینر زرد
ترپھلا چرائتہ پوست درخت بکائن بھی سا مجل فرنگ بکچی صندل سفید اترچھال
درخت کناوزمہ ازچھال کرنج پٹ پاپڑا انیس بیخ اندراین ہر ایک دو دو ماشہ بدستور

مطبوخ کہ براے دفع آتشک مجرب ہے

طیار کرین مطبوخ کہ واسطے دفع آتشک کے مجرب ہے سفید ہے ص پوست درخت نیب پوست
درخت کچنال بیخ حنظل منڈی بیخ چوب کٹائی خرد تمند سیاہ کتہ ایک ایک چھٹانک تین سیر
پانی مین جوش کرین جب چہارم حصہ رہے صاف کرکے ایک شیشی مین رکھین اور بقدر احتمال

طبیعت کی پیدا کرین فصل اکیسوئین مربون مین مربا ے زنجبیل گرم و خشک
ہے برودت معدہ و گردہ و مثانہ کو دفع و ادرار بول و قوت باہ زیادہ کرے و تپ ہاے
بلغمی کو مفید ہے ص زنجبیل بے ریشہ کو ایک برتن مین رکھکے بالو سے بند کرین اور اسپر
پانی ڈالین اکیس روز تک اسیطرح تر رکھین پھر نکال کر خوب دھوئین اور کسی چیز کو گدار سے
خوب کچوکی پانی اور شہد کے ساتھ جوش دیوین کہ قوام ہو جاوے اور قوام مین زنجبیل ڈوبی رہے
مربای ترنج کہ دل اور معدے کو قوت دیوے اور تفریح طبیعت کی کرے ص پوست
ترنج کو جوش کرین جب نیم پخت ہو جاوے نچوڑ کے ساتھ شہد یا قند سفید کے جوش دیوین
جب قوام ہو جاوے اُتار لیوین مربا ے آملہ کہ مقوی دل و دماغ و معدہ و مفرح طبیعت
ہو و اجزای مناسب کے ساتھ حابس بطن و مقوی باہ و ہاضم طعام ص آنولے تازہ کہ قریب
پختگی کے ہو تیلی ہای بانس سے گود کر پانی چونے مین گھول کے آنولے کو ڈوبا رکھین تین روز
کے بعد نکال کر دھو ڈالین اور خفیف سا جوش دین کے پانی دفع کر دیوین جب اثر پانی
کا نہ رہی تھوڑی سی گھی مین بھون لین اور چکنائی گھی کی دفع کر کے قوام شکر سفید مین ڈالدین
جب قوام تیلا ہو جاوے تب اُس قوام مین تھوڑی شیرینی اور ملا کے قوام کرین
اور انمین آملہ پڑا رکھین ایسا ہی جب قوام رقیق ہو جایا کرے اُس کو گاڑھا کر لیا کرین مربا ے
ہلیلہ کہ ملین شکم و دافع ریاح و مقوی معدہ ہے ص ہلیلہ تازہ اگر ہو تو بہتر ہے ورنہ ہلیلہ
مسلم خشک کو چند روز پانی مین تر رکھکے پانی بہل کے جوش دیوین کہ پوست اور مغز
اُسکا نرم ہو جاوے اُسکے بعد مثل تدبیر مربا ے آملہ کے طیار کرین مربای پیٹھہ
جسکو کدھا سفید کہتے ہین تپہای گرم کو مفید ہے خصوص مدقوق کو اور خفقان اور درد
سر گرم کو نفع دیوے ص پیٹھے کو چھیل کے تراشے مغز سخت اوسکا علیحدہ کر لین اور مغز
نرم اوسکا کہ جسمین تخم ہوتے ہین پیس ڈالین اور پانی جو پیٹھے کی تراشن مین نکلا ہو ملا کے چھان لین
اور اُس پانی مین تراشہای سخت کو جوش دیوین جب پانی خوب ہو جاوے تراشہای نیم خشک

مربای زنجبیل دافع برودت معدہ و گردہ و مثانہ و مدر بول و نافع تپ بلغمی

مربای ترنج مفرح دل و مقوی معدہ

مربای آملہ مقوی دل و دماغ و معدہ و مفرح طبع و حابس بطن و مقوی باہ و ہاضم طعام

مربای ہلیلہ ملین شکم و دافع ریاح و مقوی معدہ

مربای پیٹھہ نافع تپہای گرم خصوص دق و خفقان و درد سر حار۔

کرکے روغن زرد مین نیم بریان کرکر چکنائی اوسکی کپڑے سے صاف کرکے قوام قند سفید مین
ڈوبا رکھین جب قوام رقیق ہوجایا کرے شل قوام مربای آنولہ کے درست کرلیا کرین مربای
گزر کہ مقوی باہ و مفرح طبع و مولد خون صالح ہے ص گزر استخوان اور پوست سے
صاف کرکے شیر گاؤ مین جوش دین جب پختہ ہوجاوے نیم خشک کرین ازان بعد روغن زرد
مین نیم بریان کرکر قوام شکر سفید مین ڈوبا رکھین اگر قوام رقیق ہوجاوے تو پھر اوسکو
گاڑھا کرلیوین فصل ایکسوتینتیسوین[۱۳] مرہمون مین مرہم سفیداب کہ گوشت جماوے
اور زخم کو خشک کرے اور گرمی زخم کی دفع کرے ص قلعی کشتہ چھ ماشے موم سپید ایکتولہ روغن
گل دو تولہ بدستور مرہم بناوین مرہم سفیداب کافوری کہ مواد ناقص پھوڑے کو دفع کرکے
گوشت اور پوست صالح جماوے ص موم سفید ایک تولہ روغن گل تین تولہ گداخت کرکے
قلعی کشتہ پانچ ماشے مردار سنگ چار ماشہ کافور تین ماشے ملاکے بدستور مرہم بناوین
مرہم کہ ورم اور سختی پھوڑے کو دفع اور زخم کو آرام کرے ص موم زرد مغز ساق گاؤ چربی
گردہ بز ایک ایک تولہ روغن گل تین تولہ زردہ تخم مرغ ایک عدد آگ پر رکھ کے باہم
مخلوط کرین اور زعفران گل بابونہ کو تین تین ماشے سفوف کرکے باہم ملاوین مرہم آبی کہ قروح
اور جراحات کو نفع تمام دیوے اور ناسور کو دفع کرتا ہے ص مقل چار ماشے رسوت ایک ماشہ
دونون کو پانی مین خوب حل کرین ازان بعد سیماب چار ماشے ملاکے حل کرکے مرہم بناوین مرہم
اشق کہ تحلیل صلابات وخنازیر اور ناسور ہاے مین بہایت نافع ہے ص اشق مقل
پانچ پانچ ماشے چار تولہ روغن سرشف مین حل کرکر ایک تولہ موم زرد ملاکر آگ پر رکھین خردل
وکف دریا زراوند طویل گندہک آنولہ سار پانچ پانچ ماشہ سفوف کرکے ملاوین اور جہان
کہ پھوڑے کا پکانا جلد منظور ہو تو ایسی مرہم مین گل خطمی اور برگ خطمی ایک ایک تولہ پیس کے
ملاوین اور نیم گرم پھوڑے پر باندھین مرہم اعجاز کہ زخم بندوق اور اور زخم اور ناسور
اور قروح خبیثہ اور سوداویہ کو کہ کسی دوا سے اچھے نہوتے ہون دفع کرے ص

مربای گزر مقوی باہ و مفرح طبع و مولد خون صالح.

مرہم سفیداب کہ گوشت جماوے اور زخم کو خشک کرے

مرہم سفیداب کافوری دافع مواد دمل.

مرہم دافع ورم و سختی دمل

مرہم آبی نافع قروح و جراحات

مرہم اشق محلل صلابات وخنازیر و دافع ناسور

مرہم اعجاز دافع زخم بندوق و زخم ناسور و قروح خبیثہ سوداویہ.

روغن کنجد و آب چاہ شیرین پانچ پانچ تولہ ملا کر ایک برتن کسکٹ مین ہاتھ سے خوب
گھوٹین کہ مثل مہی کے ہو جاوی زان بعد پھٹکری دنیلہ تھوتھہ کات سرخ رال سفید سوا
سوا تولہ سفوف کر کے اسقدر ہاتھ سی رگڑین کہ مثل مرہم ہو جاوے اور چینی کے برتن
مین رکھین اور جب استعمال اس مرہم کا کرین تب نمک کی پوٹلی سی قرحہ اور زخم کو سینکا
کرین مرہم باسلیقون کہ قرحہای اعضای عصبانی و دیگر قروح و جراحات کو صحت دیوے
اور پہوڑی کو نرم اور تحلیل کری ص آدہ پاؤ روغن تلخ مین پانچ تولہ موم زرد پگھلا کے
ایک تولہ بہروزہ مخلوط کرکی بعد رال سفید دو تولہ پھٹکری بریان مصطگی چھ چھ ماشے
سفوف کر کی ملاوین اور خوب حل کر کے مرہم بناوین مرہم جاذب جس چیز نے کہ بدن مین
چبھ کے پہوڑا کر دیا ہو اسکو نکالی اور قرحہای عمیق کو گوشت صالح سی پر کری اور زخمون کو اچھا
کری ص رال سفید ایک تولہ مصطگی رومی موم زرد ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ روغن سرشف چار
تولہ بدستور طیار کرین مرہم خمیر کہ پھوڑی کو پکا کر کے توڑ دیوے حاجت نشتر لگانے کی
نہووے ص بورہ ارمنی تین ماشی صابون چھ ماشے خمیر خشک آرد گندم نو ماشے
چونہ آب نارسیدہ سوا تولہ بیجال کبوتر و مرغ اڑھائی اڑھائی تولہ روغن تلخ بقدر کفایت
مین مخلوط کرین مرہم داخلیون کہ تالیف بقراط کا ہے معالجات بقراطی مین بہت
صفات اسکی لکھے ہین اورام اور پھوڑا اور تبوڑی سخت کو پکا دیوی و توڑ کے آرام کری خنازیر
کو صحت دیوی اور اورام کرم کی درد اور اعصاب کی سختی کو دفع کری ص تخم خطمی اسپغول
تخم میتھی تخم السی ڈیڑھ تولہ رات کو پانی مین تر کر کے صبح کو لعاب گاڑھا جدا کرلیوین و روغن
زیت خواہ روغن سرشف کہنہ دس تولہ مین اڑھائی تولہ مردار سنگ سفوف کر کی ملاوین
اور آگ پر رکھین اور ایک لکڑی سے حرکت دیا کرین جب گاڑھا و سیاہ ہو جاوی لعابات مذکور ملا کی
مثل مرہم کی پکاوین زان بعد خاکستر چوب انگور دار و بھٹوانس چھ چھ ماشی پھٹکری و زنگار تین تین
ماشی سفوف کر کی ملاوین مرہم عسل کہ دمل اور اورام سخت کو توڑی اور پاک کری ص شہد کو

مرہم باسلیقون دافع قروح عصبانی و دیگر جراحات محلل دمل

مرہم جاذب اشیای خلیدہ وغیرہ

مرہم خمیر کہ نفع دادہ دمل را بے نشتر گشادن

مرہم داخلیون دافع اورام و دمل و تبوڑی وغیرہ و محلل سختی اورام

پنجم بیست و پنجم

مرہم عسل محلل اورام

جوش کرین کہ غلیظ ہوجاوی اور پھٹکری چہارم حصہ اُسکی سفوف کرکی ملاوین مرہم مصری
مخترعۂ اطبای مصر کہ قرحۂ پرانی اور سخت کو دفع کری ص سرکہ و شہد پانچ پانچ تولہ باہم ملاکی
جوش دیوین جب غلیظ ہوجاوی زنگار چھ ماشہ سون ماکھی ایک تولہ سفوف کرکے ملادین
مرہم سیندور کہ زخم اور قرحہ کو پر کری ص روغن کنجد چار تولہ موم سپید دو تولہ گداخت
کرکے سنگ بصری چھ ماشہ سیندور لوبان سات سات ماشہ سفوف کرکی باہم مخلوط
کرین فصل اکیسوا (۲۱) اکیسوین مرہمہای خاص مین مرہم کہ زخمہاے اندرون کان کو
صحت دیوی ص سرکۂ خالص ڈیڑھ تولہ شہد خالص دو تولہ باہم جوش کرین جب گاڑھا
ہوجاوی زنگار چھ ماشہ باریک کرکے ملادین مرہم سفرجل کہ قرحۂ ناک و دیگر قروح کو مندمل
کری ص گل بنفشہ نو ماشہ بہدانہ چھ ماشہ تھوڑی پانیمین جوش کرکی لعاب نکالین اور صاف
کرکے دو تولہ روغن گل اور ایک تولہ موم سفید ملاکر مرہم بناوین ایضاً ناگر موتھا مازو زعفران
تین تین ماشہ روغن گل دو تولہ موم سفید ایک تولہ بدستور بناوین مرہم کہ ہونٹھ کی پھٹنے اور
خشکی ریشہ کو دفع کری ص موم سپید ایکتولہ روغن کنجد سفید دو تولہ گداخت کرکی کتھ سفید
کشتہ قلعی نشاستہ گندم مازو سبز تین تین ماشہ سفوف کرکے ملادین مرہم کہ بواسیر کو
مفید ہے ص خبث الحدید مردار سنگ کشتۂ قلعی زعفران پھٹکری تین تین ماشہ سفوف
کرکے موم زرد ایک تولہ روغن گاو دو تولہ مین گداخت کرکے ملاوین مرہم کہ شقاق
مقعد کو دفع کرے ص موم سفید دو تولہ برگ حنا نو ماشے روغن گل چار تولہ بدستور
مرہم بناوین مرہم کافوری کہ ورم و شقاق مقعد کو دفع کرے ص موم سفید
ایکتولہ روغن گل تین تولہ مردار سنگ تین ماشہ نشاستہ چھ ماشہ افیون دو ماشہ مرہم کہ درد و
خروج مقعد کو مفید ہو ص پکو مسور مقشر گل سرخ مساوی سفوف باریک کرکی آب کشنیز
تازہ ملاکی پکاوین اور روغن گل ملاکر مرہم بناوین مرہم کہ بواسیر مقعد کو مفید ہو ص موم سپید
ایک تولہ روغن بنفشہ چار تولہ مردار سنگ گلنار آنبہ ہلدی دم الاخوین پھٹکری بریان

مرہم مصری دافع قروح کہنہ

مرہم سیندور مندمل زخم

مرہم دافع زخمہای گوش

مرہم سفرجل مندمل زخم بینی وغیرہ

مرہم کہ ہونٹھ کی پھٹنے اور خشکی ریشہ کو دفع کرے

مرہم نافع بواسیر

مرہم دافع شقاق مقعد

مرہم کافوری دافع ورم و شقاق مقعد

مرہم نافع درد و خروج مقعد

مرہم نافع بواسیر مقعد

...ک سرسہ شاخ گوزن سوختہ دو دو ماشہ مرہم کہ جراحت قضیب کو مفید ہے ص موم
دو تولہ روغن گل چار تولہ مین گداخت کر کے چھ ماشہ طوطیا صلایہ کر کے مخلوط کرین مرہم
رال کہ دفع قرحہ قضیب مین بے نظیر و مجرب ہے ص موم سفید دو تولہ پانچ تولہ روغن گل مین
گداخت کر کے رال سفید ایک تولہ قلعی کشتہ دم الاخوین مردار سنگ طوطیا گلنار مرچ سیاہ
چھ چھ ماشے سفوف باریک کر کے ملاوین و ہر روز زخم کو آب برگ حنا یا آب چوب چینی سے
دھو کے پھاہا اس مرہم کا لگاوین مرہم شنگرف کہ قروح خصیہ و غیرہ و سرطان کو دفع کرے
ص مردار سنگ گندہ بہروزہ چھ چھ ماشہ لوبان مصطگی رومی اشق صمغ عربی شنگرف
نو نو ماشہ روغن سرشف بقدر کفایت ملا کے صلایہ کرین مرہم کہ زخمہای زبریم و دبریم اعضای
تناسل کو خشک و آرام کرے ص خبث الحدید مردار سنگ چھ چھ ماشہ دو تولہ سرکہ مین کھرل
جب خشک ہو جاوے دم الاخوین نو ماشہ و خاکستر کاغذ پھٹکری سوختہ چھ چھ ماشے روغن
گل چار تولہ ملا کے مرہم کرین مرہم مجرب دافع قروح قضیب و خصیہ ص موم سفید ایک تولہ
روغن بنفشہ یا روغن بادام چار تولہ مین گداخت کر کے مردار سنگ زرد و مردار سنگ سفید
کشتہ قلعی پھٹکری سوختہ چھ چھ ماشہ سپیدہ تخم مرغ ایک عدد مخلوط کر کے کھرل کرین مرہم
مجرب کہ ایک روز مین دانون و زخم آتشک کو خشک کرے ص گرد چوب چینی دو ماشے
شنگرف نو ماشہ طوطیای مغسول ایکتولہ خاکستر پارچہ گزی جسمین پارہ بدفعات چھان کے سیاہ
کیا ہو تین ماشہ زردی تخم مرغ جسکو خاکستر مین بریان کیا ہو دو عدد روغن گاو اسقدر کہ مرہم
ہو جاوے باہم ملا کے کھرل کرین ایضاً مرہم دافع آتشک ص زنگار سیماب ایک
ایک تولہ کندر ایلوہ چھ چھ ماشہ روغن گاو چھ تولہ مین کھرل کر کے مرہم بناوین مرہم کہ برص
و بہق کو زائل کرے ص کشتہ تانبا گندھک آنولہ سار چونہ سنگ چقماق زرا وند مساوی سفوف
کر کے سرکہ تند مین گھول کے بیس روز تک آفتاب مین رکھین بعد اس کے کھرل کر کے
استعمال کرین مرہم کہ سرطان متقرح و غیر متقرح کو صحت دیوے ص کشتہ

مرہم نافع جراحت قضیب

مرہم رال دافع قرحہ قضیب مجرب

مرہم شنگرف دافع قروح خصیہ وغیرہ

مرہم نافع زخمہای زبریم و دبریم اعضای تناسل

مرہم مجرب دافع قروح قضیب و خصیہ

مرہم مجرب دافع دانہا و زخم آتشک

مرہم دافع آتشک

مرہم مزیل برص و بہق

مرہم نافع سرطان متقرح و غیرہ

سیسہ طوطیائی مغسول چھ چھ ماشے ساتھ لعاب اسپغول ایک تولہ اور قدرے روغن گل کے مخلوط کرکے مرہم بنا دین ایضاً ہاون دستہ سیسے مین گل ارمنی سرکہ ڈال کے گھسین کہ سیاہ ہو جاوی اسپر تھوڑا روغن گل ملا کے گھسین کہ مرہم ہو جاوے مرہم کہ درد شدید بواسیر کو مفید ہی ص کرم کلا ایک عدد پانیمین جوش کرین جب گھل جاوی پیسین اور سپیدی و زردی تخم مرغ ایک عدد روغن گل تین تولہ افیون دو ماشہ سب کو آگ پر رکھکے مرہم بنا دین مرہم شلجم کہ پر کرنے زخم اور تحلیل کرنے اورام اور سختیون مین بے نظیر ہے ص آدھ پاؤ روغن گل مین شلجم بقدر پانچ تولہ ٹکڑے ٹکڑے کرکے بریان کرین جب شلجم جلجاوی روغن کو صاف کرکے دو تولہ سیندور ڈال کے نیب کی لکڑی سے خوب حل کرکے چھ ماشے کافور ملا دین مرہم کہ گوشت زائد کے کاٹنے مین مجرب ہے اور درد نہین ہوتا ص حب السلاطین دو تولہ زنگار ایک تولہ دونون کو خوب پیسین اور گوشت زائد پر لگاوی کسی مرہم کا پھاہا اوسکے اوپر رکھین مرہم سیاہ کہ بلفظ کالا مرہم مشہور ہے ہر طرح کی دمل کو پکاکی توڑتا ہے اور مواد نکال کے جلد اچھا کرتا ہے اور زخمون کو خشک کرتا ہے ص روغن کنجد پانچ تولہ سپیدۂ کاشغری دو تولہ پہلے سپیدی کو خشک صلایہ کرکے روغن مین ملا کی ظرف آہنی مین آگ پر رکھین اور نیب کی لکڑی سے گھوٹین جب ایسا گاڑھا ہو جاوی کہ ایک قطرۂ مرہم پانیمین ڈالین وہ قطرہ بندہ جاوے پانی مین مخلوط نہو آگ سے اوتارلین مرہم زبد البحر کہ حکیم علی گیلانی نے اپنی تصنیفات مین واسطے پر کرنے قرحہ اور خشک و آرام کرنے زخمون کے تعریف لکھی ہی ص روغن گاؤ تین تولہ مین موم سفید ایکتولہ ڈالکی گداخت کرین ازان بعد سیندہور مردار سنگ کف دریا ایک ایک تولہ نیلا تھوتھہ چھ ماشے خوب صلایہ کرکے مخلوط کرین فصل ایکسو بائیس ۱۲۲ معجونات دافع ہر قسم امراض و مقوی اعضا مین معجون نجاح کہ امراض سوداوی و جنون و صرع کو دفع اور تنقیۂ دماغ کرتی ہے ص ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ ایک ایک تولہ بسفائج فستقی افتیمون

مرہم نافع درد شدید بواسیر

مرہم منضج محلل ومنفجر زخم اورام وغیرہ

مرہم کہ گوشت زائد کے کاٹنے مین مجرب ہے

مرہم سیاہ منفجر دمل بلا انشقاق یکبار

مرہم زبد البحر مصفی ومندمل وخشک وآرام کنندۂ زخم

معجون نجاح دافع جنون وصرع

اسطوخودوس تربد سفید مجوف و مقشر اڑھائی اڑھائی تولہ غاریقون نرم کوفتہ بیختہ چھ ماشے
ساتھ سہ چندان شہد کے بناویں معجون مؤلفہ محمد ذکریا رازی کہ مداومت اسکی صرع و
لقوہ و فالج کو دفع کرے ص افتیمون اسطوخودوس بسفائج فستقی عاقرقرحا بوزن مساوی ساتھ
سہ چندان سکنجبین عنصلی کے ایسہ چندان مویز منقی کی معجون کریں معجون افتیمون کہ تنقیہ
سودا و بلغم کا دماغ اور تمام بدن سے و مالیخولیا اور جنون کو دفع کرے ص افتیمون بسفائج
سنای مکی غاریقون تربد سفید ایک ایک تولہ گاؤزبان اسطوخودوس بادرنجبویہ نو نو ماشے
بادرنگ فرنجمشک لاجورد چھ چھ ماشے قسط شیرین تین ماشے شہد سہ چندان مجموع کے
معجون ذبیب دافع صرع ص ہلیلہ کابلی ہلیلہ زرد بلیلہ آملہ اسطوخودوس ایک ایک تولہ
عود صلیب چھ ماشہ عاقرقرحا چار ماشے ساتھ پاؤ آثار مویز منقے کی معجون کریں ایضاً
ہلیلہ زرد تربد سفید زنجبیل مصطگی عود صلیب ایک ایک تولہ اسطوخودوس ہلیلہ سیاہ آملہ
دو دو تولہ دارچینی ڈیڑھ تولہ روغن بادام شیرین میں چرب کرکے ساتھ سہ چندان
شہد کے بناویں و بعد چالیس روز کے استعمال کریں معجون کہ نسیان کو مفید ہے ص کندر
سفید اڑھائی اڑھائی تولہ زنجبیل مرچ سیاہ سوا سوا تولہ ساتھ شہد سہ چندان کے
بناویں معجون کہ واسطے دفع نسیان و تقویت دل و دماغ کی مجرب ہے ص دارچینی سنبل الطیب
حب بلسان عود صلیب مصطگی زعفران کندر بیخ سوسن درونج عاقرقرحا سعد کوفی بہمنین
وج اسطوخودوس کباب چینی اسارون تین تین ماشے ہلیلہ کابلی مغز نارجیل مغز فندق
چھ چھ ماشے ابریشم مقرض مویز منقے ایک ایک تولہ پلپلمور زنجبیل مرچ سیاہ دو دو ماشے ساتھ دو چند
شکر سفید و ہمچند شہد کے بناویں معجون یونس مقوی حافظہ و دافع نسیان ہے ص
سلیخہ وج زراوند دارچینی مصطگی دو دو تولہ قسط شیرین تخم سداب فلفل سفید تین تین تولہ بلادر
افتیمون غاریقون ایک ایک تولہ ساتھ شہد سہ چندان کے بناویں معجون مجرب کہ دافع
مالیخولیائے مراقی ہے ص آملہ بادرنجبویہ ہلیلہ کابلی طباشیر سفید جوز بوا سافج ہندی

معجون دافع لقوہ و فالج وغیرہ

معجون افتیمون منقی سودا و بلغم از دماغ وغیرہ

معجون ذبیب

معجون نافع نسیان

معجون دافع نسیان و مقوی دل و دماغ مجرب

معجون یونس مقوی حافظہ و دافع نسیان

معجون مجرب دافع مالیخولیا مراقی

قرنفل بسباسہ دانۂ الائچی سفید عود خام نو نو ماشہ پوست ترنج چاے خطائی پوست بیخ کبر
ایک ایک تولہ ساتھ چار چند نبات سفید کے کہ آب اناربن یا عرق گلاب یا آب زرشک یا آب
لیمو مین قوام کیا ہو ملاوین ایضاً معجون تالیف حکیم سید اسمعیل جرجانی کہ مالیخولیاے
مراقی کو مفید ہے ص ہلیلہ کابلی چار تولہ آملہ برگ گاؤزبان چھ چھ تولہ ڈیڑھ سیر پانی
مین جوش کرین جب نصف رہی ملکے چھان لین شہد خالص ایک پاؤ شکر سفید آدھ سیر ملا کے
قوام کرین دبادرنجبویہ پوست ترنج بہمن زرنباد تخم بالنگا فرنجمشک سنبل الطیب ایک
ایک تولہ قرنفل جوزبوا قرفہ زعفران تین تین ماشہ مصطگی دانۂ الائچی سفید درونج عقربی
چھ چھ ماشہ سفوف کر کے ملاوین معجون سیر لقوہ و فالج و رعشہ و بواسیر بادی و بہق
و برص کو نفع و بلغم کو دفع کرے و معدہ و اشتہا و حرارت عزیزی کو قوت دیوے و رنگ
بدن کو سرخ و بہتر کرے و بوڑھون کو نہایت مفید ہے ص سیر یعنی لہسن پوست دور کردہ
اڑھائی پاؤ آدھ سیر دودھ گاے مین پکاوین جب دودھ جذب ہو جاوے اوس سب
کو پیس کے تین پاؤ شہد اور پاؤ سیر روغن زرد مین ملا کے پکاوین جب اثر پانی کا باقی
نرہے لونگ جاوتری جائفل مرچ سیاہ مصطگی دانۂ الائچی خرد و کلان ہلیلہ کابلی عود خام دار
چینی زنجبیل ایک ایک تولہ زعفران چھ ماشہ کوٹ چھان کے ملاوین معجون ازراقی
جسکو اکسیر البدن و مبدل المزاج بھی کہتے ہین واسطے ترک عادت افیون و دفع استرخا
و فالج و امراض باردہ و درد مفاصل و عرق النسا و سلسل البول کے نہایت مفید ہے
ص ازراقی یعنی کچلہ چھ تولہ شیر گاؤ مین تر کر کے پوست کو دفع کرین و باریک و رقیق
تراش کر خشک کر سفوف کرین و گل گاؤزبان چار تولہ دانہ الائچی سفید زرنباد و تشقاقل
صندل سفید آملہ ہلیلہ سیاہ دو دو تولہ عود ہندی قرنفل ایک ایک تولہ اسطوخودوس مغز چلغوزہ
کتیرا انار حیل تین تین تولہ شہد سہ چندان معجون وج کہ ابتدای ضیق کو مفید ہے ص
وج انگوزہ زنجبیل بادیان مساوی شہد دو چندان مجموع کی معجون تالیف حکیم اسطوخس

معجون سیر نافع لقوہ و رعشہ و فالج وغیرہ

معجون ازراقی دافع عرق النسا وغیرہ

معجون وج کہ نافع ضیق در ابتدا

معجون حکیم اسطوخس نافع نفث الدم وغیرہ

یونانی کہ نفث الدم و سعال و قرحۂ ریہ و ورم مجتمعۂ سینہ و سوزش پہلو و قے طعام و ہیضہ و
سنگ ہٹی کو و قروح امعاء و بیماریہائے مثانہ و اختناق رحم و حمیات نائبہ کو قبل ایک ساعت نوبت
سوداوی بدن و دفع سموم خوردنی و زہر حیوانات گزندہ و نیش زن کو از بس مفید و عجیب
الاثر ہے ص بہروزہ مصفی میعۂ سائلہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پاؤ آثار شہد میں ملا کے آگ پر رکھیں جب
گداخت ہو جاوے صاف کر کے سفوف دارچینی قسط شیرین فلفل سیاہ دارفلفل ایک ایک
تولہ جندبیدستر چھ ماشہ افیون دو ماشہ مخلوط کریں معجون صندل تالیف حکیم اکمل خان غفر اللہ
کہ خفقان گرم و صعود ابخرۂ معدہ و مراق ورحم کو دفع کرے ص شکر سفید تین پاؤ کا
قوام بنائیں دو نو تولہ صندل سفید گھس کے آب زلال میں تولہ تمر ہندی کا اور ڈیڑھ پاؤ آب انار
ترش ملا کے قوام کریں و طباشیر سفید و عود خام ایک ایک تولہ زعفران چھ ماشہ سفوف
کر کے مخلوط کریں معجون بقراط کہ تقویت جگر و معدہ و گردہ و باہ و اشتہا کی کرے و بلغم و ریاح و بلغمی سیلان
و لعاب دہن کو دفع و دہن کو خوشبو کرے اور پیٹ کے کیڑوں کو مارے ص نانخواہ تخم گزر زنجبیل اڑھائی
اڑھائی تولہ زعفران بسفائج پانچ پانچ ماشہ بیخ کرفس سوا تولہ شہد سہ چندان معجون تالیف
محمد زکریا کہ دماغ و معدہ و باہ کو قوت دیوے اور بدن کو خوشرنگ اور طعام کو ہضم اور دہن کو
خوشبو و مسوڑھوں کو مستحکم اور ریاح کو دفع اور مثانہ کو پاک اور قضیب کو سخت کرے ص
تخم کرفس نانخواہ تخم شبت تخم گزر تخم گندنا اڑھائی اڑھائی تولہ مصطگی قرنفل قرفہ عقرقرحا اسارون
بسباسہ عود خام پانچ پانچ ماشہ زعفران تین ماشہ مشک ایک ماشہ مویز آدھ پاؤ پیسکے ڈیڑھ
پاؤ شکر سفید کے ساتھ پکاویں جب پختہ ہو جاوے سفوف ادویۂ مذکور ملاویں معجون ملوکی کہ واسطے
تقویت باہ و معدہ و اشتہا و قوت مجامعت کے مجرب ہے ص جوز بوا قرنفل بسباسہ اذرجہ
بیخ اذخر زنجبیل دارچینی مصطگی زعفران عود غرقی ایک ایک تولہ دانہ الائچی سفید کندر
عشبہ چھ چھ ماشہ قند سفید شہد خالص تین تین چھٹانک آدھ پاؤ عرق گلاب کے ساتھ قوام
کر کے ملاویں معجون اسود کہ زحیر و اسہال کہنہ کو دفع کرے ص افیون بزرالبنج زعفران

معجون صندل
دافع خفقان گرم
وغیرہ

معجون بقراط مقوی
جگر و معدہ وغیرہ

معجون مقوی دماغ
و معدہ و باہ وغیرہ

معجون ملوکی مقوی
باہ و معدہ وغیرہ مجرب

[illegible]

اسارون تخم کرفس انیسون سنبل الطیب سلیخہ گل ارمنی مساوی ساتھ سہ چندان نبات سفید کے
بناوین معجون مقل کہ بواسیر خونی وبادی وریاح امعا ودرد مقعد کو دفع کرے ص مقل چار تولہ
مویز منقےٰ انجیر دو دو تولہ پانی مین پیس کے پکاوین وہلیلہ کابلی آملہ بلیلہ گل سرخ تخم اسپند تخم گندنا
سات سات ماشہ سفوف کرکے ملاوین معجون خبث الحدید کہ خون بواسیر کو بند کرے ص
خبث الحدید مدبر سوا تولہ ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ کزمازج نو نو ماشے سنبل الطیب اذخر سعد چھ چھ
ماشہ ساتھ دو چندان نبات سفید کے ملاوین معجون حافظ الاجساد کہ سوء القنیہ واستسقا
وامراض باردہ دماغ ومعدہ وجمیع اعضا کو مفید ہے ص دارچینی پوست بیخ کبر بسفائج
اذخر ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ زعفران ایک تولہ سنبل الطیب تین تولہ اسارون ریوند چینی قسط
شیرین مجیٹھ ناگر موتھا ایک ایک تولہ سفوف کرکر روغن بابونہ مین چرب کرکے سہ چندان شہد
مین ملاوین معجون کہ وجع مفاصل وقولنج کو مفید ہے ص سورنجان دو تولہ سنای مکی ایک تولہ زیرہ
کرمانی دارفلفل نو نو ماشہ شہد خالص سہ چندان معجون مسیحی کہ درد پشت ودرد ریا کو مفید ومنقی
ومقوی معدہ ہے ص گل سرخ سعد کوفی سداب عقرقرحا قرنفل سنبل الطیب مصطگی زرنباد
زعفران قاقلیتن جوزبوا مساوی شہد وقند بالمناصفہ سہ چندان مجموع کے معجون چوب چینی
کہ امراض باردہ واوجاع مفاصل ودرد اعضا کو خصوص جو بسبب آتشک کے ہووے
نہایت مفید ہے ص چوب چینی نو تولہ قرنفل جوزبوا بسباسہ گل سرخ زعفران دانہ الاچی
سفید زرنباد خولنجان سعد کوفی چار چار ماشہ دارچینی فلفل سیاہ مصطگی سورنجان شیرین
بوزیدان سنای مکی لسان العصافیر ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ زنجبیل دارفلفل عقرقرحا جدوار خطائی نو نو ماشہ
شہد سہ چندان معجون جاوید تالیف حکیم عماد الدین محمود کہ مداومت اسکی امراض سخت
مثل بہق وبرص فالج ولقوہ وقولنج وتاریکی چشم وکری گوش کو دفع کرے وعورت کو حمل پر معین
ہے ص قرنفل دارچینی ساذج ہندی جوزبوا ہلیلہ کابلی فلفلین ایک ایک تولہ زنجبیل بلیلہ
دو دو تولہ آملہ تین تولہ نانخواہ چار تولہ زیرہ سیاہ پانچ تولہ سفوف کرکر سرکہ مین تسقیہ دیکر قوام

معجون مقل دافع بواسیر خونی وبادی وغیرہ
معجون خبث الحدید دافع خون بواسیر
معجون حافظ الاجساد نافع امراض باردہ ودماغ وغیرہ
معجون نافع وجع مفاصل وقولنج
معجون مسیحی دافع درد پشت ودرد ریاح وغیرہ
معجون چوب چینی نافع امراض باردہ واوجاع مفاصل خصوص کہ آتشک باشد
معجون جاوید نافع امراض بہق وبرص وغیرہ

نبات ہمچند مین مخلوط کرین معجون فلاسفہ جسکو مادۃ الحیوۃ کہتے ہین مخترعہ حکیم اندروماخس کہ باستصواب حکماے فلسفی معاصر اپنے کی ترتیب دیا وہی وجہ تسمیہ کی ہے مقوی قلب و ہاضمہ و مشتہی و باہ دافع بلغم و نسیان و سلسل البول و درد پشت و درد گردہ و مفاصل و دندان موافق مزاج پیران ہے ص زنجبیل فلفل گرد فلفل دراز دارچینی آملہ بلیلہ شیطرج ہندی زراوند مدحرج ثعلب مصری مغز چلغوزہ بیخ بابونہ نارجیل ایک ایک تولہ تخم بابونہ خبث الحدید چھ چھ ماشے مویز منقے تین تولہ شہد دو نیم چندان بدستور بناوین

فصل اکتیسوین ۱۲۳ معجونات مخصوص امراض جگر و گردہ و مثانہ و نقرس

معجون گل کہ ورم جگر کو دفع کرے ص تخم گل سرخ ایک تولہ بیخ سوسن ڈیڑھ تولہ ریوند چینی لک مغسول چھ چھ ماشے سلیخہ زعفران تین تین ماشے آدھ پاؤ شہد کو ایک چھٹانک سرکۂ خالص کے ساتھ قوام کرکے ملاوین

معجون ریوند کہ دفع درد و ورم جگر کو مخصوص و درد معدہ و رحم کو مفید ہے ص ریوند چینی بیخ کرفس بادیان انیسون نانخواہ زرد چوب لک مغسول جملہ مساوی شہد سہ چندان مجموع

معجون ابن سرافیون کہ سنگ گردہ و مثانہ کو توڑے و گرا دے ص عقرب سوختہ ایکتولہ زنجبیل چار ماشے فلفل سفید فلفل سیاہ آٹھ آٹھ ماشے کاکنج ڈیڑھ تولہ کشتۂ سیسہ تین ماشے خاکستر پوست تخم مرغ جس سے بچہ نکلا ہووے حجر الیہود و پودینہ چھ چھ ماشے سہ چندان شہد کے ساتھ بناوین وجہ شانہ نخود سیاہ و گوکھرو کلان سات سات ماشے بعد کھانے اس معجون کے پیوین

معجون حجر الیہود کہ سنگ گردہ و مثانہ کو گرا دے ص مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ کاکنج ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ حجر الیہود نو تولہ شہد سہ چندان

ایضاً حجر الیہود دس تولہ کاکنج اسارون مغز تخم خربزہ تخم گزر تخم کرفس مغز تخم معصفر انیسون مغز تخم تربز مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم خیار دراز ایک ایک تولہ شہد سہ چندان

معجون کاکنج کہ قرحہ مثانہ و گردہ و بول الدم کو نفع دے ص بزر البنج تخم کرفس رازیانہ چار چار ماشے مغز تخم خربزہ حماض مغز چلغوزہ کتیرا مغز بادام شیرین مغز فندق ایک ایک تولہ انیسون زعفران دو دو ماشے کاکنج تین تولہ شہد سہ چندان

معجون ماسک البول تالیف علوی خان

معجون فلاسفہ مقوی قلب و ہاضم وغیرہ

معجون گل دافع ورم جگر

معجون ریوند دافع درد و ورم جگر وغیرہ

معجون ابن سرافیون کہ سنگ گردہ و مثانہ کو توڑ دے و گرا دے

معجون حجر الیہود کہ سنگ گردہ و مثانہ کو گرا دے

معجون کاکنج نافع قرحہ مثانہ و بول الدم

نہایت مقوی باہ و پشت و ہاضم طعام ہے ص عقرقرحا ڈیڑھ تولہ جوزبوا تین عدد ورق
النقشا طہ مجرب کیا ہوا روغن بادام شیرین اڑھائی تولہ قوام شکر سفید سہ چندان معجون
بلادر کہ قوت باہ و امساک مین بے نظیر ہے بوڑھونکو طاقت جوانی کی دیتی ہے موسم سرد مین
استعمال کرنا چاہیے ص بلادر ایک سیر نیم شکستہ کرکے ایک ہانڈی مین رکھین اور اُس ہانڈی
کے نیچے بہت سے سوراخ کرین کہ شہد بلادر کا اُن سوراخ سے نکل سکے و مونھ ہانڈی کا چینی سے
وصل کرکے ہانڈی کو ایک دیگچی پر رکھکے دیگچی کو گڑہے مین رکھین و ہانڈی کو پاچک دستی
سے بند کرکے جلادوین جب اُس قدر کنڈی جلجاوین اور کنڈے پر رکھکے آنچ دیوین اسی طرح
تین دفع کرین تب سرد کرکے دیگچی کو نکالین جسقدر شہد دیگچی مین جمع ہوا ہووے
اُسکا بیس چند شیر گاؤ ملاکے پکاوین جب چہارم حصہ باقی رہے تب تین چوتھائی شہد بلادر
کا روغن کنجد سفید ملاکے پکاوین کہ بالکل یکذات مثل معجون کے ہوجاوے ہر صباح و ناشتہ کھایا
کرین معجون کہ واسطے قوت باہ کہ بے نظیر ہے رنگ کو سرخ و بدن کو فربہ و منی کو زیادہ کرتی
ہے ص زردی و سفیدی تخم مرغ روغن گاؤ آب پیاز آب گزر شہد ہر پنج بوزن مساوی
پکاکے معجون بناوین و بقدر احتمال طبع کے چالیس روز تک کھایا کرین معجون گھیکوار کہ تقویت
باہ و دافع امراض بارده مین نہایت مجرب ہے ص مغز گھیکوار پاؤ سیر شیر گاؤ سوا سیر مین
جوش دیکے دست مال کرکے مخلوط کرین و شکر سفید سیر بھر ملاکے پکاوین کہ معجون ہوجاوے
معجون کہ تقویت باہ و استحکام قضیب بخوبی کرتی ہے ص اسپند جاوتری جائفل لونگ
دارچینی ایک ایک تولہ کنجد سیاہ مقشر دو تولہ شہد سہ چندان فصل ایک سو پچیس ۱۲۵
مفرحات مین مفرح کہ مالیخولیا کو بعد تنقیے کے نفع کرتا ہے ص جوشاندہ ہلیلہ کابلی دس تولہ آملہ پندرہ
تولہ مین ایک رطل شہد ملاکے قوام کرین و سفوف بادرنجبویہ پوست ترنج قرنفل مصطگی جوزبوا قرفہ
قاقلہ ناگرمشک بہمن سفید و درونج عقربی زرنباد زعفران تخم بادروج فرنجمشک سات سات
ماشہ مشک دو ماشہ مخلوط کرین مفرح کہ مالیخولیا کو جو احتراق سودا سے ہو دفع کرتی و مقوی دل ہے

معجون بلادر مقوی باہ و امساک بے نظیر

معجون در قوت باہ بے نظیر و رنگ را سرخ و بدن را فربہ و منی را زیادہ کنندہ

معجون گھیکوار تقویت باہ و دافع امراض بارده مجرب

معجون مستحکم کنندہ قضیب و مقوی باہ

مفرح نافع مالیخولیا

ص گل سرخ سعد قرنفل سوا سوا تولہ بباسہ تخم فرنجمشک نرفہ نو نو ماشے مشک دو ماشہ
سفوف کرکے آدھ سیر شربت سیب مین ملاوین یا قوام مین کہ آدھ سیر قند کا عرق گاؤزبان
مین بنایا ہووے مفرح بارد کہ واسطے ضعف قلب و خفقان و وسواس و مالیخولیا کے نہایت
مفید ہے ص مروارید ناسفتہ تین ماشے کہربائے شمعی بسد صندل سفید کشنیز خشک
سات سات ماشہ طباشیر سفید بہمن سفید گل سرخ گل گاؤزبان سوا سوا تولہ بہمن سرخ
پوست بیرون پستہ تخم خرفہ مقشر زرشک ابریشم مقرض نو نو ماشہ گل ارمنی چار ماشہ ورق
نقرہ بیس عدد ورق طلا دس عدد قند سفید آدھ سیر بدستور بناوین مفرح کہ تفریح طبع و
تقویت دل مین قوی التاثیر ہے ص سنبل سلیخہ قاقلتین پانچ پانچ ماشے درونج عقربی
اسطوخودوس تمام ایک ایک تولہ کندر زعفران زرنباد عود غرقی سافج ہندی دارچینی تخم
بادرنجبویہ کہربا برگ گاؤزبان گل سرخ نو نو ماشے شہد سہ چندان مفرح کہ ضعف
دل و وسواس سوداوی و مالیخولیا و خفقان کو زائل کرے و دلکو قوت دیوے و نشاط
تام لاوے ص مروارید ناسفتہ مرجان تین تین ماشے تخم بادرنجبویہ پوست اترج پوست
بیرون پستہ صندلین گل سرخ تخم فرنجمشک طباشیر سفید نو نو ماشہ کہربای شمعی سنگ یشب
سبز قرنفل زعفران کافور پانچ پانچ ماشہ کباب چینی ہمنین دارچینی عود غرقی کشنیز مقشر زرنباد
گل گاؤزبان آملہ زرشک سات سات ماشہ نبات سفید آدھ سیر سات عرق گلاب و عرق گاؤزبان
بالمناصفہ کی قوام کرکے بدستور بناوین مفرح معتدل کہ مقوی اعضائے رئیسہ و دافع خفقان
و اختلاج قلب و وسواس ہے ص برگ گاؤزبان کہربائے شمعی کشنیز مقشر
مقشر ابریشم مقرض بہمن سفید گل سرخ پوست اترج تخم خرفہ صندل سفید سب مساوی اور ان
نبات سفید سہ چندان مفرح کہ مقوی باہ و جگر و مولد منی و ملذذ جماع و منقی گردہ و مثانہ
دافع کدورت حواس ہے ص شقاقل خولنجان ثعلب مصری بہمنین تودرین لسان العصافیر
تخم شلجم بلبوس خار خسک تخم شلجم مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین دانہ خشخاش سفید

مفرح بارد نافع خفقان و وسواس وغیرہ

مفرح حار مفرح طبع و مقوی دل

مفرح دولکشا مزیل ضعف دل و خفقان وغیرہ

مفرح معتدل مقوی اعضای رئیسہ نافع اختلاج وغیرہ

مفرح مقوی باہ و دل و جگر وغیرہ

مغز تخم کدو مغز تخم پنبہ دانہ تو تو ماشہ جوز بوا زنجبیل کباب چینی سارون عود خام بوزیدان چھ چھ ماشے نبات سفید ڈیڑھ ڈیڑھ پاؤ بدستور بناوین

حرف النون

فصل ایکسو چھبیسوین[126] نبیذ مین **نبیذ خرما** کہ تولید منی و تقویت باہ و فربہی بدن کی کرے و منشط و منشی ہے **ص** خرما سات سیر ایک من پانی مین جوش کرین جب نصف باقی رہے جوز بوا قرنفل دارچینی زنجبیل سافج ہندی الائچی سرخ دو دو تولہ پوست ترنج تین تولہ برگ نارنج پانچ تولہ زعفران چھ ماشہ جملہ نیمکوفتہ کرکے ملادین و بدستور مرقومہ بالا طیار کرین **نبیذ کشمش** کہ خون صالح پیدا کرے و مقوی و منشط و منشی ہو **ص** کشمش پانچ سیر گندم مصفی تین سیر بیس سیر پانی اور دس سیر آب نیشکر مین جوش کرین جب نصف باقی رہے دارچینی سافج ہندی پوست ترنج پانچ تولہ بذر البنج قرنفل زنجبیل دو دو تولہ نیمکوفتہ کرکے ملادین و بدستور طیار کرین **نبیذ فواکہ** کہ مصلح خون و مقوی و منشی و منشط ہے **ص** خرما کشمش ڈیڑھ ڈیڑھ سیر آلو بخارا عناب پاؤ پاؤ سیر پوست اندرونی درخت مغیل دکنار و انبہ آدھ آدھ پاؤ بیس سیر پانی مین جوش دین جب نصف باقی رہے بذر البنج دارچینی سعد کوفی خس قرنفل دو دو تولہ ملاکے بدستور بناوین **فصل ایکسو ستائیسوین[127]** نطولات مین **نطول** کہ صداع حار و تشنج یابس و جنون و سرسام کو مفید ہو **ص** برگ بنفشہ تخم کدو ے نیمکوفتہ تخم کتان تخم خشخاش تخم خطمی تخم کاہو گل سرخ جو نیمکوفتہ بوزن مساوی پانی مین جوش کرکے بدستور سر پر نطول کرین **نطول** کہ صداع خماری کو دفع کرے **ص** عرق گلاب آدھ پاؤ سرکہ ایک چھٹانک پانی سرد دو سیر مین ملاکے سر پر نطول کرین **نطول** کہ سرسام سوداوی کو دفع کرے **ص** برگ بنفشہ گل بابونہ شاہسفرم شبت گل نرگس مساوی الوزن جوش کرکے تھوڑا روغن گنجد سفید ملاکے نیمگرم استعمال کرین **نطول** کہ ورم پستان کو جو انجماد شیر سے ہوا ہو وے تحلیل کرے **ص** گل بابونہ شبت تمام حلبہ اکلیل الملک ہر یک دینہ بوزن مساوی **نطول** کہ سنگ گردہ و مثانہ

نبیذ خرما مولد منی و مقوی باہ وغیرہ

نبیذ کشمش مولد خون و مقوی و منشط وغیرہ

نبیذ فواکہ مصلح دم و مقوی وغیرہ

نطول نافع صداع حار و سرسام وغیرہ

نطول دافع صداع خماری

نطول دافع سرسام سوداوی

نطول محلل ورم پستان

نطول دافع سنگ گردہ و مثانہ

ٹونگڑے ٹکڑے کرکے پراوبول نفع کرے ص اکلیل الملک گل بابونہ گل سرخ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ
پوست خربزۂ خشک پرسیاؤشان تخم قلت نیمکوفتہ دو دو تولہ اشنان اصل السوس
پوست بیخ رازیانہ کاکنج حلبہ ایک ایک تولہ برنجاسف بنفشہ برگ نیلوفر نو نو ماشہ نطول
دافع سنگ و درد گردہ و مثانہ کو دفع کرے ص تخم بید انجیر پرسیاؤشان خارخسک گل بابونہ گل
بنفشہ اکلیل الملک گل خطمی تخم کرفس حب القلت حلبہ عنب الثعلب مرزنجوش پوست
بیخ رازیانہ کاکنج برنجاسف برگ سداب گل سرخ انیسون تخم کشوث تخم کتان دو دو تولہ
پوست خشک خربزہ سبوس گندم چار چار تولہ تخم ہلیون ایک تولہ نطول کہ ورم بارد خصیہ
و قضیب کو مفید ہو اور اسکے مواد غلیظہ کو تحلیل کرے ص پودینہ مرزنجوش عنب الثعلب
دو دو تولہ زہرہ گاؤ ایکعدد شہد ایکتولہ باہم جوش کرکے نطول کرین فصل اکیسوٹھا میتوین
نفوخات مین نفوخ کہ درد سر بارد و درد نیم سر و نزول آب اور دوسرے امراض باردہ
مزمنہ آنکھ کو مفید ہے ص غلہ گندم کو تین بار شیر آگ مین تسقیہ دیکے سفوف کرکے
ناک مین استعمال کرین نفوخ کہ درد سر بارد و شقیقہ کو مفید ہو ص جوزبوا زنجبیل قرنفل
دارچینی فلفل سیاہ تین تین ماشہ دانہ الائچی خرد زعفران دو دو ماشہ صندل سفید چار
ماشہ سفوف کرکے عرق گلاب مین نم کرکے بعد خشک کرنیکے استعمال کرین نفوخ کہ صرع
کو دفع کرے ص شحم حنظل نوسادر شونیز کندش فلفل گرد بوزن مساوی سفوف کرکے
نفوخ کہ سکتہ کو نفع کرے ص جند بیدستر فلفل گرد کندش سداب ہموزن نفوخ کہ
فالج کو مفید ہے ص کندش فلفل سیاہ عاقرقرحا زنجبیل بورہ ارمنی نوسادر صبر دارچینی
خربق سفید مرزنجوش خشک بوزن مساوی سفوف کرکے نفوخ کرین خواہ سبکی سفوف کو
آب مرزنجوش مین حل کرکے ناک مین قطور کرین نفوخ کہ رعاف کو بند کرے ص کاغذ سوختہ
صدف سوختہ ایک ایک جز سوناکھی نیم جز ایضاً مازو سبز نیم سوختہ گشنیز کندر خون سیاوشان
صبر شب یمانی بوزن مساوی نفوخ کہ سقوط لہات کو مفید ہو ص مازو سبز گل سرخ

نطول دافع سنگ و درد گردہ و مثانہ

نطول دافع ورم خصیہ و قضیب

نفوخ نافع درد سر بارد وغیرہ

نفوخ نافع درد سر بارد و شقیقہ

نفوخ دافع صرع

نفوخ دافع سکتہ

نفوخ نافع فالج

نفوخ حابس رعاف

باب پنجم ۹۲۹

گلنار پودینہ چار چار ماشے عقرقرحا دانہ الائچی سرخ طباشیر دو دو ماشے زعفران ایک ماشہ سفوف کرکے بدستور حلق مین پھونکین کہ لہات پر پہونچے ایضاً عدس نوسادر زرد ورد مساوی الوزن فصل انکیسو و نیتسوین^[۱۲۹] نقوعات یعنی جیسانذہ مین نقوع زرشک کہ حرارت جگر کو دفع کرے و معدہ و جگر کو قوت دیوے ص زرشک چھ ماشے تخم کشوث تخم کاسنی نیمکوفتہ چار چار ماشے نبات سفید ڈیڑھ تولہ نقوع کہ یرقان زرد و سدہ ماساریقا کو دفع کرے ص تخم کاسنی چھ ماشے بادیان بیخ بادیان تین تین ماشے بکو چار ماشے سکنجبین سادہ دو تولہ نقوع کہ یرقان سیاہ کو دفع کرے ص گل سرخ بادرنجبویہ چار چار ماشے برگ شاہترہ افتیمون تین تین ماشے مویز منقی ایک تولہ سکنجبین سادہ دو تولہ نقوع کہ تپ صفراوی کو دفع کرے ص برگ گاؤزبان برگ بنفشہ گل نیلوفر گل سرخ چار چار ماشے آلوے بخارا دس دانہ نبات سفید ڈیڑھ تولہ ایضاً تخم کاسنی نیمکوفتہ نو ماشے تخم خرفہ نیمکوفتہ چھ ماشے گل سیوتی چار ماشے آلوی بخارا سات دانہ تمر ہندی دو تولہ نبات سفید ڈیڑھ تولہ نقوع کہ تپ مرکب بلغم و صفرا کو دفع کرے ص عنب الثعلب بادیان تخم کاسنی تخم کاہو تخم خرفہ چار چار ماشے مویز منقے دس دانہ تخم خطمی نیمکوفتہ تین ماشے شکر سفید دو تولہ ایضاً برگ شاہترہ کشنیز خشک گل نیلوفر گل سرخ چار چار ماشے تخم خطمی تخم خبازی اصل السوس پانچ پانچ ماشے سکنجبین سادہ ڈیڑھ تولہ

نقوع زرشک دافع حرارت جگر و سدہ وغیرہ

نقوع دافع یرقان زرد وغیرہ

نقوع دافع یرقان سیاہ

نقوع دافع تپ صفراوی

نقوع دافع تپ مرکب بلغم و صفرا وغیرہ

حرف الواو

فصل انکیسو و تیسوین^[۱۳۰] وجور مین وجور کہ حالت صرع کو دفع کرے و منفرد عکو ہوش مین لادے ص جلتیت دہ جزو جندبیدستر ایک جزو پانی مین گھولکے ایضاً بادیان انیسون زیرہ سیاہ مساوی پانی مین پیکے شیر گرم وجور کہ کھانسی بلغمی اطفال شیرخوار کو دفع کرے ص انیس بیج چار چار ماشے بہارنگی کاکڑاسینگی ناگرموتھا پیپل پاپانسہ چھ چھ ماشے سفوف سرمہ سا کرکے یک نیم جند شہد مین ملاکر رکھین بقدر دو رتی یا زیادہ اوس سے مزاج مریض کے شیر دایہ خواہ پانی مین گھول کے ایضاً کہ جمیع اقسام کھانسی اطفال کو

وجور دافع حالت صرع

وجور دافع سرفہ بلغمی اطفال

ص پھکر مول کاکڑا سینگی پپرا مول شکر تیغال بوزن مساوی شہد یکبیم خوراک بقدر مناسب
ساتھ شیر دایہ یا پانی کے وجور کہ صرع الطفال کو مفید ہو ص صعتر جند بیدستر زیرہ سیاہ ایک
ایک رتی ساتھ شیر دایہ کے وجور کہ دفع حالت غشی کو مجرب ہو ص مشک و عنبر دو رتی
عرق گلاب مین گھس کے وجور کہ غشی کو جو بعارضہ ہیضہ کے ہو فوراً دفع کرے ص
نارجیل دریائی عرق گلاب مین گھسکے حلق مین ٹپکاوین

وجور دافع صرع اطفال
وجور کہ دور دفع حالت غشی مجربست
وجور دافع غشی کہ بعارضہ ہیضہ باشد

حرف الیاء

فصل ایکسو اکتیسوین [۱۳۱] یاقوتی مین واضح ہو کہ بعضون کے نزدیک یاقوتی کی ترکیب
جدید ہے مگر کتب معتبرہ سے دریافت ہوتا ہے کہ ارسطو نے واسطے سکندر کے یاقوتی بنائی تھی پس
قدامت اسکی ظاہر ہے اور یاقوت سب جواہرات خوردنی سے مضبوط زیادہ اور قوی ہے لہذا گھسنا
اوسکا زیادہ چاہیے کہ زیادہ گھسنے سے طبیعت قبول کرتی ہے بارہ پہر سے کم نہ چاہیے و اٹھائیس
پہر سے زیادہ نہین و یاقوت کو مع دیگر جواہرات کے عرق کیوڑہ و گلاب مین کھرل کرنا چاہیے
اور باقی اجزا کو علیحدہ سفوف کرنا چاہیے یاقوتی شیخ الرئیس نے واسطے جنون و وسواس و جمیع امراض
سوداوی کے مفید و مقوی دماغ و قلب لکھا ہے ص یاقوتی رمانی تین ماشے مروارید
ناسفتہ زعفران پانچ ماشے جرارمنی لاجورد سات سات ماشے مشک دو ماشے
کافور تین تین ماشے عرق گلاب مین صلایہ کیے جاوین و سفوف گل گاؤزبان
تخم کاسنی کہربا صمغی ابریشم مقرض سرطان محرق تخم فرنجمشک
اسطوخودوس بہمن سفید عود خام دانہ الایچی سفید جدوار خطائی درونج
عقربی سنبل الطیب گل سرخ مغز تخم خیار دراز چھ چھ ماشے سہ چند ان شربت انار
شیرین مین بدستور مخلوط کر کے بعد چالیس روز کے تین ماشے سے چھ ماشے تک استعمال کی
جاوے یاقوتی مرتبہ حکیم حاذق الملک اکمل خان کہ جملہ اقسام مالیخولیا کو مفید و مقوی باہ ہے
ص یاقوت مروارید کہربا بسد یشب لاجورد نو نو ماشے سافج ہندی گل سرخ برگ گاؤزبان

یاقوتی دافع جنون و وسواس و مر

یاقوتی دافع جملہ اقسام مالیخولیا

بہمنین تودرین کشنیز خشک آملہ صندلین دو دو تولہ عود ہندی دانہ قاقلہ دارچینی ابریشم مقرض سنبل الطیب پوست ترنج ایک ایک تولہ مشک دو ماشہ زعفران فرنجمشک درونج عقربی بوزیدان چھ چھ ماشے ورق نقرہ بیس عدد ورق طلا بیس عدد نبات سفید یک نیم رطل عرق کیوڑہ وگلاب ڈیڑھ پاؤ مین قوام کرکے بدستور بنا دین یاقوتی کا اخراج فضلات محترقہ ورطوبات غلیظہ سوداوی ودفع مالیخولیائے مراقی کرے وتقویت دل ودماغ و اعضائے رئیسہ وحرارت عزیزی وباہ وازالۂ توحش وملال مین بے نظیر ہے ص

یاقوتی مقوی دل و دماغ وغیرہ

یاقوت رمانی بسد مروارید ناسفتہ کہربا سات سات ماشے لاجورد نو ماشے برگ گاؤزبان مصطگی رومی تخم خرفہ تخم فرنجمشک تخم کاہو مغز تخم خیار مغز تخم کدوے شیرین صندل سفید ایک ایک تولہ طباشیر دانہ الائچی سفید سنبل الطیب زعفران چھ چھ ماشہ ورق نقرہ ورق طلا بیس بیس عدد نبات سفید ایک رطل بدستور بنا دین۔

خاتمہ مشعر اوپر دو فصل کے

دوا دافع سوزاک زہرین وضیق النفس وغیرہ

فصل پہلی نسخجات اسرار الاطبا مین دوا کہ سعال مزمن و سوزاک کہنہ وضیق النفس وبہائے بارِدہ وامراض باردہ معدہ وجگر وطحال وگردہ کو رفع کرے وتقوی باہ ومغلظ منی ہے ص صدف کلان وشفاف جس سے موتی نکلا ہووے چار جز سفوف کرکے ہرن گھری رانگا ورقہائے باریک در ریزہ ریزہ کرکے ایک جز ایک کولھیا گلی مین مغز گھیکوار اسقدر ڈالکے دونون چیزین مذکور کو ڈالین کہ درمیان مین ہو جاوین اور کولھیا کو گل حکمت کرکے ایک گڑھے مین پانچ سیر اپلے شتی بھر کے پھونک دیوین بعد سرد ہونے نکال کے سفوف کر ڈالین اور ایک رتی سے دو رتی تک زبان پر رکھکے نگل جاوین اور ایک تباشہ کھاوین دوا کہ سنگ مثانہ ودرد جگر وضیق النفس کو دفع کرے وتقویت باہ مین عجیب الاثر ہے ص خصیہ گو

دوا درد مثانہ و درد جگر وغیرہ

جوان کو پہاڑ کے زراوند مدحرج زیرہ سیاہ نطرون تین تین ماشے سفوف کرکے اوپر چھڑکین اور خشک کرکے سب کو سفوف کر رکھین صباح چھ ماشے کھا کر تھوڑا پانی پی لیوین

دوا کہ اگر مرد قضیب پر لگا کر مباشرت کرے عورت اسپر فریفتہ ہو وا اگر عورت فرج مین
لگا کر مجامعت کرا دے تو مرد اوسکا فریفتہ ہو ص فلفل دراز سوہاگہ خام بیخال کبوتر کافور
جملہ بوزن مساوی شہد مین ملا کے روغن روغن مخ و شیشۂ معکوس سے جیسا دستورات
مین لکھا ہے لیا کرین اگرچہ بدبو ہوتا ہے مگر کسی تدبیر سے کھانا اوسکا کسی چیز مین
ملا کر از بس مقوی باہ ہے نظیر نہین رکھتا ضماد کہ اگر معدے پر رکھین قے لاوے وا اگر ناف پر
رکھین اسہال لاوے اور پیڑو پر رکھین ادرار بول وا ادرار حیض کرے ص بزنگ کابلی
عصارۂ قثاء الحمار تین تین ماشے خربق سفید مردار سنگ چار چار ماشے سفوف
کر کے اولاً چار تولہ روغن زیت یا روغن سرشف کنہ مین موم سفید و چربی گوسفند ایک
ایک تولہ گداخت کر کے سفوف مذکور ملا دین ضماد کا اگر پارچہ کتان پر لگا کر فم معدہ پر رکھین
اسہال سوداوی کرے وا اگر زیر بغل کے لگاوین اسہال صفراوی کرے وا اگر جانب پشت درمیان
دونون ورک کی ضماد کرین اسہال بلغم کرے ص ترمس مقشر ایک چھٹانک دیگچی مین
رکھکے اسقدر شیر تازہ مادہ گاؤ ڈالین کہ ترمس غرق ہو جاوے پھر اسقدر آنچ دیوین کہ بالکل
دودھ جذب ہو جاوے تب پیسکے روغن گاؤ ملا کے استعمال کرین طلا کہ خصیے پر لگانے سے
اوتری ہوئی آنت کو چڑھا وے وا آیندہ کو حفاظت اور انسداد اوترنے آنت کی کرے
ص افیون دو ماشے بروزہ چھ ماشے پانی مین پیسکر ایک ٹکڑے کپڑے پر لگا کے اوسپر
چار ماشے لوبان و چھ ماشے مازو سفوف کر کے چھڑکین وخصیہ پر روغن بابونہ خواہ سرشف
لگا کر کپڑا مذکور رکھکے باندھین و بعد چار پہر کے تجدید کرین و بعد آنت چڑھنے کے بھی چند
روز استعمال کرین لعوق کہ تپ دکھانسی کہنہ کو دفع کرے ص دانۂ الائچی سفید طباشیر
سفید چھ چھ ماشے بہیر خرد ایک عدد دارچینی ورقی ایک ماشہ سفوف کر کے جسقدر
شہد مین قابل چاٹنے کے ہو جاوے ملا وین اور ایک ایک ماشہ صبح اور دوپہر روز
اور شام کو چاٹین معجون مخترعۂ جالینوس کہ دفع عارضۂ صرع مین اکسیر ہے

دوا کہ باستعمال آن زن و مرد باہم فریفتہ شوند
روغن مخ و مقوی باہ بے نظیر
ضماد مقئی و مسہل و مدر بول و حیض
ضماد مسہل سوداو صفرا و بلغم
طلا محافظ و دافع دوده کہ در خصیہ فرود آید
لعوق دافع تپ و سرفۂ مزمن
دربیان

ص عقرقرحا پانچ تولہ سفوف باریک کرکے پانچ تولہ سرکہ کہنہ ساتھ کھرل کرکے سات تولہ
شہد مین ملاوین و ہر روز چار ماشہ کھاکے تین تولہ پانی پیا کرین معجون مخترعہ محمد بن ذکریا
رازی کہ باستعمال تین ہفتے کے دفع عارضۂ صرع مین اسرار سے ہے ص عقرقرحا افتیمون
اسطوخودوس بسفائج فستقی مساوی الوزن سفوف کرکے دوچندان مویز طائفی مین
پیسکے ملاکے پکاوین خوراک چار ماشہ سے سات ماشہ تک اسرار نیولے کا گوشت
خشک کرکے سفوف بناکے کھانا تقویت باہ و دفع استسقاے رطوبی مین عجیب الاثر دفاد
زہر جملہ سموم کا ہے اسرار درد عرق النسا اگرچہ علت سخت ہے مگر علامہ محمد زکریا رازی نے اپنا
تجربہ لکھا ہے صبر سقوطری و ہلیلہ زرد و سورنجان شیرین ہموزن گولی بناوین و نو ماشہ کھاکے
قدرے آب گرم نوش کرین پانچ چھ اسہال ہوتی ہین و فوراً مرض دفع ہوتا ہے اسرار
بیترہ جو تالاب و جھیل و آب کثیر کے کنارے رہتا ہے اسکو گونڈ بھی کہتے ہین اور اسکا بوریا بناتے ہین
جلاکے خاک اسکی پانی مین گھول کے پینا نفث الدم کو دفع کرتا ہے اور سرکہ مین گھول کے
لگانے سے ناسور دفع ہوتا ہے اسرار تدھارا پانی مین پیسکے نیم گرم لگانے و باندھنے سے وجع
المفاصل یعنی گٹھیا دفع ہوتا ہے **فصل دوسری** بر الساعۃ مین واضح ہو کہ بعض امراض
دواے مناسب سے بحکم الٰہی فوراً دفع ہوتے ہین اونمین سے **درد سر ہے** اگر ہو مقدم
سر و پیشانی مین دفع ہوتا ہے بحکم الٰہی فصد سر و حجامت پس گردن سے و افیون سونگھنے سے
و اندر ناک و کنپٹی پر لگانے سے و پھول تازہ گلاب یا خشخاش سفید سونگھنے و لگانے سے
و اگر ہو درمیان سر مین دفع ہوتا ہے کپڑا روغن گل مین تر کرکے مقام درد پر رکھنے سے اور
روغن گل و نمک تلوون پر لگانے سے و مشک سونگھنے و ناک مین ٹپکانے اور پوست تازہ
ہرہر کا سر پر باندھنے و کباب چینی گلاب مین پیسکے سر پر لگانے سے و اگر ہو موخر سر مین مائل بگردن
دفع ہوتا ہے مقیات بلغم سے و ریوند چینی و گل بابونہ نیم گرم لگانے سے **شقیقہ** یعنی درد
نیم سر کسی طرف ہو دفع ہوتا ہے ناک مین دھوان لینے استخوان سگ سے

معجون دافع صرع در سہ ہفتہ

اسرار مقوی باہ و دافع استسقاء رطوبی

اسرار دافع درد عرق النسا

اسرار دافع نفث الدم و ناسور

اسرار تدھارا دافع وجع مفاصل

علاج درد سر

علاج شقیقہ

یا دونا مرداکی تپی ناک مین نچوڑنے و نیمگرم لگانے و میٹھا پانی مین پیسکے ناک مین ٹپکانے سے
صرع کی حالت دفع ہوتی ہے ریٹھا روغن بادام تلخ گھسکے ناک مین ٹپکانے اور زنجبیل و مرچ
و کندش یا پنجال فاختہ و زنجبیل ناک مین پھونکنے سے و غاریقون و کمون و عقرقرحا و اسطوخودوس
مساوی الوزن و دوچندان شہد کے ساتھ معجون بنا کے کھانے سے حالت سکتہ دفع ہوتی
ہے کندش مرچ سیاہ و ناک مین پھونکنے شک ناک مین ٹپکانے دونا مروا ناک مین نچوڑنے
سے صرع الطفال دفع ہوتی ہے جدوار شیر مادر مین گھس کے پلانے سے یا عود صلیب یا عود فادانیا
پانی مین پیسکے گلے مین ٹپکانے سے یا مرجان یا پشک نر سے درمیان دونون ابرو کے
داغ دینے سے زکام دفع ہوتا ہے آب گرم کے نطول سے وسط سر پر ایسا کہ گرمی اسکی دماغ
مین محسوس ہووے یا کپڑا گرم کرکے سینکنے سے یا غلہ ارہر یا نخود یا باجرا نیم کوفتہ نمک ملا کر پوٹلی
بنا کر سینکنے سے ہیجان چشم اگر ہو دھوپ مین جلنے سے دفع ہوتا ہے فوراً افیون سونگھنے و آنکھ
پر لگانے سے و شیر دختران یا شیر بز سے روئی تر کرکے آنکھ پر رکھنے سے و اگر ہو آگ کے نزدیک
بیٹھنے سے دفع ہوتا ہے ہلیلہ زرد لگانے یا آملہ عرق گلاب مین پیسکے لگانے یا عرق گلاب مین روئی
تر کرکے آنکھ پر رکھنے سے درد دانت کا دفع ہوتا ہے دو تین موئز روئی مین لپیٹ کر پانی سے تر کرکے
تخم اوسکا گھل کر دانت کے دبانے سے یا پوست درخت مولسری دانت کے دبانے سے یا پوست
درخت مولسری و افیون و کافور کے منجن کرنے سے بحکم الٰہی گندہ دہن دفع ہوتا ہے
موئز طائفی و قرنفل و قاقلہ خرد کی گولیان بنا کے منہ مین رکھنے سے یا اشنہ و سعد
جوش کرکے باضافہ شہد مضمضہ کرنے سے خناق فوراً دفع ہوتا ہے بحکم الٰہی غرغرہ
کرنے سے آب توت و سرگین گرگ سے یا خبار تبسر یا پنجال ابابیل سے حلق مین لگی خونک یا چبا کانٹا
وغیرہ دفع ہوتا ہے غرغرہ کرنے سرکہ و شربت سے یا غرغرہ جوشاندہ نانخواہ سے درد گوش دفع
ہوتا ہے زرد پتا مدار کا یا سداسوہاگ یا سودرسن کا پتا یا مہادر کا پانی کان مین نچوڑنے سے
یا افیون گھول کر کان مین ٹپکانے سے یا رسوت شیر بز مین گھول کے کان مین ڈالنے سے

علاج صرع
علاج سکتہ
علاج صرع اطفال
علاج زکام
علاج ہیجان چشم
علاج درد دندان
علاج گندہ دہنی
علاج خناق
علاج آزار حلق
علاج درد گوش

علاج آواز گوش

آوازہ گوش علامہ محمد بن زکریا رازی نے اپنا رسالہ برء الساعۃ مین جو بجماعت حکماے
ہمعصر بحضور وزیر الممالک ابی القاسم کے تحریر کیا تھا لکھا ہے کہ افیون حبہ پانیمن گھول کے
کانمین ڈالنے سے فوراً دفع ہوتی ہے بحکم الٰہی اور روغن شبت یا روغن ترب یا روغن سیر ٹپکانے

علاج زکام

سے رعاف بند ہوتی ہے فوراً سفوف پھٹکری بریان کو ناک مین پھونکنے سے یا حجامت پس
گردن سے یا بر مردہ کی خاک یا موے شتر کی خاک ناک مین پھونکنے یا کافور پانیمین گھولکے ناک مین

علاج قولنج

ٹپکانے سے یا گج کہنہ یا آملہ پیشانی پر لگانے سے قولنج دفع ہوتا ہے فوراً معجون ملوکی یا حب الملوک کی
گولی کھانے سے یا شحم حنظل کا شافہ کرنے سے یا جوشاندہ بیخ بانس یا روغن بید انجیر پینے سے و پیخال تازہ مرغ

علاج پیچش

یا کبوتر کہ گرمی اُسکی باقی ہووے ناف پر رکھنے سے مغص دفع ہوتا ہے آک کی جڑ پانیمین پیس کے نیمگرم
پیٹ پر لگانے سے یا شیرہ مغز تخم کدو و شیرہ تخم بادام نیمگرم پینے سے زحیر اطفال

علاج خروج مقعد

دفع ہوتا ہے حب لا رشاد زیرہ سیاہ سادی سفوف کرکے روغن گاو سے چرب کرکے شیر دایہ مین
گھول کر پلانے سے خروج مقعد علامہ موصوف نے کتاب مذکور مین لکھا ہے کہ دفع ہوتا ہے پوست

علاج حبس بول

سم و شاخ گوسفند سوختہ جفت بلوط و گلنار و مازو زرورد و دانہ انار ہموزن پیکے لگانے
و باندھنے یا انھین اجزا کو پانیمین گھول کے بطور آبزن بیٹھنے سے حبس بول دفع ہوتا ہے
پشک موش یا نمک بھی یا شورہ قلمی پانیمین گھول کے ناف پر رکھنے سے یا ریشہ زعفران احلیل

علاج دردزہ

مین رکھنے سے زوال دردزہ آسانی ولادت ہوتی ہے بال انسان یا بال اسپ جلاکر دھونی

علاج بواسیر

دینے سے وکندش سفوف کرکے شہد ملاکے ناف پر رکھنے سے بواسیر علامہ ممدوح نے

علاج ماندگی راہ

کتاب مذکور مین لکھا ہے کہ توت شامی و مقل ہموزن کی گولی بناکے بقدر مناسب کھانے
و لگانے سے دفع ہوتی ہے فوراً راہ زیادہ چلنے کی ماندگی و سختی و بستگی اعضا فوراً دفع ہوتی ہے

علاج خارش

اس طرح کہ جملہ ناخن پر کسی قسم کا تیل لگاوے یا کہ با یام گرما سرد پانی مین و با یام سرما گرم پانی مین
تا بزانو کھڑا ہووے اور دلک کرے وہین تلک اور باقی جسم پر پانی نہ پہنچاوے خارش خشک
اطراف کی دفع ہوتی ہے فوراً گرم پانی مین نمک ملاکے دھونے سے واللہ اعلم

تمت

جدول التسہیل اسمای ادویه مندرجه کتاب ہذا مگر جس دوا کا نام دوسرا معروف نہین ہے یا کنام معروف لکھا گیا ہی وہ اس جدول مین نہین ہے

اسمای طبیه مندرجه کتاب ہذا	اسمای عرفیه خواه ماہیت مختصر	اسمای طبیه مندرجه کتاب ہذا	اسمای عرفیه خواه ماہیت مختصر	اسمای طبیه مندرجه کتاب ہذا	اسمای عرفیه خواه ماہیت مختصر
الف		انزروت	سون ماکھی	بزرالبنج	خراسانی اجوائن
اذخر	گنندھیل	اصل السوس	ملیٹھی	بادرنجبویه	بلی لوٹن
اسارون	سوگبنده بالا	اقاقیا	عصاره ہے	برنگ کابلی	بابی برنگ
	ودنز بالا		ببولکی پھلی کا	برنجاسف	تلمشی
انیسون	بادیان رومی	انار دانه	غله ہی ہمشکل	بادیان	سونف
اسطوخودوس	گھاس ہے		مینڈواکے	بیخ کبر	جڑ ہے
افتیمون	بیل ہی بدون جڑ کی	اشق	گوند ہے	بُسد	مونگا
	درختو نپر پھیلتی ہی	انجره	تخم اوٹنگن	بسباسه	جاوتری
اکلیل الملک	ناخن فرشتگان	اشنان	گھاس ہے	بسفایج	جڑ ہے
ایلوا	مصبر اور کالا	آک	مدار	بوزیدان	جڑ ہے
اظفار الطیب	نکھ	ازراقی	کچله	بوزه ارمنی	نمک ہے
ابہل	کنکول مرچ	اسفاناخ	پالک	بیخ مہک	ملیٹھی
افسنتین	گھاس ہے	اسفنج	ابر مرده	بیخ نے	نرکل کی جڑ
اشنه	چھڑیله	ب	پ	بلوط	پھل ہے
انگزه	ہینگ	بلادر	بھلاوان	پشک موش	چوہی کی مینگنی
انگوزه	ہینگ	بنجنگشت	سبنھالو منڈھی	باقلا	غله ہے

اسمای طبیہ مندرجہ کتاب ہذا	اسمای عرفیہ خواہ ماہیت مختصر	اسمای طبیہ مندرجہ کتاب ہذا	اسمای عرفیہ خواہ خواہ ماہیت مختصر	اسمای طبیہ مندرجہ کتاب ہذا	اسمای عرفیہ خواہ ماہیت مختصر
بیخ لفاح	جڑ ہے	جوزبوا	جائفل	حلتیت	ہینگ
بہمنین	جڑ ہے	جدوار	زلبی	حضض	رسوت
بیدانجیر	رینڈ وارنڈ	جوزالقی	مین پہل	خسک	کڑ وبری
پرسیاؤشان	سنبل چاہی	جوزمائل	دھتورہ	حرمل	اسپند
	گھاس ہے		تاتورہ		خ
بادروج	تلسی جنگلی	چرک مس	تانبے کا میل	خردل	رائی خرد
ت			جو گھلانے	خردلہ	ایضاً
تربد	نسوت		مین نکلتا ہے	خربق	کٹکی
ترب	مولی	چرک آہن	لوہے کا میل	خطمی	خیرو
ترہ تیزک	دانہ ہے		جو گھلانے	خولنجان	کلیجن یعنی پانگی
ترنج	لیمون		مین نکلتا ہے	خارخسک	گوکھرو کلان وخرد
تودرین	دانے ہین	چشخام	چاکسو	خبث الحدید	چرک آہن
ترمس	بھٹوانس		ج	خشخاش سفید	پوستہ جسکا پھول سفید
ج	چ	حنظل	اندراین		ہوتا ہے
جندبیدستر	سگ دریائی کا		واندوزن	خشخاش سیاہ	لالہ جسکے پھول سرخ
	خصیہ ہے	حلبہ	میتھی		مین سیاہی ہوتی ہے
جرجیر	لٹ جیرہ	حب القلت	کلتھی		د
جاوشیر	گوند ہر مدبو	حب لفا	تخم جوانسہ	دار فلفل	پیپلا مور، پیپرا مول
جنطیانا	پکھان بید	حماص	چوکا	دوقو	تخم گزر جنگلی

اسمای طبیہ مندرجہ کتاب ہذا	اسمای عرفیہ خواہ ماہیت مختصر
درونج عقربی	جڑ ہے نوک کی طرف ٹیڑھی
دارچینی	لکڑی ہے دارہی
دیودار	لکڑی چکنی ہے
دم الاخوین	رنگت گوند ہی
	ذ
ذراریح	تیلن کیڑا پرندہ ہے ابلق سرخ وسیاہ برسات مین گھاس پر پیدا ہوتا ہے
	ر
رازیانہ	سونف
ریوند چینی	جڑ ہے زرد مائل بسرخی
ریوند خطائی	ایضاً
راتینج	گوند ہے صنوبر کا
روغن بیدانجیر	رینڈی کا تیل
	ز
زراوند طویل	جڑ ہے

اسمای طبیہ مندرجہ کتاب ہذا	اسمای عرفیہ خواہ ماہیت مختصر
زراوند مدحرج	جڑ ہے
زنجبیل	سونٹھ
زعفران	کیسر
زرنباد	نرکچور
زرنب	تالیس تالیسر
زرشک	پھل ہے ترش
زردچوب	ہلدی
زرد چوبہ	ایضاً
زرورد	گلاب کے پھولونکا زیرہ
زوفای یابس	گھاس ہے
زوفای رطب	میل و عرق ہے جو دنبہ و گوسفند کوہی کی کنج ران وغیرہ مین ہوتا ہی
زبدالبحر	کف دریا
زبل گرگ	بھیڑیے کی بیٹ
	س
سعد کوفی	ناگرموتھا
سنبل الطیب	جٹاماسی بالچھڑ

اسمای طبیہ مندرجہ کتاب ہذا	اسمای عرفیہ خواہ ماہیت مختصر
سلیخہ	تج
سادج ہندی	تیج پات
سماق	تن تریک
سداب	تیلی بعد برسات کی خودرو ہوتی ہے
سدر	کنار
سنگ پشت	کچھوہ جانور ہی پانی کا
سقمونیا	ایلوہ
سوسن	نرگس بستانی وصحرائی ہوتی ہی
سورنجان شیرین	جڑ ہی بشکل سنگھاڑا
سورنجان تلخ	جڑ ہے
	ش
شونیز	کلونجی
شیطرج	چیت چیتا چتاور
شبت	سوا
شقاقل	جڑ ہی شیرین
شاہسفرم	تازبو قسم تلسی

اسمای طبیه مندرجه کتاب ہذا	اسمای عرفیه خواه ماہیت مختصر
شب یمانی	پھٹکری
شکاعی	گھاس ہی خاردار وچمکتا رنگ
ص	
صبر سقوطری	ایلوا گھلوار کا عصارہ ہے
صعتر	قسم پودینه کو ہی
صمغ عربی	گوند ببول
صمغ پلاس	گوند ڈھاکہ
ط	
طباشیر	بنسلوچن
طلق	ابرک
ع	
عاقرقرحا	لکڑی ہے
عود بلسان	لکڑی بلسان کی
عود خام	اگر
عود ہندی	ایضاً
عفص	مازو
عود صلیب	پھل ہی نکیلا

اسمای طبیه مندرجه کتاب ہذا	اسمای عرفیه خواه ماہیت مختصر
عقرب	کژدم وبچھی
عذبتین	مابین خرد وکلان
عدس	مسور
عنب الثعلب	مکو
عصفور	گنجشک خانگی
وعصافیر	وچڑا چڑی
غ	
غاریقون	لکڑی ہے
غنچهٔ گل	گلاب کی کلی ہی
غافث	ایک گھاس ہے
ف	
فلفل گرد	مرچ سیاه
فلفل سیاه	ایضاً
فلفل سفید	مرچ سفید
فلفل دراز	پیپر
فرنجمشک	دانهٔ خرد مائل بسیاہی
فستق	پسته

اسمای طبیه مندرجه کتاب ہذا	اسمای عرفیه خواه ماہیت مختصر
فوه	منجیٹھ
فلفل مویه	سپیاری
فوفل	
ق	
قسط شیرین	کوٹ میٹھا
قسط تلخ	کڑوا کوٹ
قرنفل	لونگ
قنبیل	کمیله
قرفه	تج
قلت	کلتھی
قاقلتین	الائچی چھوٹی بڑی
قثاء الحمار	کریلا
ک	
کندر	لوبان
کبریت	گندھک
کمون	زیرهٔ سیاه
کرکم	زعفران
کرفس	اجموده
کندش	نک چھکنی گھاس ہے

اسمای طبیہ مندرجہ باب کتاب ہذا	اسمای عرفیہ خواہ ماہیت مختصر	اسمای طبیہ مندرجہ باب کتاب ہذا	اسمای عرفیہ خواہ ماہیت مختصر	اسمای طبیہ مندرجہ باب کتاب ہذا	اسمای عرفیہ خواہ ماہیت مختصر
کشتہ ازریز	بنگ		ل	نمک اندرانی	نمک لاہوری
کراث	گندنا	لسان العصافیر	اندرجو	نمک سنگ	ایضاً
کشنیز	دھنیان	لک مغسول	پچوری لاکھ	نشاستہ	گیہون کاست
کتان	السی	لبلاب	عشق پیچہ سرخ بھولکا	نمام	قسم تلسی
کاکنج	بٹ کوا		م	نطرون	گھاس ہے
کباب چینی	سیتل چینی	مصطگی رومی	گوند ہے	نحاس	تانبا
کبابہ	ایضاً	مقل ازرق	گوگل	نبید	بوزہ
کنار	بیر	مرزنجوش	دونا مروا	نخاع	حرام مغز
کرٹ	بڑے	مر	بول گوند ہے	نخامہ	سبوس و چوکر
کوگرد	گندھک	موصلیین	جڑ بن		و
گل سرخ	گلاب کا پھول	مغیل	ببول	وج	بچ
گلنار	قسم انار جو نہین کھلتا	مغاث	دانے ہین	وسخ	چرک و میل
گل ارمنی	گیرو	مرد	کنوچہ	ورق الخیال	بھنگ
گل شیرازی	گل سرشوی	مشنگ	مٹر غلہ ہی خوردنی	ورق الشاہط	ایضاً
گوماذج	مائین	میعہ سائلہ	سلارس	ورد	گل سرخ و گلاب کا پھول
کھیلی کھیلا	ایضاً		ن	ورل	گوہ جانور ہے
کرسنہ	مٹر	نسرین	سیوتی		ہ
کشوث	دانہای خرد	نانخواہ	اجوائن دیسی	ہالم	چنسر
	بھورا رنگ	نوشادر	معدنی چیز ہی بشکل قلمی شورہ	الہیون	کھیل ہی بشکل بکوکی مگر اس سی کلان

اسمای طبیہ سندرجہٗ کتاب ہذا	اسمای عرفیہ خواہ ماہیت مختصر	اسمای طبیہ سندرجہٗ کتاب ہذا	اسمای عرفیہ خواہ ماہیت مختصر	اسمای طبیہ سندرجہٗ کتاب ہذا	اسمای عرفیہ خواہ ماہیت مختصر
ہندبا	کاسنی	ی		یاسمن	یہ چنبیلی
ہریسہ	غذا ہے	یاسمین	یہ چنبیلی	یتوع	جو درخت سے دودھ نکلتا ہے

تاریخ طبع از سخنور کامل منشی بھگوان دیال صاحب عاقل ایجنٹ مطبع

اِس بین احسان علیخان نے لکھے ۔ کیا شفا بخش و مؤثر نسخے
سال ہجری کی ہو کیوں عاقل فکر ۔ لکھدو تم یہ ہی کہ- بہتر نسخے
۱۳۲۷ھ

خاتمۃ الطبع

للہ الحمد والمنۃ کہ در نمولا افادات نافعہ احذق الحذقا اجلۃ الحکما ارسطوی زمان جناب حکیم احسان علیخان یعنی نسخۂ لاثانی مسمی بہ قرابادین احسانی بحصول اجازت عمیم الامتنان جناب حافظ ابو سعید خانصاحب مالک مطبع نظامی کانپور مطبع منشی نولکشور کانپور زیب [illegible] معلی القاب فی المجد والمحاسن عالیجناب منشی پراگ نرائن صاحب بھارگو مالک مطبع دام اقبالہ باہتمام کامل منشی بھگوان دیال صاحب عاقل ایجنٹ مطبع بصحت تمام ماہ جولائی ۱۹۰۹ء بار اول طبع ہو کر مطبوع طبائع انام اور مقبول دلہای خاص و عام ہوا-

طب یوسفی - مع مجموعہ چند رسائل ذیل -
۱ - رسالہ نبض - ۲ - رسالہ قارورہ
۳ - رسالہ ستہ ضروریہ - ۴ - رسالہ مقطعات
یوسفی - ۵ - رسالہ ماکول و مشروب - ۶ قصیدہ
در حفظ صحت - ۷ - رسالہ بحران -

زاد غریب - غربا اور مسافرین کے لیے نادر نسخے
تدابیر معالجہ ہر موسم کی رعایت سے کوڑی کی دوا
لاکھون کا فائدہ بخشتی ہے مصنفہ حکیم صادق
علیخان خلف حکیم شریف خان -

علاج الابدان - رسالہ غریب المفاد
جسمین علاج امراض انسانی کا خود انسان
مین موجود بسند نقل کتب طبیہ ثابت کیا ہے
مصنفہ حکیم عبد الحق -

کنز الاسرار - معالجات اسرار طب کا مہدار
مجموعہ ہے تصنیف حکیم ہادی حسن مراد آبادی

منہج الحذاقت تصنیف حکیم قدرت احمد

رسالہ جنۃ الواقیہ لسہام الامراض الوبائیہ
خاص امراض وبائی کا علاج اور اوسکے اسباب
وعلامات کا بیان تصنیف حکیم سید افضل علی
المخاطب بہ شفاء الدولہ -

علاج الامراض - مولفہ حکیم محمد شریف خان
مع رسائل ستہ ضروریہ وغیرہ -

رسالہ اراءۃ سواء الطریق لطالب
مناہج التحقیق - تحقیقات طب کا بطور مباحثہ
ڈاکٹری و یونانی لکھا ہے -

رسالہ دافع الفتنہ و نافع البریہ فی احکام
الاغذیہ لاصحاب الحمۃ والہیضۃ

تفہیمات تخمہ بدہضمی ہیضہ کا بیان ہے اور
علاج اوسکا -

کتب طب اردو

تشریح الاسباب معروف بہ مظہر العلوم
مع نقشہ بروج فلکی مصنفہ قاضی الٰہی بخش

رسالہ زبدۃ المفردات و نظم بارق
مولفہ حکیم سید علی حسین متخلص بہ ملیح -

زبدۃ الحکمۃ - فصول اربع مین روزمرہ چیزون
کے استعمال کا بیان ہے مولفہ حکیم سید
قمر علی رئیس متھرا

مفید الاجسام - مع فوائد عجیبہ -
ہر قسم امراض کے نسخے مولفہ سید فضل علی
نیٹو ڈاکٹر -

علاج الغربا - اسکی کوڑی ن کی قیمتی کام
کرتی ہے مترجمہ حکیم غلام امام -

ترجمہ طب اکبر - یہ ترجمہ تمام خوبی سے ہوا
ہر ایک مطالب دقیق کو صاف با محاورہ
زبان اردو مین لکھا ہے نام تاریخی اسکا -
مظاہر العلاج ہے مترجمہ حکیم محمد حسین

قانون عترت عموماً ہر قسم تپ کا علاج
وخصوصاً تپ دق وتپ مزمن کا مصنفہ حکیم
عترت حسین -

تحفۃ الاطبا - اسم بامسمی ہے مولفہ حکیم سید
مشرف حسین خیر آبادی -

قرابادین شفائی - اردو ترجمہ حکیم
محمد ہادی حسین خان مراد آبادی

قرابادین ذکائی۔ فارسی مصنفۂ حکیم ذکا اللہ خان اردو مترجمۂ حکیم ہادی حسین خان مرادآبادی۔

انیس الاطبا۔ تالیف حکیم مولوی محمد صادق علی۔

مجربات اکبری۔ اردو ہر مرض کے نسخے آزمودہ مترجمۂ حکیم واحد علی موہانی۔

طب نبوی۔ جسکا ہر نسخہ مریضون کے لئے اکسیر اعظم ہے انتخاب احادیث نبوی سے مولفۂ حافظ اکرام الدین۔

رموز الحکمۃ۔ اُن علامتون کا بیان جس سے ابتداے مرض سے مآل نیک یا ردی معلوم ہوتا ہے اور اوسکے دفع کی تدبیر مولفۂ حکیم رجب علی۔

معالجات احسانی۔ دلائل تشخیص امراض اور اوسکا علاج مولفۂ حکیم احسان علی۔

علاج الامراض۔ اردو طب کی مستند کتاب مترجمۂ حکیم ہادی حسین خان۔

رسالہ قارورہ۔ شناخت رنگ قولم وراتحہ بول مین عمدہ رسالہ مولفۂ حکیم غلام یحیی۔

مرکبات احسانی۔ بطور قرابادین ہر مرض کی تشخیص بہ ترتیب حروف تہجی از حکیم احسان علی۔

اکسیر القلوب ترجمہ اردو مفرح القلوب

تصنیف حکیم محمد اکبر ہے مترجمۂ حکیم محمد نور کریم۔

عجالۂ مسیحی۔ معالجہ امراض وبائی وسوء ہضمی مولفۂ حکیم سید محمد ولی۔

کیمیاے عناصری ترجمہ قرابادین قادری

مترجمۂ حکیم نور کریم

تشریح الاجسام۔ علاج اقسام پھوڑا پھنسی مولفۂ حکیم میر افضل علی ڈاکٹر۔

مجمع البحرین۔ یہ کتاب طب یونانی اور ڈاکٹری مین ہم قالب ہے اس عنوان کی کتاب ابتک تالیف نہین ہوئی جو جامع کمالات حکیم محمد حیدر خان رئیس جالندھر ملازم سرکار ریاست کپورتھلہ نے یادگار بنائی۔

ذخیرہ خوارزم شاہی۔ کلیات ومعالجات طب مین اعلے درجہ کی کتاب جو زبان فارسی مین تصنیف حکیم اسمعیل بن الحسن محمد احمد الحسنی جرجانی تھی اُسکا ترجمہ اردو مین منجانب مطبع حکیم ہادی حسین خان مرادآبادی نے بہت سلیس اردو عام فہم مین فرمایا تین جلد مین

۱ حصہ اول و دوم وسوم وچہارم یکجائی
۲ جلد پنجم وششم وہفتم یکجائی۔
۳ جلد ہشتم ونہم ودہم یکجائی۔

تریاق مسموم۔ نسخے مجربہ تمن اقسام سانپون کے علاج مین مع انکی شکلین اور تصاویر اور مقام اونکی پیدائش کے مولفۂ حکیم حبیب الدین احمد۔

ترجمہ اردو قانون شیخ الرئیس

بوعلی سینا کے جلد اول کلیات فن طب مین مترجمۂ مولوی غلام حسین۔